يَسْتَحْيِيْ مُسْتَحْيِيْ اِسْتَحْيِ لَاتَسْتَحْيِ
اِسْتَحْيُوْا جیتا چھوڑو دیکھو استحیا
اَسْتَحْيِيْ زندہ چھوڑونگا دیکھو استحیاء
اِسْتَخْرَجَ نکالا اُسنے۔ مصدر اِسْتِخْرَاج

ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ یوسف ۱۳
پیچھے وہ باسن نکالا اپنے بھائی کی
خرجی سے۔ اِسْتَخْرَجَ يَسْتَخْرِجُ مُسْتَخْرِجٌ
اِسْتَخْرِجْ لَاتَسْتَخْرِجْ
اِسْتَخَفَّ بیوقوف جانا اُسنے۔ مصدر
اِسْتِخْفَاف۔ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ زخرف ۲۵/۱۱
پھر عقل کھودی اپنی قوم کی۔ اِسْتَخَفَّ
يَسْتَخِفُّ مُسْتَخِفٌّ اِسْتَخِفَّ لَاتَسْتَخِفَّ
اَسْتَخْلِصْ نرالا کرونگا۔ مصدر استخلاص
اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ یوسف ۱۳/۷ میں خاص
کر رکھوں اُسکو اپنے کام میں۔ اِسْتَخْلَصَ
يَسْتَخْلِصُ مُسْتَخْلِصٌ اِسْتَخْلِصْ لَاتَسْتَخْلِصْ
اِسْتَخْلَفَ خلیفہ کیا اُسنے۔ حاکم کیا۔ مصدر
استخلاف۔ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ
قَبْلِهِمْ نور ۱۳/۸ جیسا حاکم کیا تھا اُن سے
اگلوں کو۔ اِسْتَخْلَفَ يَسْتَخْلِفُ مُسْتَخْلِفٌ
اِسْتَخْلِفْ لَاتَسْتَخْلِفْ
اِسْتَزَلَّ ڈگایا اُسنے۔ مصدر استزلال
فَاسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ عمران ۱۶/۴ پس
ڈگایا اُنکو شیطان نے۔ اِسْتَزَلَّ يَسْتَزِلُّ

مُسْتَزِلٌ اِسْتَزِلْ لَاتَسْتَزِلْ

اِسْتَرَقَ چرایا۔ مصدر اِسْتِرَاق
اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ حجر ۱۴/۲ مگر جو چوری
سے سن گیا۔ اِسْتَرَقَ یَسْتَرِقُ مُسْتَرِقٌ
اِسْتَرِقْ لَاتَسْتَرِقْ

اِسْتَرْهَبُوْا ڈرایا اُنہوں نے۔ مصدر
اِسْتِرْهَاب۔ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ اعراف ۹/۱۴
اور ڈرایا اُنکو۔ اِسْتَرْهَبَ یَسْتَرْهِبُ
مُسْتَرْهِبٌ اِسْتَرْهِبْ لَاتَسْتَرْهِبْ

اِسْتَسْقٰی پانی مانگا۔ مصدر استسقاء
وَاِذِ اسْتَسْقٰی مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ بقرہ ۷/۱ اور جب
پانی مانگا موسیٰ نے اپنی قوم کے واسطے۔
اِسْتَسْقٰی یَسْتَسْقِیْ مُسْتَسْقٍ اِسْتَسْقِ
لَاتَسْتَسْقِ

اِسْتَشْهِدُوْا گواہ کرو۔ مصدر استشہاد
وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ
بقرہ ۳۸/۳ اور گواہ کرو دو گواہوں کو مردوں
میں سے۔ اِسْتَشْهَدَ یَسْتَشْهِدُ مُسْتَشْهِدٌ
اِسْتَشْهِدْ لَاتَسْتَشْهِدْ

اِسْتَضْعَفُوْا کمزور سمجھے۔ مصدر
اِسْتِضْعَاف۔ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ
اسْتَضْعَفُوْنِیْ اعراف ۹/۱۸ ہاروں نے کہا
اے میرے ماں جائے بیشک قوم نے
مجھے کمزور سمجھا۔ اِسْتَضْعَفَ یَسْتَضْعِفُ
مُسْتَضْعِفٌ اِسْتَضْعِفْ لَاتَسْتَضْعِفْ

اُسْتُضْعِفُوْا کمزور سمجھے گئے۔ دیکھو
اِسْتَضْعَفُوْا

اِسْتَطَاعَ طاقت رکھے۔ مصدر استطاعۃ
مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا عمران ۱۰/۴ جسکو
استطاعت ہو وہاں تک کے رستہ کی۔
اِسْتَطَاعَ یَسْتَطِیْعُ مُسْتَطِیْعٌ مُسْتَطَاعٌ
اِسْتَطِعْ لَاتَسْتَطِعْ

اِسْتَطَاعُوْا مقدور رکھا اُنہوں نے
دیکھو اِسْتَطَاعَ

اِسْتَطَعْتَ طاقت رکھی تونے۔ دیکھو استطاع

اِسْتَطَعْتُمْ طاقت رکھی تُمنے۔ دیکھو استطاع

اِسْتِعْجَال شتابی کرنی۔ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ
لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ یونس
۲/۱ اور اگر شتاب دیوے اللہ لوگوں کو
برائی جیسے کہ شتاب مانگتے ہیں بھلائی۔

اِسْتَعْجَلَ يَسْتَعْجِلُ مُسْتَعْجِلٌ اِسْتَعْجِلْ
لَا تَسْتَعْجِلْ

اِسْتَعْجَلْتُمْ شتابی کی تم نے۔ دیکھو استعجال

اِسْتَطْعَمَا کھانا چاہا دونوں نے۔ مصدر
استطعام۔ اِسْتَطْعَمَا اَهْلَهَا کہف ۱۶ کھانا چاہا وہاں کے لوگوں سے۔ اِسْتَطْعَمَ
يَسْتَطْعِمُ مُسْتَطْعِمٌ اِسْتَطْعِمْ لَا تَسْتَطْعِمْ

اِسْتَطَعْنَا طاقت رکھی ہم نے۔ دیکھو
اِسْتَطَاعَ

اِسْتَعِذْ پناہ مانگ۔ مصدر اِسْتِعَاذَةٌ
فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ اعراف ۲۴ تو پناہ مانگ اللہ
سے۔ اِسْتَعَاذَ يَسْتَعِيذُ مُسْتَعِيذٌ
مُسْتَعَاذٌ اِسْتَعِذْ لَا تَسْتَعِذْ

اِسْتَعْصَمَ بچ رہا اور تھام رکھا۔ مصدر
اِسْتِعْصَامٌ۔ فَاسْتَعْصَمَ یوسف ۱۲ پھر
اُسنے تھام رکھا۔ اِسْتَعْصَمَ يَسْتَعْصِمُ
مُسْتَعْصِمٌ اِسْتَعْصِمْ لَا تَسْتَعْصِمْ

اِسْتَعْلٰى اونچا ہوا۔ مصدر اِسْتِعْلَاءٌ
وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى نور ۱۸ اور
جیت گیا آج جو اوپر رہا۔ اِسْتَعْلٰى يَسْتَعْلِىْ
مُسْتَعْلٍ اِسْتَعْلِ لَا تَسْتَعْلِ

اِسْتَعْمَرَ بسایا اُسنے۔ مصدر اِسْتِعْمَارٌ
وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا ہود ۱۲ اور بسایا تمکو
اُسمیں۔ اِسْتَعْمَرَ يَسْتَعْمِرُ مُسْتَعْمِرٌ
اِسْتَعْمِرْ لَا تَسْتَعْمِرْ

اِسْتَعِيْنُوْا مدد چاہو دیکھو نَسْتَعِيْنُ

اِسْتَغَاثَ فریاد چاہی اُسنے۔ مصدر
اِسْتِغَاثَةٌ۔ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِىْ مِنْ
شِيْعَتِهٖ قصص ۲ پھر فریاد کی اُس پاس
اُسنے جو تھا اُسکے رفیقوں میں۔ اِسْتَغَاثَ
يَسْتَغِيْثُ مُسْتَغِيْثٌ مُسْتَغَاثٌ
اِسْتَغِثْ لَا تَسْتَغِثْ

اِسْتَغْشَوْا لپیٹے۔ مصدر اِسْتِغْشَاءٌ
وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ نوح ۲۹ اور اوپر لئے
اپنے کپڑے۔ اِسْتَغْشٰى يَسْتَغْشِىْ
مُسْتَغْشٍ اِسْتَغْشِ لَا تَسْتَغْشِ

اِسْتِغْفَارٌ بخشش چاہنی۔ وَمَا كَانَ
اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ
توبہ ۱۴ اور بخشش مانگنا ابراہیم کا اپنے باپ
کے واسطے سو نہ تھا مگر وعدے کے سبب

اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ مُسْتَغْفِرٌ اِسْتَغْفِرْ
لَاتَسْتَغْفِرْ
اَسْتَغْفِرُ آمرزش چاہونگا۔اور بخشاؤنگا
دیکھو اِسْتِغْفَار
اِسْتَغْفَرَ مغفرت چاہی اُسنے دیکھو استغفار
اِسْتَغْفِرْ بخشش مانگ دیکھو استغفار
اِسْتَغْفَرْتَ معافی چاہی تونے
دیکھو استغفار
اِسْتَغْفَرُوْا مغفرت چاہی اُنھوں نے
دیکھو اِسْتِغْفَار
اِسْتَغْفِرُوْا معافی مانگو۔ دیکھو استغفار
اِسْتَغْفِرِیْ معافی مانگ۔ دیکھو استغفار
اِسْتَغْلَظَ موٹا ہوا۔ مصدر اِسْتِغْلَاظ
فَاسْتَغْلَظَ فتح ۲۹/۱۲ پھر موٹا ہوا۔ اِسْتَغْلَظَ
یَسْتَغْلِظُ مُسْتَغْلِظٌ اِسْتَغْلِظْ لَاتَسْتَغْلِظْ
اِسْتَغْنٰی بے پروائی کی اُسنے۔ مصدر
اِسْتِغْنَاء۔ وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی۔
واللیل ۸/۱ اور جسنے نہ دیا اور بے پروا رہا۔
اِسْتَغْنٰی یَسْتَغْنِیْ مُسْتَغْنٍ اِسْتَغْنِ
لَاتَسْتَغْنِ

اِسْتَفْتِ پوچھ۔ مصدر اِسْتِفْتَاء
فَاسْتَفْتِهِمْ صافات ۲۳/۵ اب پوچھ اِن سے
اِسْتَفْتٰی یَسْتَفْتِیْ مُسْتَفْتٍ اِسْتَفْتِ
لَاتَسْتَفْتِ
اِسْتَفْتَحُوْا فیصلہ چاہا اُنھوں نے مصدر
اِسْتِفْتَاح۔ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ
عَنِيْدٍ ابراہیم ۱۳/۱۵ اور فیصلہ لگے مانگنے اور
نامراد ہوا جو سرکش تھا ضد کرنے والا۔
اِسْتَفْتَحَ یَسْتَفْتِحُ مُسْتَفْتِحٌ اِسْتَفْتِحْ لَاتَسْتَفْتِحْ
اِسْتَفْزِزْ گھبرالے۔ مصدر اِسْتِفْزَاز
وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ بنی اسرائیل ۱۵/۷
اور گھبرالے اُنمیں جسکو گھبرا سکے۔ اِسْتَفَزَّ
یَسْتَفِزُّ مُسْتَفِزٌّ اِسْتَفْزِزْ لَاتَسْتَفْزِزْ
اِسْتَقَامُوْا سیدھے ہوئے وہ۔ مصدر
اِسْتِقَامَة۔ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا
لَهُمْ توبہ ۸/۱ سو جب تک تم سے سیدھے
رہیں تم اُن سے سیدھے رہو۔ اِسْتَقَامَ
یَسْتَقِیْمُ مُسْتَقِیْمٌ اِسْتَقِمْ لَاتَسْتَقِمْ
اِسْتَقَرَّ ٹھیرا۔ مصدر اِسْتِقْرَار۔ فَاِنِ
اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ اعراف ۹/۱ جو وہ ٹھیرا اپنی جگہ

اِسْتَقَرَّ يَسْتَقِرُّ مُسْتَقِرٌّ اِسْتَقِرَّ لَاتَسْتَقِرَّ

اِسْتَقِمْ ثابت رہو دیکھو استقاموا

اِسْتَقِيْمَا ثابت رہو تم دونو۔ دیکھو استقاموا

اِسْتَقِيْمُوا ثابت رہو تم سب۔

دیکھو استقاموا

اِسْتَكَانُوا عاجز ہوئے مصدر استکانۃ

وَمَا ضَعُفُوا وَمَا اسْتَكَانُوا عمران ۲/۱۳

اور نہ ناتوان ہوئے اور نہ عاجز ہوئے۔

اِسْتَكَانَ يَسْتَكِيْنُ مُسْتَكِيْنٌ مُسْتَكَانٌ

اِسْتَكِنْ لَاتَسْتَكِنْ

اِسْتِكْبَار تکبر کرنا۔ وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا

نوح ۲۹/۸ اور تکبر کیا انہوں نے تکبر کرنا بڑا

اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ مُسْتَكْبِرٌ اِسْتَكْبِرْ

لَاتَسْتَكْبِرْ

اِسْتَكْبَرَ تکبر کیا دیکھو استکبار

اِسْتَكْبَرْتَ غرور کیا تونے۔ دیکھو استکبار

اِسْتَكْبَرْتُمْ غرور کیا تمنے دیکھو استکبار

اِسْتَكْبَرُوا برا سمجھا انہوں نے۔ دیکھو

استکبار

اِسْتَكْثَرْتُ بہت جمع کیا میں نے

مصدر استکثار۔ وَلَوْكُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ اعراف ۹/۱۱ اور

اگر میں غیب کی بات جانتا ہوتا تو بہت

سی بھلائیاں اکٹھی کرلیتا۔ اِسْتَكْثَرَ

يَسْتَكْثِرُ مُسْتَكْثِرٌ اِسْتَكْثِرْ لَاتَسْتَكْثِرْ

اِسْتَكْثَرْتُمْ بہت ہوئے تم۔ دیکھو استکثرت

اِسْتَمْتَعَ فائدہ لیا۔ مصدر اِسْتِمْتَاع

رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ انعام ۹/۴

اے ہمارے پروردگار ہم میں سے ایک نے

دوسرے سے فائدہ اٹھایا۔ اِسْتَمْتَعَ يَسْتَمْتِعُ

مُسْتَمْتِعٌ اِسْتَمْتِعْ لَاتَسْتَمْتِعْ

اِسْتَمْتَعْتُمْ فائدہ لیا تمنے دیکھو استمتع

اِسْتَمْتَعُوا فائدہ لیا انہوں نے۔

دیکھو استمتع

اِسْتَمْسَكَ مضبوط پکڑا۔ مصدر اِسْتِمْسَاك

فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى بقر ۲/۳

تو بیشک اسنے پکڑلیا مضبوط ذریعہ۔

اِسْتَمْسَكَ يَسْتَمْسِكُ مُسْتَمْسِكٌ اِسْتَمْسِكْ

لَاتَسْتَمْسِكْ

اِسْتَمْسِكْ مضبوط پکڑ۔ دیکھو اِسْتَمْسَكَ

اِسْتَمَعَ سُنا۔ مصدر اِسْتِمَاع۔ قُلْ
اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ
جن ۲۹/۱۱ تو کہہ مجھکو حکم آیا کہ سُن گئے تھے
کتنے لوگ جنوں کے اِسْتَمَعَ یَسْتَمِعُ
مُسْتَمِعٌ اِسْتَمِعْ لَا تَسْتَمِعْ
اِسْتَمِعْ سُن دیکھو اِسْتَمَعَ
اِسْتَمَعُوْا سُنا اُنہوں نے دیکھو اسْتمع
اِسْتَمِعُوْا سُنو دیکھو اسْتمع
اِسْتَنْصَرَ مدد چاہی اُسنے۔ مصدر
استنصار۔ فَاِذَا الَّذِی اسْتَنْصَرَہٗ
بِالْاَمْسِ یَسْتَصْرِخُہٗ قصص ۲۰/۵ پھر تب
ہی جسنے کل مدد مانگی تھی اُس سے فریاد
کرتا ہے اُسکو۔ اِسْتَنْصَرَ یَسْتَنْصِرُ
مُسْتَنْصِرٌ اِسْتَنْصِرْ لَا تَسْتَنْصِرْ
اِسْتَنْصَرُوْا مدد چاہی اُنہوں نے
دیکھو اِسْتَنْصَرَ
اِسْتَنْکَفُوْا عیب جانا اُنہوں نے۔ مصدر
اِستنکاف۔ وَاَمَّا الَّذِیْنَ اسْتَنْکَفُوْا
نساء ۶/۴ اور جنہوں نے عیب جانا۔
اِسْتَنْکَفَ یَسْتَنْکِفُ مُسْتَنْکِفٌ
اِسْتَنْکِفْ لَا تَسْتَنْکِفْ
اِسْتَوَتْ ٹھیری۔ دیکھو استوی
اِسْتَوْقَدَ سُلگایا۔ مصدر استیقاد
مَثَلُہُمْ کَمَثَلِ الَّذِی اسْتَوْقَدَ نَارًا بقرہ ۱/۲
اُنکی مثال جیسے ایک شخص نے سُلگائی
آگ۔ اِسْتَوْقَدَ یَسْتَوْقِدُ مُسْتَوْقِدٌ
اِسْتَوْقِدْ لَا تَسْتَوْقِدْ
اِسْتَوٰی سیدھا ہوا۔ ارادہ کیا۔ مصدر
اِسْتِوَاء۔ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِہٖ فتح ۲۶/۱۲
پھر کھڑا ہوا اپنے نال پر۔ ثُمَّ اسْتَوٰی
اِلَی السَّمَآءِ بقرہ ۱/۳ پھر آسمان کی طرف
متوجہ ہوا۔ اِسْتَوٰی یَسْتَوِیْ مُسْتَوٍ
اِسْتَوِ لَا تَسْتَوِ
اِسْتَوَیْتَ سوار ہوا تو دیکھو استوی
اِسْتَوَیْتُمْ سیدھے ہوئے تم۔ سوار ہوئے
تم۔ اِذَا اسْتَوَیْتُمْ عَلَیْہِ شوریٰ ۲۵ جس
وقت کہ سوار ہو تم اُسپر۔ دیکھو استوی
اِسْتَہْزِءُوْا ٹھٹھا کرو۔ دیکھو یستہزئ
اُسْتُہْزِئَ ٹھٹھا کیا گیا۔ دیکھو یستہزئ
اِسْتَہْوَتْ بہلا دیا۔ مصدر اِسْتِہْوَاء

كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ انعام ۶/۱۵
جیسے ایک شخص کو بہلادیا جنّوں نے ۔
اِسْتَهْوٰى يَسْتَهْوِىْ مُسْتَهْوٍ اِسْتَهْوِ لَاتَسْتَهْوِ
اِسْتَيْئَسَ نا امید ہوا۔ مصدر اِسْتِيْئَاس
حَتّٰىٓ اِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ یوسف ۱۳/۱۲ یہانتک
کہ جب نا امید ہونے لگے رسول۔ اِسْتَيْئَسَ
يَسْتَيْئِسُ مُسْتَيْئِسٌ اِسْتَيْئِسْ لَاتَسْتَيْئِسْ
اِسْتَيْئَسُوْا نا امید ہوئے دیکھو استیئس
اِسْتَيْسَرَ آسان ہوا اور میسر ہوا۔ مصدر
اِسْتِيْسَار۔ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ
مِنَ الْهَدْيِ بقر ۲/۸ پھر اگر تم روکے جاؤ
تو جو کچھ میسر ہو قربانی سے بھیجو۔ اِسْتَيْسَرَ
يَسْتَيْسِرُ مُسْتَيْسِرٌ اِسْتَيْسِرْ لَاتَسْتَيْسِرْ
اِسْتَيْقَنَتْ یقین کیا۔ مصدر اِسْتِيْقَان
وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا۔
نمل ۱۹/۱۶ اور اُنکو یقین جان چکے تھے اپنے
جی میں بے انصافی اور غرور سے ۔
اِسْتَيْقَنَ يَسْتَيْقِنُ مُسْتَيْقِنٌ
اِسْتَيْقِنْ لَاتَسْتَيْقِنْ
اَسْجُدُ سجدہ کروں میں۔ دیکھو سجود

اُسْجُدْ سجدہ کر دیکھو سجود
اُسْجُدُوْا سجدہ کرو دیکھو سجود
اُسْجُدِىْ سجدہ کر دیکھو سجود
اَسْحَار صبح کے وقت اور پچھلی رات
واحد سحر۔ سَحُور
اِسْحٰق چھوٹا بیٹا حضرت ابراہیم ؑ کا
بی بی سارہ کے پیٹ سے یہ اسم عجمی ہے
اَسْخَطَ بیزار ہوا۔ مصدر اِسْخَاط۔ ذٰلِكَ
بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ محمد ۲۶/۷
یہ اسپر کہ چلے وہ اُس راہ سے جس سے
اللہ بیزار تھا۔ اَسْخَطَ يُسْخِطُ مُسْخِطٌ
اَسْخِطْ لَاتُسْخِطْ
اَسْرِ سیر کروا دیکھو اَسْرٰى
اَسْر قید
اَسَرَّ چھپایا دیکھو اِسْرَار
اِسْرَار مشورہ کرنا۔ چھپاکر کہنا ۔
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ محمد ۲۶/۷ اور اللہ
جانتا ہے اُنکا مشورہ کرنا۔ اَسَرَّ يُسِرُّ
مُسِرٌّ اَسِرَّ لَاتُسِرَّ
اِسْرَاف بیفائدہ خرچ کرنا۔ وَلَا تَاْكُلُوْهَا

اِسْرَافًا وَّبِدَارًا نساء ۱۲ اور اُنکے مال کو
اسراف کرکے اور جلدی کرکے مت کھا جاؤ۔
اَسْرَفَ یُسْرِفُ مُسْرِفٌ اَسْرِفْ لَاتُسْرِفْ
اِسْرَائِیْل نام ہے عبرانی زبان میں
حضرت یعقوب عم کا سوا یعنے عبد
ایل نام خدا کا۔
اُسَرِّحُ رخصت کرونگا دیکھو تسریح
اَسْرَرْتُ چھپا کر کہا میں نے دیکھو اسرار
اَسْرَعُ بہت جلد۔ مصدر سرع ف ن
وَھُوَاَسْرَعُ الْحَاسِبِیْنَ انعام ۱۴ اور وہ
بہت جلد حساب لینے والوں میں ہے۔
سَرَعَ یَسْرَعُ سَارِعٌ مَسْرُوْعٌ
اِسْرَعْ لَاتَسْرَعْ
اَسْرَفَ بیفائدہ خرچ کیا دیکھو اسراف
اَسْرَفُوْا حد سے بڑھے دیکھو اسراف
اَسَرُّوْا چھپایا اُنھوں نے دیکھو اسرار
اَسِرُّوْا چھپاؤ دیکھو اسرار
اَسْرٰی بندیوان اور اسیراں واحد اسیر
اَسْرٰی سیر کروایا۔ مصدر اِسْرَاء
سُبْحٰنَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا
بنی اسرائیل ۱۵ پاک ذات ہے جو لے گیا
اپنے بندے کو راتی رات اَسْرٰی یُسْرِیْ
مُسْرٍ اَسْرِ لَاتُسْرِ
اَسَّسَ بنیاد رکھی اُسنے۔ نیو رکھی اُسنے
مصدر تاسیس۔ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْیَانَہٗ
عَلٰی تَقْوٰی مِنَ اللّٰہِ توبہ ۱۳ پھر آیا وہ
شخص جسنے بنیاد رکھی اپنی عمارت کی
ڈرنے پر اللہ سے۔ اَسَّسَ یُؤَسِّسُ
مُؤَسِّسٌ اَسِّسْ لَاتُؤَسِّسْ
اُسِّسَ بنیاد رکھی گئی دیکھو اَسَّسَ
اِسْطَاعُوْا مقدور رکھا اُنھوں نے
دیکھو اِسْتِطَاعَ
اِسْعَوْا دوڑو دیکھو سعی
اَسِفَ افسوس اور پچتاپچتا کر
مصدر اَسَفٌ ک ف۔ وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰی
اِلٰی قَوْمِہٖ غَضْبَانَ اَسِفًا اعراف ۹ اور
جب پھرا موسی عم کوہ طور سے اپنی قوم
کی طرف غصہ میں بھرا ہوا افسوس کرتا
ہوا۔ اَسِفَ یَأْسَفُ اٰسِفٌ مَأْسُوْفٌ
اِیْسَفْ لَاتَأْسَفْ

اَسْفَار کتابیں۔ واحد سِفْر۔ کَمَثَلِ الْحِمَارِ
یَحْمِلُ اَسْفَارًا جمعہ ۲۸/۱۱ جیسے کہاوت گدھے
کی ہے جو اُٹھاتا ہے کتابیں۔

اَسْفَار سفر سب واحد سفر۔ فَقَالُوْا
رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا سبا ۲۲/۸ پھر
کہنے لگے اے ہمارے رب فرق ڈال ہمارے
سفروں میں۔

اَسْفَرَ روشن ہوا۔ مصدر اِسْفَار
وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ مدثر ۲۹/۱۱ اور قسم صبح
کی جب روشن ہووے۔ اَسْفَرَ یُسْفِرُ
مُسْفِرٌ اَسْفِرْ لَا تُسْفِرْ

اَسْفَلَ بہت نیچے ہونے والا۔ یہ اسم تفضیل
ہے۔ مصدر سفل مذکر۔ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ
اَسْفَلَ سَافِلِيْنَ والتین ۳۰/۱ پھر پھینک
دیا اُسکو نیچوں سے نیچے سَفَلَ یَسْفِلُ
سَافِلٌ مَسْفُوْلٌ اِسْفِلْ لَا تَسْفِلْ

اَسْلَفَتْ آگے بھیجا۔ مصدر اِسْلَاف
هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ
یونس ۱۱/۱۱ وہاں جانچ لیگا ہر کوئی جو آگے
بھیجا۔ اَسْلَفَ یُسْلِفُ مُسْلِفٌ
اَسْلِفْ لَا تُسْلِفْ

اَسْلَفْتُمْ آگے بھیجا تُمنے۔ دیکھو اسلفت

اَسْفَلِيْنَ سب سے نیچے والے۔ دیکھو اسفل

اَسَفٰى افسوس۔ اصل میں اَسَفًا بمعنے غم
تھا آخر بصورت یٰ ہے بمعنے واے
وافسوس کے ہے اصل میں یا اَسَفٰی تھا
لفظ یا کا اول میں اور آخر میں ہر دو
واسطے مدصوت کے کنایہ ہے افسوس اور
آہ سے بجائے تعجب کے بھی آتا ہے۔
جیسا وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ یوسف
۱۳/۱۳ اور بولا اے افسوس یوسف پر۔

اَسْقِطْ گرادے۔ مصدر اِسْقَاط
فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ عنکبوت
۱۹/۱۴ سو گرادے ہم پر ٹکڑا آسمان کا۔
اَسْقَطَ یُسْقِطُ مُسْقِطٌ اَسْقِطْ لَا تُسْقِطْ

اَسْقِیْ پلاتا ہوں دیکھو سقایۃ

اَسْقَیْنَا پلایا ہم نے۔ مصدر اسقاء
وَاَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا مرسلات ۲۹/۲۱ اور
پلایا تمکو پانی میٹھا پیاس بجھانا۔
اَسْقٰی یُسْقِیْ مُسْقِیْ اَسْقِ لَا تُسْقِ

اُسْکُنْ بس تو دیکھو سکن
اَسْکَنَّا ٹھیرایا ہمنے ۔ مصدر اسکان
فَاَسْکَنّٰہُ فِی الْاَرْضِ سومنون ۱۸/۱ پھر
اُسکو ٹھیرادیا ہمنے زمین میں ۔ اَسْکَنَ
یُسْکِنُ مُسْکِنٌ اَسْکِنْ لَا تُسْکِنْ
اَسْکَنْتُ بسایا میں نے دیکھو اسکنّا
اَسْکِنُوْا جگہ دو دیکھو اسکنّا
اُسْکُنُوْا بسو تم دیکھو سکن
اِسْلَام تابعداری کرنی اِنَّ الدِّیْنَ
عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ عمران ۳/۱ ۔ بیشک اللہ
کے نزدیک اسلام ہی دین ہے ۔ اَسْلَمَ
یُسْلِمُ مُسْلِمٌ اَسْلِمْ لَا تُسْلِمْ
اَسْلِحَۃ ہتھیار ۔ اسباب جنگ ۔ واحد سلاح
اُسْلُکْ چل دیکھو سلک
اُسْلُکُوْا چلو ۔ جگہ دو دیکھو سلک
اُسْلُکِیْ چل دیکھو سلک
اَسْلَمَ فرمانبردار ہوا دیکھو اسلام
اَسْلِمْ فرمانبردار ہو دیکھو اسلام
اَسْلَمَا حکم مانا دونوں نے دیکھو اسلام
اَسْلَمْتُ تابع ہوا میں دیکھو اسلام

اَسْلَمْتُمْ تابع ہوئے تُم دیکھو اسلام
اَسْلَمْنَا مسلمان ہوئے ہم دیکھو اسلام
اَسْلِمُوْا اسلام لاؤ اور فرمانبردار ہو
دیکھو اسلام
اَسْلَمُوْا تابع ہوئے دیکھو اسلام
اَسَلْنَا بہایا ہمنے ۔ مصدر اِسَالَۃ ۔
وَاَسَلْنَا لَہٗ عَیْنَ الْقِطْرِ سبا ۲۲/۸ اور
بہادیا ہمنے اُسکے واسطے چشمہ پگلے تانبے
کا ۔ اَسَالَ یُسِیْلُ مُسِیْلٌ مُسَالٌ
اَسِلْ لَا تُسِلْ ۔
اِسْم نام ۔ جمع اَسْمَآء ۔ الف اسم کا
بِسْمِ اللّٰہ میں بسبب کثرت استعمال کے
حذف کرکے اُسکی جگہ عربی رسم الخط میں
ب کو لمبا لکھتے ہیں بریں صورت
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نہ بِاسْمِ اللّٰہ
یہ خصوصیت بسم اللہ شریف کی ہے نہ کسی
اور موقع کی ۔ کیونکہ اور جگہ بِاسْمِ رَبِّكَ
اور بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖھَا آیا ہے ۔
اَسْمَآء نام سب واحد اسم
اَسْمَعَ سُنایا ۔ سُنوایا ۔ مصدر اِسْمَاع

وَلَوْعَلِمَ اللہُ فِیْھِمْ خَیْرًا لَّاَسْمَعَھُمْ۔
انفال پ۹ ع۱۷ اور اگر جانتا اللہ انہیں کچھ بھلائی
تو سنوادیتا انکو۔ اَسْمَعَ یُسْمِعُ مُسْمِعٌ
اَسْمِعْ لَا تُسْمِعْ۔
اَسْمَعُ سنتا ہوں دیکھو سمع
اِسْمَعْ سن دیکھو سمع
اَسْمِعْ بِہٖ کیا خوب سنتا ہے۔ صیغہ
تعجب کا ہے دیکھو سمع
اِسْمَعُوْا سنو دیکھو سمع
اِسْمٰعِیْل پسر کلان حضرت ابراہیم ع کا
بیوی ہاجرہ کے پیٹ سے سریانی زبان میں
اسمٰعیل کے معنے فرمانبردار خدا ہے
اَسْوَءُ بہت برا دیکھو سوء
اَسْوَاق بازار سب واحد سوق
اُسْوَۃٌ پیروی اور چال چلنی لَقَدْ کَانَ
لَکُمْ فِیْھِمْ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ ممتحنہ ع۱ پ۲۸ البتہ
تمکو بھلی چال چلنی ہے انکی۔ اسلی
یَاْسُوْ اِسِ مَاْسُوْ اُسْ لَا تَاْسُ
اَسْوَد سیاہ جمع سودان۔ سوداء
اِسْوَدَّتْ سیاہ ہوئی۔ مصدر اسوداد

فَاَمَّا الَّذِیْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْھُھُمْ عمران ع۱۱ پ۴
سو وہ جو سیاہ ہوئے منہ انکے۔ اِسْوَدَّ
یَسْوَدُّ مُسْوَدٌّ اِسْوَدَّ لَا تَسْوَدَّ
اَسْوِرَۃ کنگن جمع اساور
اَسْئَلُ مانگتا ہوں دیکھو سوال
اِسْئَلْ مانگ اور پوچھ۔ دیکھو سوال
اِسْئَلُوْا مانگو اور پوچھو دیکھو سوال
اَسِیْر قیدی جمع اُساریٰ
اَشَاءُ چاہونگا دیکھو شاء
اَشَارَتْ ہاتھ سے بتایا۔ مصدر اِشارۃ
فَاَشَارَتْ اِلَیْہِ مریم ع۲ پ۱۶ پھر ہاتھ سے بتایا
اس لڑکے کو۔ اَشَارَ یُشِیْرُ مُشِیْرٌ
مُشَارٌ اَشِرْ لَا تُشِرْ
اَشْتَات پراگندہ۔ مصدر شتّ وغ
اشتات جمع مکسر ہے شتیت کی۔ جیسا
اشراف شریف کی۔ یَوْمَئِذٍ یَّصْدُرُ
النَّاسُ اَشْتَاتًا زلزال ع۳۰ پ۲۴ اسدن ہو پڑینگے
لوگ پراگندہ۔ شَتَّ یَشُتُّ شَاتٌّ
مَشْتُوْتٌ اُشْتُتْ لَا تَشْتُتْ
اِشْتَدَّتْ زور کیا اسنے۔ مصدر

اشتداد۔ کرمادٍ ن اشْتَدَّتْ ابراہیم ۱۳/۱۵
جیسے راکھ زور کی چلی۔ اِشْتَدَّ یَشْتَدُّ
مُشْتَدٌّ اِشْتَدِدْ لَاتَشْتَدِدْ

اِشْتَرَوْا مول لیا انہوں نے۔ دیکھو اشتریٰ

اِشْتَرٰی مول لیا۔ مصدر اِشْتِرَاء
اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ توبہ ۱۱/۱۳
اللہ نے خرید لی مسلمانوں سے۔ اِشْتَرٰی
یَشْتَرِیْ مُشْتَرِیٌ اِشْتَرِ لَاتَشْتَرِ

اِشْتَعَلَ شعلہ پکڑا۔ سفید ہوا۔ مصدر
اشتعال۔ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا مریم
۱۶ اور شعلہ مارا سر نے بڑھاپے کا۔
اِشْتَعَلَ یَشْتَعِلُ مُشْتَعِلٌ اِشْتَعِلْ
لَاتَشْتَعِلْ

اِشْتَمَلَتْ ملی لپٹی۔ مصدر اشتمال
اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَیْہِ انعام ۱۸ یا جو لپٹ
رہا ہے اسپر۔ اِشْتَمَلَ یَشْتَمِلُ مُشْتَمِلٌ
اِشْتَمِلْ لَاتَشْتَمِلْ

اِشْتَھَتْ چاہا اُسنے۔ مصدر اشتہاء
وَھُمْ فِیْ مَا اشْتَھَتْ اَنْفُسُھُمْ خٰلِدُوْنَ
انبیاء ۷/۱ اور وہ اپنے جی کے مزوں میں
سدا رہیں۔ اِشْتَھٰی یَشْتَھِیْ مُشْتَھٍ
اِشْتَہِ لَاتَشْتَہِ

اَشَدّ بہت سخت دیکھو شَدَّ دُنا

اَشُدّ قوت اور زور۔ اسم جامد۔

اَشِدَّاء زبردست سب۔ واحد شدید

اَشُدُّ مضبوط کرونگا۔ دیکھو شد دنا

اُشْدُدْ سخت کر دیکھو شد دنا

اَشِحَّۃ بخیلوں واحد شحیح

اَشَرّ برا۔ اسم تفضیل دیکھو شَرّ

اَشِرّ برائی کرنے والا دیکھو شَرّ

اَشْرَار برے لوگ واحد شریر

اَشْرَاط نشانیاں واحد شرط فَقَدْ
جَاءَ اَشْرَاطُھَا محمد ۲/۲۴ کیونکہ آچکی ہیں
اُسکی نشانیاں۔

اِشْرَاق صبح کا وقت۔ چمکنا۔ یُسَبِّحْنَ
بِالْعَشِیِّ وَالْاِشْرَاقِ ص ۲۳/۱۱ پاکی بولتے
شام کو اور صبح کو۔ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ
بِنُوْرِ رَبِّھَا مومن ۲۴/۱۱ اور چمکی زمین اپنے
رب کے نور سے۔ اَشْرَقَ یُشْرِقُ مُشْرِقٌ
اَشْرِقْ لَاتُشْرِقْ۔

اُشْرِبُوْا پلائے گئے۔ مصدر اشراب
وَاُشْرِبُوْا فِیْ قُلُوْبِھِمُ الْعِجْلَ بقرہ ۱۱/۱ اور ان کے
دلوں میں پلادی گئی تھی محبت بچھڑے
کی۔ اَشْرَبَ یُشْرِبُ مُشْرِبٌ اَشْرِبْ
لَاتُشْرِبْ

اِشْرَبُوْا پیو دیکھو شراب

اِشْرَبِیْ پی تو دیکھو شراب

اِشْرَحْ کھول دیکھو شرح

اَشْرَقَتْ چمکی دیکھو اشراق

اَشْرَکَ شریک کیا۔ مصدر اشراک
اَوْ تَقُوْلُوْا اِنَّمَا اَشْرَکَ اٰبَاؤُنَا مِنْ قَبْلُ
اعراف ۹/۱۲ یا تم کہو کہ بات یہ ہے کہ شرک
کیا تھا ہمارے باپوں نے پہلے سے۔
اَشْرَکَ یُشْرِکُ مُشْرِکٌ اَشْرِکْ لَاتُشْرِکْ

اُشْرِکُ شریک کرونگا میں دیکھو اشراک

اَشْرِکْهُ شریک کر دیکھو اشراک

اَشْرَکْتَ شریک ٹھیرایا تونے دیکھو اشراک

اَشْرَکْتُمْ شریک ٹھیرایا تمنے دیکھو اشراک

اَشْرَکْتُمُوْا شریک ٹھیرایا تمنے دیکھو اشراک

اَشْرَکُوْا شریک ٹھیرایا اُنہوں نے دیکھو اشراک

اَشْرَکْنَا شریک کیا ہمنے دیکھو اشراک

اَشْعَار بال سب واحد شَعَرَۃ
اَشْعَارِهَا اَثَاثًا نحل ۱۱/۱۲ اور بالوں سے
کتنے اسباب۔

ءَاَشْفَقْتُمْ ڈرے تم۔ مصدر اِشْفَاق
ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیْ نَجْوٰکُمْ
صَدَقٰتٍ مجادلہ ۲۸/۲ کیا تم ڈر گئے کہ
آگے رکھا کرو کان کی بات سے پہلے
خیراتیں۔ اَشْفَقَ یُشْفِقُ مُشْفِقٌ
اَشْفِقْ لَاتُشْفِقْ

اَشْفَقْنَ ڈریں دیکھو اشفقتم

اَشَقّ بہت سخت دیکھو شق

اَشُقُّ تکلیف میں ڈالونگا دیکھو شق

اَشْقٰی بڑا بد بخت دیکھو شقوۃ

اَشْکُرُ شکر کرونگا میں دیکھو شکر

اُشْکُرُوْا احسان مانو تم دیکھو شکر

اَشْکُوْ بیان کرتا ہوں مصدر شکو۔
شکایۃ۔ قَالَ اِنَّمَا اَشْکُوْ بَثِّیْ یوسف ۱۰/۱۳
بولا میں تو کھولتا ہوں اپنا احوال شکی
یَشْکُوْ شَاکٍ مَشْکُوٌّ اُشْکُ لَاتَشْکُ

اِشْمَأَزَّتْ تنگ ہوئی۔ رُک گئی مصدر
اِشْمِئْزَاز۔ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ
قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ
زمر ۴۵/۲ اور جب نام لیجئے اللہ کا نرا
رُک جاویں دل انکے جو یقین نہیں رکھتے
پچھلے گھر کا۔ اِشْمَأَزَّ يَشْمَئِزُّ مُشْمَئِزٌّ
اِشْمَأْزِزْ لَا تَشْمَأْزِزْ

اَشْهَاد گواہ سب واحد شاهد

اَشْهَدَ گواہ رکھا مصدر اشهاد
وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ اعراف ۱۷۲/۲۲ اور
خود انکو انکے اوپر گواہ کیا۔ اَشْهَدَ يُشْهِدُ
مُشْهِدٌ اَشْهِدْ لَا تُشْهِدْ

اَشْهَدُ گواہی دیتا ہوں دیکھو اشهد

اَشْهِدْ گواہ کر دیکھو اشهد

اِشْهَدْ گواہ ہو دیکھو شهادة

اَشْهَدْتُ گواہ کیا میں نے۔ حاضر کیا
میں نے دیکھو اشهد

اَشْهِدُوْا گواہ رکھو دیکھو اشهد

اِشْهَدُوْا گواہ ہو تم دیکھو شهادة

اَشْهُر مہینے واحد شهر

اَشْيَاء چیزیں واحد شئ

اَشْيَاع ساتھی لوگ واحد شيع

اَصَابَ پہنچا وہ مصدر اِصَابة
مَا اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ حدید ۲۲/۲۷ نہ پہنچی
کوئی مصیبت۔ اَصَابَ يُصِيْبُ مُصِيْبٌ
مُصَابٌ اَصِبْ لَا تُصِبْ

اَصَابَتْ پہنچی دیکھو اصاب

اَصَابِع انگلیاں واحد اِصبع

اَصْبُ میل کرونگا میں۔ مصدر صبوة
اَصْبُ اِلَيْهِنَّ یوسف ۳۳/۱۴ میل کرونگا
میں طرف انکی۔ صَبَا يَصْبُوْ صَابٍ
مَصْبُوٌّ اُصْبُ لَا تَصْبُ

اِصْبَاح ہونا اور صبح کی روشنی
فَالِقُ الْاِصْبَاحِ انعام ۹۶/۱۸ پھوڑ نکالنے
والا صبح کی روشنی۔ اَصْبَحَ يُصْبِحُ
مُصْبِحٌ اَصْبِحْ لَا تُصْبِحْ

اَصَبْتُمْ پہنچے تم دیکھو اَصاب

اَصْبَحَ ہوگیا۔ صبح کی دیکھو اصباح
فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ مائدہ ۳۱/۹ پھر
ہوگیا ندامت والوں میں سے —

فَاَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ خَائِفًا قصص ۲۰/۱
پھر صبح کی شہر میں ڈرتا ہوا۔

اَصْبَحَتْ ہوگئی دیکھو اصباح

اَصْبَحْتُمْ ہوئے تم دیکھو اصباح

اَصْبَحُوْا ہوئے دیکھو اصباح

اَصْبَرَ بڑا سہارنے والا دیکھو صبر
مَا اَصْبَرَ فعل تعجب ہے فَمَا اَصْبَرَهُمْ
عَلَى النَّارِ بقرہ ۲/۵ سو کیا سہار ہے انکو
آگ کی۔

اِصْبِرْ سہار۔ صبر کر۔ دیکھو صبر

اِصْبِرُوْا صبر کرو دیکھو صبر

اَصَبْنَا پہنچے ہم دیکھو اصاب

اَصْحَاب یاروں واحد صاحب

اِصْدَعْ صاف کہہ دیکھو صدع

اَصْدَق بڑا سچا دیکھو صدق

اَصَّدَّقُ خیرات کرونگا میں۔ اصل میں
اَتَصَدَّقُ تھا صیغہ واحد متکلم فعل مضارع
معلوم از باب تفعّل۔ ت ص ہوکر ص
ص میں ادغام ہوا اَصَّدَّقُ بنگیا۔
دیکھو تَصَدَّق

اِصْر بوجھ اور ذمہ۔ یہ اسم جامد ہے۔

اَصْرِفُ پھیرونگا دیکھو صرف

اِصْرِفْ پھیر اور ہٹا دیکھو صرف

اَصَرُّوْا ضد کیا انہوں نے۔ مصدر اصرار
وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا نوح
۲۹/۹ اور ضد کی اور غرور کیا بڑا غرور۔
اَصَرَّ يُصِرُّ مُصِرٌّ اَصْرِرْ لَا تُصْرِرْ

اِصْطَادُوْا شکار کرو تم۔ مصدر اصطیاد
فَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا مائدہ ۶/۲
اور جب احرام سے نکلو تو شکار کرو۔
اِصْطَادَ يَصْطَادُ مُصْطَادٌ اِصْطَدْ
لَا تَصْطَدْ

اِصْطَبِرْ صبر کر۔ مصدر اصطبار
فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ قمر ۲۷/۹ سو دیکھتا
رہ انکو اور صبر کر۔ اِصْطَبَرَ يَصْطَبِرُ
مُصْطَبِرٌ اِصْطَبِرْ لَا تَصْطَبِرْ

اِصْطَفٰى پسند کیا اُسنے۔ مصدر اِصْطِفَاءٌ
اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى اٰدَمَ عمران ۳/۱۲ اللہ نے
پسند کیا آدم کو اِصْطَفٰى يَصْطَفِيْ
مُصْطَفًى اِصْطَفِ لَا تَصْطَفِ

اِصْطَفَیْتُ پسند کیا میں نے۔ دیکھو اصطفےٰ
اِصْطَفَیْنَا پسند کیا ہمنے دیکھو اصطفےٰ
اِصْطَنَعْتُ بنایا میں نے۔ مصدر
اِصْطِنَاع ۔ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِیْ طٰہٰ
۲/۱۶ اور بنایا میں نے تجھکو خاص اپنے
واسطے ۔ اِصْطَنَعَ یَصْطَنِعُ مُصْطَنِعٌ
اِصْطَنِعْ لَا تَصْطَنِعْ
اَصْغَرُ بہت چھوٹا۔ جمع اَصَاغِر۔ اَصَاغِرہ
اَصْفَاد زنجیریں واحد صِفَاد
اِصْفَحْ درگذر کر تو دیکھو صفح
اِصْفَحُوْا درگذر کرو تم دیکھو صفح
اَصْفٰی چن دیا۔ مصدر اِصْفَاء
وَاَصْفٰكُمْ بِالْبَنِیْنَ زخرف ۲۵/۸ اور
تمکو دیئے چنکر بیٹے۔ اَصْفٰی یُصْفِیْ
مُصْفٍ اَصْفِ لَا تُصْفِ
اَصْل جڑ۔ بیج جمع اصول
اَصْلَاب پیٹھیں واحد صلب
اِصْلَاح سنوارنا۔ صلح کروانی۔ قُلْ
اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَیْرٌ بقر ۲/۱۱ تو کہہ سنوارنا
انکا بہتر ہے۔ اَوْ اِصْلَاحٍ بَیْنَ النَّاسِ
نساء ۵/۱۴ یا صلح کروانی لوگوں میں۔
اَصْلَحَ یُصْلِحُ مُصْلِحٌ اَصْلِحْ لَا تُصْلِحْ
اُصَلِّبُ سولی چڑھاؤنگا میں۔ مصدر
تَصْلِیْب۔ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِیْنَ
اعراف ۹/۱۴ پھر سولی چڑھاؤنگا تم سبکو۔
صَلَّبَ یُصَلِّبُ مُصَلِّبٌ صَلِّبْ لَا تُصَلِّبْ
اَصْلَحَ سنوارا اور صلح کی۔ دیکھو اصلاح
اَصْلِحْ صلح کر دیکھو اصلاح
اَصْلَحَا صلح ہوئے دونو دیکھو اصلاح
اَصْلَحْنَا اچھا کیا ہمنے دیکھو اصلاح
اَصْلَحُوْا درست کیا انہوں نے۔ دیکھو اصلاح
اَصْلِحُوْا صلح کرو دیکھو اصلاح
اِصْلَوْا پہنچو تم دیکھو صلیًا
اُصْلِیْ پہنچاؤنگا میں۔ مصدر اِصْلَاء
سَاُصْلِیْهِ سَقَرَ مدثر ۲۹/۱۵ اب اس کو
پہنچاؤنگا آگ میں اَصْلٰی یُصْلِیْ مُصْلٍ
اَصْلِ لَا تُصْلِ
اَصَمّ بہرا جمع صُمّ
اَصْنَام بت سب واحد صنم
اِصْنَعْ بنا دے دیکھو صنع

اَصْوَات آوازیں واحد صوت

اَصْوَاف اُون یعنی پشم ہا۔ واحد صوف

اُصُوْل جڑیں واحد اصل

اُصِیْبُ پہنچونگا دیکھو اصاب

اَصِیْل شام جمع اصال

اَضَآءَ چمکایا۔ مصدر اِضَاءۃ لازمی و متعدی۔ کُلَّمَآ اَضَآءَ لَھُمْ مَّشَوْا فِیْہِ بقر ۲/۱ جس بار چمکتی ہے اُنپر چلتے ہیں اُسمیں ح

ف یہاں ماضی بسبب آنے لفظ کُلَّمَا کے معنے مضارع کے دیتی ہے اور اکثر موقعوں پر ماضی سے معنے مضارع کے لئے جاتے ہیں بایں قاعدہ ے آمدہ ماضی بمعنے مضارع چند جا + عطف ماضی بر مضارع در مقام ابتدا + بعد موصول و نداؔ و لفظ حَیْثُ کُلَّمَا۔ در جزا و شرط و عطف ہر دو باشد در دعا + اَضَآءَ یُضِیْءُ مُضِیْءٌ مُضَآءٌ اَضِئْ لَاتُضِئْ

اَضَآءَتْ روشن کیا دیکھو اَضَآءَ

اَضَاعُوْا گنوایا اُنہوں نے۔ مصدر اِضَاعَۃ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِھِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوۃَ مریم ۱۶/۴ پھر اُنکی جگہ آئے ناخلف گنوائے نماز۔ اَضَاعَ یُضِیْعُ مُضِیْعٌ مُضَاعٌ اَضِعْ لَاتُضِعْ

اَضْحَكَ ہنسایا۔ مصدر اِضْحَاك۔ وَاَنَّہٗ ھُوَاَضْحَكَ وَاَبْکٰی نجم ۲۷/۳ اور یہ کہ وہی ہے ہنساتا اور رُلاتا۔ اَضْحَكَ یُضْحِكُ مُضْحِكٌ اَضْحِكْ لَاتُضْحِكْ

اِضْرِبْ مار دیکھو ضرب

اِضْرِبُوْا مارو دیکھو ضرب

اِضْطُرَّ ناچار کیا گیا مصدر اضطرار فَمَنِ اضْطُرَّ فِیْ مَخْمَصَۃٍ مائدہ ۵/۱ پھر جو کوئی ناچار ہوگیا بھوک میں۔ اِضْطَرَّ یَضْطَرُّ مُضْطَرٌّ اِضْطَرِرْ لَاتَضْطَرِرْ

اَضْطَرُّ ناچار کرونگا میں دیکھو اضطر

اِضْطُرِرْتُمْ ناچار کئے گئے تم۔ دیکھو اضطر

اَضْعَاف دونا۔ مصدر اِضْعَاف۔ فَیُضٰعِفَہٗ لَہٗٓ اَضْعَافًا کَثِیْرَۃً بقر ۲/۱۶ پھر دُگنا کردے اُسکو اُسکے لئے دُگنا کرنا بہت دفعہ۔ اَضْعَفَ یُضْعِفُ مُضْعِفٌ

اَضْعِفْ لَاتُضْعِفْ

اَضْعَفْ بہت کمزور دیکھو ضعف

اَضْغَاث پراگندے واحد ضغث

اَضْغَان دشمن سب واحد ضغن

اَضَلَّ گمراہ کیا اُسنے۔ مصدر اضلال

وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا یس ۲۳ اور اُسنے گمراہ کیا تم میں سے بہت خلق کو

اَضَلَّ يُضِلُّ مُضِلٌّ اَضِلَّ لَاتُضْلِلْ

اَضَلُّ بڑا گمراہ دیکھو ضلالۃ

اُضِلُّ گمراہ کرونگا میں دیکھو اضل

اَضَلَّا گمراہ کیا اُن دونونے دیکھو اضل

اَضْلَلْتُمْ گمراہ کیا تمنے دیکھو اضل

اَضْلَلْنَ بہکایا انہوں نے۔ دیکھو اضل

اَضَلُّوْا گمراہ کیا سب نے دیکھو اضل

اُضْمُمْ ملالے۔ مصدر ضمّ۔ وَاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ قصص ۳۲ اور ملا اپنی طرف اپنا بازو ڈر سے۔ ضَمَّ يَضُمُّ ضَامٌّ مَضْمُوْمٌ اُضْمُمْ لَاتَضْمُمْ

اُضِيْعُ ناچیز کرتاہوں۔ ناچیز کرونگا میں

دیکھو اَضَاعُوا

اَطَاعَ فرمانبرداری کی اُسنے۔ مصدر اِطَاعَة مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ نساء ۸۰ جس نے حکم مانا رسول کا اُسنے حکم مانا اللہ کا۔ اَطَاعَ يُطِيْعُ مُطِيْعٌ مُطَاعٌ اَطِعْ لَاتُطِعْ

اَطَاعُوْا فرمانبرداری کی اُنہوں نے دیکھو اَطَاعَ

اَطْرَاف کنارے واحد طرف

اِطْرَحُوْا پھینکدو۔ مصدر طرح وغ۔ اَوِاطْرَحُوْهُ اَرْضًا یوسف ۹ یا پھینکدو کسی ملک میں طَرَحَ يَطْرَحُ طَارِحٌ مَطْرُوْحٌ اِطْرَحْ لَاتَطْرَحْ

اِطْعَام کھانا کھلانا۔ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا مجادلہ ۴ تو کھانا کھلانا ہے ساٹھ محتاج کا۔ اَطْعَمَ يُطْعِمُ مُطْعِمٌ اَطْعِمْ لَاتُطْعِمْ

اَطَعْتُمْ فرمانبرداری کی تمنے۔ دیکھو اطاع

اَطَعْتُمُوْا فرمانبرداری کی تُم نے۔ دیکھو اطاع

اَطْعَمَ کھلایا اُسنے دیکھو اِطْعَام
اَطْعِمُوْا کھلاؤ تم دیکھو اطعام
اَطَعْنَ فرانبرداری کی اُنہوں نے
دیکھو اَطَاعَ
اَطَعْنَا فرانبرداری کی ہمنے دیکھو اَطَاعَ
اَطْغٰی بڑا شریر دیکھو اطغیتُ
اَطْغَیْتُ شرارت میں ڈالا میں نے۔
مصدر اِطْغَاءٌ قَالَ قَرِیْنُہٗ رَبَّنَا مَآ
اَطْغَیْتُہٗ ق ۲۶/۲۲ بولا اُسکا ساتھی اے
رب ہمارے میں نے اُسکو شرارت میں
نہیں ڈالا۔ اَطْغٰی یُطْغِیْ مُطْغٍ
اَطْغِ لَا تُطْغِ
اَطْفَال لڑکے واحد طفل
اَطْفَیٰ بجھایا مصدر اِطْفَاء۔ کُلَّمَا
اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَأَهَا اللّٰهُ مائدہ
۶۴/۱۳ جبکہ وہ مسلمانوں سے لڑائی کے لئے
آگ جلاتے ہیں اللہ اُسکو بجھا دیتا ہے۔
اَطْفٰی یُطْفِیْ مُطْفٍ اَطْفِ لَا تُطْفِ
اَطَّلَعَ۔ خبردار ہوا جھانکا۔ مصدر اِطِّلَاع
اصل میں اَاِطَّلَعَ تھا مادہ اسکا طلع ہے
الف انفعال کا حذف ہوا۔ الف استفہام کا
بجا رہا۔ اَطَّلَعَ الْغَیْبَ مریم ۷۸/۱۴ کیا جھانک
آیا ہے غیب کو۔ اِطَّلَعَ یَطَّلِعُ مُطَّلِعٌ
اِطَّلِعْ لَا تَطَّلِعْ
اِطَّلَعَ خبردار ہوا دیکھو اطّلاع
اَطَّلِعُ جھانکونگا میں دیکھو اَطَّلَعَ
اِطَّلَعْتَ خبردار ہوا تو دیکھو اطّلاع
اِطْمَأَنَّ آرام پکڑا اسنے مصدر اطمینان
فَاِنْ اَصَابَهٗ خَیْرُ نِاطْمَاَنَّ بِهٖ حج ۱۱/۹
پھر اگر مل گئی اُسکو بھلائی چین پکڑا
اُسپر۔ اِطْمَأَنَّ یَطْمَئِنُّ مُطْمَئِنٌّ
اَطْمَئِنْ لَا تَطْمَئِنْ
اِطْمَأْنَنْتُمْ خاطر جمع ہوئے تم۔
دیکھو اِطْمَأَنَّ
اِطْمَأَنُّوْا خاطر جمع ہوئے۔ دیکھو اطمأنّ
اِطْمِسْ مٹادے تو دیکھو طمسنا
اَطْمَعُ توقع رکھتا ہوں میں۔ دیکھو طمع
اَطْوَار کئی طرح واحد طور
اَطْهَر خوب پاک دیکھو طهور
اِطَّهَّرُوْا خوب پاک کرو دیکھو یتطہّر

اصل میں تطہر تھات کو ط کرکے ط کو
ط میں ادغام کیا اور ہمزہ ابتدا میں لائے
اِطَّيَّرْنَا منحوس جانا ہمنے دیکھو تطیرنا
اصل میں تطیر تھات کو ط کرکے ط کو ط
میں ادغام کیا۔ ہمزہ ابتدا میں لائے۔
مصدر تطیر۔ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ نمل ۱۹/۱۹
بولے ہمنے بد قدم دیکھا تجھکو۔ اِطَّيَّرَ
يَطَّيَّرُ مُطَّيِّرٌ اِطَّيَّرْ لَا تَطَّيَّرْ
اِطَّيَّرُوْا بدفالی پکڑی انہوں نے۔ دیکھو
تطیرنا۔ اطیرنا
اَطِيْعُوْا فرمانبرداری کرو دیکھو اطاع
اَظْفَرَ فتح دی۔ مصدر اِظْفَار۔ مِنْ
بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ فتح ۲۶/۱۱ پیچھے
اسکے کہ غالب کیا تمکو اُنپر۔ اَظْفَرَ يُظْفِرُ
مُظْفِرٌ اَظْفِرْ لَا تُظْفِرْ
اَظْلَمَ ظلم کیا۔ اندھیرا کیا۔ مصدر اِظْلَام
اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى نجم ۲/۲۷
وہ تو تھے اور بھی ظالم اور شریر۔ وَاِذَا
اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا بقرہ ۲/۱ اور جب
اندھیرا پڑا کھڑے رہے۔ اَظْلَمَ يُظْلِمُ
مُظْلِمٌ اَظْلِمْ لَا تُظْلِمْ
اَظْلَمُ بڑا بے انصاف دیکھو ظلم
اَظُنُّ گمان کرتا ہوں دیکھو ظن
اَظْهَرَ ظاہر کیا۔ مصدر اِظْهَار۔ وَ
اَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ تحریم ۲۸/۱۹ اور اللہ نے
جتا دیا نبی کو۔ اَظْهَرَ يُظْهِرُ مُظْهِرٌ
اَظْهِرْ لَا تُظْهِرْ
اَعَانَ مدد کی اُسنے۔ مصدر اِعَانَة و اِعَانَہ
عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ فرقان ۱۸/۱۱ اور ساتھ
دیا ہے اُسکا اُسمیں اور لوگوں نے۔
اَعَانَ يُعِيْنُ مُعِيْنٌ مُعَانٌ اَعِنْ لَا تُعِنْ
اَعْبُدُ عبادت کرتا ہوں دیکھو عبادۃ
اُعْبُدْ عبادت کر تو دیکھو عبادۃ
اُعْبُدُوْا بندگی کرو تم دیکھو عبادۃ
اِعْتَبِرُوْا عبرت پکڑو تم۔ مصدر اعتبار
فَاعْتَبِرُوْا يٰۤاُولِي الْاَبْصَارِ حشر ۲۸/۲ پس
عبرت پکڑو اے آنکھوں والے۔ اِعْتَبَرَ
يَعْتَبِرُ مُعْتَبِرٌ اِعْتَبِرْ لَا تَعْتَبِرْ
اَعْتَدَتْ تیار کیا اُسنے۔ مصدر اِعْتَاد
وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَـاً یوسف ۱۲/۱۲ اور

تیار کی اُنکے واسطے ایک مجلس۔
اَعْتَدَ یُعْتِدُ مُعْتِدٌ اَعْتِدْ لَا تُعْتِدْ
اَعْتَدْنَا تیار کیا ہمنے دیکھو اعتدت
اِعْتَدَوْا زیادتی کی اُنہوں نے۔
دیکھو اعتدیٰ
اِعْتَدُوْا زیادتی کرو دیکھو اعتدیٰ
اِعْتَدٰی زیادتی کی اُسنے۔ مصدر اِعْتِدَاء
فَمَنِ اعْتَدٰی عَلَیْکُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَیْہِ
بقرہ ۲ پھر جسنے زیادتی کی تمپر پس زیادتی
کرو تم اُسپر۔ اِعْتَدٰی یَعْتَدِیْ مُعْتَدٍ
اِعْتَدِ لَا تَعْتَدِ
اِعْتَدَیْنَا حد سے بڑھے ہم۔ دیکھو اعتدیٰ
اِعْتَرَفْنَا اقرار کیا ہمنے۔ قائل ہوئے۔
مصدر اِعْتِرَاف۔ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا
مومن ۲ اب ہم قائل ہوئے اپنے گناہوں
کے۔ اِعْتَرَفَ یَعْتَرِفُ مُعْتَرِفٌ
اِعْتَرِفْ لَا تَعْتَرِفْ
اِعْتَرَفُوْا اقرار کیا اُنہوں نے۔
دیکھو اِعْتَرَفْنَا
اِعْتَرٰی جھپٹ لیا اُسنے۔ مصدر اِعْتِرَاء

اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ ہود ۵ ہم تو
یہی کہتے ہیں کہ تجھکو جھپٹ لیا ہے۔
اِعْتَرٰی یَعْتَرِیْ مُعْتَرٍ اِعْتَرِ لَا تَعْتَرِ
اِعْتَزَلَ گوشہ لیا اُسنے۔ مصدر اعتزال
فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ مریم ۳ پھر جب کنارے
ہوا اُنسے۔ اِعْتَزَلَ یَعْتَزِلُ مُعْتَزِلٌ
اِعْتَزِلْ لَا تَعْتَزِلْ
اَعْتَزِلُ گوشہ پکڑتا ہوں میں۔ دیکھو اعتزل
اِعْتَزَلْتُمُوْا کنارہ پکڑا تم نے۔
دیکھو اعتزل
اِعْتَزِلُوْا کنارے رہو تم دیکھو اعتزل
اِعْتَصَمُوْا مضبوط پکڑا اُنہوں نے۔ مصدر
اعتصام۔ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ نساء ۲ اور
اُسکو مضبوط پکڑا۔ اِعْتَصَمَ یَعْتَصِمُ مُعْتَصِمٌ
اِعْتَصِمْ لَا تَعْتَصِمْ۔
اِعْتَصِمُوْا مضبوط پکڑو دیکھو اعتصموا
اِعْتِلُوْا چڑھاؤ اور کھینچو۔ مصدر اعتلاء
فَاعْتِلُوْهُ اِلٰی سَوَآءِ الْجَحِیْمِ دخان ۲ پس
کھینچو اُسکو طرف میانہ دوزخ کے۔ اِعْتَلٰی
یَعْتَلِیْ مُعْتَلٍ اِعْتَلِ لَا تَعْتَلِ

اِعْتَمَرَ زیارت کی اور عمرہ کیا۔ مصدر اِعْتِمَار فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ بقرہ ۲/۱۹ پھر جسنے حج کیا خانہ کعبہ کا یا عمرہ ادا کیا۔ اِعْتَمَرَ يَعْتَمِرُ مُعْتَمِرٌ اِعْتَمِرْ لَا تَعْتَمِرْ

اَعْثَرْنَا کھول دیا ہمنے۔ مصدر اِعْثَار وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ کہف ۱۵/۱۵ اور اسیطرح خبر کھول دی ہمنے انکی۔ اَعْثَرَ يُعْثِرُ مُعْثِرٌ اَعْثِرْ لَا تُعْثِرْ

اَعْجَاز جڑیں۔ بیخہا واحد عجز

اَعْجَبَ خوش کیا اُسنے۔ مصدر اعجاب كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ حدید ۲۷/۱۹ جیسے کہاوت ایک مینہہ کی جو خوش لگا کسانوں کو اُسکا سبزہ اُگنا۔ اَعْجَبَ يُعْجِبُ مُعْجِبٌ اَعْجِبْ لَا تُعْجِبْ

اَعْجَبَتْ خوش کیا اُسنے۔ دیکھو اعجب

اَعْجَلَ جلدی کی اُسنے۔ مصدر اعجال وَمَا اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ط ۱۱/۱۶ اور کیوں جلدی کی تونے اپنی قوم سے اے موسیٰ۔ اَعْجَلَ يُعْجِلُ مُعْجِلٌ اَعْجِلْ لَا تُعْجِلْ

اَعْجَمِیٌّ عجم والا۔ اوپری زبان والا۔ جمع اَعْجَمِيْن۔ عرب کے سوا اور ملک کی زبان اوپری زبان کا جو شخص مطلق بات نہ کرسکے اُسکو اعجم کہتے ہیں۔ اور جو بات فصیح اور صاف نکرسکے اُسکو بھی اعجم کہتے ہیں۔ اگرچہ عرب کا ہو۔ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ۔ حم سجدہ ۲۴/۱۹ کیا اوپری زبان اور عرب کا آدمی۔

اَعْجَمِيْنَ اوپری زبان والے۔ واحد اَعْجَمِیٌّ۔ اصل میں اَعْجَمِيِّيْن تھا پہلی یٓ مشدد نسبت والی واسطے تخفیف کے حذف کی گئی۔ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ شعراء ۱۹/۱۵ اور اگر اُتارتے ہم یہ کتاب کسی اوپری زبان والے پر۔

اَعَدَّ تیار کیا۔ مصدر اِعْدَاد آمادہ ساختن بعضوں کے نزدیک اصل میں اعتد تھا ت کو د کرکے د کو د میں ادغام کیا۔ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا دہر ۲۹/۲۰ اور واسطے ظالموں کے تیار کیا ہے عذاب درد دینے والا۔ اَعَدَّ يُعِدُّ مُعِدٌّ

اَعْدِدْ لَا تُعْدِدْ
اَعْدَآء دشمن سب واحد عدو
اُعِدَّتْ تیار کی گئی دیکھو اعدّ
اَعْدِلُ انصاف کرتا ہوں دیکھو عدل
اِعْدِلُوْا انصاف کرو تم دیکھو عدل
اَعَدُّوْا تیار کیا اُنہوں نے دیکھو اعدّ
اَعِدُّوْا تیار کرو تم دیکھو اعدّ
اُعَذِّبُ عذاب کرونگا دیکھو عذّب
اَعْرَاب گنوار ۔ صحرانشیناں ۔ واحد اعرابی
قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا حجرات ۲۶/۱۴ کہتے ہیں
گنوار ہم ایمان لائے ۔
اِعْرَاض مونہہ پھیرنا وَاِنْ كَانَ كَبُرَ
عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ انعام ۷/۳۵ اور اگر تجھ پر
گراں گذرتا ہے اُنکا مونہہ پھیرنا ۔ اَعْرَضَ
يُعْرِضُ مُعْرِضٌ اَعْرِضْ لَا تُعْرِضْ
اَعْرَاف نام مکان مابین بہشت و دوزخ کے
اَعْرَج لنگڑا جمع عرجان
اَعْرَضَ منہہ پھیرا اُسنے ۔ دیکھو اعراض
اَعْرِضْ منہہ پھیر دیکھو اعراض
اَعْرَضْتُمْ منہہ پھیرا تمنے دیکھو اعراض

اَعْرَضُوْا منہہ پھیرا اُنہوں نے ۔ دیکھو اعراض
اَعْرِضُوْا درگذرو تم دیکھو اعراض
اَعَزُّ غالب تر دیکھو عزّ
اَعِزَّةٌ زبردست اور عزت والے ۔ دیکھو عزّ
اِعْصَار بگھولا ۔ گردباد ۔ وہ ہوا کہ خاک
کو منارہ کی شکل پر اُٹھاتی ہے ۔ جمع
اَعَاصِیْر
اَعْصِرُ نچوڑتا ہوں ۔ مصدر عَصْرٌ ۔ ک
اِنِّیْٓ اَرٰىنِیْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا یوسف ۱۲/۵
میں دیکھتا ہوں کہ میں نچوڑتا ہوں شراب
عَصَرَ يَعْصِرُ عَاصِرٌ مَعْصُوْرٌ اِعْصِرْ لَا تَعْصِرْ
اَعْصِیْ نافرمانی کرونگا دیکھو عصیان
اَعْطِ دے تو دیکھو اعطی
اُعْطُوْا دیئے گئے وہ دیکھو اعطی
اَعْطٰی دیا اُسنے ۔ مصدر اِعْطَآء ۔ فَاَمَّا
مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی واللیل ۳۰/۵ سو جسنے دیا
اور ڈر رکھا ۔ اَعْطٰی يُعْطِیْ مُعْطِیْ
اَعْطِ لَا تُعْطِ
اَعْطَيْنَا دیا ہمنے دیکھو اعطی
اَعِظُ نصیحت کرتا ہوں دیکھو وعظ

اَعْظَم بہت بڑا۔ افعل تفضیل مصدر عظم عظمۃ ک ف۔ ض ض۔ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً حدید ۲۷/۱۱ اُن لوگوں کا درجہ بڑا ہے
عَظُمَ یَعْظُمُ عَاظِمٌ عَظِیْمٌ مَعْظُوْمٌ اُعْظُمْ لَا تَعْظُمْ

اُعْفُ معاف کر تو دیکھو عفو

اُعْفُوْا معاف کرو تم دیکھو عفو

اَعْقَاب ایڑیاں۔ پاشنہ واحد عقب

اَعْقَبَ پیچھے لایا وہ۔ دوڑ پڑا۔ مصدر اِعقاب۔ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِیْ قُلُوْبِهِمْ توبہ ۱۱/۱۰ پھر دوڑ پڑا اُنپر نفاق اُنکے دلوں میں۔ اَعْقَبَ یُعْقِبُ مُعْقِبٌ اَعْقِبْ لَا تُعْقِبْ

اَعْلَام پہاڑ سب واحد علم

اَعْلَمُ جانتا ہوں میں۔ اور بڑا خبردار۔ دیکھو علم

اِعْلَمْ جان تو دیکھو علم

اِعْلَمُوْا جانو تم دیکھو علم

اَعْلَنْتُ ظاہر کیا میں نے۔ مصدر اِعلان ثُمَّ اِنِّیْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ نوح ۲۹/۱ پھر میں نے اُنکو کھول کر کہا۔ اَعْلَنَ یُعْلِنُ مُعْلِنٌ اَعْلِنْ لَا تُعْلِنْ

اَعْلَنْتُمْ ظاہر کیا تُمنے دیکھو اعلنت

اَعْلَوْنَ اونچے ہونے والے۔ واحد اَعلیٰ التقائے ساکنین کی وجہ سے الف حذف کرکے اُسکا یادگار فتح چھوڑ دیا گیا ہے۔

اَعْلیٰ سب سے اوپر دیکھو علی

اَعْمَال کام سب واحد عمل

اَعْمَام چچے واحد عم

اَعْمَلُ کام کرتا ہوں دیکھو عمل

اِعْمَلْ کام کر۔ بنا دیکھو عمل

اِعْمَلُوْا عمل کرو دیکھو عمل

اَعْمٰی اندھا۔ جمع عُمْی۔ عمیان

اَعْمٰی اندھا کیا اُسنے۔ مصدر اِعماء اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ لَعَنَهُمُ اللهُ فَاَصَمَّهُمْ وَ اَعْمٰٓی اَبْصَارَهُمْ محمد ۲۶/۳ یہ لوگ ہیں کہ لعنت کی ہے اُنکو اللہ نے پھر کردیا اُنکو بہرے اور اندھا کردیا آنکھوں اُنکی کو۔ اَعْمٰی یُعْمِیْ مُعْمِیٌ اَعْمِ لَا تُعْمِ

اَعْنَاب انگور سب واحد عنب

اَعْنَاق گردنیں واحد عنق
اَعْنَتَ مشکل میں ڈالا اُسنے ۔مصدر اعنات
وَلَوْشَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ بقر ۲/۱۱ اور اگر چاہتا
اللہ تم پر مشکل ڈالتا۔ اَعْنَتَ یُعْنِتُ
مُعْنِتٌ اَعْنِتْ لَاتُعْنِتْ
اَعُوْذُ پناہ لیتا ہوں ۔مصدر عوذ ۔عیاذ
قَالَ رَبِّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ ہود ۴/۱۲ بولا اے
رب میں پناہ لیتا ہوں تیری۔ عَاذَ
یَعُوْذُ عَائِذٌ مَعُوْذٌ عُذْ لَاتَعُذْ
اَعْهَدُ عہد کرتا ہوں دیکھو عہد
اَعِیْبُ عیب لگاؤنگا میں ۔مصدر عیب
فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِیْبَهَا کہف ۱۶/۱۰ سو میں نے
چاہا کہ اُسمیں عیب لگاؤں۔ عَابَ
یَعِیْبُ عَائِبٌ مَعِیْبٌ عِبْ لَاتَعِبْ
اُعِیْدُوْا پھر ڈالے گئے وہ۔ مصدر
اِعادۃ۔ اُعِیْدُوْا فِیْهَا حج ۹/۱۷ پھر ڈالے
گئے اُسمیں۔ اَعَادَ یُعِیْدُ مُعِیْدٌ مُعَادٌ
اَعِدْ لَاتُعِدْ
اُعِیْذُ پناہ میں دیتا ہوں ۔مصدر اِعاذۃ
وَاِنِّیْ اُعِیْذُهَا بِكَ عمران ۳/۱۲ اور میں
تیری پناہ میں دیتی ہوں۔ اَعَاذَ۔ یُعِیْذُ
مُعِیْذٌ مُعَاذٌ اَعِذْ لَاتُعِذْ
اَعْیُن آنکھیں واحد عین
اَعِیْنُوْا مدد کرو تم دیکھو اعان
اِغْتَرَفَ چلو سے لیا اُسنے ۔مصدر اِغتراف
اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةًۢ بِیَدِهٖ بقر ۲/۱۲ مگر
جسنے بھر لیا ایک چلو اپنے ہاتھ سے ۔
اِغْتَرَفَ یَغْتَرِفُ مُغْتَرِفٌ اِغْتَرِفْ
لَاتَغْتَرِفْ ۔
اُغْدُوْا صبح کو آؤ ۔مصدر غدو و غدو
اصل میں اُغْدُوْ تھا۔جب امر کے ماقبل
کوئی اور کلمہ وصل ہوتا ہے تو الف وصلی
معہ اپنی حرکت کے گرجاتا ہے۔جیسا قُلِ
ادْعُوْا ۔ اَنِ اغْدُوْا عَلٰی حَرْثِكُمْ ن ۲۹/۲
کہ سویرے چلو اپنے کھیت پر۔ غَدَا یَغْدُوْ
غَادٍ مَغْدُوٌّ اُغْدُ لَاتَغْدُ
اَغْرَقْنَا ڈبایا ہمنے ۔مصدر اِغراق
وَاَغْرَقْنَا اٰلَ فِرْعَوْنَ بقر ۱/۶ اور ڈبایا
ہمنے فرعون کے لوگوں کو۔اَغْرَقَ یُغْرِقُ
مُغْرِقٌ اَغْرِقْ لَاتُغْرِقْ

اُغْرِقُوْا ڈبائے گئے وہ دیکھو اغرقنا
اَغْرَيْنَا لگا دیا ہمنے۔ مصدر اِغْرَآء
فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ مائدہ ۱۴/۶
پھر ہمنے لگا دی آپسمیں اُنکے دشمنی اور
کینہ۔ اَغْرٰى يُغْرِيْ مُغْرٍ اَغْرِ لَا تُغْرِ
اِغْسِلُوْا دھوؤ۔ مصدر غسل ف۔ ک
فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ مائدہ ۶/۲ تو دھولو
اپنے مُنہہ۔ غَسَلَ يَغْسِلُ غَاسِلٌ مَغْسُوْلٌ
اِغْسِلْ لَا تَغْسِلْ
اُغْشِيَتْ ڈھانپی گئی وہ۔ دیکھو اغشینا
اَغْشَيْنَا ڈھانپا ہمنے۔ مصدر اِغْشَاء
فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ یٰس ۹/۱
پھر اوپر سے ڈھانک دیا سو اُنکو نہیں
سوجھتا۔ اَغْشٰى يُغْشِيْ مُغْشٍ
اَغْشِ لَا تُغْشِ
اُغْضُضْ نیچے کر۔ مصدر غضّ ن۔ وَاغْضُضْ
مِنْ صَوْتِكَ لقمان ۱۹/۲ اور نیچے کر اپنی
آواز۔ غَضَّ يَغُضُّ غَاضٌّ مَغْضُوْضٌ
اُغْضُضْ لَا تَغْضُضْ
اَغْطَشَ اندھیرا کیا اُسنے۔ مصدر اغطاش
وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا والنازعات ۲۹/۱ اور اندھیری
کی رات اُسکی۔ اَغْطَشَ يُغْطِشُ مُغْطِشٌ
اَغْطِشْ لَا تُغْطِشْ
اِغْفِرْ معاف کر دیکھو غفران
اَغْفَلْنَا غافل کیا ہمنے۔ مصدر اِغْفَال
وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا
کہف ۲۸/۴ اور نہ کہا مان اُسکا جسکا دل غافل
کیا ہمنے اپنی یاد سے۔ اَغْفَلَ يُغْفِلُ
مُغْفِلٌ اَغْفِلْ لَا تُغْفِلْ
اَغْلَال طوق واحد غُلّ
اَغْلِبُ غالب ہونگا دیکھو غلب
اُغْلُظْ سختی کر۔ مصدر غلظ ف۔ ض۔
وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ تحریم ۹/۲ اور سختی کر اُنپر
غَلَظَ يَغْلُظُ غَالِظٌ مَغْلُوْظٌ اُغْلُظْ لَا تَغْلُظْ
اَغْنَتْ بے پروا کیا اُسنے۔ دیکھو اغنی
اَغْنٰى بے پروا کیا۔ کام آیا۔ مصدر اغناء
وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى والضحی ۸/۱ اور
پایا تجھکو مفلس پھر بے پروا کیا۔ فَمَآ اَغْنٰى
عَنْهُمْ مَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ زمر ۵۰/۲۴ پھر
کچھ کام نہ آیا جو کماتے تھے۔ اَغْنٰى يُغْنِيْ

مُغْنٍ اَغْنِ لَاتُغْنِ
اُغْنِیْ کام آونگا میں دیکھو اغنی
اَغْنِیَاءُ مالدار سب واحد غنی
اُغْوِیْ گمراہ کرونگا دیکھو اغویت
اَغْوَیْتَ گمراہ کیا تونے مصدر اغواء
قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَیْتَنِیْ حجر ۱۴ بولا اے
رب جیسا تونے مجھکو راہ سے کھویا۔
اَغْوٰی یُغْوِیْ مُغْوٍ اَغْوِ لَاتُغْوِ
اَغْوَیْنَا بہکایا ہمنے دیکھو اغویت
اُفٍّ ہوں۔ بیزار ہوں۔ لفظ جھڑکنے
کا ہے اور کلمہ کراہت کا۔ فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ
اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا بنی اسرائیل ۱۵ تو نہ کہہ
انکو ہوں اور نہ جھڑک انکو۔ اُفٍّ لَّکُمْ
وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ انبیاء ۵
بیزار ہوں میں تم سے اور جنکو تم پوجتے
ہو اللہ کے سوا۔
اَفَآءَ دیا۔ اور پھیر لایا۔ مصدر اِفَاءَة۔
فئ اسکو کہتے ہیں جو ال لوٹ کا بغیر
لڑائی کے مسلمانوں کے ہاتھ لگے۔
مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ حشر ۲۸ جو کچھ پھیر لایا اللہ

اَفَآءَ یُفِیْئُ مُفِیْئٌ اَفِیْئُ لَاتُفِیْئُ
اَفَاضَ چلا وہ۔ مصدر اِفَاضَة۔ ثُمَّ
اَفِیْضُوْا مِنْ حَیْثُ اَفَاضَ النَّاسُ بقر ۲۵
پھر طواف کو چلو جہاں سے سب لوگ
چلیں۔ اَفَاضَ یُفِیْضُ مُفِیْضٌ مُفَاضٌ
اَفِضْ لَاتُفِضْ
اَفَاقَ ہوش میں آیا۔ مصدر اِفَاقَة
فَلَمَّآ اَفَاقَ اعراف ۹ پھر جب ہوش
میں آیا۔ اَفَاقَ یُفِیْقُ مُفِیْقٌ مُفَاقٌ
اَفِقْ لَاتُفِقْ
اَفَّاكٌ بڑا جھوٹا۔ یہ صیغہ مبالغہ کا ہے
دیکھو افك۔
اَفْتِ بیان کر تو دیکھو افتوا
اِفْتَحْ کھول دیکھو فتح
اِفْتَدَتْ بدلا دیا اُسنے دیکھو افتدی
اِفْتَدَوْا فدیہ دیا انہوں نے۔
دیکھو افتدی
اِفْتَدٰی فدیہ دیا۔ بدلہ دیا۔ مصدر
اِفْتِدَاء۔ وَلَوِافْتَدٰی بِهٖ عمران ۹ اگر وہ
اسکو بدلے میں دے۔ اِفْتَدٰی

يَفْتَدِيْ مُفْتَدٍ اِفْتَدِ لَاتَفْتَدِ

اِفْتِرَآء تہمت۔ وَحَرَّمُوْا مَارَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ انعام ۱۳۸/۸ اور حرام کرلیا اُسکو جو رزق دیا تھا اُنکو اللہ نے بہتان بندی کرکے خدا پر۔ اِفْتَرٰی يَفْتَرِيْ مُفْتَرٍ اِفْتَرِ لَاتَفْتَرِ

اِفْتَرٰی تہمت باندھی۔ دیکھو افتراء

اِفْتَرَيْتُ جھوٹ باندھا میں نے۔ دیکھو افتراء

اِفْتَرَيْنَا جھوٹ باندھا ہمنے۔ دیکھو افتراء

اَفْتُوْا بیان کرو اور مشورہ دو تم۔ مصدر اِفْتَاء۔ قَالَتْ يٰاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْٓ اَمْرِيْ نمل ۱۹/۱۸ کہنے لگی اے دربار والو مشورہ دو مجھکو میرے کام کا۔ اَفْتٰى يُفْتِيْ مُفْتٍ اَفْتِ لَاتُفْتِ

اُفْرِغْ ڈالونگا میں۔ مصدر اِفْرَاغ۔ قَالَ اٰتُوْنِيْٓ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا کہف ۱۶/۱۲ کہا لاؤ میرے پاس کہ ڈالوں اُسپر گھلا تانبا اَفْرَغَ يُفْرِغُ مُفْرِغٌ اَفْرِغْ لَاتُفْرِغْ

اَفْرِغْ ڈال تو دیکھو اُفْرِغْ

اُفْرُقْ جُدا کر دیکھو فرق

اِفْسَحُوْا کشادہ کرو دیکھو يفسح

اَفْسَدُوْا بگاڑا اُنھوں نے۔ مصدر افساد قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا نمل ۱۹/۱۸ کہنے لگی بادشاہ جب داخل ہوں کسی بستی میں اُسکو خراب کریں۔ اَفْسَدَ يُفْسِدُ مُفْسِدٌ اَفْسِدْ لَاتُفْسِدْ

اَفْصَحُ بہت گویا۔ فصیح تر۔ مصدر فَصَاحَة ف ض۔ ض ض۔ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا قصص ۲۰/۳۴ اسکی زبان چلتی ہے مجھسے زیادہ۔ فَصُحَ يَفْصُحُ فَصِيْحٌ مَفْصُوْحٌ اُفْصُحْ لَاتَفْصُحْ

اَفْضٰى پہنچا۔ مصدر اِفْضَاء۔ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ نساء ۴/۲۱ اور پہنچ چکے ایکدوسرے تک۔ اَفْضٰى يُفْضِيْ مُفْضٍ اَفْضِ لَاتُفْضِ

اَفَضْتُمْ چلے تم۔ چرچا کیا تم نے۔ دیکھو اَفَاضَ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ بقرہ ۲ پھر جب طواف کو چلو عرفات سے۔ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

نور ۱۸ البتہ تم پر پڑتی اس چرچا کرنے میں
کوئی آفت بڑی
اِفْعَلْ کر دیکھو فعل
اِفْعَلُوْا کرو دیکھو فعل
اُفُق کنارہ آسمان جمع آفاق
اِفْك جھوٹ۔ بہتان۔ جمع اَفائك
الف کی زیر سے بمعنے جھوٹ اور مفتوح
سے بمعنے جھوٹ کہنا اور کسی چیز سے
پھرنا وغیرہ۔ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَا اِفْكٌ قَدِيْمٌ
احقاف ۲۶ تو اب کہینگے یہ جھوٹ ہے مدت
کا۔ اَفَكَ يَأْفِكُ اِفْكٌ مَأْفُوْكٌ
اِءْفِكْ لَا تَأْفِكْ
اُفِكَ پھیرا گیا۔ اوندھا کیا گیا۔ دیکھو
اِفْك۔ يُؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ذاریات
۲۶/۱۸ پھیرا جاتا ہے اس سے جو کوئی پھیرا گیا
بھلائی سے
اَفَلَ چھپ گیا۔ مصدر اُفُول وض۔ فَلَمَّا
اَفَلَ انعام ۱۵ پھر جب چھپ گیا۔ اَفَلَ
يَأْفُلُ اِفِلْ مَأْفُوْلٌ فُلْ لَا تَفُلْ
اَفَلَتْ غائب ہوئی دیکھو افل

اَفْلَحَ نجات پائی۔ مصدر اِفْلَاح۔
قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا شمس ۳۰ مراد کو پہنچا
جسنے اُسکو سنوارا۔ اَفْلَحَ يُفْلِحُ مُفْلِحٌ
اَفْلِحْ لَا تُفْلِحْ
اَفْنَان شاخیں واحد فنن
اَفْوَاج قافلے واحد فوج
اَفْوَاه مُنہ واحد فم
اصل میں فوہ تھا ہ گرگئی و ساکن اعراب
کی برداشت نہ کرسکی تب اُسکے عوض م
لائے۔ جب تصغیر یا جمع بناتے ہیں تب
ہ پھر لاتے ہیں۔
اَفُوْزُ پہنچونگا۔ دیکھو فوز
اُفَوِّضُ سونپتا ہوں۔ مصدر تفویض
وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ مومن ۲۴ اور میں
سونپتا ہوں اپنا کام اللہ کو۔ فَوَّضَ
يُفَوِّضُ مُفَوِّضٌ فَوِّضْ لَا تُفَوِّضْ
اَفْئِدَة دلوں واحد فؤاد
اَفِيْضُوْا چلو تم دیکھو اَفَاضَ
اَقَامَ سیدھا کیا دیکھو اِقَام
اِقَام کھڑا کرنا۔ سیدھا کرنا۔ وَاِقَامِ الصَّلٰوة

وَاِیْتَاۤءِ الزَّکٰوۃِ نور ۱۸/۱۱ اور نماز کھڑی رکھنے سے اور زکوٰۃ دینے سے۔ اَقَامَ یُقِیْمُ مُقِیْمٌ مُقَامٌ اَقِمْ لَاتُقِمْ

اِقَامَۃ سیدھا کرنا دیکھو اقام

اَقَامُوْا قائم کیا اُنہوں نے دیکھو اقام

اَقَاوِیْل باتیں واحد قول

اَقْبَرَ قبر میں رکھوایا۔ مصدر اقبار۔ ثُمَّ اَمَاتَہٗ فَاَقْبَرَہٗ عبس ۲/۵ پھر اُسکو مُردہ کیا پھر قبر میں رکھوایا۔ اَقْبَرَ یُقْبِرُ مُقْبِرٌ اَقْبِرْ لَاتُقْبِرْ

اَقْبَلَ مُنہ کیا۔ مصدر اِقْبَال۔ فَاَقْبَلَ بَعْضُھُمْ عَلٰی بَعْضٍ یَّتَلَاوَمُوْنَ ن ۲/۵ پھر مُنہ کر کر ایکدوسرے کی طرف لگے اُلاہنا دینے اَقْبَلَ یُقْبِلُ مُقْبِلٌ اَقْبِلْ لَاتُقْبِلْ

اَقْبِلْ آگے آ۔ قَالُوْا یٰمُوْسٰی اَقْبِلْ قصص ۳/۵ اے موسیٰ ہم آگے آ۔ دیکھو اَقْبَلَ

اَقْبَلَتْ آگے آئی وہ دیکھو اقبل

اَقْبَلْنَا آئے ہم دیکھو اقبل

اَقْبَلُوْا مُنہ کیا اُنہوں نے دیکھو اقبل

اُقِّتَتْ وعدہ کی گئی اور ٹھیرائی گئی۔ مصدر تَوْقِیْت۔ تَاقِیْت اصل میں وقّت تھا اہل عرب وکو آسے اور آکو وسے بدلتے ہیں۔ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ مرسلات ۲۹/۲۱ اور جب رسولوں کا وعدہ ٹھیرے۔ وَقَّتَ یُوَقِّتُ مُوَقِّتٌ وَقِّتْ لَاتُوَقِّتْ

اِقْتَتَلَ لڑائی کی اُسنے۔ مصدر اِقْتِتَال وَلَوْشَآءَ اللّٰہُ مَااقْتَتَلَ الَّذِیْنَ مِنْ بَعْدِھِمْ بقر ۳/۳ اور اگر اللہ چاہتا تو نہ لڑ مرتے وہ لوگ جو اُنکے بعد ہوئے۔ اِقْتَتَلَ یَقْتَتِلُ مُقْتَتِلٌ اِقْتَتِلْ لَاتَقْتَتِلْ

اِقْتَتَلُوْا لڑائی کی اُنہوں نے دیکھو اقتتل

اِقْتَحَمَ چڑھا وہ۔ مصدر اقتحام۔ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَۃَ بلد ۳/۱۵ پس نہیں چڑھا گھاٹی پر۔ اِقْتَحَمَ یَقْتَحِمُ مُقْتَحِمٌ اِقْتَحِمْ لَاتَقْتَحِمْ

اِقْتَدِہْ پیروی کر۔ مصدر اِقْتِدَاء اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ ھَدَی اللّٰہُ فَبِھُدٰھُمُ اقْتَدِہْ انعام ۱۶/۶ یہ وہ لوگ ہیں جنکو اللہ نے ہدایت کی ہے پھر اُنہی کی ہدایت کی پیروی کر۔ اِقْتَدٰی یَقْتَدِیْ مُقْتَدٍ اِقْتَدِ لَاتَقْتَدِ

اِقْتَرَبَ نزدیک ہوا ۔ مصدر اقتراب
اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ انبیاء ۱/۱۷ نزدیک
آلگا لوگوں کو اُنکے حساب کا وقت ۔
اِقْتَرَبَ يَقْتَرِبُ مُقْتَرِبٌ اِقْتَرِبْ لَاتَقْتَرِبْ
اِقْتَرِبْ نزدیکی ڈھونڈ تو ۔ دیکھو اقترب
اِقْتَرَبَتْ پاس آئی دیکھو اقترب
اِقْتَرَفْتُمُوْا کمایا تم نے ۔ مصدر اقتراف
وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْهَا توبہ ۳/۱ اور مال
جو کمائے ہیں ۔ اِقْتَرَفَ يَقْتَرِفُ مُقْتَرِفٌ
اِقْتَرِفْ لَاتَقْتَرِفْ
اَقْتُلُ ہلاک کرونگا دیکھو قتل
اُقْتُلُوْا مار ڈالو دیکھو قتل
اَقْدَام پاؤں واحد قدم
اَقْدَمُوْن اگلے ۔ واحد اقدم ۔ دیکھو یقدم
اِقْذِفِیْ ڈال تو دیکھو قذف
اِقْرَءْ پڑھ تو دیکھو قرء
اِقْرَءُوْا پڑھو تم دیکھو قرء
اَقْرَب بہت نزدیک ۔ جمع اَقَارِب ۔
اَقْرَبُوْن ۔ دیکھو قُرْبیٰ
اَقْرَبُوْن رشتہ والے ۔ رشتہ دار ۔ دیکھو قربی

اَقْرَرْتُمْ اقرار کیا تمنے ۔ دیکھو اقررنا
اَقْرَرْنَا اقرار کیا ہمنے ۔ مصدر اِقرار ۔
قَالُوْآ اَقْرَرْنَا ۔ عمران ۳/۹ بولے ہمنے اقرار
کیا ۔ اَقَرَّ يُقِرُّ مُقِرٌّ اَقْرِرْ لَا تُقْرِرْ
اَقْرَضْتُمْ اُدھار دیا تمنے ۔ مصدر
اِقْرَاض ۔ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۔
مائدہ ۶/۳ اور قرض دوگے تم اللہ کو اچھی
طرح کا قرض ۔ اَقْرَضَ يُقْرِضُ مُقْرِضٌ
اَقْرِضْ لَاتُقْرِضْ
اَقْرَضُوْا اُدھار دیا اُنھوں نے ۔
دیکھو اقرضتم
اَقْرِضُوْا اُدھار دو دیکھو اقرضتم
اَقْسَط خوب انصاف دیکھو قسط
اَقْسِطُوْا انصاف کرو ۔ مصدر اقساط ۔
فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ۔
حجرات ۱۳/۲۶ تو ملاپ کرواؤ اُنمیں برابر اور
انصاف کرو ۔ اَقْسَطَ يُقْسِطُ مُقْسِطٌ
اَقْسِطْ لَا تُقْسِطْ
اُقْسِمُ سوگند کھاتا ہوں دیکھو اقسمتم
اَقْسَمْتُمْ قسم کھائی تمنے ۔ مصدر اقسام

اَهٰؤُلَآءِ الَّذِیْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا یَنَالُهُمُ اللّٰهُ
بِرَحْمَةٍ اعراف ٦/١٣ کیا یہی وہ لوگ ہیں
جن پر تم قسم کھاتے تھے کہ خدا اُنکو ہرگز
رحمت نہیں پہنچائیگا ۔ اَقْسَمَ یُقْسِمُ
مُقْسِمٌ اَقْسِمْ لَا تُقْسِمْ

اَقْسَمُوْا قسم کھائی اُنہوں نے ۔
دیکھو اقسمتم

اِقْصِدْ بیچ کی راہ چل ۔ مصدر قصد
وَاقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ لقمان ١١/٢١ اور چل
بیچ کی چال ۔ قَصَدَ یَقْصِدُ قَاصِدٌ
مَقْصُوْدٌ اِقْصِدْ لَا تَقْصِدْ

اُقْصُصْ بیان کر دیکھو قصّ

اَقْصٰی آخر ۔ نہایت ۔ جمع اَقَاصی

اِقْضِ حکم کر دیکھو قضی

اَقْضُوْا کر چکو دیکھو قضی

اَقْطَار کنارے واحد قطر

اُقَطِّعُ ٹکڑے ٹکڑے کرونگا ۔ دیکھو قطّع

اِقْطَعُوْا کاٹو دیکھو قَطع

اَقْعُدُ بیٹھونگا دیکھو قعد

اُقْعُدُوْا بیٹھو دیکھو قعد

اَقْفَال قفل سب واحد قفل

اَقَلّ بہت کم دیکھو قلّ

اَقْلَام قلمیں واحد قلم

اَقَلَّتْ اٹھالی اُسنے ۔ مصدر اِقلال
حَتّٰی اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا اعراف ٨/١٤
یہانتک کہ جب وہ اُٹھاتی ہیں بھاری
بادل کو ۔ اَقَلَّ یُقِلُّ مُقِلٌّ اَقْلِلْ
لَا تُقْلِلْ ۔

اَقْلِعِیْ تھم جا تو ۔ مصدر اِقلاع ۔ وَ
یٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ ہود ١٢/٤ اور اے آسمان تھم جا
اَقْلَعَ یُقْلِعُ مُقْلِعٌ اَقْلِعْ لَا تُقْلِعْ

اَقِمْ سیدھا کر دیکھو اِقام

اَقَمْتَ قائم کیا تونے دیکھو اِقام

اَقَمْتُمْ کھڑا کیا تمنے دیکھو اِقام

اَقِمْنَ قائم کرو تم ۔ جمع مؤنث ۔ دیکھو اِقام

اُقْنُتِیْ بندگی کر دیکھو یقنت

اَقْنٰی پونجی دی اُسنے ۔ مصدر اِقناء
وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰی وَاَقْنٰی نجم ٣/٢٧ اور یہ کہ
اُسنے دولت دی اور پونجی ۔ اَقْنٰی
یُقْنِیْ مُقْنٍ اَقْنِ لَا تُقْنِ

اَقْوَات خوراک واحد قوت
وَقَدَّرَ فِيهَا اَقْوَاتَهَا حم سجدہ ۲۴/۱۶ اور ٹھیرائیں
اسمیں خوراکیں۔

اَقُوْلُ کہتا ہوں دیکھو قول

اَقْوَم بہت سیدھا دیکھو قیامة

اَقِيمُوْا سیدھا کرو دیکھو اقام

اَكُ ہوں میں۔ تھا میں۔ اصل میں اَكُنْ
تھا ن گر گیا۔ خاصیت باب کَانَ کی یہ ہے
کہ بسبب کثرت استعمال کے حرف جازمہ کے
آنے سے حرف صحیح گر جاتا ہے۔ جیسا لَمْ اَكُ
بَغِيًّا مریم ۱۶/۵ میں بدکار کبھی نہ تھی۔
دیکھو کَانَ۔

اَكَابِر بڑے لوگ واحد اکبر

اَكَادُ قریب ہوں دیکھو کاد

اَكَّالُوْنَ بڑے کھانے والے دیکھو اکل

اَكْبَر بہت بڑا دیکھو کبر

اَكْبَرْنَ بڑا سمجھا انہوں نے۔ مصدر
اِکبار۔ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗ اَكْبَرْنَهٗ یوسف ۱۲/۱۴
پس جب دیکھا انہوں نے اسکو بڑا جانا
انہوں نے اسکو۔ اَكْبَرَ يُكْبِرُ مُكْبِرٌ

اَكْبِرْ لَا تُكْبِرْ

اِكْتَالُوْا اپ لیا انہوں نے۔ مصدر
اِكْتِيَال۔ اَلَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ
يَسْتَوْفُوْنَ مطففین ۱/۳۰ وہ کہ جب اپ لیں
لوگوں سے پورا بھر لیں۔ اِكْتَال۔ يَكْتَالُ
مُكْتَالٌ اِكْتَلْ لَا تَكْتَلْ

اَكْتُبُ لکھونگا دیکھو کتاب

اُكْتُبْ لکھ دیکھو کتاب

اُكْتُبُوْا لکھو دیکھو کتاب

اِكْتَتَبَ لکھ لیا۔ مصدر اِکتتاب
وَقَالُوْا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فرقان
۱/۱۶ اور کہنے لگے یہ نقلیں ہیں اگلوں کی
جو لکھ لایا ہے۔ اِكْتَتَبَ يَكْتَتِبُ مُكْتَتِبٌ
اِكْتَتِبْ لَا تَكْتَتِبْ

اِكْتَسَبَ کمایا اسنے۔ مصدر اِکتساب
لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ
نور ۱/۸ ہر آدمی کو انہیں سے پہنچتا ہے
جتنا کمایا گناہ۔ اِكْتَسَبَ يَكْتَسِبُ مُكْتَسِبٌ
اِكْتَسِبْ لَا تَكْتَسِبْ

اِكْتَسَبَتْ کمایا اسنے دیکھو اِکتسب

اِکْتَسَبْنَ کمایا اُنھوں نے ۔ دیکھو اکتسب

اِکْتَسَبُوْا کمایا اُنھوں نے ۔ دیکھو اکتسب

اَکْثَرَ بہت زیادہ دیکھو کثرۃ

اَکْثَرْتَ بہت کیا تو نے دیکھو اکثروا

اَکْثَرُوْا بہت کیا اُنھوں نے ۔ مصدر اِکْثار
فَاَکْثَرُوْا فِیْھَا الْفَسَادَ فجر ۳۰/۱۲ پھر بہت ڈالی
اُنمیں خرابی ۔ اَکْثَرَ یُکْثِرُ مُکْثِرٌ
اَکْثِرْ لَا تُکْثِرْ

اَکْدٰی سخت دل ہوا ۔ یعنی بند کر دیا ۔
تھوڑا دیا اُسنے ۔ مصدر اِکْدَاء ۔ وَاَعْطٰی
قَلِیْلًا وَّ اَکْدٰی نجم ۲۷/۳ اور دیا تھوڑا سا
مال سے اور سخت دل ہوا ۔ اَکْدٰی
یُکْدِیْ مُکْدٍ اَکْدِ لَا تُکْدِ

اِکْرَام تعظیم کرنی ۔ تَبٰرَکَ اسْمُ رَبِّکَ
ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ رحمٰن ۳/۱۲ بڑی برکت
ہے نام کو تیرے رب کے جو بزرگی رکھتا ہے
تعظیم والا ۔ اَکْرَمَ یُکْرِمُ مُکْرِمٌ اَکْرِمْ لَا تُکْرِمْ

اِکْرَاہ زبردستی ۔ لَا اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ بقر
۳ زور نہیں دین کی بات میں ۔
اَکْرَہَ یُکْرِہُ مُکْرِہٌ اَکْرِہْ لَا تُکْرِہْ

اَکْرَمَ عزت دی دیکھو اکرام

اَکْرَمُ بڑی عزت والا ۔ اسم تفضیل مصدر
کرم ض ض ۔ اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ علق ۲۰/۲۱
پڑھ اور تیرا رب بڑا کریم ہے ۔ کَرُمَ
گر سیٹیاں بجانی اور تالیاں بجانا صَدّٰى
يُصَدِّيْ مُصَدٍّ صَدِّ لَا تُصَدِّ-

تَصْدِيْق سچانا- وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ

بَيْنَ يَدَيْهِ۔ یوسف ۱۳/۱۴ لیکن سچا کرنے
والا اُس چیز کو کہ آگے ہے۔
صَدَّقَ يُصَدِّقُ مُصَدِّقٌ صَدِّقْ لَا تُصَدِّقْ
تُصَرِّفُ پھیرے گا تو۔ دیکھو صرف
تُصْرَفُوْنَ پھیرے جاؤگے تم دیکھو تصریف
تَصْرِيْفٌ پھیرنا۔ وَتَصْرِيْفِ الرِّيَاحِ
بقرہ ۲/۴ اور پھیرنا باؤں کا۔ صَرَّفَ يُصَرِّفُ
مُصَرِّفٌ صَرِّفْ لَا تُصَرِّفْ۔
تَصْطَلُوْنَ تاپتے ہو تم۔ مصدر اِصْطِلَاء
لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ قصص ۳/۷ شاید تم
تاپو۔ اِصْطَلٰى يَصْطَلِيْ مُصْطَلٍ اِصْطَلِ
لَا تَصْطَلِ۔
تُصْعِدُوْنَ چڑھتے ہو تم مصدر اِصْعَاد
اِذْ تُصْعِدُوْنَ عمران ۴/۷ جب تم چڑھے
جاتے تھے۔ اَصْعَدَ يُصْعِدُ مُصْعِدٌ
اَصْعِدْ لَا تُصْعِدْ۔
تُصَعِّرْ پھیلاتا ہے تو۔ اور پھیرتا ہے تو
مصدر تَصْعِيْر۔ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ
لِلنَّاسِ لقمان ۲۱/۱۱ اور اپنی گال نہ پھلا
لوگوں کی طرف۔ صَعَّرَ يُصَعِّرُ مُصَعِّرٌ

صَعِّرْ لَا تُصَعِّرْ۔
تَصْغٰى ٹیڑھے ہوویں۔ دیکھو صغت
تَصِفُ وصف کرتی ہے۔ دیکھو وصف
تَصْفَحُوْا درگذر کرتے ہو تم۔ دیکھو صَفَحَ
تَصِفُوْنَ وصف کرتے ہو تم۔ دیکھو وَصَفَ
تُصْلِحُوْنَ صلح کرتے ہو تم۔ دیکھو اِصْلَاح
تَصْلٰى پہنچے گی وہ۔ دیکھو صَلِيًّا
تُصَلِّ نماز پڑھتا ہے تو۔ دیکھو تَصْلِيَة
تَصْلِيَةٌ پہنچنا۔ وَتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ۔ واقعہ
۲۷/۱۹ اور داخل کرنا آگ دوزخ میں۔ صَلّٰى
يُصَلِّيْ مُصَلٍّ صَلِّ لَا تُصَلِّ۔
تُصْنَعُ بنایا جاوے گا تو۔ دیکھو صُنْع
تَصْنَعُوْنَ کرتے ہو تم دیکھو صُنْع
تَصُوْمُوْا روزہ رکھتے ہو تم۔ دیکھو صَوْم
تُصِيْبُ پہنچتی ہے۔ دیکھو اَصَابَ
تُصِيْبُوْا پہنچتے ہو تم۔ دیکھو اَصَابَ
تَصِيْرُ پھرتی ہے۔ مصدر صَيْر الف ک
اَلَا اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ شوری ۲۵/۶
خبردار ہو طرف اللہ کی پھیرے جاتے
ہیں سب کام۔ صَارَ يَصِيْرُ صَائِرٌ

مَصِيْرٌ صِرْ لَاتَصِرْ۔
تُضَارُّ نقصان پہنچائی جاتی ہے۔ مصدر
مُضَارَةٌ یہ صیغہ معروف و مجہول دونو
ہوسکتا ہے۔ لَاتُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا
بقرہ ۲/۱۴ نہ ضرر دی جاوے ماں بسبب
فرزند اپنے کے۔ ضَارَّ يُضَارُّ مُضَارٌّ
ضَارِرْ لَاتُضَارِرْ۔
تُضَارُّوْا ایذا پہنچائے گئے تم دیکھو تُضَارُّ
تَضْحَكُوْنَ ہنستے ہو تم۔ دیکھو ضَحِكَتْ
تَضْحٰى دھوپ کھاوے گا تو۔ دیکھو ضُحٰى
تَضْرِبُوْا بیان کرتے ہو تم۔ دیکھو ضَرَبَ
تَضَرُّعًا گڑگڑانا۔ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا
وَّخُفْيَةً اعراف ۸/۱۴ پکارو اپنے رب کو
گڑگڑاتے اور چپکے تَضَرَّعَ يَتَضَرَّعُ
مُتَضَرِّعٌ تَضَرَّعْ لَاتَتَضَرَّعْ۔
تَضَرَّعَ گڑگڑایا۔ دیکھو تَضَرُّعًا
تَضَرَّعُوْا گڑگڑائے وہ دیکھو تَضَرُّعًا
تَضُرُّوْنَ نقصان پہنچاؤگے تم۔ دیکھو
ضَرَّ۔
تَضَعُ رکھتی ہے اور جنتی ہے دیکھو وَضَعَ

تَضَعُوْنَ رکھتے ہو تم۔ دیکھو وَضَعَ
تَضِلُّ بھول جاتا ہے تو۔ دیکھو ضَلَالَةٌ
تُضِلُّ گمراہ کرتا ہے تو۔ دیکھو اَضَلَّ
تَضِلُّوْا بھٹکتے ہو تم۔ دیکھو ضَلَالَةٌ
تَضْلِيْل گمراہ کرنا اور غلطی میں ڈالنا۔
اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ فیل ۳۰/۳۰
نہ کردیا اُنکا داؤ غلط۔ ضَلَّلَ يُضَلِّلُ
مُضَلِّلٌ ضَلِّلْ لَاتُضَلِّلْ۔
تُضَيِّقُوْا تنگ کروگے تم۔ مصدر التَّضْيِيْق
لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ طلاق ۲۸/۱۷ تا تنگ پکڑو
انکو۔ ضَيَّقَ يُضَيِّقُ مُضَيِّقٌ ضَيِّقْ
لَاتُضَيِّقْ
تَطَاوَلَ لمبی ہوئی۔ مصدر تَطَاوُل۔
فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ قصص ۲۰/۹
پھر لمبی گذری اُن پر مدت۔ تَطَاوَلَ
يَتَطَاوَلُ مُتَطَاوِلٌ تَطَاوَلْ لَاتَتَطَاوَلْ۔
تَطْرُدُ ہانکتا ہے تو۔ دیکھو طَرَدْتَ
تُطِعْ تابعداری کرے گا تو۔ دیکھو اَطَاعَ
تُطْعِمُوْنَ کھلاتے ہو تم۔ دیکھو اِطْعَام
تَطْغَوْا طغیانی کروگے تم۔ دیکھو طُغْيَان

تَطَّلِعُ جھانکے گی اور خبردار ہوتا ہے تو۔
دیکھو اِطَّلَع
تَطْمَعُوْنَ توقع رکھتے ہو تم۔ دیکھو طمع
تَطْمَئِنُّ آرام پکڑتی ہے۔ دیکھو اِطْمَاَنَّ
تَطَوَّعَ اپنی طرف سے دیا۔ مصدر تطوّع
اپنی خوشی اور شوق سے نیک کام کرنا وَ
مَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا بقرہ ۲ اور جس نے اپنی
خوشی سے ادا کیا نیکی کو تطوّع یتطوّع
مُتَطَوِّعٌ تَطَوَّعْ لا تَتَطَوَّعْ۔
تُطَهِّرُ پاک کرتا ہے تو۔ دیکھو تطہیر
تَطَهَّرْنَ پاک ہوئیں۔ دیکھو یَطَّهَّرُو
تطہرن مشدد و مخفف دونوں طرح
پڑھا ہے اصل میں تتطہرن تھا ت ساکن
کرکے ط سے بدلا اور دوسری ط میں
ادغام کردیا۔
تَطْهِیْرُ پاک کرنا۔ وَیُطَهِّرَکُمْ تَطْهِیْرًا
احزاب ۲۲ اور پاک کرے تمکو خوب
پاک کرنا۔ طہّر یطہّر مطہّر طہّر لا تطہّر
تَطَئُوْا کچلتے ہو تم یعنے پائمال کرتے ہو تم
دیکھو وطأ۔

تَطَیَّرْنَا نامبارک دیکھا ہمنے۔ مصدر
تَطَیُّرٌ۔ قَالُوْا اِنَّا تَطَیَّرْنَا بِکُمْ یٰس ۲۲/۱۱
بولے ہمنے نامبارک دیکھا تمکو۔ تَطَیَّرَ
یَتَطَیَّرُ مُتَطَیِّرٌ تَطَیَّرْ لا تَتَطَیَّرْ۔
تُطِیْعُوْا اطاعت کروگے تم دیکھو اَطَاعَ
تَظَاهَرَا آپسمیں مدد کی دونوں نے۔ اصل
میں تتظاہرا تھا ایک ت دوسری ت میں
ادغام ہوئی۔ مصدر تظاہر۔ وَاِنْ
تَظَاهَرَا عَلَیْهِ تحریم ۲۸/۱۹ اگر دونوں
چڑھائی کروگیاں اُسپر۔ تَظَاهَرَ یَتَظَاهَرُ
مُتَظَاهِرٌ تَظَاهَرْ لا تَتَظَاهَرْ۔
تَظَاهَرُوْنَ آپسمیں پشتی کرتے ہو تم
دیکھو تَظَاهَرَا۔
تُظَاهِرُوْنَ ظاہر کرتے ہو تم یعنے ظہار
کرتے ہو تم یعنے عورت کو ماں بہن کے
ساتھ تشبیہ دیتے ہو تم۔ دیکھو ظاهروا
تَظْلِمُ ستم کیا تونے۔ دیکھو ظُلْم
تُظْلَمُ ظلم کی جائے گی اور ظلم کیا جائے گا
تو۔ دیکھو ظُلْم۔
تَظْلِمُوْنَ ظلم کرتے ہو تم۔ دیکھو ظُلم

تُظْلَمُوْنَ ظلم کیے جاؤگے تم۔ دیکھو ظُلم
تَظْمَؤُ پیاسا ہوگا تو۔ دیکھو ظَمَأ
تَظُنُّ خیال کرتا ہے تو۔ دیکھو ظَنّ
تَظُنُّوْنَ اٹکلتے ہو تم۔ دیکھو ظَنّ
تَظٰهَرُوْنَ ظہر کرتے ہو تم۔ دیکھو اظہر
تَعَارَفُوْا آپسمیں پہچانیں۔ مصدر تَعَارُف
وَقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا حجرات ۲۶/۱۴ اور قبیلے
تاکہ ایکدوسرے کو پہچانو۔ تَعَارَفَ یَتَعَارَفُ
مُتَعَارِفٌ تَعَارَفْ لَاتَتَعَارَفْ۔
تَعَاسَرْتُمْ ضد کی تم نے۔ مصدر تَعَاسُر
وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ طلاق ۲۸/۱۷ اگر آپسمیں
ضد کروگے تم۔ تَعَاسَرَ یَتَعَاسَرُ
مُتَعَاسِرٌ تَعَاسَرْ لَاتَتَعَاسَرْ۔
تَعَاطٰی ہاتھ چلایا۔ مصدر تَعَاطِی۔ فَتَعَاطٰی
فَعَقَرَ قمر ۲۷/۹ پھر ہاتھ چلایا اور کاٹا تَعَاطٰی
یَتَعَاطٰی مُتَعَاطِی تَعَاطَ لَاتَتَعَاطَ۔
تَعَالَوْا آؤ سب مرد۔ اسم فعل ہے۔
تَعَالٰی اونچا ہوا۔ مصدر تَعَالِی۔ وَاَنَّهٗ
تَعَالٰی جَدُّ رَبِّنَا جن ۲۹/۱۱ اور یہ کہ اونچی
ہے شان ہمارے رب کی۔ تَعَالٰی یَتَعَالٰی

مُتَعَالٍ تَعَالَ لَاتَتَعَالَ۔
تَعَالَیْنَ آؤ سب عورتیں اسم فعل۔
تَعَاوَنُوْا باہم مدد کرو تم۔ مصدر تَعَاوُن۔
وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ مائدہ ۶ آپسمیں
مدد کرو نیک کام پر۔ تَعَاوَنَ یَتَعَاوَنُ
مُتَعَاوِنٌ تَعَاوَنْ لَاتَتَعَاوَنْ۔
تَعْبَثُوْنَ کھیلتے ہو تم دیکھو عبث۔
تَعْبُدُ پوجتی ہے اور پوجتا ہے تو۔ دیکھو
عبادۃ۔
تَعْبُدُوْنَ پوجوگے تم اور پوجتے ہو تم
دیکھو عبادۃ۔ مَاتَعْبُدُوْنَ مِنْ بَعْدِیْ
بقرہ ۱/۱۶ تم کیا پوجوگے بعد میرے۔ لَآ اَعْبُدُ
مَاتَعْبُدُوْنَ۔ کافرون ۳۰/۲۲ نہیں پوجتا
میں اُس چیز کو جو پوجتے ہو تم۔
تَعْبُرُوْنَ تعبیر کرتے ہو تم۔ مصدر عبارۃ
ف ض اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ یوسف
۱۲/۱۴ اگر ہو تم خواب کی تعبیر کرتے عَبَرَ
یَعْبُرُ عَابِرٌ مَعْبُوْرٌ اُعْبُرْ لَاتَعْبُرْ۔
تَعْتَدُوْا حد سے بڑھتے ہو تم۔ دیکھو
اِعْتَدٰی

تَعْتَدُّوْنَ عدت میں بٹھواتے ہو تم
مصدر۔ اِعْتِدَاد۔ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا
احزاب ۲۲/۷ عدت میں بیٹھنا کہ گنتی
پوری کرواؤ۔ اِعْتَدَّ یَعْتَدُّ مُعْتَدٌّ۔
اِعْتَدِدْ لَا تَعْتَدِدْ۔

تَعْتَذِرُوْنَ بہانہ کرتے ہو تم۔ مصدر
اِعْتِذَار۔ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا توبہ ۱۱/۱۱
تو کہہ بہانے مت بناؤ۔ اِعْتَذَرَ یَعْتَذِرُ
مُعْتَذِرٌ اِعْتَذِرْ لَا تَعْتَذِرْ۔

تَعْثَوْا خرابی مچاتے پھرتے۔ مصدر عَثْیًا
اصل میں عَثْیًا تھا۔ عَثٰی یَعْثِیْ عَثْیًا اور
عَثٰی یَعْثُوْ عُثُوًّا معنے اسکے سخت فساد
کرنا۔ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ
بقر ۷/۱ اور نہ پھرو ملک میں فساد مچاتے
عَثٰی یَعْثِیْ عَاثٍ مَعْثِیٌّ اِعْثِ لَا تَعْثِ

تَعْجَلُ جلدی کرتا ہے تو۔ دیکھو عجل

تَعَجَّلَ جلدی کی اُس نے۔ مصدر تَعَجُّل
جلدی کوچ کرنا ۔ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِیْ یَوْمَیْنِ
بقر ۲/۹ پھر جو کوئی جلدی چلا گیا دو دن میں
تَعَجَّلَ یَتَعَجَّلُ مُتَعَجِّلٌ تَعَجَّلْ لَا تَتَعَجَّلْ۔

تَعْجَبُ حیرت میں پڑتا ہے تو دیکھو عجب

تُعْجِبُ خوش کرتی ہے۔ دیکھو عجب

تَعْجَبُوْنَ اچنبھا جانتے ہو تم دیکھو عجب

تَعْجَبِیْنَ تعجب کرتی ہے تو دیکھو عجب

تَعْدُ پھرتا ہے تو۔ دیکھو عدوان

تَعِدُ وعدہ کرتا ہے تو۔ دیکھو وَعَدَ

تَعِدَانِ وعدہ دیتے ہو تم دونو۔ دیکھو
وَعْد۔

تَعْدِلُ فدیہ دیگی وہ۔ دیکھو عَدْل

تَعْدِلُوْا انصاف کرتے ہو تم۔ دیکھو عدل

تَعْدُوْا زیادتی کرتے ہو تم دیکھو عدوان

تَعُدُّوْنَ گنتے ہو تم دیکھو عِدَّة

تُعَذِّبُ شکنجے میں لیگا تو۔ دیکھو عذّب

تَعْرُجُ چڑھتی ہے۔ مصدر عرج عروج
ف ض۔ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ۔ معارج ۲۹/۱
چڑھیں گے اُسکی طرف فرشتے عَرَجَ
یَعْرُجُ عَارِجٌ مَعْرُوْجٌ اُعْرُجْ لَا تَعْرُجْ

تُعْرِضُ مونہہ پھیرتا ہے تو۔ دیکھو اعراض

تُعْرِضُوْا مونہہ پھیرو گے تم۔ دیکھو اعراض

تُعْرَضُوْنَ سامنے کیے جاؤ گے تم دیکھو عرض

تَعْرِفُ پہچانتا ہے تو۔ دیکھو عرف
تَعْرِفُوْنَ پہچانتے ہو تُم۔ دیکھو عرف
تَعْرٰی ننگا ہوگا تو۔ مصدر عُرْیَۃ عرای عریان۔ اِنَّ لَکَ اَلَّا تَجُوْعَ فِیْهَا وَلَا تَعْرٰی طہ ۱۶/۱۱ تجکو یہ بلا ہے کہ نہ بھوکھا ہوگا تو اُسیں نہ ننگا۔ عَرِیَ یَعْرٰی عَارٍ مَعْرُوْرٌ مَعْرِیٌّ اِعْرَ لَا تَعْرَ۔
تُعِزُّ عزت دیتا ہے تو۔ مصدر اِعْزَاز۔ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ عمران ۳/۱۱ اور عزت دیتا ہے جسکو چاہے۔ اَعَزَّ یُعِزُّ مُعِزٌّ اَعِزْ لَا تُعْزِز۔
تُعَزِّرُوْا مدد کروگے تُم دیکھو عَزَّرُوْا
تَعْزِمُوْا قصد کرتے ہو تُم۔ دیکھو عزم
تَعَسَ ہلاکی۔ مصدر تَعَسٌ ف ف۔ وَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ محمد ۲۶/۵ اور جو لوگ کافر ہوئے واسطے اُنکے ہلاکت ہے۔ تَعَسَ یَتْعَسُ تَاعِسٌ مَتْعُوْسٌ اِتْعَسْ لَا تَتْعَسْ۔
تَعْضُلُوْا روکتے تُم۔ مصدر عَضْل ف ض ک۔ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ بقرہ ۲/۱۱ تو اب نہ روکو اُن کو۔ یعنے خاوند کرنے سے بیوہ عورت کو نہ روکو۔ عَضَلَ یَعْضُلُ عَاضِلٌ مَعْضُوْلٌ اُعْضُلْ لَا تَعْضُلْ۔
تَعِظُوْنَ نصیحت کرتے ہو تُم۔ دیکھو وَعَظت۔
تَعَفُّفٌ نہ مانگنا۔ یَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِیَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ بقرہ ۳ سمجھے اُنکو بیخبر محظوظ اُنکے نہ مانگنے سے۔ تَعَفَّفَ یَتَعَفَّفُ مُتَعَفِّفٌ تَعَفَّفْ لَا تَتَعَفَّفْ
تَعْفُوْا معاف کرتے ہو تم۔ دیکھو عفو
تَعْقِلُوْنَ سمجھتے ہو تُم۔ دیکھو عَقَلُوا
تَعْلَمُ جانتی ہے۔ دیکھو عِلم
تُعَلِّمُ سکھاتا ہے تو دیکھو عَلَّم
تَعْلَمُوْنَ جانتے ہو تم دیکھو عِلم
تُعَلِّمُوْنَ سکھاتے ہو تُم۔ دیکھو علّم
تُعْلِنُوْنَ ظاہر کرتے ہو تُم۔ دیکھو اعلنت
تَعْلُوْا زور کرتے ہو تُم۔ دیکھو عُلُوّ
تَعَمَّدَتْ ارادے سے کیا اُس نے مصدر تَعَمُّد۔ وَلٰکِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُکُمْ عنکبوت ۲۱/۱۴ پر وہ جو دل سے ارادہ کیا

تَعَمَّدَ يَتَعَمَّدُ مُتَعَمِّدٌ تَعَمَّدْ لَا تَتَعَمَّدْ

تَعْمَلُ کام کرے گی۔ دیکھو عمل

تَعْمَلُوْنَ کام کرتے ہو تم۔ دیکھو عمل

تَعْمٰی اندھی ہوتی ہے وہ۔ دیکھو اَعْمٰی

تَعُوْدُوْنَ پھرتے ہو تم۔ دیکھو عَاد

تَعُوْلُوْا جھکتے ہو تم۔ مصدر عَوْل۔ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَلَّا تَعُوْلُوْا۔ نساء ۴/۱۲ یہ بہت نزدیک ہے کہ ایک طرف نہ جھک پڑو عَالَ يَعُوْلُ عَائِلٌ مَعُوْلٌ عُلْ لَا تَعُلْ۔

تَعِيَ یاد رکھے اور نگاہ رکھے مصدر وَعْيًا وَتَعِيَهَاۤ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ حاقہ ۲۹/۵ اور یاد رکھے اسکو کان یاد رکھنے والے۔ وَعٰى يَعِيْ وَاعٍ مَعْوِيٌّ عِ لَا تَعِ۔

تَغَابُن ہار جیت یعنی غبن مصدر تَغَابُنٌ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ تغابن ۲۸/۱۱ وہ دن ہے ہار جیت کا یعنی غبن دینے کا تَغَابَنَ يَتَغَابَنُ مُتَغَابِنٌ تَغَابَنْ لَا تَتَغَابَنْ

تَغْتَسِلُوْا غسل کرلو۔ نہلاؤ تم مصدر اِغْتِسَال حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا نساء ۵/۷ جب تک کہ غسل کرلو اِغْتَسَلَ يَغْتَسِلُ مُغْتَسِلٌ اِغْتَسِلْ لَا تَغْتَسِلْ۔

تَغُرُّ فریب دیتی ہے۔ دیکھو غُرُوْر

تَغْرُبُ ڈوبتا ہے وہ۔ دیکھو غُرُوْب

تُغْرِقُ ڈباوے گا تو۔ دیکھو اَغْرَقْنَا

تَغْشٰى ڈھانپے گا تو۔ دیکھو غَشِيَ

تَغَشّٰى ڈھانپا اُس نے۔ مصدر تَغَشِّيْ فَلَمَّا تَغَشّٰهَا اعراف ۹/۱۴ پھر جب مرد نے عورت کو ڈھانکا۔ تَغَشّٰى يَتَغَشّٰى مُتَغَشِّيْ تَغَشَّ لَا تَتَغَشَّ

تَغْفِرُ معاف کرتا ہے تو۔ دیکھو غفران

تَغْفِرُوْا بخشش کرتے ہو تم۔ دیکھو غفران۔

تَغْفُلُوْنَ غافل ہوئے تم۔ دیکھو غَفْلَة

تَغْلِبُوْنَ غالب ہوگے تم۔ دیکھو غلب

تَغْلُوْا مبالغہ کرتے ہو تم۔ مصدر غُلُوٌّ۔ حد سے گذرنا۔ ف ض لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ نساء ۲/۲ مت مبالغہ کرو اپنے دین کی بات میں۔ غَلٰى يَغْلُوْ غَالٍ مَغْلُوٌّ۔ اُغْلُ لَا تَغْلُ۔

تُغْمِضُوْا بند کرتے ہو تم۔ مصدر اِغْمَاض۔ اِلَّاۤ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ بقرہ ۳/۵

مگر یہ کہ چشم پوشی کرو اُس میں۔ اَغْمَضَ
یُغْمِضُ مُغْمِضٌ اَغْمِضْ لَا تُغْمِضْ

تَغْنَ تھی وہ۔ دیکھو یَغْنَوْا

تُغْنِ کام آیا کام آئیگا کام آتے۔ دیکھو اَغْنٰی

تُغْنِيْ کام آوے گی۔ دیکھو اَغْنٰی

تَغِیْضُ کم کرتی ہے وہ۔ مصدر غَیْض
وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ رعد ۱۳/۱ اور جو کچھ
کم کرتے ہیں پیٹ۔ غَاضَ یَغِیْضُ غَائِضٌ
مَغِیْضٌ غِضْ لَا تَغِضْ۔

تَغَیُّظ جھنجلانا یعنے غصہ کھانا تَغَیُّظًا
وَّ زَفِیْرًا فرقان ۱/۱۸ جھنجلانا اور چلانا۔
تَغَیَّظَ یَتَغَیَّظُ مُتَغَیِّظٌ تَغَیَّظْ لَا تَتَغَیَّظْ۔

تَفَاخُر بڑائی کرنی۔ وَتَفَاخُرٌ بَیْنَکُمْ حدید
۲۷/۱۹ اور بڑائیاں کرنی آپس میں۔ تَفَاخَرَ
یَتَفَاخَرُ مُتَفَاخِرٌ تَفَاخَرْ لَا تَتَفَاخَرْ۔

تُفَادُوْا فدیہ دیتے ہو تم۔ مصدر مُفَادَاۃ
وَاِنْ یَّاْتُوْکُمْ اُسٰرٰی تُفَادُوْھُمْ بقر ۱/۱۰
اور اگر وہ ہی آویں تم پاس کسیکے قید
میں پڑے تو اُنکی چھڑوائی دیتے ہو۔
فَادٰی یُفَادِیْ مُفَادٍ فَادِ لَا تُفَادِ۔

تَفَاوُت فرق۔ مِنْ تَفٰوُتٍ ملک ۲۹/۱
کچھ فرق۔ تَفَاوَتَ یَتَفَاوَتُ مُتَفَاوِتٌ
تَفَاوَتْ لَا تَتَفَاوَتْ۔

تُفَتَّحُ کھلی جائے گی۔ مصدر تَفْتِیْح۔
لَا تُفَتَّحُ لَھُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ اعراف ۸/۱۲
نہ کھلے جاوینگے واسطے اُنکے دروازے آسمان
کے۔ فَتَّحَ یُفَتِّحُ مُفَتِّحٌ فَتِّحْ لَا تُفَتِّحْ۔

تَفْتَرُوْنَ افترا کرتے ہو تم۔ دیکھو اِفْتِرَاء

تَفْتَرِیْ بہتان کرتا ہے تو۔ دیکھو اِفْتِرَاء

تَفْتِنُ فتنہ میں ڈالتا ہے تو۔ دیکھو فُتُوْن

تُفْتَنُوْنَ جانچے جاؤگے تم۔ دیکھو فُتُوْن

تَفْتَؤُ ہمیشہ ہے تو۔ مصدر فَتِیٌّ رسم
الخط میں وٗ پر ہمزہ لکھا جاتا ہے اور
وٗ بولی نہیں جاتی اِفعال ناقصہ میں
سے۔ قَالُوْا تَاللّٰہِ تَفْتَؤُ تَذْکُرُ یُوْسُفَ
یوسف ۱۳/۱۱ کہا اُنہوں نے قسم ہے
خدا کی ہمیشہ رہے گا تو یاد کرتا یوسف
کو۔ فَتِیَٔ یَفْتَؤُ فَاتِئٌ مَفْتُوْءٌ اِفْتَئْ لَا تَفْتَئْ

تَفَث میل کچیل تَفَثَ حج کی شرطوں
میں سے ہے جس طرح لب کے بال

لینا سر مونڈانا۔ نحر کرنا اور پتھر مارنا۔ ثُمَّ
لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ حج ۴/۱۷ پھر چاہیئے کہ دور
کریں میل کچیل اپنے بدن سے۔

تَفْجُرُ بہاوے گا تو۔ مصدر فَجْر ف۔ ض
حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْبُوْعًا بنی اسرائیل
۱۵/۸ جبتک تو نہ بہا نکالے ہمارے واسطے زمین
سے ایک چشمہ۔ فَجَرَ يَفْجُرُ فَاجِرٌ مَفْجُوْرٌ
اُفْجُرْ لَا تَفْجُرْ۔

تُفَجِّرُ خوب بہاویگا تو۔ دیکھو تَفْجِيْرًا

تَفْجِيْر بہانا۔ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا
بنی اسرائیل ۱۵/۱۰ پھر بہالے تو اسکے بیچ
نہریں چلاکر۔ فَجَّرَ يُفَجِّرُ مُفَجِّرٌ فَجِّرْ۔
لَا تُفَجِّرْ۔

تَفْرَحُ ریجھتا ہے تو۔ خوش ہوتا ہے تو
دیکھو فَرَحَ۔

تَفْرَحُوْا ریجھتے ہو تُم۔ دیکھو فَرَحَ

تَفْرِضُوْا ٹھیراتے ہو تم۔ دیکھو فَرَضَ

تَفَرَّقَ پھوٹا پراگندہ ہوا۔ مصدر تَفَرُّق
وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بینہ
۳۰/۲۴ اور پھوٹے وہ لوگ جنکو دی گئی

کتاب۔ تَفَرَّقَ يَتَفَرَّقُ مُتَفَرِّقٌ
تَفَرَّقْ لَا تَتَفَرَّقْ۔

تَفَرَّقُوْا بکھر گئے۔ دیکھو تَفَرَّقَ

تَفِرُّوْنَ بھاگتے ہو تُم۔ دیکھو فِرَار۔

تَفْرِيْق جدا کرنا۔ وَتَفْرِيْقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
توبہ ۱۱/۲ اور تفرقہ ڈالنے کو درمیان ایمان
والوں کے فَرَّقَ يُفَرِّقُ مُفَرِّقٌ فَرِّقْ
لَا تُفَرِّقْ۔

تَفَسَّحُوْا کھل بیٹھو کشادہ بنشینید۔
مصدر تَفَسُّح۔ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجَالِسِ
مجادلہ ۲/۳ کھل بیٹھو مجلسوں میں
تَفَسَّحَ يَتَفَسَّحُ مُتَفَسِّحٌ تَفَسَّحْ لَا تَتَفَسَّحْ۔

تُفْسِدُوْنَ فساد کرتے ہو تم۔
دیکھو اَفْسَدُوْا

تَفْسُقُوْنَ بے حکمی کرتے ہو تم۔
دیکھو فُسُوْق

تَفْسِيْر کھول کر کہنا۔ وَاَحْسَنَ
تَفْسِيْرًا فرقان ۱۹/۱ اور بہت اچھا کھول کر کہنا
فَسَّرَ يُفَسِّرُ مُفَسِّرٌ فَسِّرْ لَا تُفَسِّرْ۔

تَفْشَلَا نامردی کرو گے تم دونوں

دیکھو فَشِلْتُمْ۔
تَفْشَلُوْا نامردی کروگے تم۔ دیکھو فَشِلْتُمْ
تَفْصِیْل بیان کرنا اور کھولنا۔ وَتَفْصِیْلَ
کُلِّ شَیْءٍ یوسف ۱۲/۱۱۱ اور کھولنا ہر چیز
کا۔ فَصَّلَ یُفَصِّلُ مُفَصِّلٌ فَصِّلْ
لَا تُفَصِّلْ۔
تَفْضِیْل بزرگی۔ وَاَکْبَرُ تَفْضِیْلًا بنی
اسرائیل ۱۵/۲۱ اور بڑی بزرگی دینی۔ فَضَّلَ
یُفَضِّلُ مُفَضِّلٌ فَضِّلْ لَا تُفَضِّلْ۔
تَفْضَحُوْا رسوا کرتے ہو تم۔ مصدر
فَضْحٌ فَضِیْحَۃٌ فَلَا تَفْضَحُوْنِ حجر ۱۴/۶۸
سو مجھکو رسوا مت کرو۔ فَضَحَ یَفْضَحُ فَاضِحٌ
مَفْضُوْحٌ اِفْضَحْ لَا تَفْضَحْ۔
تَفْعَلُ کرتا ہے تو۔ دیکھو فَعَلَ
تَفْعَلُوْنَ کرتے ہو تم۔ دیکھو فَعَلَ
تَفَقَّدَ ڈھونڈا اسنے۔ مصدر تَفَقُّدٌ
وَتَفَقَّدَ الطَّیْرَ نمل ۱۹/۲۰ اور ڈھونڈا احوال
جانوروں کا۔ تَفَقَّدَ یَتَفَقَّدُ مُتَفَقِّدٌ
تَفَقَّدْ لَا تَتَفَقَّدْ۔
تَفْقِدُوْنَ ڈھونڈتے ہو تم۔ مصدر
فَقْدٌ فِقْدَانٌ فُقْدَانٌ۔ مَاذَا تَفْقِدُوْنَ
یوسف ۱۳/۷۱ تم کیا نہیں پاتے۔ فَقَدَ
یَفْقِدُ فَاقِدٌ مَفْقُوْدٌ اِفْقِدْ لَا تَفْقِدْ
تَفْقَھُوْنَ سمجھتے ہو تم۔ دیکھو یَفْقَھُوْنَ
تَفَکَّھُوْنَ باتیں کرتے ہو تم۔ مصدر
تَفَکُّہٌ۔ فَظَلْتُمْ تَفَکَّھُوْنَ واقعہ ۲۷/۶۵
پھر تم سارے دن رہو باتیں بناتے
تَفَکَّہَ یَتَفَکَّہُ مُتَفَکِّہٌ تَفَکَّہْ لَا تَتَفَکَّہْ۔
تُفْلِحُوْنَ مراد کو پہنچوگے تم۔ دیکھو اَفْلَحَ
تُفَنِّدُوْنَ بہکا جانتے ہو تم۔ مصدر
تَفْنِیْد کسی کے عقل کو کمزور کہنا۔ لَوْلَا
اَنْ تُفَنِّدُوْنَ یوسف ۱۳/۹۴ اگر نہ کہو
مجھے بوڑھا بہک گیا۔ فَنَّدَ یُفَنِّدُ مُفَنِّدٌ
فَنِّدْ لَا تُفَنِّدْ۔
تَفُوْرُ جوش مارتی ہے۔ دیکھو فَارَ
تَفِیْٓءُ رجوع کرے گی وہ۔ دیکھو فَاۗءُوْا
تَفِیْضُ بہتی ہے۔ مصدر فَیْض۔ تَفِیْضُ
مِنَ الدَّمْعِ مائدہ ۷/۸۳ بہتی ہیں آنسوؤں
سے۔ فَاضَ یَفِیْضُ فَائِضٌ مَفِیْضٌ
فِضْ لَا تَفِضْ۔

تُفِیضُونَ گفتگو کرتے ہو تم۔
دیکھو اَفَاضَ وَاَفَضْتُمْ۔
تُقَاۃ بچنا۔ دیکھو وَقَی اصل میں وُقَیَۃ تھا بموجب قاعدہ کے وؔ تؔ سے بدل گئی اور یؔ آسے بسبب مفتوح ہونے پیچھے حرف صحیح ساکن اور موافقت فعل کے بدل گئی حَقَّ تُقَاتِہٖ عمران ۱۲/۱۱ حق ڈرنے اُسکے کا۔
تُقَاتِلُ لڑائی کرتی ہے وہ۔ دیکھو قَاتَلَ
تُقَاتِلُونَ لڑو گے تم۔ دیکھو قَاتَلَ
تقاسموا آپسمیں قسم کھاؤ تم مصدر تَقَاسُم۔ قَالُوا تَقَاسَمُوا بِاللّٰہِ نمل ۱۹/۱۹ بولے آپسمیں قسم کھاؤ اللہ کی تَقَاسَمَ یَتَقَاسَمُ مُتَقَاسِمٌ تَقَاسَمْ لَاتَتَقَاسَمْ۔
تُقْبَلُ قبول کی جائیگی۔ دیکھو قَبُولَ
تُقُبِّلَ قبول کی گئی وہ۔ دیکھو تَقَبَّلَ
تَقَبَّلَ قبول کیا اُسنے مصدر تَقَبُّلُ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا عمران ۱۲/۳ پھر قبول کیا اُسکو اُسکے رب نے تَقَبَّلَ یَتَقَبَّلُ مُتَقَبِّلٌ تَقَبَّلْ لَاتَتَقَبَّلْ۔
تَقَبَّلْ قبول کر تو۔ دیکھو تَقَبَّلَ

تَقْبَلُوا قبول کرو گے تم۔ دیکھو قبول
تَقْتُلُ قتل کرے گا تو۔ دیکھو قَتَلَ
تَقْتُلُونَ قتل کرتے ہو تم۔ دیکھو قَتَلَ
تَقْتِیلُ قتل کرنا۔ جان سے مارنا وَقُتِّلُوا تَقْتِیلًا احزاب ۲۲/۵ اور قتل کیے جاویں خوب قتل کرنا۔ قَتَّلَ یُقَتِّلُ مُقَتِّلٌ قَتِّلْ لَاتُقَتِّلْ۔
تَقْدِرُوا قادر ہوگے تم۔ دیکھو قَدَرَ
تَقَدَّمَ آگے ہوا۔ مصدر تَقَدُّم۔ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ فتح ۲۶/۹ جو آگے ہوئے تیرے گناہ۔ تَقَدَّمَ یَتَقَدَّمُ مُتَقَدِّمٌ تَقَدَّمْ لَاتَتَقَدَّمْ۔
تُقَدِّمُوا آگے بھیجتے ہو تم۔ مصدر تَقْدِیم آگے بڑھوگے۔ وَمَا تُقَدِّمُوا لِاَنْفُسِكُمْ مِنْ خَیْرٍ بقر ۱۲/۱ جو آگے بھیجو گے اپنے واسطے کوئی بھلائی۔ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا لَاتُقَدِّمُوا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِهٖ حجرات ۲۶/۱۳ اے ایمان والو آگے نہ بڑھو اللہ سے اور اُسکے رسول سے۔ قَدَّمَ یُقَدِّمُ مُقَدِّمٌ قَدِّمْ لَاتُقَدِّمْ۔

تَقْدِیْر اندازہ کرنا۔ قَدَّرُوْھَا تَقْدِیْرًا دہر ۲۹/۱۴ اندازہ کیا ہے اسکو اندازہ کرنا۔ قَدَّرَ یُقَدِّرُ مُقَدِّرٌ قَدِّرْ لَاتُقَدِّرْ۔

تَقَرَّ ٹھنڈی ہوتی ہے۔ اور قرار پکڑتی ہے وہ۔ مصدر قَرَّۃ۔ قرور۔ فَرَدَدْنٰہُ اِلٰی اُمِّہٖ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُہَا۔ قصص ۲۰/۴ پھر پہنچایا اسکو اسکی ماں کی طرف کہ ٹھنڈی رہے اسکی آنکھ۔ قَرَّ یَقَرُّ قَارٌّ مَقْرُوْرٌ اِقْرَرْ لَاتَقْرَرْ۔

تَقْرَءُ پڑھتا ہے تو۔ دیکھو قرء

تَقْرُبُ نزدیک ہوتی ہے۔ دیکھو قربی

تُقَرِّبُ نزدیک کردیوے تو۔ دیکھو قرّب

تَقْرَبَا نزدیک ہوگے تم دونو۔ دیکھو قربی

تَقْرَبُوْا پاس جاؤگے تم۔ دیکھو قربی

تَقْرِضُ کتری جاتی ہے وہ۔ دیکھو قرض

تُقْرِضُوْا اُدھار دیتے ہو تم۔ دیکھو اقرضتم

تُقْسِطُوْا انصاف کروگے تم دیکھو اقسطوا

تُقْسِمُوْا قسم کھاؤگے تم۔ دیکھو اقسمتم

تَقْشَعِرُّ بال کھڑے ہوتے ہیں اور کانپتے ہیں۔ مصدر اقشعرار۔ تَقْشَعِرُّ مِنْہُ ۲۳/۱۹ بال کھڑے ہوتے ہیں اس سے اِقْشَعَرَّ یَقْشَعِرُّ مُقْشَعِرٌّ اِقْشَعْرِرْ لَاتَقْشَعْرِرْ۔

تَقْصُرُوْا کم کروگے تم۔ مصدر قَصْر ن ض۔ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوۃِ نساء ۵/۱۴ کہ کچھ کم کرو نماز میں سے۔ قَصَرَ یَقْصُرُ قَاصِرٌ مَقْصُوْرٌ اُقْصُرْ لَاتَقْصُرْ

تَقُصُّ بیان کرتا ہے تو۔ دیکھو قصّ

تَقْضِیْ حکم کرے گا تو۔ دیکھو قضٰی۔

تَقَطَّعَ کٹ گیا وہ۔ مصدر تقطّع۔ اِلَّا اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُھُمْ۔ توبہ ۱۱/۲ مگر جب ٹکڑے ہو جاویں انکے دل۔ تَقَطَّعَ یَتَقَطَّعُ مُتَقَطِّعٌ تَقَطَّعْ لَاتَتَقَطَّعْ۔

تُقُطِّعَ کاٹی گئی۔ دیکھو تقطّع

تَقَطَّعَتْ کٹ گئی۔ دیکھو تقطّع

تَقَطَّعُوْا کاٹا انہوں نے۔ دیکھو تقطّع

تَقْطَعُوْنَ کاٹتے ہو تم۔ دیکھو قطع

تُقَطِّعُوْنَ ٹکڑے کروگے تم۔ دیکھو قطّع

تَقَعَ گر پڑے تو۔ دیکھو وقعۃ

تَقْعُدُ بیٹھے گا تو۔ دیکھو قعود

تَقْعُدُوا بیٹھو گے تم۔ دیکھو قعود

تَقْفُ پیچھے پڑے تو۔ مصدر قفو قفاء وَلَا تَقْفُ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ۔ بنی اسرائیل ۴/۱۵ اور نہ پیچھے پڑ جس بات کی خبر نہیں تجکو۔ قَفٰی یَقْفُوْ قَافٍ مَقْفُوٌّ اُقْفُ لَاتَقْفُ۔

تُقَلَّبُ اوندھی کی جائے گی وہ۔ دیکھو تُقَلَّبُوْنَ

تَقَلُّبُ پلٹنا۔ لَا یَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِی الْبِلَادِ۔ عمران ۴/۱۱ نہ فریب میں ڈالے تجکو پھرنا اُن لوگوں کا کہ کافر ہوئے شہروں میں۔ تَقَلَّبَ یَتَقَلَّبُ مُتَقَلِّبٌ تَقَلَّبْ لَاتَتَقَلَّبْ۔

تُقْلَبُوْنَ پھیرے جاؤ گے تم۔ مصدر قلب ف ض۔ وَاِلَیْهِ تُقْلَبُوْنَ عنکبوت ۲/۲۱ اور طرف اسکی پھیرے جاؤ گے۔ قَلَبَ یَقْلِبُ قَالِبٌ مَقْلُوْبٌ اِقْلِبْ لَاتَقْلِبْ

تَقُمْ کھڑی ہوتی ہے وہ۔ دیکھو قیام۔

تَقْنَطُوْا نا امید ہو گے تم۔ دیکھو قنوط

تَقْوِیْمٍ درست کرنا اور سب جوڑ بند اندازے کے ساتھ بنانا اور کھڑا کرنا۔ سیدھا کرنا۔ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ تین ۱/۱۵ خوب سے خوب اندازہ پر۔ قَوَّمَ یُقَوِّمُ مُقَوِّمٌ قَوِّمْ لَاتُقَوِّمْ۔

تَقَوَّلَ بنا لایا۔ مصدر تَقَوُّل۔ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَیْنَا۔ حاقہ ۲/۲۱ اگر بنا لاتا ہم پر۔ تَقَوَّلَ یَتَقَوَّلُ مُتَقَوِّلٌ تَقَوَّلْ لَاتَتَقَوَّلْ۔

تَقُوْلُ کہتی ہے وہ۔ اور کہتا ہے تو۔ دیکھو۔ قول۔

تَقُوْلُوْنَ کہتے ہو تم۔ دیکھو قول

تَقُوْمُ کھڑا ہوتا ہے تو۔ دیکھو قیام

تَقُوْمُوْا کھڑے ہوتے ہو تم۔ دیکھو قیام

تَقْوٰی پرہیزگاری۔ مصدر تَقْوٰی فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی بقر ۲/۲ پھر بے شک اچھا توشہ پرہیزگاری ہے۔ تَقَوّٰی یَتَقَوّٰی مُتَقَوٍّ تَقَوَّ لَاتَتَقَوَّ۔

تَقْهَرْ ڈانٹتا ہے تو اور دباتا ہے تو۔ مصدر قہر ف ف۔ فَلَا تَقْهَرْ والضحیٰ ۱۸/۳۰ مت دبا۔ قَهَرَ یَقْهَرُ قَاهِرٌ مَقْهُوْرٌ اِقْهَرْ لَاتَقْهَرْ

تَقِی بچاوے گا تو۔ دیکھو وَقٰی

تَقِیّ پرہیزگار۔

تُقِیمُوْا قایم کروگے تم۔ دیکھو اَقَامَ
تَكُ ہوگی۔ تَكُ اصل میں تَكُنْ تھا نْ صرف
کثرت استعمال کی وجہ سے حذف کردیا
جاتا ہے کیونکہ نْ غنہ اور سکون کی وجہ سے
مشابہ و ہے اگر حرکت دی جائے گی تو نْ
حذف نہ ہوگا جیسا کہ لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ
وغیرہ میں۔ دیکھو کَانَ۔
تَكَاثُرُ بہتایت۔ اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ تکاثر
۱۰۲ غفلت میں رکھا تم کو بہتایت کی
حرص نے۔ تَکَاثَرَ یَتَکَاثَرُ مُتَکَاثِرٌ تَکَاثَرْ
لَاتَتَکَاثَرْ۔
تَكَادُ نزدیک ہے وہ۔ دیکھو کَادَ
تَكَبَّرُوْا بڑائی کروگے تم۔ دیکھو تکبیر
تَكْبِیْر بڑائی کرنی۔ وَکَبِّرْهُ تَکْبِیْرًا بنی
اسرائیل ۱۵/۱۲ اور اُسکی بڑائی کر بڑا جانکر
کَبَّرَ یُکَبِّرُ مُکَبِّرٌ کَبِّرْ لَاتُکَبِّرْ۔
تُكْتَبُ لکھی جائے گی وہ۔ دیکھو کِتَاب
تَكْتُبُوْنَ لکھوگے تم۔ دیکھو کِتَاب
تَكْتُمُوْا چھپاتے ہو تم۔ دیکھو کتم
تَكْتُمُوْنَ چھپاتے ہو تم۔ دیکھو کتم

تُكَذِّبَانِ جھٹلاؤگے تم دونوں یعنے جن
وانس۔ دیکھو تکذیب۔
تُكَذِّبُوْنَ جھٹلاتے ہو تم۔ دیکھو تکذیب
تَكْذِیْب جھٹلانا۔ بَلِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِیْ
تَکْذِیْبٍ بروج ۳۰/۱ بلکہ کافر جھٹلانے میں
ہیں یعنے منکر لوگ جھٹلاتے ہیں کَذَّبَ
یُکَذِّبُ مُکَذِّبٌ کَذِّبْ لَاتُکَذِّبْ۔
تُكْرِمُوْنَ عزت کرتے ہو تم۔ دیکھو اِکْرَام
تُكْرِهُ زور کرتا ہے تو۔ دیکھو اِکْرَاہ
تَكْرَهُوْنَ برا جانتے ہو تم۔ دیکھو کَرَہ
تُكْرِهُوْنَ زور کروگے تم۔ دیکھو اِکْرَاہ
تَكْسِبُ کماتی ہے وہ۔ دیکھو کسب
تَكْسِبُوْنَ کماتے ہو تم۔ دیکھو کسب
تَكْفُرُ منکر ہوتا ہے تو۔ دیکھو کفر
تَكْفُرُوْنَ منکر ہوتے ہو تم۔ دیکھو کفر
تُكَلَّفُ تکلیف دیا جاتا ہے۔ دیکھو تکلیف
تُكَلِّمُ باتیں کرتا ہے تو۔ دیکھو تکلیم
تُكَلِّمُوْنَ بات کروگے تم۔ دیکھو تکلیم
تَكْلِیْم بات کرنی۔ وَکَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰی
تَکْلِیْمًا۔ نساء ۲۴/۶ اور باتیں کیں اللہ نے

موسٰی سے باتیں کرنا۔ کلّم یکلّم مُکلّم کلّم
لاتکلّم۔

تُکْمِلُوْا پورا کروگے تم۔ دیکھو اکملتُ

تُکِنُّ چھپاتی ہے وہ۔ مصدر اِکنان۔ مَا
تُکِنُّ صُدُوْرُهُمْ نمل ۷۴/۲۰ جو چھپ رہا
ہے اُنکے سینوں میں۔ اَکَنَّ یُکِنُّ مُکِنٌّ
اَکْنِنْ لاتُکْنِنْ۔

تَکْنِزُوْنَ گاڑتے ہو تم۔ دیکھو کنز

تَکُوْنُ ہوگی۔ ہوگا تو۔ دیکھو کَانَ

تَکُوْنَا ہوگے تم دونو۔ دیکھو کَانَ

تَکُوْنُوْنَ ہوگے تم۔ دیکھو کَانَ

تُکْوٰی داغی جائے گی۔ مصدر کَیّ
فٹ۔ فَتُکْوٰی بِهَا توبہ ۳۵/۱۰ تو اُس سے
داغے جاویں گے۔ کَوٰی یَکْوِیْ کَاوٍ
مَکْوِیٌّ اِکْوِ لَاتَکْوِ۔

تَلَّ پچھاڑا اُس نے۔ مصدر تَلّ بروئی
افگندن وَتَلَّهٗ لِلْجَبِیْنِ صافات ۱۰۳/۲۳
اور پچھاڑا اُسکو پیشانی کے بل۔ تَلَّ یَتُلُّ
تَالٍّ مَتْلُوْلٌ اُتْلُلْ لَاتَتْلُلْ۔

تَلَاقٍ ملاقات کرنی۔ اور آپسمیں دیکھنا
اصل میں تَلَاقِیٌ تھا یٰ گرگئی۔ یَوْمَ
التَّلَاقِ۔ مومن ۱۵/۲۴ ملاقات کے دن
سے۔ تَلَاقٰی یَتَلَاقٰی مُتَلَاقٍ تَلَاقٍ
لَاتَتَلَاقَ۔

تِلَاوَة پڑھنا۔ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ
بقرہ ۱۲۱/۱ اُسکو پڑھتے ہیں جو حق ہے
پڑھنے کا۔ تَلَا یَتْلُوْ تَالٍ مَتْلُوٌّ اُتْلُ
لَاتَتْلُ۔

تَلَبُّث ٹھرنا یعنے دیر کرنا۔ وَمَا تَلَبَّثُوْا
بِهَا احزاب ۱۴/۲۱ اور ڈھیل نکریں اسمیں
تَلَبَّثَ یَتَلَبَّثُ مُتَلَبِّثٌ تَلَبَّثْ لَاتَتَلَبَّثْ

تَلَبَّثُوْا ٹھیرے وہ۔ دیکھو تَلَبُّث

تَلْبِسُوْنَ ملاتے ہو تم دیکھو لَبْس

تَلْبَسُوْنَ پہنتے ہو تم۔ دیکھو لُبْس

تَلَذُّ لذت پاوے گی وہ۔ دیکھو لذّة

تَلَظّٰی شعلہ مارتی ہے اور تپتی ہے اصل
میں تَتَلَظّٰی تھا ایک ت دوسری ت
میں ادغام ہوئی۔ مصدر تَلَظِّی۔
فَاَنْذَرْتُکُمْ نَارًا تَلَظّٰی لیل ۱۴/۳۰ پس
ڈرایا میں نے تمکو آگ سے کہ شعلہ مارتی

ہے۔ تَلَظّٰی يَتَلَظّٰی مُتَلَظٍّ تَلَظٍّ لَاتَتَلَظَّ

تَلْفِتُ پھیرتا ہے تو۔ مصدر لفت ف ک
قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا
یونس ۱۱/۱۲ بولے کیا تو آیا ہے کہ ہمکو پھیر
دے اُس راہ سے جس پر پائے ہمنے
اپنے باپ دادے۔ لَفَتَ يَلْفِتُ لَافِتٌ
مَلْفُوْتٌ اِلْفِتْ لَاتَلْفِتْ۔

تَلْفَحُ جلاوے گی۔ مصدر لَفْح ف ف
تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ۔ مومنون ۱۸/۹
جلاوے گی اُنکے موںہہ کو آگ۔ لَفَحَ يَلْفَحُ
لَافِحٌ مَلْفُوْحٌ اِلْفَحْ لَاتَلْفَحْ۔

تِلْقَآءَ طرف۔

تَلْقَفُ نگلتی ہے۔ مصدر لَقْف ل ف
فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ اعراف ۹/۴
تب ہی وہ لگا نگلنے یعنے عصا موسیٰؑ
کا جو سانگ وہ بناتے تھے۔ لَقِفَ
يَلْقَفُ لَاقِفٌ مَلْقُوْفٌ اِلْقَفْ لَاتَلْقَفْ

تُلْقُوْا ڈالوگے تم۔ دیکھو اَلْقٰی
تَلَقَّوْنَ لیتے ہو تم سیکھتے ہو تم۔
دیکھو تَلَقّٰی۔

تُلْقُوْنَ پیغام بھیجتے ہو تم۔ دیکھو اَلْقٰی
تُلْقِيْ ڈالے گا تو۔ دیکھو اَلْقٰی
تُلْقٰی ڈالا جائے گا تو۔ دیکھو اَلْقٰی
تَلَقّٰی سیکھا۔ مصدر تَلَقِّي۔ فَتَلَقّٰی
اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ بقر ۴/۲ پھر سیکھ لیں
آدم نے اپنے رب سے کئی باتیں۔
تَلَقّٰی يَتَلَقّٰی مُتَلَقٍّ تَلَقٍّ لَاتَتَلَقَّ۔

تُلَقّٰی سکھایا جاتا ہے تو۔ دیکھو تَلَقّٰی

تِلْكَ یہ۔ وہ۔ اسم اشارہ بعید۔

تِلْكُمْ یہ سب۔

تِلْكُمَا یہ دو۔

تَلْمِزُوْا عیب لگاتے ہو تم۔ مصدر
لمز ف ک۔ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ حجرات
۲۶/۱۴ اور عیب نہ دو ایکدوسرے کو۔
لَمَزَ يَلْمِزُ لَامِزٌ مَلْمُوْزٌ اِلْمِزْ لَاتَلْمِزْ۔

تَلَوْتُ پڑھا میں نے۔ دیکھو تلاوۃ
تَلُوْمُوْنَ ملامت کرتے ہو تم۔
دیکھو لَوْمَۃ

تَلْوٗنَ گردن اور زبان پھیرتے ہو
تم۔ دیکھو لَيٌّ۔

تَلَهّٰى بازی کرتا ہے تو۔ مصدر تَلَهّٰى۔ فَاَنْتَ
عَنْهُ تَلَهّٰى عبس ۳۰ سو تو اُس سے
تغافل کرتا ہے۔ اصل میں تَتَلَهّٰى تھا
ایک ت گر گئی۔ تَلَهّٰى يَتَلَهّٰى مُتَلَهٍّ
تَلَهٍّ لَا تَتَلَهَّ۔
تُلْهِىْ کھیل میں ڈالتی ہے وہ۔
دیکھو الھی۔
تَلَى پیچھے آیا۔ مصدر تُلُوٌّ ن ض۔
وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا شمس ۱۵ اور قسم
چاند کی جب آوے اُسکے پیچھے۔ تَلَى
يَتْلُوْ تَالٍ مَتْلُوٌّ اُتْلُ لَا تَتْلُ۔
تُلِيَتْ پڑھی گئی وہ۔ دیکھو تلاوۃ
تَلِيْنُ نرم ہوتی ہے وہ۔ دیکھو اَلنّا
تَمَّ پوری ہوئی۔ دیکھو تمام
تَمَاثِيْلُ مورتیں۔ واحد تِمْثَال۔
تُمَارِ جھگڑتا ہے تو۔ مصدر مُمَارَاۃ
فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ کہف ۱۵ سو تو مت
جھگڑ اُنکی بات میں مَارٰى يُمَارِىْ مُمَارٍ
مَارِ لَا تُمَارِ۔
تَمَارَوْا شک کیے انہوں نے۔

دیکھو تَمَارٰى۔
تُمٰرُوْنَ جھگڑتے ہو تم۔ دیکھو تُمَارِ
تَمَامٌ پورا کرنا ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ
تَمَامًا انعام ۲۰ پھر ہمنے دی موسٰی کو
کتاب پورا کرنے کو تَمَّ يَتِمُّ تَامٌّ مَتْمُوْمٌ
اِتْمِمْ لَا تَتِمَّ۔
تَمَّتْ پوری ہوئی وہ۔ دیکھو تمام
تَمْتَرُوْنَ دھوکھا رکھتے ہو تم۔ شک
لاتے ہو تم۔ مصدر اِمْتِرَاء۔ ثُمَّ اَنْتُمْ
تَمْتَرُوْنَ انعام ۱ پھر تم شک لاتے
ہو۔ اِمْتَرٰى يَمْتَرِىْ مُمْتَرٍ اِمْتَرِ لَا تَمْتَرِ
تَمَتَّعَ فائدہ لیا اُسنے۔ مصدر تَمَتُّع۔ فَمَنْ
تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ بقرہ ۲۴ تو جو
شخص فائدہ اُٹھاوے عمرہ کے ساتھ
حج کا۔ تَمَتَّعَ يَتَمَتَّعُ مُتَمَتِّعٌ تَمَتَّعْ لَا تَتَمَتَّعْ
تَمَتَّعْ فائدہ لے تو۔ دیکھو تَمَتَّعَ
تَمَتَّعُوْا فائدہ لو تم۔ دیکھو تَمَتَّعَ
تُمَتَّعُوْنَ فائدہ دیے جاؤگے تم۔
دیکھو تَمَتَّعَ
تَمَثَّلَ صورت بنی۔ مصدر تَمَثُّل۔

فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا مریم ۱۶/۱۷ پھر
بن آیا اُسکے آگے آدمی پورا یعنے درست
اندام۔ تَمَثَّلَ یَتَمَثَّلُ مُتَمَثِّلٌ تَمَثَّلْ
لَا تَتَمَثَّلْ۔

تَمُدُّ دراز کرے گا تو۔ دیکھو مَدَّ

تُمِدُّوْنَنِ رفاقت کرتے ہو تم۔ اصل
میں تُمِدُّوْنَنِيْ تھا ی گر گئی قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ
بِمَالٍ نمل ۱۹/۱۸ کہا سلیمانؑ نے کیا رفاقت
کرتے ہو تم میری مال سے۔ دیکھو اَمَدَّ

تَمُرُّ چلتی ہے وہ۔ دیکھو مَرَّ

تَمْرَحُوْنَ اتراتے ہو تم۔ دیکھو مَرَحَ

تَمُرُّوْنَ گذرتے ہو تم۔ دیکھو مَرَّ

تَمَسُّ چھوتی ہے وہ۔ دیکھو مَسَّ

تَمْسَسْ چھوتی ہے وہ۔ دیکھو مَسَّ

تُمْسِكُوْا بند کروگے تم۔ دیکھو اِمْسَاك

تَمَسُّوْا چھوتے ہو تم۔ دیکھو مَسَّ

تُمْسُوْنَ شام کرتے ہو تم۔ مصدر اِمْسَاء
حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ روم
۲۱/۵ جب شام کرو اور صبح کرو۔ اَمْسٰے
يُمْسِيْ مُمْسٍ اَمْسِ لَا تُمْسِ۔

تَمْشُوْنَ چلتے ہو تم۔ دیکھو مَشٰی

تَمْشِيْ چلتی ہے اور چلتا ہے تو۔
دیکھو مشی۔

تَمْكُرُوْنَ مکر کرتے ہو تم۔ دیکھو مَكَرَ

تَمْلِكُ مالک ہوگا تو۔ دیکھو مَلَكَتْ

تَمْلِكُوْنَ مالک ہوگے تم دیکھو مَلَكَتْ

تُمْلٰى لکھی جاتی ہے۔ مصدر اِمْلاء۔ فَهِيَ
تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا فرقان ۱۸/۱۶
سو وہی لکھوائی جاتی ہے اس پاس صبح
وشام۔ اَمْلٰى يُمْلِيْ مُمْلٍ اَمْلِ لَا تُمْلِ

تَمْنَعُ بچالیوے تو۔ دیکھو مَنَعَ

تَمُنُّ احسان رکھتا ہے تو۔ دیکھو مَنَّ

تَمَنَّوُا آرزو کرو تم دیکھو تَمَنّٰی

تَمَنَّوْنَ آرزو کرتے ہو تم۔ اور احسان
رکھتے ہو تم۔ دیکھو تَمَنّٰی

تَمَنّٰی احسان رکھا اور خیال باندھا
یعنے آرزو کی اُس نے۔ مصدر تَمَنِّيْ
اِلَّا اِذَا تَمَنّٰی حج ۷/۱۲ مگر جس وقت آرزو
کرتا تھا۔ تَمَنّٰی يَتَمَنّٰی مُتَمَنِّيْ
تَمَنَّ لَا تَتَمَنَّ۔

تُمْنٰی ٹپکایا جاتا ہے۔ مصدر اِمْنَاء۔
مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰی نجم ۵۳/۴۶ ایک بوند
سے جب ٹپکائی اَمْنٰی یُمْنِیْ مُمْنِیٌّ اَمْنِ
لَا تُمْنِ۔
تَمُوْتُ مرتی ہے وہ۔ دیکھو مَوْت
تَمُوْتُوْنَ مروگے تم۔ دیکھو مَوْت
تَمُوْرُ لرزے گی جنبش کرے گی۔
دیکھو مور۔
تَمْهِيْد تیاری۔ وَمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا
مدثر ۷۴/۱۴ اور تیاری کردی اسکو خوب
تیاری۔ مَهَّدَ يُمَهِّدُ مُمَهِّدٌ مَهِّدْ لَا تُمَهِّدْ
تَمِيْدُ جھکے گی۔ مصدر مَيْد۔ اَنْ
تَمِيْدَ بِهِمْ انبیاء ۲۱/۳۱ کبھی اُنکو لے کر
جھک پڑے۔ مَادَ يَمِيْدُ مَائِدٌ مِيْدُ
مِدْ لَا تَمِدْ۔
تَمَيَّزُ پھٹ پڑے پارہ پارہ ہو جائے
مصدر تَمَيُّز۔ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ
ملک ۶۷/۸ قریب ہے کہ پھٹ پڑے
جوش سے۔ تَمَيَّزَ يَتَمَيَّزُ مُتَمَيِّزٌ
تَمَيَّزْ لَا تَتَمَيَّزْ۔

تَمِيْل جھکے گی۔ دیکھو میل
تَمِيْلُوْا جھکتے ہو تم۔ مُڑ جاؤ۔
دیکھو مَيْل۔
تَنَابَزُوْا بُلاؤ گے تم۔ مصدر تَنَابُز۔
کسی کو بد لقب دینا۔ وَلَا تَنَابَزُوْا
بِالْاَلْقَابِ حجرات ۴۹/۱۱ اور مت بدنام
کرو ایک دوسرے کو القاب بد سے۔
تَنَابَزَ يَتَنَابَزُ مُتَنَابِزٌ تَنَابَزْ لَا تَتَنَابَزْ
تَنَاجَوْا کان میں بات کرتے ہو تم۔
دیکھو تتناجوا۔
تَنَاجَيْتُمْ کان میں بات کی تم نے
دیکھو تتناجوا۔
تَنَاد پکارنا اصل میں تَنَادِی تھا مصدر
ہے باب تفاعل سے ی آخر سے
واسطے وقف کے گر گئی يَوْمَ التَّنَادِ
مومن ۴۰/۳۲ دن پکارنے کے سے۔
تَنَادٰی يَتَنَادٰی مُتَنَادٍ تَنَادَ لَا تَتَنَادَ
تَنَادَوْا پکارا انہوں نے۔ دیکھو تناد
تَنَازَعْتُمْ جھگڑے تم۔ مصدر تَنَازُع
فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ نساء ۴/۵۹

پھر اگر جھگڑ پڑو کسی چیز میں۔ تَنَازَعَ
یَتَنَازَعُ مُتَنَازِعٌ تَنَازُعٌ لَا تَتَنَازَعْ۔
تَنَازَعُوْنَ جھگڑو گے تم۔ دیکھو تَنَازَعْتُمْ
تَنَاصَرُوْنَ ایکدوسرے کو مدد کرتے
ہو تم۔ مصدر تناصُر۔ مَا لَکُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ
صافات ۲۳/۲ کیا ہوا تمکو ایک دوسرے
کی مدد نہیں کرتے۔ تَنَاصَرَ یَتَنَاصَرُ
مُتَنَاصِرٌ تَنَاصُرٌ لَا تَتَنَاصَرْ۔
تَنَالُ پہنچتی ہے وہ۔ دیکھو نَیْل
تَنَالُوْا پہنچوگے تم۔ دیکھو نَیْل
تَنَاوُش پہنچنا۔ اصل میں تَنَاؤُش تھا
ہمزہ و کے ساتھ بدل گیا۔ وَاَنّٰی لَھُمُ
التَّنَاوُشُ مِنْ مَّکَانٍ بَعِیْدٍ سبا ۲۲/۱۲
اور اب کہاں اُنکا ہاتھ پہنچ سکتا ہے
دور جگہ سے۔ تَنَاوَشَ یَتَنَاوَشُ مُتَنَاوِشٌ
تَنَاوُشٌ لَا تَتَنَاوَشْ۔
تَنَاھَوْا آپسمیں منع کیا اُنہوں نے۔
دیکھو یَتَنَاھَوْنَ۔
تَنْبُتُ اُگتی ہے۔ دیکھو نَبَات
تُنْبِتُ اُگاتی ہے وہ۔ دیکھو اَنْبَتَ

تُنْبِتُوْنَ اُگاتے ہو تم۔ دیکھو اَنْبَتَ
تُنَبِّئُ جتاوے گا تو۔ دیکھو نَبَّاَ
تُنَبِّئُوْنَ جتاتے ہو تم۔ دیکھو نَبَّاَ
تَنْتَشِرُوْنَ بکھرتے ہو تم دیکھو اِنْتَشِرُوْا
تَنْتَصِرَانِ بدلا لوگے تم دونو دیکھو اِنْتَصَرَ
تَنْتَہِیْ باز آوے گا تو۔ دیکھو اِنْتَہٰی
تَنْتَہُوْا باز آؤگے تم۔ دیکھو اِنْتَہٰی
تُنْجِیْ نجات دیوے۔ دیکھو اَنْجٰی
تَنْحِتُوْنَ تراشتے ہو تم۔ مصدر نَحْت
فنک۔ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُیُوْتًا
اعراف ۸/۱۲ اور تراشتے ہو پہاڑوں کو
گھر نَحَتَ یَنْحِتُ نَاحِتٌ مَنْحُوْتٌ اِنْحِتْ
لَا تَنْحِتْ۔
تُنْذِرُ ڈراتا ہے تو۔ دیکھو اَنْذَرَ
تَنْزِعُ نکالتا ہے تو۔ دیکھو نَزَعَ
تَنْزِلُ اُترتی ہے وہ دیکھو نَزَلَ
تُنَزِّلُ اُتارے گا تو۔ دیکھو تنزیل
تَنَزَّلَتْ اُتری وہ۔ مصدر تنزل۔ وَ
مَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّیٰطِیْنُ نمل ۱۹/۱۲
اور اسکو نہیں لے اترے شیطان۔

تَنَزَّلَ يَتَنَزَّلُ مُتَنَزِّلٌ تَنَزَّلْ لَاتَتَنَزَّلْ

تَنْزِيْل اُتارنا۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا دہر ۲۹/۲۰ ہم نے اُتارا تجھپر قرآن سہج سہج اُتارنا۔ نَزَّلَ يُنَزِّلُ مُنَزِّلٌ نَزِّلْ لَاتُنَزِّلْ۔

تَنْسَوْنَ بھولتے ہو تم۔ دیکھو نَسٰی

تَنْسٰی بھولتی ہے وہ۔ دیکھو نسی

تُنْسٰی بھولا جائے گا تو۔ دیکھو نسی

تَنْشَقُّ پھٹے گی۔ دیکھو اِنْشَقَّ

تَنْصُرُ مدد کرتا ہے تو۔ دیکھو نصر

تَنْصُرُوْا مدد کرو گے تم۔ دیکھو نصر

تُنْصَرُوْنَ مدد دیے جاؤ گے تم۔ دیکھو نصر

تَنْطِقُوْنَ بولتے ہو تم۔ دیکھو نطق

تَنْظُرُ دیکھے تو۔ دیکھو نظر

تَنْظُرُوْنَ دیکھتے ہو تم۔ دیکھو نظر

تُنْظِرُوْنَ ڈھیل دیتے ہو تم۔ دیکھو اَنْظَرَ

تَنْفُخُ پھونکتا ہے تو دیکھو نفخ

تَنْفَدَ نبڑ جائے گی دیکھو نفاد

تَنْفُذُوْنَ نکل بھاگو گے تم۔ دیکھو اُنْفُذُوْا۔

تَنْفِرُوْا کوچ کرو گے تم۔ مصدر نَفْر نُفُوْر۔ ف ن ک۔ ف ض لَاتَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ توبہ ۱۰/۱۲ مت نکلو گرمی میں۔ نَفَرَ يَنْفِرُ نَافِرٌ مَنْفُوْرٌ اِنْفِرْ لَاتَنْفِرْ۔

تَنَفَّسَ دم بھرا۔ مصدر تَنَفُّس دم مارنا۔ دمیدن۔ روشن ہونا صبح کا۔ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ تکویر ۳۰/۱ اور قسم صبح کی جب دم بھرے۔ تَنَفَّسَ يَتَنَفَّسُ مُتَنَفِّسٌ تَنَفَّسْ لَاتَتَنَفَّسْ

تَنْفَعُ نفع کرے گی وہ۔ دیکھو نفع

تُنْفِقُوْنَ خرچ کرتے ہو تم۔ دیکھو انفاق

تُنْقِذُ خلاص کرے گا تو۔ دیکھو انقذ

تَنْقُصُ گھٹاوے۔ دیکھو نقص

تَنْقُصُوْا کم کرتے ہو۔ دیکھو نقص

تَنْقُضُوْا توڑتے ہو تم دیکھو نقض

تَنْقَلِبُوْا پھرو گے تم دیکھو انقلب

تَنْقِمُ دشمنی اور بیر رکھتا ہے تو۔ دیکھو نَقَمُوْا

تَنْقِمُوْنَ بیر رکھتے ہو تم دیکھو نَقَمُوْا

تَنکِحُ نکاح کرے تو۔ دیکھو نکاح
تَنکِحُوا نکاح میں لاؤگے تم۔ دیکھو نکاح
تُنکِحُوا نکاح میں دوگے تم۔ دیکھو انکحوا
تُنکِرُوْنَ انکار کرتے ہو تم۔ مصدر انکار
فَاَیَّ اٰیٰتِ اللّٰہِ تُنکِرُوْنَ مومن ۱۲/۲۴ پھر
کون کون نشانیاں اپنے رب کی نہ مانو
گے۔ اَنکَرَ یُنکِرُ مُنکِرٌ اَنکِرْ لَاتُنکِرْ۔
تَنکِصُوْنَ اُلٹے پھرتے ہو تم۔
تَنکِیْل عذاب اور سزا وَاَشَدُّ تَنکِیْلًا
نساء ۵/۸ بہت سخت ہے سزا دینے میں
یعنے سخت سزا دینوالا ہے۔ نَکَّلَ
یُنَکِّلُ مُنَکِّلٌ نَکِّلْ لَاتُنَکِّلْ۔
تَنُوْءُ تھکاتی ہے۔ مصدر نوء۔ مَآ اِنَّ
مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓءُ بِالْعُصْبَةِ اُولِی الْقُوَّةِ
قصص ۱۱/۲۰ کہ اُسکی کنجیوں سے تھکتے
کئی مرد زور آور۔ نَاءَ یَنُوْءُ نَاءٍ مَنُوْءٌ
نُؤْ لَاتَنُؤْ۔
تَنُّوْر روٹی پکانے کا مشہور۔ جمع تنانیر
تَنْهَرْ جھڑکتا ہے تو۔ مصدر نهر
لَاتَنْهَرْ والضحی ۱۸/۳۰ مت جھڑک نَهَرَ

یَنْهَرُ نَاهِرٌ مَنْهُوْرٌ اِنْهَرْ لَاتَنْهَرْ۔
تَنْهَوْنَ منع کرتے ہو تم۔ دیکھو نهی
تُنْهَوْنَ منع کیے جاؤگے تم۔ دیکھو نهی
تَنْهٰی روکتی ہے اور روکتا ہے تو۔
دیکھو نهی۔
تَنِیَا سستی کرتے ہو تم دونو۔ مصدر وَنْی
ونیا۔ ف ک وَلَاتَنِیَا فِیْ ذِکْرِیْ طٰہٰ ۱۱/۱۲
اور سستی مت کرو میری یاد میں۔ وَنٰی
یَنِیْ وَانٍ مَوْنِیٌّ نِ لَاتَنِ۔
تَوَّاب توبہ کرنے والا۔ اور توبہ قبول
کرنے والا۔ صیغۂ مبالغہ۔ دیکھو توب
تَوَّابِیْنَ توبہ کرنے والے۔ دیکھو توب
تُؤَاخِذُ پکڑتا ہے تو۔ دیکھو یُؤَاخِذُ
تَوَارَتْ چھپ گئی مصدر تَوَارِی۔
حَتّٰی تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ص ۱۲/۲۳ یہاں
تک کہ چھپ گیا سورج پردے میں۔
تَوَارٰی یَتَوَارٰی مُتَوَارٍ تَوَارَ لَاتَتَوَارَ
تَوَاصَوْا وصیت کی اُنہوں نے مصدر
تَوَاصِی۔ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ عصر ۲۸/۳۰
آپسمیں وصیت کی سچے دین کی تواصی

يَتَوَاصَىٰ مُتَوَاصٍ تَوَاصِ لَا تَتَوَاصِ۔

تَوَاعَدْتُمْ آپسمیں وعدہ کرتے ہو تم مصدر تَوَاعد۔ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ انفال ۱۰ اگر آپس میں تُم وعدہ کرتے۔ تَوَاعَدَ يَتَوَاعَدُ مُتَوَاعِدٌ تَوَاعَدْ لَا تَتَوَاعَدْ۔

تُوَاعِدُوْنَ وعدہ دیتے ہو تُم دیکھو واعدنا

تَوْب توبہ کرنی۔ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ مؤمن ۲۴/۱ بخشنے والا گناہوں کا اور قبول کرنے والا توبہ کا۔ تَابَ يَتُوْبُ تَائِبٌ مَتُوْبٌ تُبْ لَا تَتُبْ۔

تَوْبَة توبہ کرنا۔ رجوع کرنا گناہوں سے طرف اللہ کی۔ دیکھو توب

تُوْبُوْا توبہ کرو۔ دیکھو توب

تُؤْتُوْنَ دیتے ہو تُم۔ دیکھو ایتاء

تُؤْتَوْنَ دیئے جاؤ گے تُم دیکھو ایتاء

تُؤْتِيْ دیتی ہے اور دیتا ہے تو۔ دیکھو ایتاء

تُؤْثِرُوْنَ اختیار کرتے ہو تم دیکھو اثر

تَوْجَلُ ڈرتا ہے تو۔ دیکھو وجلت

تَوَجَّهَ موںہہ کیا متوجہ ہوا۔ مصدر تَوَجُّه وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَاءَ مَدْيَنَ قصص ۲۰/۲ اور جب متوجہ ہوا طرف مدین کی۔ تَوَجَّهَ يَتَوَجَّهُ مُتَوَجِّهٌ تَوَجَّهْ لَا تَتَوَجَّهْ۔

تَوَدُّ دوست رکھیگا تو۔ دیکھو وُدّ

تُؤَدُّوْا حوالے کروگے تُم۔ مصدر تَأْدِيَة اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا نساء ۵/۸ حوالے کرو امانتیں امانت والوں کو۔ اَدّٰى يُؤَدِّيْ مُؤَدٍّ اَدِّ لَا تُؤَدِّ

تَوَدُّوْنَ دوست رکھتے ہو تُم دیکھو وُدّ

تُؤْذُوْنَ تکلیف دیتے ہو تُم۔ دیکھو اذی

تَوْرٰىة کتاب حضرت موسی ع

تُوْرُوْنَ سلگاتے ہو تُم۔ مصدر اِيْرَاء اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ واقعہ ۲۷/۱۵ بھلا دیکھو تو آگ جو سلگاتے ہو۔ اَوْرٰى يُوْرِيْ مُوْرٍ اَوْرِ لَا تُوْرِ۔

تَؤُزُّ اچھالتی ہے۔ دیکھو اَزّ۔

تُوَسْوِسُ وسوسہ کرتی ہے وہ۔ دیکھو وسوس

تُوْصُوْنَ وصیت کرتے ہو تُم۔ دیکھو اَوْصٰى

تَوْصِيَة کچھ کہہ مرنا۔ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ۔ یس ۲۳/۲ پھر نہ سکیں گے کہ کچھ کہہ مریں اور اپنے

گھر کو پھر جاویں گے۔ وَصّٰی یُوَصِّیْ مُوَصٍّ
وَصِّ لَاتُوَصِّ۔
تُوْعِدُوْنَ ڈراتے ہو تم۔ مصدر اِیْعَاد
وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ۔
اعراف ۸/۱۸ اور مت بیٹھا کرو ہر راہ میں
کہ ڈراتے ہو۔ اَوْعَدَ یُوْعِدُ مُوْعِدٌ اَوْعِدْ
لَاتُوْعِدْ۔
تُوْعَدُوْنَ وعدہ دیے جاتے ہو تم۔
دیکھو وَعْد
تُوْعَظُوْنَ نصیحت کیے جاتے ہو تم۔
دیکھو وَعَظَت۔
تَوَفَّ مار تو۔ دیکھو تَوَفّٰی
تَوَفَّتْ مارتی ہے وہ دیکھو تَوَفّٰی
تُؤْفَكُوْنَ پھیرے جاتے ہو تم۔
دیکھو اِفْك۔
تُوَفَّوْنَ پورا دیا جاؤ گے تم۔ دیکھو وَفّٰی
تَوَفَّیْتَ مارا تو نے۔ دیکھو تَوَفّٰی
تَوْفِیْق بن لانا کسی کو کسی کام پر اور
قدرت دینی۔ اِلَّا اِحْسَانًا وَّتَوْفِیْقًا
نساء ۴/۹ مگر بھلائی اور ملاپ یعنے موافقت
کرنی۔ وَفَّقَ یُوَفِّقُ مُوَفِّقٌ وَفِّقْ لَاتُوَفِّقْ۔
تَوَفّٰی مارتے ہیں۔ یہاں فاعل کی رعایت
سے جمع کے معنے لکھے گئے۔ مصدر تَوَفّٰی
اِنَّ الَّذِیْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ نساء ۱۴/۱۱
بیشک وہ لوگ جن کی روح فرشتے
قبض کرتے ہیں تَوَفّٰی یَتَوَفّٰی مُتَوَفٍّ
تَوَفَّ لَاتَتَوَفَّ۔
تُوَفّٰی پورا دیا جائے گا تو۔ دیکھو وَفّٰی
تُوْقِدُوْنَ سلگاتے ہو تم دیکھو اَوْقَدُوْا
تُوَقِّرُوْا ادب رکھتے ہو اور بزرگ جانتے
ہو تم۔ مصدر تَوْقِیْر۔ وَتُوَقِّرُوْهُ فتح
۲۶/۹ اور اُسکا ادب رکھو۔ وَقَّرَ یُوَقِّرُ
مُوَقِّرٌ وَقِّرْ لَاتُوَقِّرْ۔
تُوْقِنُوْنَ یقین کرتے ہو تم۔ مصدر
اِیْقَان۔ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ
رعد ۳/۱ شاید تم اپنے رب سے ملنا یقین
کرو۔ اَیْقَنَ یُوْقِنُ مُوْقِنٌ اَیْقِنْ
لَاتُوْقِنْ۔
تَوَكَّلْ بھروسا کر تو۔ دیکھو تَوَكَّلْتُ
تَوَكَّلْتُ بھروسا کیا میں نے۔ مصدر

تَوَكَّلَ - عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ رعد ۳۰/۱۳ اُسی پر
میں نے بھروسا کیا ہے - تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ
مُتَوَكِّلٌ تَوَكُّلٌ لَا تَتَوَكَّلْ -

تَوَكَّلْنَا بھروسا کیا ہم نے - دیکھو تَوَكَّلْتُ

تَوَكَّلُوا بھروسا کرو تم - دیکھو تَوَكَّلْتُ

تَوْكِيدٌ مضبوط کرنا - وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ
بَعْدَ تَوْكِيدِهَا نحل ۹۱/۱۴ اور مت توڑو
قسموں کو پیچھے مضبوطی اُنکی کے - وَكَّدَ
يُوَكِّدُ مُوَكِّدٌ وَكِّدْ لَا تُوَكِّدْ -

تَوَلَّ پھر تو - دیکھو تَوَلَّوْا

تَوَلَّوْا پھرو اور دوستی کرو - دیکھو تَوَلَّوْا

تَوَلَّوْا پھرے وہ - رفیق ہوئے وہ -
مصدر تَوَلِّی - فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ
تَوَلَّوْا إِلَّا قَلِيلًا مِنْهُمْ - بقر ۲۴۶/۲ پھر جب
حکم ہوا اُن پر لڑائی کا پھر گئے مگر تھوڑے
اُن میں - أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ تَوَلَّوْا قَوْمًا
غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مجادلہ ۱۴/۲۸ تو نے نہ
دیکھے وہ جو رفیق ہوئے ہیں ایک لوگوں
کے جن پر غصے ہوا ہے اللہ - تَوَلَّى يَتَوَلَّى
مُتَوَلٍّ تَوَلَّ لَا تَتَوَلَّ -

تُوَلُّونَ پیٹھ پھیرے جاؤگے تم -
دیکھو وَلَّوْا -

تَوَلَّى اُٹھایا - اور مونہہ موڑا - دیکھو تَوَلَّوْا

تَوَلَّيْتُمْ قائم ہوئے تم - پیٹھ پھیری تم نے
دیکھو تَوَلَّوْا - إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوا
فِي الْأَرْضِ محمد ۲۲/۲۶ اگر تمکو حکومت ہو کہ
خرابی ڈالو ملک میں - ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِنْ
بَعْدِ ذٰلِكَ - بقر ۶۴/۸ پھر تم پھر گئے اسکے
بعد -

تُؤْمَرُ حکم کیا جاتا ہے تو - دیکھو اَمْر

تُؤْمَرُونَ حکم کیے جاتے ہو تم - دیکھو اَمْر

تُؤْمِنُ ایمان لاتا ہے تو - دیکھو ایمان

تُؤْمِنُونَ ایمان لاتے ہو تم - دیکھو ایمان

تُؤْوِي جگہ دیتا ہے تو - دیکھو اٰوٰی

تُهَاجِرُوا وطن چھوڑو تم - دیکھو هَاجَرَ

تَهْتَدُونَ راہ پاؤگے تم - دیکھو اِهْتَدٰی

تَهْتَدِي راہ پاتی ہے - دیکھو اِهْتَدٰی

تَهْتَزُّ دوڑتا ہے - دیکھو اِهْتَزَّتْ

تَهَجَّدْ جاگتا رہ اور نماز تہجد کی پڑھ - مصدر
تَهَجُّد - وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بنی اسرائیل

۱۵/۹ اور کچھ رات جاگتا رہ۔ تَهَجَّدَ يَتَهَجَّدُ مُتَهَجِّدٌ تَهَجَّدْ لَا تَتَهَجَّدْ۔

تَهْجُرُوْنَ چھوڑتے ہو تُم۔ دیکھو هَجَر

تَهْدِيْ راہ بتاتا ہے تو۔ دیکھو هُدًى

تَهْدُوْا راہ بتاؤ گے تُم دیکھو هُدًى

تُهْلِكُ ہلاک کریگا تو دیکھو اَهْلَكَ

تَهْلُكَةٌ ہلاکی۔ ہلاکت جس چیز کا انجام ہلاکت اور نیستی ہو۔ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ اور مت ڈالو۔ اپنے تئیں۔ اپنے ہاتھوں سے تہلکہ میں۔

تَهِنُوْا سُست ہوتے ہو تُم۔ دیکھو وَهَن

تَهْوٰى چاہتی ہے۔ مصدر هَوًى۔ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ بِمَا لَا تَهْوٰى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ بقر ۱/۱۱ کیا جب کبھی کوئی پیغمبر تمہارے پاس وہ چیز لایا جسکو تمہارا جی نہ چاہتا تھا تو تمنے اُس سے سرکشی نہیں کی۔ هَوِيَ يَهْوٰى هَاوٍ مَهْوِيٌّ اَهْوِ لَا تَهْوَ

تَهْوِيْ جھکتی ہے۔ پھینک دیتی ہے۔ دیکھو هَوٰى۔ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ۔ ابراہیم ۱۳/۱۸ سو رکھ بعضے لوگوں کے دل جھکتے اُن کی طرف اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ حج ۴/۱۱ یا پھینک دیتی ہے اُسکو باؤ کسی دور مکان میں۔

تَيَسَّرَ آسان ہوا۔ مصدر تَيَسُّرٌ۔ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ مزمل ۲۹/۱۳ سو پڑھو جتنا آسان ہو اسمیں سے۔ تَيَسَّرَ يَتَيَسَّرُ مُتَيَسِّرٌ تَيَسَّرْ لَا تَتَيَسَّرْ۔

تَيَمَّمُوْا قصد کرو تُم۔ مصدر تَيَمُّمٌ۔ اصل میں تَاَمَّمَ تھا۔ فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا مائدہ ۶/۴ تو قصد کرو زمین پاک کا۔ تَيَمَّمَ يَتَيَمَّمُ مُتَيَمِّمٌ تَيَمَّمْ لَا تَتَيَمَّمْ۔

تَيْنِ یہ دو عورتیں۔ اسم اشارہ قریب تثنیہ مؤنث۔

تِيْن انجیر۔ واحد تِيْنَةٌ

تَيْئَسُوْا ناامید ہو گے تُم۔ دیکھو يَئِس

ث

ثَابِت استوار۔ دیکھو ثُبُوت

ثَاقِب روشن چمکنے والا۔ مصدر ثُقُوب ف۔ ض۔ شِهَابٌ ثَاقِبٌ صافات ۲۳/۵ انگارا چمکتا۔ ثَقَبَ يَثْقُبُ ثَاقِبٌ مَثْقُوبٌ اُثْقُبْ لَا تَثْقُبْ۔

ثَالِث تیسرا۔

ثَالِثَة تیسری۔

ثَامِن آٹھواں۔

ثَانِيَ موڑنے والا۔ پھیرنے والا۔ دُوسرا مصدر ثَنْيٌ۔ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حج ۱۷/۸ اپنی کروٹ موڑ کر کہ بھٹکاوے اللہ کی راہ سے۔ ثانی عطفہ سے مراد متکبر ہے۔ ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ توبہ ۱۰/۱۲ دوسرا دو میں سے جبکہ وہ دونوں غار میں تھے۔ ثَنٰى يَثْنِيْ ثَانٍ مَثْنِيٌّ اِثْنِ لَا تَثْنِ۔

ثَاوِيْ رہنے والا۔ مصدر ثَوِيٌّ۔ ف۔ ک ثَوَاء۔ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ قصص ۲۰/۸ اور تو نہ رہتا تھا مدین والوں میں۔ ثَوٰى يَثْوِيْ ثَاوٍ مَثْوِيٌّ اِثْوِ لَا تَثْوِ۔

ثُبَات گروہ گروہ۔ جُدا جُدا۔ واحد ثُبَةٌ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا نساء ۵ پھر کوچ کرو جدی جدی فوج یا کوچ کرو سب اکٹھے۔ ثُبات اصل میں ثبوہ ہے۔ تصغیر ثبیہ ہے۔

ثَبِّتْ قائم رکھ تو دیکھو تَثْبِيْت

ثَبَّتْنَا قائم رکھا ہم نے دیکھو تَثْبِيْت

ثَبِّتُوْا قائم رکھو تم دیکھو تَثْبِيْت

ثَبَّطَ بوجھل کردیا اُس نے۔ مصدر تَثْبِيْط مشغول کردن و باز داشتن از کارے۔ وَلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ توبہ ۱۰/۱۳ لیکن ناپسند کیا اللہ نے اُنکا اُٹھانا پھر باندہ دیا اُنکو یعنے روک رکھا بوجھل کردیا اُنکو۔ ثَبَّطَ يُثَبِّطُ مُثَبِّطٌ مُثَبَّطٌ ثَبِّطْ لَا تُثَبِّطْ۔

ثُبُوْت ٹھہرنا۔ ف۔ ض۔ فَتَزِلَّ قَدَمٌ

بَعْدَ ثُبُوْتِهَا نحل ۹۴/۱۴ ڈگ جاوے گا
قدم تمہارا پیچھے ثابت ہونے انکیکے۔ ثَبَتَ
یَثْبُتُ ثَابِتٌ مَثْبُوْتٌ اُثْبُتْ لَاتَثْبُتْ۔

ثُبُوْر ہلاکی۔ مرنا۔ ف ض۔ لَاتَدْعُوا الْيَوْمَ
ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا۔ فرقان
۱۴/۱۸ مت پکارو آج ایک مرنے کو اور
پکارو بہت سے مرنے کو۔ ثَبَرَ يَثْبُرُ
ثَابِرٌ مَثْبُوْرٌ اُثْبُرْ لَاتَثْبُرْ۔

ثَجَّاج ریلا یعنے زوردار پانی۔ آب ریزاں
مصدر ثَجٌّ ثُجُوْج ف ض۔ وَاَنْزَلْنَا مِنَ
الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا نباء ۱/۱۴ اور اُتارا
نچڑتی بدلیوں سے پانی کا ریلا یعنے پانی
گرتا۔ ثَجَّ يَثُجُّ ثَاجٌّ مَثْجُوْجٌ اُثْجُجْ لَاتَثْجُجْ

ثَرٰى نیچے کی زمین۔

ثُعْبَان اژدہا۔ جمع ثَعَابِيْن

ثِقَال بھاری چیزیں۔ واحد ثَقِيْل

ثَقِفْتُمُوْا پائے تم۔ مصدر ثَقْف۔ ف ك۔
وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ بقره ۲/۱۴ اور
مارو جس جگہ پاؤ۔ ثَقِفَ يَثْقِفُ ثَاقِفٌ
مَثْقُوْفٌ اِثْقِفْ لَاتَثْقِفْ۔

ثُقِفُوْا پائے گئے وہ۔ دیکھو ثَقِفْتُمُوْا

ثَقُلَتْ بھاری ہوئی وہ۔ مصدر ثِقَل
ض ض۔ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ قارعہ
۳۰/۲۲ سو جسکی بھاری ہوئیں تولیں۔
ثَقُلَ يَثْقُلُ ثَقِيْلٌ مَثْقُوْلٌ اُثْقُلْ لَاتَثْقُلْ

ثَقَلَان دو بھاری چیزیں یعنے جن و
انس۔

ثَقِيْل بھاری۔ جمع ثِقَال ثُقَلَاءُ

ثَلَاث تین تین۔

ثُلَّة انبوہ۔

ثَلٰث تین عورتیں۔

ثُلُث تہائی۔

ثُلُثَانِ دو تہائی۔

ثَلٰثَة تین مرد۔

ثَلٰثُوْنَ تیس ۳۰۔

ثُلُثَىِ دو تہائی اصل میں ثُلُثَيْنِ
تھا مضاف ہونے سے نَ گر گیا۔
ثُلُثَيِ الَّيْلِ مزمل ۲۹/۱۳ دو تہائی رات
کی۔

ثَلٰثِيْن تیس ۳۰۔

ثَمَّ پھر۔ حرف عطف

ثَمَّ وہاں۔ یا اُسجگہ۔ اسم اشارہ مکانی
وَاِذَا رَاَیْتَ ثَمَّ رَاَیْتَ نَعِیْمًا۔ دہر ۲۰/۲
اور جب تو دیکھے وہاں تو دیکھے نعمت

ثَمَانِیَ آٹھ۔ اَنْ تَاْجُرَنِیْ ثَمَانِیَ حِجَجٍ
قصص ۲۷/۴ تو میری نوکری کرے
آٹھ برس۔

ثَمَانِیَةَ آٹھ ثَمَانِیَةَ اَزْوَاجٍ انعام ۸/۴
پیدا کیئے آٹھ نر اور مادہ۔

ثَمَانِیْنَ اسّی۔

ثَمَر پھل۔ جمع ثِمار ثُمُرْ۔ جمع الجمع اَثمار

ثَمَرَات بہت پھل۔ واحد ثَمَرَة

ثَمَرَة ایک پھل۔ جمع ثُمُرْ

ثَمَن مول اور قیمت۔ جمع اَثْمُن۔
اَثْمِنَة۔ اثمان۔

ثُمُن آٹھواں حصہ۔ جمع اَثمان۔

ثَمُوْد حضرت صالحؑ کی قوم کا نام
ہے۔

ثَوَاب بدلا۔ حُسْنُ الثَّوَابِ عمران ۱۱/۲
اچھا بدلا۔ ثَابَ یَثُوْبُ ثَائِبٌ مَثُوْبٌ
ثُبْ لَاتَثُبْ۔

ثُوِّبَ بدلا دیا گیا۔ مصدر تَثْوِیْب۔
هَلْ ثُوِّبَ الْکُفَّارُ۔ مطففین ۳۶/۸
اب بدلا پایا منکروں نے۔ ثَوَّبَ
یُثَوِّبُ مُثَوِّبٌ ثَوِّبْ لَاتُثَوِّبْ۔

ثِیَاب کپڑے۔ واحد ثَوْب

ثَیِّبَات بیاہیاں ہوئیاں شوہردار۔
واحد ثَیِّب۔ ثَیِّبَاتٍ وَّاَبْکَارًا تحریم
۱۹/۲۸ بیاہیاں اور کواریاں۔

ج

جَاءَ آیا۔ مصدر مَجِیْءٌ۔ مِنْ بَعْدِ مَا
جَاءَکَ مِنَ الْعِلْمِ بقر ۱۷ بعد اسکے
جو تجھکو علم آگیا ہے۔ جَاءَ یَجِیْءُ جَاءٍ
مَجِیْءٌ جِئْ لَاتَجِئْ۔

جَاءَتْ آئی۔ دیکھو جَاءَ

جَائِرٌ ظالم حق سے پھرنے والا۔ کج۔ مصدر
جَوْر۔ ف۔ ض۔ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ
وَمِنْهَا جَائِرٌ نحل ۱۴/۲ اور اللہ پر پہنچتی ہے
سیدھی راہ اور کوئی راہ کج بھی ہے۔ جَارَ
يَجُوْرُ جَائِرٌ مَجُوْرٌ جُرْ لَا تَجُرْ۔

جَابُوْا تراشا انہوں نے۔ مصدر جَوْب
دریدن۔ ف۔ ض۔ وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ جَابُوا
الصَّخْرَ بِالْوَادِ فجر ۳۰/۱ اور ثمود سے جنہوں
نے تراشے پتھر وادی میں۔ جَابَ
يَجُوْبُ جَائِبٌ مَجُوْبٌ جُبْ لَا تَجُبْ

جَاثِمِيْنَ سینے کے بل پڑے ہوئے
مصدر جُثُوْم جَثْم ف۔ ض ن۔ فِيْ دَارِهِمْ
جَاثِمِيْنَ اعراف ۸/۱۰ اپنے گھروں میں
اوندھے پڑے ہوئے۔ جَثَمَ يَجْثِمُ
جَاثِمٌ مَجْثُوْمٌ اُجْثِمْ لَا تَجْثِمْ۔

جَاثِيَةٌ اوندھے زانو پر پڑے ہوئے
مصدر جُثُوّ جُثِيّ۔ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ
جَاثِيَةً جاثیہ ۲۵/۴ اور تو دیکھے ہر فرقہ زانو
پر پڑے ہوئے۔ جَثَى يَجْثُوْ جَاثٍ مَجْثُوٌّ
اُجْثُ لَا تَجْثُ۔

جَادِلْ لڑائی کر تو۔ دیکھو جَادَلُوْا

جَادَلْتَ جھگڑا کیا تو نے۔ دیکھو جَادَلُوْا

جَادَلْتُمْ جھگڑے تم دیکھو جَادَلُوْا

جَادَلُوْا جھگڑے وہ۔ مصدر مُجَادَلَة
وَجَادَلُوْا بِالْبَاطِلِ۔ مومن ۲۴/۱ اور لانے
لگے جھوٹے جھگڑے۔ جَادَلَ يُجَادِلُ
مُجَادِلٌ جَادِلْ لَا تُجَادِلْ۔

جَار ہمسایہ۔ مددکنندہ۔ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى
نساء ۵/۳ اور ہمسایہ قریب سے۔ وَاِنِّيْ
جَارٌ لَّكُمْ انفال ۱۰/۲ اور میں مددکنندہ ہوں
تمہارا۔ جمع جیران۔ اجوار۔

جَارِيَات چلنے والیاں۔ دیکھو جَرَيْنَ

جَارِيَة کشتی۔ جمع جواری

جَازٍ بدلا دینے والا۔ دیکھو جَزَا۔

جَاسُوْا پراگندہ ہوئے وہ۔ مصدر جوس
ف۔ ض۔ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ بنی اسرائیل
۱۵/۱ پھر پھیل پڑے شہروں کے بیچ۔
جَاسَ يَجُوْسُ جَائِسٌ مَجُوْسٌ جُسْ لَا تَجُسْ

جَاعِل بنانے والا۔ دیکھو جَعَل

جَاعِلُوْنَ بنانے والے۔ دیکھو جَعَل

جَالُوتَ نام ایک بادشاہ کافر کا قوم عاد
سے دشمن بنی اسرائیل کا۔
جَامِدَۃً ٹھہری ہوئی اور جمی ہوئی۔ مصدر
جَمد جُمُود۔ ف ض ک ت۔ وَتَرَی الْجِبَالَ
تَحْسَبُھَا جَامِدَۃً نمل ۲۰/۲ اور تو دیکھتا ہے
پہاڑ جانتا ہے وہ جم رہے ہیں۔ جَمِدَ
یَجْمَدُ جَامِدٌ مَجْمُوْدٌ اِجْمَدْ لَا تَجْمَدْ۔
جَامِع اکٹھا کرنے والا۔ دیکھو جمع
جَانّ جن۔ سانپ باریک۔ جمع جِنَّان۔
جَان اسم جمع جن کا ہے۔ وَخَلَقَ الْجَانَّ
مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ الرحمٰن ۲۷/۱۱ اور پیدا کیا
جنوں کو شعلہ والی آگ سے۔ فَلَمَّا
رَاٰھَا تَھْتَزُّ کَاَنَّھَا جَانٌّ نمل ۱۹/۱۹ پس جس
وقت کہ دیکھا اسکو ہلتا تھا گویا کہ وہ سانپ
ہے۔
جَانِب کنارہ اور طرف۔ جمع جَوَانِب
جَاؤُا آئے وہ۔ دیکھو جَاءَ
جَاوَزَ آگے بڑھا وہ۔ مصدر مجاوزۃ۔ فَلَمَّا
جَاوَزَہٗ بقرۃ ۲/۱۴ پھر جب آگے بڑھا وہ۔
جَاوَزَ یُجَاوِزُ مُجَاوِزٌ جَاوِزْ لَا تُجَاوِزْ۔

جَاوَزَا تجاوز کی دونوں نے۔ دیکھو جَاوَزَ
جَاوَزْنَا تجاوز کی ہم نے اور آگے لیئے گئے
ہم۔ دیکھو جَاوَزَ۔
جَاھَدَ کوشش کی اور اللہ کے راہ میں
لڑا۔ دیکھو جِھَاد۔
جَاھِدْ جہاد کر۔ دیکھو جِھَاد
جَاھَدَا کوشش کی اُن دونوں نے
دیکھو جِھَاد۔
جَاھِدُوْا جہاد کرو۔ دیکھو جِھَاد
جَاھَدُوْا لڑے۔ دیکھو جِھَاد
جَاھِلُ نادان۔ جمع جُھَلَاء
جَاھِلُوْنَ نادانوں۔ دیکھو جَھَالَۃ
جَاھِلِیَّۃ نادانی اور زمانہ پیش از اسلام
دیکھو جَھَالَۃ۔
جُبّ اندھیرا کواں جسمیں بہت پانی
ہو۔ جمع اَجْبَاب۔
جِبَاہ پیشانیاں۔ واحد جبہ۔ جَبْھَۃ
جَبَّار زبردست۔ جمع جَبَّارِیْن
جَبَّارِیْن زبردست۔ واحد جَبَّار
جِبَال پہاڑوں۔ واحد جبل

جِبْت بُت - جس چیز کی غیر خدا کے
پرستش کی جاوے -
جِبْرَائِیْل نام فرشتہ وحی کا ہے معنے
اسکے عبداللہ ہے -
جَبَل پہاڑ - جمع جِبَال -
جِبِلّ آدمی - جمع جُبُلّة
وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا یس ۲۳/۴
اور وہ بھگالے گیا تم میں سے بہت خلق کو
جِبِلَّة خلقت - جمع جِبِلَّات وَاتَّقُوا
الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ شعراء
۱۹/۱۱ اور ڈرو اُس سے جس نے بنایا تمکو اور
اگلی خلقت کو -
جَبِيْن دو بھوں کے درمیان یعنے
پیشانی - جمع اَجْبِنَة - جُبُن -
جِثِيّ گھٹنوں کے اوپر گرنے والا - نزدیک
بعض قاریوں کے جُثِيّ بھی آیا ہے - ثُمَّ
لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا مریم ۱۶/۸
پھر سامنے لاویں گے گرد دوزخ کے
گھٹنوں پر گرے - دیکھو جَاثِيَة
جَحَدُوْا انکار کیے - مصدر جحد جحود -

جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ ہود ۱۲/۵ منکر ہوئے
اپنے رب کی باتوں سے - جَحَدَ يَجْحَدُ
جَاحِدٌ مَجْحُوْدٌ اِجْحَدْ لَا تَجْحَدْ -
جَحِيْم نام دوزخ کے پانچویں طبق کا ہے -
جَدّ بزرگی - جمع اَجْدَاد
جِدَار دیوار - جمع جُدُر و جُدْر
جِدَال جھگڑا - دیکھو جَادَلُوْا
جُدَدٌ راہیں اور گھاٹیاں - واحد جادہ
جدّہ -
جُدُر دیواریں - واحد جِدَار
جَدَل جھگڑنا - ف ض ل - وَكَانَ الْاِنْسَانُ
اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا کہف ۱۵/۱۲ اور ہے آدمی
زیادہ سب چیز سے جھگڑنے میں -
جَدَلَ يَجْدُلُ جَادِلٌ مَجْدُوْلٌ اُجْدُلْ
لَا تَجْدُلْ -
جَدِيْد نیا -
جُذَاذ ٹکڑے واحد جُذَاذَة
جِذْع جڑ یعنے تنہ خرما - جمع جُذُوْع
جَذْوَة آگ کی چنگاری - جمع جِذَاء
جُذُوْع جڑیں - واحد جِذْع

جَرَاد ٹڈیاں۔ واحد جَرَادَۃ
جَرَحْتُمْ کمایا تم نے۔ مصدر جَرْح۔ وَ
یَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ انعام ۶/۱۳ اور
جانتا ہے جو کما چکے ہو دن کو۔ جَرَحَ
یَجْرَحُ جَارِحٌ مَجْرُوْحٌ اِجْرَحْ لَا تَجْرَحْ
جُرُز زمین صاف بے گھاس۔
واحد جَرَز۔
جُرُف غار اور جس جگہ میں پانی جمع ہو
فارسی میں اُسکو آبگیر کہتے ہیں۔ اور
بعضوں نے اُسکے معنے کھائی اور کھاڑی
لکھی ہے۔ جمع جِرَفَۃ۔
جَرَم چارہ۔ لاجرم بمعنی ضرور و ناچار
کہا فراء نے کہ یہ کلمہ اصل میں بمعنے
لابُد کے ہے۔ اب بمعنے حقا کے مستعمل
ہے خبر اُسکی فیہ لازم المحذوف ہے
لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا
یُعْلِنُوْنَ نحل ۱۴/۳ ٹھیک بات ہے کہ
اللہ جانتا ہے جو چھپاتے ہیں اور جو
جتاتے ہیں۔
جُرُوح زخم سب۔ واحد جَرْح

جَرَیْنَ چلیں وہ۔ اور بہیں۔ مصدر
جِرْیَۃ۔ حَتّٰی اِذَا کُنْتُمْ فِی الْفُلْکِ
وَجَرَیْنَ بِهِمْ بِرِیْحٍ طَیِّبَۃٍ یونس ۱۱/۸
یہاں تک کہ جب تم ہوتے ہو کشتی
میں اور کشتیاں اُن سمیت چلتی
ہیں اچھی ہوا سے۔ جَرٰی یَجْرِیْ
جَارٍ مَجْرِیٌّ اِجْرِ لَا تَجْرِ۔
جُزْء ٹکڑا۔ جمع اَجْزَاء
جَزَاء بدلا۔ جَزَآءً بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ
احقاف ۲۶/۲ بدلا اُسکا جو کرتے تھے۔
جَزٰی یَجْزِیْ جَازٍ مَجْزِیٌّ اِجْزِ لَا تَجْزِ
جَزِعْنَا بیقرار ہوئے ہم۔ مصدر جَزَع
لف۔ سَوَآءٌ عَلَیْنَا اَجَزِعْنَا اَمْ صَبَرْنَا
ابراہیم ۱۳/۱۵ اب برابر ہے ہمارے
حق میں بیقراری کریں یا صبر کریں۔
جَزِعَ یَجْزَعُ جَازِعٌ مَجْزُوْعٌ اِجْزَعْ
لَا تَجْزَعْ۔
جَزُوْع بیقرار۔ صیغہ مبالغہ۔
دیکھو جَزِعْنَا۔
شَعَائِر نشانیاں اور قربانیاں اور عبادتیں واحد شعیرۃ۔ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ بقرہ ۱۹/۲ بیشک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ وَمَنْ یُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ حج ۴/۱۱ اور جو کوئی ادب رکھے اللہ کی نام لگی چیزوں کا۔
شُعَب شاخیں اور جماعتیں۔ واحد شُعْب
شِعْر کلام موزون منظوم۔ جمع اَشْعار
شُعَرَاء شعر کہنے والے۔ واحد شاعر
شِعْرٰی نام ایک تارے کا ہے کہ اُسکو جاہلیت میں پوجتے تھے۔
شُعُوْب جماعتیں بڑی۔ واحد شُعْب
شُعَیْبٌ نام ایک پیغمبرؑ کا ہے۔
شَغَفَ فریفتہ کیا۔ مصدر شَغف۔ ف ف قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا یوسف ۱۲/۱۴ فریفتہ ہوگئی اُسکی محبت میں۔ شَغَفَ یَشْغَفُ شَاغِفٌ مَشْغُوْفٌ اِشْغَفْ لَاتَشْغَفْ۔
شُغُل کام اور عدم فرصت۔ جمع اَشْغَال
شَغَلَتْ مشغول کیا اور باز رکھا۔ مصدر

شغل ف۔ ض۔ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا۔ فتح ۲۶/۱
ہم لگے رہ گئے اپنے مالوں میں۔ شَغَلَ
یَشْغَلُ شَاغِلٌ مَشْغُوْلٌ اُشْغُلْ لَا تَشْغَلْ

شِفَا آرام۔ جمع اَشْفِیَة

شَفَا کنارہ۔ جمع اَشْفَاء۔ تثنیہ شفوان

شَفَاعَة سفارش اور بخشوانا۔ ف۔ ف۔
وَلَا یُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ بقرہ ۱/۵ اور قبول
نہو اُسکی طرف سے سفارش۔ شَفَعَ
یَشْفَعُ شَافِعٌ شَفِیْعٌ مَشْفُوْعٌ اِشْفَعْ لَا تَشْفَعْ

شَفَتَیْن دولب۔ واحد شفت جمع شِفَاہ

شَفْع جوڑا جفت۔

شُفَعَاء سفارش کرنے والے۔ واحد شفیع
دیکھو شَفَاعَة۔

شَفَق شام کی سُرخی۔ جمع اَشْفَاق

شَفِیْع سفارش کرنے والا۔ جمع شُفَعَاءُ
دیکھو شفاعة۔

شَقَّ پھٹا۔ جمع شقوق۔ مصدر شَقّ۔ ثُمَّ
شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا عبس ۳۰/۵ پھر چیرا
ہمنے زمین کو پھاڑ کر۔ شَقَّ یَشُقُّ
شَاقٌّ مَشْقُوْقٌ اُشْقُقْ لَا تَشْقُقْ۔

شِقّ سختی جمع شُقُوق۔

شِقَاق ضد اور لڑائی۔ لَفِیْ شِقَاقٍ بَعِیْدٍ
بقرہ ۲/۵ البتہ مخالفت میں (حق سے)
دور ہیں۔ شَاقَّ یَشَاقُّ شَاقٌّ مَشْقُوْقٌ
شَاقَّ لَا تَشَاقَّ۔

شُقَّة سفر دور و دراز۔ جمع شُقَق

شَقَقْنَا پھاڑا ہمنے۔ دیکھو شَقَّ

شَقُوْا بد بخت کیئے گئے وہ۔ دیکھو شِقْوَة

شِقْوَة بد بختی۔ ف۔ ض۔ ف۔ ك۔ غَلَبَتْ
عَلَیْنَا شِقْوَتُنَا مومنون ۱۸/۶ زور کیا ہمپر
ہماری کم بختی نے۔ شَقِیَ یَشْقِیْ یَشْقُوْ
شَاقٍ مَشْقِیٌّ مَشْقُوٌّ اِشْقِ لَا تَشْقِ۔

شَقِیّ بد بخت۔ جمع اَشْقِیَا۔

شَكّ شبہ اور دھوکا۔ جمع شکوک۔

شُکْر حق ماننا۔ ف۔ ض۔ اِعْمَلُوْآ اٰلَ دَاوٗدَ
شُکْرًا سبا ۲۲/۸ کام کرو داؤد کے گھر
والو حق مان کر۔ شَکَرَ یَشْکُرُ شَاکِرٌ مَشْکُوْرٌ
اُشْکُرْ لَا تَشْکُرْ۔

شَکَرَ حق مانا اس نے۔ دیکھو شکر

شَکَرْتُمْ حق مانا تمنے۔ دیکھو شکر

شَکْل مانند۔ جمع اَشکَال۔شُکُول
شُکُور حق ماننا۔ دیکھو شکر
شَکُور حق ماننے والا اور قدر دان۔دیکھو شکر
شَمَائِل بائیں طرفیں۔ واحد شمال
شِمَال بائیں طرف۔جمع شمائل
شَمْس سورج۔ جمع شُمُوْس۔
شَنَآن دشمنی۔ وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ مائدہ ۲/۵ اور باعث نہ ہو تمکو ایک قوم کی دشمنی۔ شَنِئَ یَشْنَئُ شَانِئٌ مَشْنُوْءٌ اِشْنَئْ لَا تَشْنَئْ۔
شُوَاظ شعلے صاف بے دھوئیں کے۔
شَوْب ملاوٹ۔ لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ صافات ۲۳/۴ ملونی جلتے پانی کی۔ شَابَ یَشُوْبُ شَائِبٌ مَشُوْبٌ شُبْ لَا تَشُبْ۔
شُوْرٰی مشورہ۔جمع شُوَرَاءُ۔ مصدر شُوْرٰی مشاورت۔ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰی بَيْنَهُمْ شوریٰ ۴/۵ اور انکا کام ہے مشورہ سے آپس کے۔ شَاوَرَ یُشَاوِرُ مُشَاوِرٌ شَاوِرْ لَا تُشَاوِرْ۔
شَوْكَة قوت اور کانٹا۔جمع اَشْوَاک۔ ذات شوکۃ سے مراد فوج جنگی ہے۔

شَوٰی کلیجے اور بھننا۔ واحد شوہ۔ مصدر شَوِی۔ شی بریاں کردن۔ ف ن ث۔ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰی معارج ۲۹/۷ کھینچ لینے والی کلیجا شَوٰی یَشْوِی شَاوٍ مَشْوِیٌّ اِشْوِ لَا تَشْوِ
شِهَاب شعلہ آگ۔ جمع شُهُب
شَهَادَات گواہیاں۔ واحد شَهَادَة
شَهَادَة گواہی۔ مصدر۔ شہادۃ۔ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً بقرہ ۱/۲ اور کون زیادہ ظالم ہے اُس شخص سے جو چھپاوے گواہی کو۔ شَهِدَ یَشْهَدُ شَاهِدٌ مَشْهُوْدٌ اِشْهَدْ لَا تَشْهَدْ۔
شُهُب شعلے۔ واحد شِهَاب
شَهِدَ گواہی دی اُس نے اور حاضر ہوا دیکھو شہادۃ۔
شُهَدَاء بہت گواہ واحد شَهِيْد
شَهِدْتُمْ گواہی دی تمنے۔ دیکھو شہادۃ
شَهِدْنَا گواہی دی ہمنے۔ دیکھو شہادۃ
شَهِدُوْا گواہی دی اُنہوں نے دیکھو شہادۃ
شَهْر مہینا۔ جمع شُهُوْر

شَہۡرَیۡنِ دو مہینے۔ واحد شہر

شَہَوَاۃ خواہشیں۔ واحد شہوت

شَہۡوَۃ جی چاہنا اور خواہش۔ مصدر

شہو۔ شہوۃ۔ ف ض۔ اَئِنَّکُمۡ لَتَاۡتُوۡنَ

الرِّجَالَ شَہۡوَۃً نمل ۱۹/۱۹ کیا تم دوڑتے ہو

مردوں پر للچا کر۔ شَہِیَ یَشۡہُوۡ شَاہٍ مَشۡہُوٌّ

اُشۡہُ لَاتَشۡہُ۔

شُہُوۡد گواہ سب اور حاضر ہونیوالے

دیکھو شَہَادَۃ۔ واحد شاہد۔

شُہُوۡر بہت مہینے۔ واحد شہر

شَہِیۡد گواہ۔ جمع شُہَدَاء

شَہِیۡدَیۡنِ دو گواہ۔

شَہِیۡق آوازِ خر۔

شِئۡتَ چاہا تونے۔ دیکھو شَاءَ

شِئۡتُمۡ چاہا تمنے۔ دیکھو شاءَ

شِئۡتُمَا چاہا تم دونو نے۔ دیکھو شَاءَ

شِئۡنَا چاہا ہمنے۔ دیکھو شَاءَ

شَیۡءٌ چیز۔ جمع اَشۡیَاء

شَیَاطِیۡن سرکش سب۔ واحد شیطان

شَیۡب بڑھاپا۔ جمع شِیۡب۔ دیکھو شَیۡبَۃ۔

شَیۡبَۃ سفید بال و پیری۔ ف ن ک۔ ثُمَّ جَعَلَ

مِنۡۢ بَعۡدِ قُوَّۃٍ ضُعۡفًا وَّشَیۡبَۃً۔ روم ۲۱/۹ پھر

کریگا پیچھے زور کے کمزوری اور سفید بال

یعنے پیری۔ شَابَ یَشِیۡبُ شَائِبٌ مَشِیۡبٌ شِبۡ لَاتَشِبۡ

شِیَۃ داغ۔ دھبا۔ جمع شِیَات۔ شِیَۃ۔ وَشۡی

یَشِیۡ سے مشتق ہے۔ اصل میں وشیۃ

تھا و حذف ہوا۔ مصدر وشی۔ شیۃ۔

ف ک۔ نگار کردن جامہ را۔ امر اسکا شہ

ہ سے بولتے ہیں۔ لانہم لاینطقون بحرف

واحد۔ یعنے ایک حرف سے نہیں بولتے

وَشۡی یَشِیۡ وَاشٍ مَوۡشِیٌّ شِہۡ لَاتَشِ۔

شَیۡخ بوڑھا۔ جمع شُیُوۡخ

شِیَع فرقے۔ واحد شِیۡعَۃ

شِیۡعَۃ رفیق۔ جمع اشیاع۔ شیع۔

شَیۡطَان دیو راکس۔ جمع شَیَاطِیۡن

شُیُوۡخ بوڑھے۔ واحد شیخ

ص

ص حروف متشابہات سے ہے معنے اسکے
صدق اللہ۔ صدق محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

صَائِمَات روزہ رکھنے والیاں۔ دیکھو صوم

صَائِمِین روزہ رکھنے والے۔ دیکھو صوم

صَابِر صبر کرنے والا۔ دیکھو صبر

صَابِرَة صبر کرنے والی۔ اور سہارنے والی۔
دیکھو صَبر۔

صَابِرَات سہارنے والیاں۔ دیکھو صبر۔

صَابِرُوْا آپسمیں سہارو۔ مصدر۔ مُصَابَرَة
صَابِرُوْا وَرَابِطُوْا عمران ۲۰/۲۰ آپسمیں سہارو
اور لگے رہو۔ صَابَرَ یُصَابِرُ مُصَابِرٌ صَابِرْ
لَا تُصَابِرْ۔

صَابِرُوْنَ صبر کرنے والے۔ دیکھو صَبر

صَابِئِیْن بیدین اور ستارہ پرست۔ مصدر
اَلصَّبْءُ۔ صُبُوْءٌ۔ ایک دین سے دوسرے
دین کی طرف جانا۔ وَالصَّابِئِیْنَ بقرہ ۸/۱ اور
بیدین۔ صَبَأَ یَصْبَأُ صَابِئٌ مَصْبُوْءٌ اِصْبَأْ لَا تَصْبَأْ

صَاحِب رفیق اور یار۔ جمع صَحْب

صَاحِبْ ساتھ رہ اور رفاقت کر۔ مصدر
مُصَاحَبَة۔ صَاحِبْهُمَا فِی الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا
لقمان ۲۱/۱۱ اور ساتھ دے اُنکا دنیا میں دستور
سے۔ صَاحَبَ یُصَاحِبُ مُصَاحِبٌ صَاحِبْ
لَا تُصَاحِبْ۔

صَاحِبَة عورت اور جورو۔

صَاحِبَیِ دو یار۔ اصل میں صاحبین تھا ن
گر گیا۔

صَاخَّة آواز سخت۔ مصدر صَخٌّ۔ صَاخَّة
فی ض۔ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ عبس ۳/۵
پھر جب آوے وہ غل یعنے آواز سخت
صَخَّ یَصُخُّ صَاخٌّ مَصْخُوْخٌ اُصْخُخْ لَا تَصْخُخْ

صَادِق سچا۔ دیکھو صدق

صَادِقَات سچّی۔ عورتیں دیکھو صدق

صَادِقُوْن سچے لوگ۔ دیکھو صدق

صَارِمِیْن توڑنے والے۔ دیکھو صَرْم

صَاعِقَه بجلی اور عذاب۔ اور آگ کہ آسمان
سے برسے۔ جمع صَوَاعِق۔ فَاَخَذَتْكُمُ
الصّٰعِقَةُ بقرہ ۶/۱ پھر لیا تمکو بجلی نے۔ فَقُلْ
اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّ
ثَمُوْدَ۔ حم سجدہ ۲۴/۱۶ تو کہہ ڈراتا ہوں میں
تمکو عذاب آسمان کے سے مانند عذاب عاد

اور ثمود کے۔ دیکھو صعق۔
صَاغِرُوْن خوار ہونیوالے۔ دیکھو صغار
صَافَّات صف باندھنے والیاں۔ دیکھو صفّ
صَافِنَات گھوڑے تیزرو۔ واحد صافن
صَافُّوْنَ قطار باندھنے والے۔ دیکھو صفّ
صَال پہنچنے والا۔ اصل میں صالی تھا تعلیل
سے گر گئی۔ دیکھو صلیًا۔
صَالِح ایک نیک آدمی۔ اور نام پیغمبر کا۔
صَالِحَات نیک عورتیں۔ واحد صالحۃ
صَالِحُوْن نیک مرد سب۔ واحد صالح
صَالِحِیْن دو نیک مرد۔
صَالُوا پہنچنے والے۔ دیکھو صلیًا
صَامِتُوْن چپ رہنے والے۔ مصدر
صَمْت ف ض۔ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ اعراف
۹/۱۴ یا تم چپکے ہو رہو۔ صَمَتَ یَصْمُتُ صَامِتٌ
مَصْمُوْتٌ اُصْمُتْ لَاتَصْمُتْ۔
صَبّ ڈالنا۔ ف ض۔ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ
سَوْطَ عَذَابٍ فجر ۱۳/۱۴ پھر پھینکا ان پر
تیرے رب نے کوڑا عذاب کا۔ اِنَّا صَبَبْنَا
الْمَاءَ صَبًّا عبس ۱/۲ یہ کہ ڈالا ہم نے پانی

ڈالنے کر۔ صَبَّ يَصُبُّ صَابٌّ مَصْبُوْبٌ
اُصْبُبْ لَاتَصْبُبْ۔
صَبَّ ڈالا اس نے۔ دیکھو صبّ۔
صَبَاح صبح۔ اور اجالا ہونا۔ مصدر صباح ف ف
صَبَاحَۃ معنی فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ۔ صافات
۲۳/۹ تو بری صبح ہو گی ڈرائے گیوں کی۔
صَبَحَ يَصْبَحُ صَابِحٌ مَصْبُوْحٌ اِصْبَحْ لَاتَصْبَحْ۔
صَبُحَ يَصْبُحُ صَبِيْحٌ مَصْبُوْحٌ اُصْبُحْ لَاتَصْبُحْ۔
صَبَّار بڑا سہارنے والا۔ دیکھو صبر
صَبَبْنَا ڈالا ہم نے۔ دیکھو صبّ
صُبْح صبح۔ جمع اصباح
صَبَّحَ فجر کی اٹھنے۔ مصدر تصبیح۔ وَلَقَدْ
صَبَّحَهُمْ قمر ۲/۹ اور پڑا ان پر صبح کو۔ صَبَّحَ
يُصَبِّحُ مُصَبِّحٌ صَبِّحْ لَاتُصَبِّحْ۔
صَبْر سہارنا اور محنت اٹھانی۔ ف ض۔ وَ
اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ بقرہ ۱/۵ اور قوت
پکڑو محنت سہارنے سے اور نماز سے
صَبَرَ يَصْبِرُ صَابِرٌ مَصْبُوْرٌ اِصْبِرْ لَاتَصْبِرْ۔
صَبَرَ محنت اٹھائی اسنے۔ دیکھو صبر
صَبَرْتُمْ سہارا تم نے۔ دیکھو صبر

صَبَرْنَا صبر کیا ہمنے۔ دیکھو صَبَرَ
صَبَرُوْا محنت اُٹھائی اُنہوں نے۔ دیکھو صَبَرَ
صِبْغٌ سالن۔ نان خورش۔ جمع صباغ
صِبْغَةٌ رنگ۔ مصدر صَبَغَ۔ ف ف۔ صِبْغَةَ
اللّٰهِ بقرہ ۱۷ ہمنے لیا رنگ اللہ کا۔ صَبَغَ
يَصْبَغُ صَابِغٌ مَصْبُوْغٌ اِصْبَغْ لَا تَصْبَغْ۔
صُبُّوْا ڈالے گئے وہ۔ دیکھو صَبَّ۔
صَبِيٌّ لڑکا۔ جمع صِبْيَان
صِحَافٌ رکابیاں۔ واحد صَحْفَةٌ
صُحُفٌ کتابیں۔ واحد صحیفۃ
صَخْرٌ پتھر بڑا۔ جمع صَخَرَات۔ صُخُوْر۔
صَخْرَةٌ ایک پتھر۔ جمع صخرات
صَدٌّ روکنا۔ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بقرہ
۲/۱۱ اور روکنا اللہ کے راہ سے۔ صَدَّ
يَصُدُّ صَادٌّ مَصْدُوْدٌ اُصْدُدْ لَا تَصْدُدْ۔
صَدَّ روکا اُس نے۔ دیکھو صَدٌّ
صُدَّ روکا گیا وہ۔ دیکھو صَدٌّ
صَدَدْتُمْ روکا تم نے۔ دیکھو صَدٌّ
صَدَدْنَا روکا ہمنے۔ دیکھو صَدٌّ
صَدْرٌ سینہ۔ جمع صُدُوْر

صَدْعٌ پھٹنا۔ دراڑ یعنے شگافتن۔ اور صاف
صاف بیان کرنا۔ ف ف۔ وَالْاَرْضِ ذَاتِ
الصَّدْعِ طارق ۳۱/۱۱ اور زمین دراڑ کھانیوالی
کی یعنے اُس میں سے پھوٹ نکلتے ہیں
کھیتی اور درخت۔ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ حجر ۴/۶
سو سنا دے کھول کر جو تجکو حکم ہوا۔ صَدَعَ
يَصْدَعُ صَادِعٌ مَصْدُوْعٌ اِصْدَعْ لَا تَصْدَعْ
صَدَفَ پہلوتہی کی اُس نے اور کترایا۔
مصدر صَدْف۔ ف ض۔ وَصَدَفَ عَنْهَا
انعام ۷/۲۰ اور اُن سے کتراوے۔ صَدَفَ
يَصْدِفُ صَادِفٌ مَصْدُوْفٌ اِصْدِفْ لَا تَصْدِفْ
صَدَفَيْنِ دو پھانک۔ دو پہاڑ جمع اَصْدَاف
صِدْقٌ سچ ف ض۔ اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ
عِنْدَ رَبِّهِمْ یونس ۱۱ کہ اُنکو ہے پایہ سچا
اپنے رب کے ہاں۔ صَدَقَ يَصْدُقُ
صَادِقٌ مَصْدُوْقٌ اُصْدُقْ لَا تَصْدُقْ
صَدَقَ سچ کہا۔ دیکھو صِدْق
صَدَّقَ سچایا اُس نے۔ مصدر تَصْدِيْق
وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖ زمر ۲۴/۴
اور جو لایا سچی بات اور سچ مانا اُسکو۔ صَدَّقَ

يُصَدِّقُ مُصَدِّقٌ صَدِّقْ لَا تُصَدِّقْ۔

صَدَقَات خیراتیں۔ واحد صَدَقَه

صَدُقَات مہریں۔ واحد صُدُقَه۔ صَدَاق

صَدَقَة خیرات اور زکوٰۃ۔ جمع صَدَقَات

صَدَقْتَ سچ کہا تو نے۔ دیکھو صِدْق

صَدَقَتْ سچ کہا اُس نے۔ دیکھو صِدق

صَدَّقْتَ سچایا تو نے۔ دیکھو صدّق

صَدَقْنَا سچ کہا ہمنے۔ دیکھو صِدق

صَدَّقْنَا سچایا ہمنے۔ دیکھو صدّق

صَدَقُوْا سچے ہوئے وہ۔ دیکھو صِدق

صَدُّوْا اٹکایا اُنھوں نے۔ دیکھو صَدّ

صُدُّوْا روکے گئے۔ دیکھو صَدّ

صُدُوْد روکنا اور مونھہ پھیرنا۔ دیکھو صَدّ۔

صُدُوْر سینے۔ واحد صَدْر

صَدِیْد پیپ یعنے زرداب۔ وَيُسْقَىٰ مِنْ مَّاءٍ صَدِيْدٍ ابراہیم ۱۶ اور پلاوینگے اُسکو پانی پیپ کا۔

صَدِیْق دوست سچا بوزن فعیل۔ جمع اَصْدِقَاء۔ صُدَقَاء۔ صُدْقَان۔ جمع الجمع اَصَادِق۔

صِدِّیْق بڑا سچّا۔ صیغہ مبالغہ کا ہے۔ دیکھو صِدْق۔

صِدِّیْقَة بڑی سچی عورت۔ دیکھو صِدق

صِدِّیْقُوْن بہت سچے۔ دیکھو صِدق

صِرّ پالا اور سردی۔

صُرْ ہلا۔ ٹکڑے کر۔ مصدر الصَّوْر۔ ف ض ل۔ بمعنے میل دادن چیزے را وبریدن و جدا کردن۔ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ بقرہ ۳۵ خدا نے کہا کہ لے چار پرندوں کو پھر اُنکے ٹکڑے اپنے پاس کر ڈال۔ صَارَ يَصُوْرُ صَائِرٌ مَصُوْرٌ صُرْ لَا تَصُرْ۔

صِرَاط راہ۔

صِرَاطُ الْمُسْتَقِيْم راہ سیدھی شرع کی درمیان افراط اور تفریط کے۔

صَرَّة فریاد۔

صَرْح محل۔ جمع صُرُوْح۔

صَرْصَر ہوا تند کہ ہوش وحواس پریشان کرے۔ اصل میں صَرَّر تھا۔ دوم کو ساتھ ص

کے بدل کیا صَرْصَرْ ہوا۔

صَرْعٰی بے ہوش مرگی والا۔ مصدر صَرْع بر زمیں افگندن کسے را و تنگ گرفتن ف ف۔ فَتَرَی الْقَوْمَ فِیْهَا صَرْعٰی حاقہ ۲۹/۵ پھر تو دیکھے لوگ اُنمیں بچھڑ گئے۔ صَرَعَ یَصْرَعُ صَارِعٌ مَصْرُوْعٌ اِصْرَعْ لَا تَصْرَعْ۔

صَرْف پھیرنا اور خرچ کرنا ف ف۔ فَمَا تَسْتَطِیْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا فرقان ۱۸/۱۴ اب تم نہ پھیر دے سکتے ہو اور نہ مدد کر سکتے ہو۔ صَرَفَ یَصْرِفُ صَارِفٌ مَصْرُوْفٌ اِصْرِفْ لَا تَصْرِفْ۔

صَرَفَ پھیرا اُس نے۔ دیکھو صَرْف

صُرِفَتْ پھیری گئی وہ۔ دیکھو صَرْف

صَرَفْنَا پھیرا ہمنے۔ دیکھو صَرْف

صَرَّفْنَا خوب بار بار پھیرا ہمنے۔ دیکھو تصریف

صَرِیْخ فریادرس۔ مصدر صَرْخ ف ف۔ فَلَا صَرِیْخَ لَهُمْ۔ یس ۲۳/۲ پھر کوئی نہ پہنچے انکی فریاد کو۔ صَرَخَ یَصْرَخُ صَارِخٌ صَرِیْخٌ مَصْرُوْخٌ اِصْرَخْ لَا تَصْرَخْ۔

صَرِیْم ٹوٹا۔ مصدر صَرْم بریدن ف ف۔ فَاَصْبَحَتْ کَالصَّرِیْمِ ۲۹/۳ پھر صبح تک ہو رہا۔ جیسے ٹوٹ چکا صَرَمَ یَصْرِمُ صَارِمٌ مَصْرُوْمٌ اِصْرِمْ لَا تَصْرِمْ۔

صَعَد عذاب سخت۔ جمع صَعَدَات اور نام پہاڑ دوزخ کا۔

صَعِق بے ہوش ہونا۔ وَخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا اعراف ۹/۲ اور گر پڑا موسٰی بے ہوش صَعِقَ یَصْعَقُ صَاعِقٌ مَصْعُوْقٌ اِصْعَقْ لَا تَصْعَقْ۔

صَعُوْد بلندی اور نام پہاڑ دوزخ کا۔ جمع صُعُد صُعَائِد مصدر صَعْد صُعُوْد سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا مدثر ۲۹/۱۵ اب اُس سے چڑھواونگا بڑی چڑھائی صَعِدَ یَصْعَدُ صَاعِدٌ مَصْعُوْدٌ اِصْعَدْ لَا تَصْعَدْ۔

صَعِیْد خاک اور روئے زمین۔ جمع صُعُدَات

صَغَار خرابی اور ذلت۔ مصدر صَغَار صَغَر ل ف۔ سَیُصِیْبُ الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ انعام ۴/۲ قریب ہے کہ پہنچیگی اُن لوگوں کو جو گناہ کرتے ہیں ذلت خدا کے نزدیک۔ صَغِرَ یَصْغَرُ صَاغِرٌ

مَصْغُوْرٌ اِصْغَرْ لَا تَصْغَرْ۔

صَغَتْ ٹیڑھی کج ہوئی۔ مصدر صَغْو۔ میل کردن ف ض۔ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا تحریم ۲۸/۱۹ تو جھک پڑے ہیں دل تمہارے

صَغٰی یَصْغُوْ صَاغٍ مَصْغُوٌّ اُصْغُ لَا تَصْغُ

صَغِیْر چھوٹا۔ جمع صُغَرَاء۔ صِغَار۔

صَغِیْرَۃ چھوٹی۔

صَفّ قطار۔ جمع صفوف۔ مصدر الصَّفُّ۔ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا۔ صافات ۲۳/۵ قسم صف باندھنے والوں کی قطار ہو کر

صَفَّ یَصُفُّ صَافٌّ مَصْفُوْفٌ اُصْفُفْ لَا تَصْفُفْ۔

صَفَا نام ایک پہاڑ کا۔

صَفْحٌ درگذر کرنا۔ ف ف۔ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِیْلَ حجر ۱۴/۴ سو درگذر کر درگذر کرنا اچھا۔ صَفَحَ یَصْفَحُ صَافِحٌ مَصْفُوْحٌ اِصْفَحْ لَا تَصْفَحْ۔

صُفْرٌ زردیاں۔ واحد صفرا

صَفْرَاءُ زرد۔ یہ مؤنث اصفر کا ہے

صَفْصَف پڑ میدان۔

صَفْوَان پتھر برابر ہموار چکنے صاف۔ واحد صَفْوَاء۔

صَكَّتْ تپانچہ مارا۔ پیٹا۔ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا ذاریات ۲۶/۱۹ پھر پیٹا اپنا ماتھا۔ صَكَّ یَصُكُّ صَاكٌّ مَصْكُوْكٌ اُصْكُكْ لَا تَصْكُكْ

صَلِّ نماز پڑھ۔ مصدر تَصْلِیَۃ۔ فَصَلِّ لِرَبِّكَ کوثر ۳۰/۳۴ پھر نماز پڑھ واسطے رب اپنے کے

صَلّٰی یُصَلِّیْ مُصَلٍّ مُصَلًّی صَلِّ لَا تُصَلِّ۔

صُلْب پیٹھ کی ہڈی۔ جمع اَصْلَاب۔

صَلَبُوْا دار پر کھینچا اُنہوں نے۔ مصدر صَلْب ف ض۔ وَمَا صَلَبُوْهُ نساء ۶/۲ اور نہ سولی پر چڑھایا اسکو۔ صَلَبَ یَصْلُبُ صَالِبٌ مَصْلُوْبٌ اُصْلُبْ لَا تَصْلُبْ۔

صُلْح موافقت۔

صَلَحَ نیک ہوا وہ۔ مصدر صلح۔ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ مومن ۲۴/۲ اور جو کوئی نیک ہوا انکے باپوں میں۔ صَلَحَ یَصْلُحُ صَالِحٌ مَصْلُوْحٌ اِصْلَحْ لَا تَصْلَحْ۔

صَلْد سخت اور صاف۔

صَلْصَال گھنگھنانیوالا یعنے مٹی خشک

بجنے والی یعنے جس خشک مٹی سے آواز

نکلے۔

صَلُّوْا درود بھیجو۔ لاؤ اور بیٹھاؤ۔ صَلُّوْا عَلَیْہِ

وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا احزاب ۲۲/۴ اور درود

بھیجو اُس پر اور سلام بھیجو سلام کہہ کر۔

ثُمَّ الْجَحِیْمَ صَلُّوْهُ حاقہ ۲۹/۵ پھر آگ کے

ڈھیر میں اُسکو بٹھاؤ۔ دیکھو صَلِّ

صَلٰوۃ نماز اور دعا اور رحمت۔ جمع صَلَوَات

صَلَوَات نمازیں اور شاباشیں۔ دعا۔ واحد

صَلٰوۃ۔ حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوَاتِ بقر ۲/۱۵

حفاظت کرو نمازوں کی۔ اُولٰٓئِكَ عَلَیْهِمْ

صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ بقر ۲/۳ ایسے

لوگ اُنہیں پر شاباشیں ہیں اپنے رب کی

اور مہربانی۔ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ توبہ ۱۱/۱

اور رسول کی دعائے خیر

صَلَوٰت کنائس یہودوں کے یعنے عبادتخانے

اصل میں صلوتا تھا یہ لفظ عبرانی ہے

لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِیَعٌ وَّصَلَوٰتٌ حج

۱۳/۷ توڑھائے جاتے تکیئے اور مدرسے اور

عبادتخانے۔

صَلّٰی نماز پڑھی اُس نے۔ دیکھو صلّ

صِلِیّ پہنچنے والا۔ دیکھو صِلِیًّا

صِلِیًّا آگ میں جلنا۔ ک ف۔ ثُمَّ لَنَحْنُ

اَعْلَمُ بِالَّذِیْنَ هُمْ اَوْلٰی بِهَا صِلِیًّا مریم ۱۲/۸

پھر ہمکو خوب معلوم ہیں جو بہت قابل

ہیں اُس میں بیٹھنے کے یعنے دوزخ میں

داخل ہونے کے۔ صَلِیَ یَصْلٰی صَالٍ صِلِیًّا

مَصْلِیٌّ اِصْلَ لَا تَصْلَ۔

صُمٌّ بہرے واحد اَصَم

صَمَد بے نیاز۔

صَمُّوْا بہرے ہوئے وہ۔ مصدر صَمّ۔

ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِیْرٌ مِّنْهُمْ مائدہ ۶/۱۴

پھر اُن میں سے بہت سے اندھے ہوئے

اور بہرے ہوئے۔ صَمَّ یَصُمُّ صَامٌّ

مَصْمُوْمٌ اُصْمُمْ لَا تَصْمُمْ۔

صُنْع بنانا اور کاریگری ف ف۔ صُنْعَ

اللّٰهِ الَّذِیْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَیْءٍ نمل ۲/۳ کاریگری

اللہ کی جس نے سادھی ہر چیز۔ وَعَلَّمْنٰهُ

صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ انبیا ۶/۱ اور اُسکو یعنے

داؤد کو سکھایا ہمنے بنانا ایک تمہارا پہناوا

صَنَعَ یَصْنَعُ صَانِعٌ مَصْنُوعٌ اِصْنَعْ لَاتَصْنَعْ۔

صَنْعَة بنانا اور کاری گری۔ دیکھو صَنَعَ

صَنَعُوْا بنایا اُنہوں نے۔ دیکھو صَنَعَ

صِنْوَان ملی ہوئی جڑ دو درخت کی۔ واحد صِنو۔ وَزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ رعد ۱۳/۱ اور کھیتی اور کھجوریں جڑ ملی اور بن ملی۔

صَوَاب درست اور ٹھیک۔ جمع اَصْوِبَه

صُوَاع پیمانہ اور پانی پینے کا بڑا پیالہ۔ جمع صِیعَان۔

صَوَاعِق بجلیاں۔ واحد صَاعِقَة

صَوَافّ قطار باندھنے والے۔ دیکھو صَفّ

صَوَامِع عبادتخانے راہبوں کے واحد صَوْمَعَة

صَوْت آواز۔ جمع اَصْوَات

صُوَر شکلیں۔ واحد صورت

صُوْر نرسنگا اسرافیل ؑ کا۔

صَوَّرَ شکل بنائی اُسنے۔ مصدر تَصْوِیر۔ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ تغابن ۲۸/۱۵ اور صورت کھینچی تمہاری پھر اچھی بنائی تمہاری صورتیں۔ صَوَّرَ يُصَوِّرُ مُصَوِّرٌ صَوِّرْ لَاتُصَوِّرْ۔

صُوْرَة شکل۔ جمع صُوَر

صَوَّرْنَا شکل بنائی ہمنے۔ دیکھو صوّر

صَوْم روزہ۔ جمع صیام۔ مصدر صَوْم۔ صِیَام۔ اِنِّیْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا مریم ۱۶/۵ میں نے مانا ہے رحمٰن کا ایک روزہ صَامَ يَصُوْمُ صَائِمٌ مَصُوْمٌ صُمْ لَاتَصُمْ۔

صِهْر سسرال۔ جمع اَصْهَار۔ صُهَرَآءُ۔

صَیَاصِیْ قلعے اور محل اور جائے پناہ۔ واحد صیصة۔

صِیَام روزے۔ واحد صَوْم۔ دیکھو صَوْم

صَیِّب بارش۔ بوزن فیعل صوب سے مشتق ہے بمعنے نزول کے۔ جمع صَیِّبَات۔

صَیْحَة آواز سخت۔ واحد صَیْحَة

صَیْد شکار۔ جمع مَصَائِد

صَیْف گرمی کے ایام۔ جمع اَصْیَاف

ض

ضَائِق تنگ ہونے والا۔ دیکھو ضیق

ضَاحِك ہنسنے والا۔ دیکھو ضَحِكَ

ضَاحِكَةٌ ہنسنے والی۔ دیکھو ضَحِكَ

ضَارّ بگاڑنے والا۔ دیکھو ضرّ

ضَارِّيْن بگاڑنے والے۔ دیکھو ضرّ

ضَاقَ تنگدل ہوا۔ دیکھو ضَيَق

ضَاقَتْ تنگدل ہوئی۔ دیکھو ضَيْق

ضَالّ گمراہ دیکھو ضَلَالَة

ضَالُّوْن راہ بھٹکنیوالے۔ دیکھو ضلالۃ

ضَامِر اونٹ لاغر۔ جمع ضُمُوْر

ضَأْن بھیڑ جسکو بال ہوتے ہیں۔
جمع اَضْئُوْن۔

ضَبْح ہانپنا ف۔ وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا عادیات
۳۰/۲۵ قسم ہے گھوڑوں دوڑنے والوں کی
ہانپ کر۔ قسم باسپان تیز دونده بوجھے
که از دم بر شوند۔ ضَبَحَ يَضْبَحُ ضَابِحٌ مَضْبُوْحٌ
اِضْبَحْ لَاتَضْبَحْ۔

ضَحِكَتْ ہنسی وہ۔ مصدر ضَحِك ك ف۔
وَامْرَأَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ ہود ۱۲/۷ اور اسکی
عورت کھڑی تھی تب وہ ہنس پڑی۔

ضَحِكَ يَضْحَكُ ضَاحِكٌ مَضْحُوْكٌ اِضْحَكْ لَاتَضْحَكْ

ضُحٰی دھوپ نکلنے کا وقت۔ اصل میں
ضحو تھا۔ مصدر ضُحٰی۔ ضُحِيًّا۔ ف ف۔ ك ف
وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى طٰہ ۱۶/۱۲ اور یہ کہ جمع
کرلے لوگوں کو دن چڑھے۔ وَالضُّحٰى ۳۰/۱۸
قسم دھوپ چڑھتے وقت کی۔ ضَحٰی يَضْحٰی
ضَاحٍ مَضْحِيٌّ اِضْحَ لَاتَضْحَ۔

ضِدّ مخالفت۔ جمع اَضْدَاد

ضَرّ نقصان۔ مصدر ضرر۔ ضَرّ ف ص۔
قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا۔ یونس ۱۱/۱
کہدے اے پیغمبر کہ میں نہیں مالک ہوں اپنی
جان کے لیئے نقصان کا اور نہ نفع کا۔ ضَرَّ
يَضُرُّ ضَارٌّ مَضْرُوْرٌ اُضْرُرْ لَاتَضْرُرْ۔

ضُرّ تکلیف اور سختی اور بدحالی۔ دیکھو ضرّ

ضَرَّاء سختی اور محنت۔ دیکھو ضرّ

ضِرَار ضد یکدیگر۔ مصدر مُضَارَّة مخالفت مزاح
وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا۔ بقرہ ۲/۱۳ اور مت
روکو انکو ضرر پہنچانے کو تاکہ ان پر زیادتی کرو
ضَارَّ يُضَارُّ مُضَارٌّ ضَارِدْ لَاتُضَارِدْ۔

ضَرَب مارنا۔ چلنا۔ مثل بیان کرنی۔ فواغ

عَلَیہِمْ ضَرْبًا بِالْیَمِیْنِ صافات ۲۳/۷ پھر گھسا
اُن پر مارتا داہنے ہاتھ سے۔ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ
ضَرْبًا فِی الْاَرْضِ بقر ۳/۷ نہیں استطاعت
رکھتے چلنے کی زمین میں یعنے سفر کرنے کی۔
وَاضْرِبْ لَھُمْ مَثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْیَۃِ یٰس ۲۲/۱۱
اور بیان کر اُنکے واسطے ایک کہاوت لوگ
اُس گاؤں کی۔ ضَرَبَ یَضْرِبُ ضَارِبٌ۔
مَضْرُوْبٌ اِضْرِبْ لَاتَضْرِبْ۔

ضَرَبَ مارا بیان کیا۔ دیکھو ضَرْب

ضُرِبَ بیان کیا گیا۔ بنایا گیا۔ دیکھو ضَرْب
فَضُرِبَ بَیْنَھُمْ بِسُوْرٍ حدید ۲۷/۱۸ پھر بنائی گئی
اُنکے بیچ میں ایک دیوار۔

ضُرِبَتْ ماری گئی۔ دیکھو ضَرْب

ضَرَبْتُمْ مارا تُمنے۔ دیکھو ضَرْب

ضَرَبْنَا مارا ہمنے۔ دیکھو ضَرْب

ضَرَبُوْا مارے اور چلے اور بیان کیئے۔
دیکھو ضَرْب۔

ضُرِبُوْا بیان کیئے گئے۔ دیکھو ضَرْب

ضَرَر نقصان دیکھو ضَرّ

ضَرِیْع نام ایک گھانس کا نٹے دار بدبودار
کا سوائی اونٹ کے اور کوئی جانور نہیں
کھاتا۔ جبتک سبز رہتا ہے اسکو شبرق کہتے
ہیں اور خشک کو ضریع۔

ضِعَاف ناتوان سب۔ واحد ضَعُوْف

ضُعْف ناتوانی اور سستی ض ض۔ ثُمَّ
جَعَلَ مِنْ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّۃً روم ۲۱/۹ پھر
کی پیچھے ناتوانی کے قوت۔ ضَعُفَ یَضْعُفُ
ضَعِیْفٌ مَضْعُوْفٌ اُضْعُفْ لَاتَضْعُفْ۔

ضَعُفَ کمزور ہوا وہ۔ دیکھو ضُعْف

ضِعْف مانند اور دومثل۔ جمع اَضْعَاف

ضُعَفَاءُ کمزور سب۔ واحد ضعیف

ضَعُفُوْا کمزور ہوئے وہ۔ دیکھو ضُعْف

ضَعِیْف سست اور ناتوان۔ جمع ضُعَفَاءُ
دیکھو ضُعْف۔

ضِعْفَیْنِ دوگنا۔ دوچنداں۔

ضِغْث جھاڑو جاروب۔ جمع اضغاث

ضَفَادِع مینڈکیں یعنے غوک۔ واحد ضفدع

ضَلَّ راہ بھولا وہ۔ دیکھو ضَلَالَۃ

ضَلَال گمراہی اور نافہمی۔ دیکھو ضَلَالَۃ

ضَلَالَۃ گمراہی ف۔ ک۔ یَشْتَرُوْنَ الضَّلَالَۃَ

نساء ۵/۳ خرید کرتے ہیں گمراہی۔ ضَلَّ یَضِلُّ
ضَالٍّ مَضْلُوْلٌ اِضْلِلْ لَاتَضْلِلْ۔

ضَلَلْتُ راہ بھولا ہیں۔ دیکھو ضَلَالَۃ

ضَلَلْنَا راہ بھولے ہم اور خاک اور ناچیز ہوئے ہم اور رل گئے ہم دیکھو ضَلَالَۃ۔

ضَلُّوْا راہ بھولے وے۔ دیکھو ضَلَالَۃ

ضَنْكٌ تنگ اور تنگی۔ مذکر اور مؤنث واسطے بولا جاتا ہے۔

ضَنِیْنٌ بخیل۔

ضِیَآءٌ روشنی۔

ضَیْرٌ نقصان اور تنگی۔

ضِیْزٰی بھونڈی اور خراب قسمت
تِلْكَ اِذًا قِسْمَۃٌ ضِیْزٰی۔ نجم ۲۷/۵ تو یہ بانٹنا بھونڈا۔

ضَیْفٌ مہمان۔ جمع اَضْیَاف ضُیُوْف

ضَیْقٌ تنگی اور تنگ ہونا۔ فن ك۔ وَلَاتَكُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْكُرُوْنَ۔ نحل ۱۴/۲۲ اور مت خفہ رہ انکے فریب سے
ضَاقَ یَضِیْقُ ضَآئِقٌ مَضِیْقٌ ضِقْ لَاتَضِقْ

ضَیِّقٌ تنگ اور بخیل۔ مصدر تَضْیِیْق تنگ کرنا۔ تنگ گرفتن بر کسے۔ مَکَانًا ضَیِّقًا فرقان ۱۴/۱ ایک جگہ تنگ۔ ضَیَّقَ یُضَیِّقُ مُضَیِّقٌ ضَیِّقْ لَاتُضَیِّقْ۔

ط

طَآئِرٌ اڑنیوالا۔ دیکھو یطیر

طَآئِعِیْنَ فرمانبرداری کرنیوالے دیکھو طاعۃ

طَآئِفٌ وسوسہ۔ پھرنے والا کوتوال۔ اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ شعراء ۱۹/۱۴ جب چھیڑتا ہے انکو وسوسہ شیطان سے۔
فَطَافَ عَلَیْهَا طَآئِفٌ ن ۲۹/۳ پھر پھیرا کر گیا اُسپر کوئی پھیرے والا۔ دیکھو طاف۔

طَآئِفَةٌ پھرنیوالی ٹکڑا جماعت سے۔ دیکھو طاف

طَآئِفَتَانِ دو گروہ

طَآئِفَتَیْنِ دو گروہ۔

طَآئِفِیْنَ پھرنے والے۔ دیکھو طاف

طَابَ پاک ہوا اور خوش آیا۔ مصدر

طِیْبَۃ ۔ تَطْیَاب۔ ف ک۔ مَا طَابَ لَکُمْ تساء ٤/١٢ جو تمکو خوش آویں۔ طَابَ یَطِیْبُ طَائِبٌ مَطِیْبٌ طِبْ لَاتَطِبْ۔

طَارِد ہانکنے والا۔ دیکھو طَرَدَتْ

طَارِق رات کا آنے والا۔ مصدر طُرُوْق ف ض۔ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ طارق ٣٠/١١ قسم ہے آسمان کی اور رات آنے والی کی طَرَقَ یَطْرُقُ طَارِقٌ مَطْرُوْقٌ اُطْرُقْ لَاتَطْرُقْ

طَاعَة فرماں برداری۔ وَیَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ نساء ٥/٨ اور کہتے ہیں کہ کام ہمارا فرماں برداری ہے۔ طَاعَ یَطِیْعُ طَائِعٌ مَطِیْعٌ طِعْ لَاتَطِعْ۔

طَاعِم کھانے والا۔ دیکھو طعام۔

طَاغُوْت شیطان اور سرکش اور بت اور جو کچھ کہ آدمی کو گمراہ کرے اور پیشوا کافروں کا۔ جمع طَوَاغِیْت۔ طاغوت اصل میں طیغوت ہے۔

طَاغُوْن سرکش سب واحد طَاغِی۔ دیکھو طُغْیَان۔

طَاغِیَة حد سے بڑھنے والی۔ دیکھو طغیان

طَاغِیْن سرکش سب۔ دیکھو طغیان

طَاف پھرا۔ مصدر طَوْف۔ ف ض۔ فَطَافَ عَلَیْهَا طَائِفٌ ن ٢٩/٣ پھر پھیرا کر گیا اُس پر کوئی پھیرے والا۔ طَافَ یَطُوْفُ طَائِفٌ مَطُوْفٌ طُفْ لَاتَطُفْ

طَاقَة توانائی۔ طاقت۔ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ۔ بقر ٣/٨ اے پروردگار ہمارے اور مت رکھ ہم پر وہ چیز جسکی برداشت کی ہمکو طاقت نہیں طَاقَ یَطِیْقُ طَائِقٌ مَطِیْقٌ طِقْ لَاتَطِقْ۔

طَال لنبا ہوا۔ دیکھو طُوْل

طَالِب ڈھونڈنے والا۔ دیکھو طَلَب

طَالُوْت نام ایک بادشاہ مسلمان کا۔

طَامَّة ہنگامۂ قیامت۔

طِبَاق تہ بتہ۔ واحد طبقه

طِبْنَ پاک ہوئیں وہ اور خوشی خاطر سے دی اُنہوں نے۔ واحد طِبْتَ۔ دیکھو طَاب

طِبْتُمْ پاک ہوئے تُم دیکھو طَاب

طُبِعَ مہر کی گئی وہ۔ دیکھو طبع۔ صلہ اسکا علٰے ہوتا ہے یعنے لفظ علی جب اسکے بعد

آتا ہے تب مضمون سمجھا جاتا
ہے۔
طَبَعَ مہر کی اُس نے۔ مصدر طَبع۔ بَلْ
طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا نساء ۲۶ بلکہ مُہر کی اللہ نے
اُس پر۔ طَبَعَ يَطْبَعُ طَابِعٌ مَطْبُوعٌ اِطْبَعْ لَاتَطْبَعْ
طَبَق کھنڈ یعنے درجہ بدرجہ۔ لَتَرْكَبُنَّ
طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ انشقاق ۳ سوار ہوگے
تم دن قیامت کے یعنے ایک حالت
سے دوسری حالت پر۔
طَحٰی بچھایا۔ مصدر طَحْو۔ وَالْاَرْضِ وَمَا
طَحٰهَا شمس ۱۶ اور قسم زمین کی اور
جس نے بچھایا اسکو۔ طَحٰی يَطْحُوْ طَاحٍ
مَطْحُوٌّ اُطْحُ لَاتَطْحُ۔
طَرَائِق گروہ سب۔ واحد طریقہ
طَرَدْتُ ہانکا میں نے۔ مصدر طَرْد
ف۔ ض۔ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ہود ۱۲ اگر ہانکدوں
میں اُنکو۔ طَرَدَ يَطْرُدُ طَارِدٌ مَطْرُوْدٌ اُطْرُدْ
لَاتَطْرُدْ۔
طَرَف کنارہ جماعت سے۔ جمع اَطْرَاف
طَرْف نگاہ۔ جمع اور مفرد پر استعمال
کیا جاتا ہے۔
طَرَفَیِ دو کنارے۔
طَرِیٌّ تازہ۔
طَرِیْق راہ۔ جمع طُرُق
طَرِیْقَة راہ و روش۔
طٰسٓ۔ طٰسٓمٓ یہ حروف متشابہات
سے ہیں۔ نام قرآن شریف اور نام
اللہ کے ہیں۔
طَعَام گیہوں۔ اور کھانا کھانے کی چیز
جمع اَطْعِمَہ۔ مصدر طَعْم۔ طعام۔ فَلْيَنْظُرِ
الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖ عبس ۳۵ اب نگاہ
کرے آدمی اپنے کھانے کو۔ طَعِمَ يَطْعَمُ
طَاعِمٌ مَطْعُوْمٌ اِطْعَمْ لَاتَطْعَمْ۔
طَعْم مزہ۔ جمع طُعُوْم
طَعِمْتُمْ کھایا تم نے۔ دیکھو طعام
طَعْن عیب کرنا اور نیزہ مارنا۔ ف۔ ف۔
ف۔ ض۔ وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ۔ نساء ۵ اور
دین میں طعنہ کرتے ہیں۔ طَعَنَ يَطْعَنُ
طَاعِنٌ مَطْعُوْنٌ اِطْعَنْ لَاتَطْعَنْ۔
طَعَنُوْا عیب کیئے اور نیزہ مارا اُنہوں نے

دیکھو طغن۔

طَغَوا شرارت کی اُنہوں نے۔ دیکھو طُغیان

طُغْیَان سرکشی ف ف۔ طُغیانًا وَّ کُفْرًا۔ کہف ۱۲/۶ سرکشی میں اور کفر میں۔ طَغٰی یَطْغٰی طَاغٍ مَطْغِیٌّ اِطْغَ لَا تَطْغَ۔

طَغْوٰی شرارت۔ دیکھو طُغیان

طَغٰی حد سے بڑھا وہ۔ دیکھو طُغیان

طَفِقَ شروع کیا اس نے۔ مصدر طَفْق طُفُوْق۔ ل ف۔ یعنے نزدیک شدن و شروع کردن فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَ الْاَعْنَاقِ۔ ص ۲۳/۳ پھر لگا جھاڑنے پنڈلیاں اور گردنیں۔ طَفِقَ یَطْفَقُ طَافِقٌ مَطْفُوْقٌ اِطْفَقْ لَا تَطْفَقْ۔

طَفِقَا شروع کیئے دونوں نے۔ دیکھو طفق

طِفْل لڑکا۔ جمع اَطْفَال

طَلّ اوس یعنے شبنم اور بارش کے چھوٹے چھوٹے قطرے یعنے پھوار۔ جمع طِلَال طِلَل۔

طَلَاق عورت کو نکاح سے باہر کرنا۔ ف ض اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ۔ بقرہ ۲۸/۱۲ طلاق دینی دو دفعہ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ بقرہ ۲۸/۱۱ اگر انہوں نے طلاق دینے کا ارادہ کیا ہے۔ طَلَقَ یَطْلُقُ طَالِقٌ مَطْلُوْقٌ اُطْلُقْ لَا تَطْلُقْ۔

طَلَب طلب کرنا ڈھونڈنا۔ ف ض۔ فَلَنْ تَسْتَطِیْعَ لَهٗ طَلَبًا۔ کہف ۱۵/۵ پھر نہ سکے تو کہ اُسکو ڈھونڈ لاوے۔ طَلَبَ یَطْلُبُ طَالِبٌ مَطْلُوْبٌ اُطْلُبْ لَا تَطْلُبْ۔

طَلْح کیلا۔ جمع طِلَاح

طَلْع گابھا یعنے شگوفہ جو اول درخت کھجور سے نکلے۔

طَلَعَتْ چمکی اور نکلی۔ مصدر طلوع۔ ف ض۔ وَتَرَی الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ کہف ۱۵/۱۴ تو دیکھے دھوپ جب نکلتی ہے طَلَعَ یَطْلُعُ طَالِعٌ مَطْلُوْعٌ اُطْلُعْ لَا تَطْلُعْ

طَلَّقَ رخصت کیا اور چھوڑ دیا۔ مصدر تَطْلِیْق۔ فَاِنْ طَلَّقَهَا۔ بقرہ ۲۹/۱۴ پھر اگر وہ شخص اُسکو طلاق دے۔ طَلَّقَ یُطَلِّقُ مُطَلِّقٌ طَلِّقْ لَا تُطَلِّقْ۔

طَلَّقْتُمُ چھوڑ دیا تم نے۔ دیکھو طَلَّقَ

طَلَّقْتُمُوْا چھوڑ دیا تم نے۔ دیکھو طَلَّقَ

طَلِّقُوْا چھوڑ دو تم۔ دیکھو طَلَّقَ

طُلُوْع سورج کا نکلنا۔

طَمَع توقع اور آرزو۔ ف ف۔ وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا۔ اعراف ۵۶/۷ اور پکارو اسکو ڈر اور توقع سے۔ طَمَعَ یَطْمَعُ طَامِعٌ مَطْمُوْعٌ اِطْمَعْ لَاتَطْمَعْ۔

طَمَسْنَا مٹا یا ہمنے۔ مصدر طَمْس۔ ت ض و ک۔ وَلَوْنَشَاءُ لَطَمَسْنَا یٰس ۲۳/۴ اور اگر ہم چاہیں مٹا دیں۔ طَمَسَ یَطْمِسُ طَامِسٌ مَطْمُوْسٌ اِطْمِسْ لَاتَطْمِسْ۔

طُمِسَتْ مٹائی گئی وہ۔ دیکھو طَمَسْنَا

طُوْبٰی خوبی۔ اور نام درخت کا۔ اصل میں۔ طُیبی تھا مثل ثُعْلٰی کے یٰ کو و سے بدلا۔ طُوْبٰی لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ رعد ۱۳/۴ خوبی ہے انکو اور اچھا ٹھکانا۔

طَوْد پہاڑ۔ کوہ۔ جمع اَطْوَاد۔

طُوْر نام پہاڑ جائے دعا حضرت موسیٰ ع

طَوْع خوش اور فرماں برداری۔ دیکھو طَاعَةٌ

طَوَّعَتْ فرماں بردار کیا اُس نے۔ مصدر تَطْوِیْع۔ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ مائدہ ۶/۵ پھر آسان کر دیا اُسکے لیئے اُسکے نفس نے۔ طَوَّعَ یُطَوِّعُ مُطَوِّعٌ طَوِّعْ لَاتُطَوِّعْ۔

طَوَّافُوْنَ طواف کرنے والے۔ دیکھو طاف

طُوْفَان پانی کا زور۔ واحد طوفانة

طَوْل طاقت اور مقدور۔ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ۔ توبہ ۱۱/۱۰ وسعت والے اُن میں سے وَمَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا۔ نساء ۵/۴ اور جو کوئی تم میں سے بلحاظ مقدور کے استطاعت نہ رکھتا ہو۔

طُوْل لنباؤ۔ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا۔ بنی اسرائیل ۱۵/۴ اور ہرگز نہ پہنچیگا پہاڑوں کے لنباؤ میں۔ طَالَ یَطُوْلُ طَائِلٌ مَطُوْلٌ طُلْ لَاتَطُلْ۔

طُوًی پاکیزہ۔ نام ایک وادی کا ہے کہ جہاں حضرت موسیٰ ع کو رسالت ملی۔ یہ وادی ملک شام میں ہے۔

طَوِیْل لنبا۔ جمع طِوَال۔ طِیَال۔

طٰهٰ حروف متشابہات سے ہے۔ نام خدا تعالیٰ کا۔ یا نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ حرف ندا کا محذوف ہے یعنے اے محمد صلی

اللہ علیہ وسلم۔ اصل میں طٰہٰ تھا ۂ کے
ساتھ بدل گیا۔ صیغہ امر کا ہے بمعنے آرام
کر۔ یا بمعنے اے مرد۔

طَهِّرْ پاک کرتو۔ دیکھو تطہیر

طَهَّرَ پاک کیا اُس نے۔ دیکھو تطہیر

طَهِّرَا پاک کرو دونو۔ دیکھو تطہیر

طَهُوْر پاک کرنے والا۔ مصدر طَهَارَةٌ۔
فتح ض۔ ض ض۔ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً
طَهُوْرًا۔ فرقان ۱۹/۳ اور اُتارا ہمنے آسمان سے
پانی ستھرائی کرنے والا۔ طَهَرَ يَطْهُرُ طَاهِرٌ
طَهُوْرٌ مَطْهُوْرٌ اُطْهُرْ لَا تَطْهُرْ۔

طَيّ لپیٹنا۔ ف ک۔ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ
السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ۔ انبیاء ۱۷ جسدن ہم
لپیٹ لیں آسمان کو جیسے لپیٹے ہیں
طومار میں کاغذ۔ طَوٰی يَطْوِيْ طَاوٍ
مَطْوِيٌّ اِطْوِ لَا تَطْوِ۔

طَيِّب پاکیزہ اور حلال بے شبہ۔ جمع طَيِّبُوْن

طَيِّبَة پاکیزہ۔ جمع طَيِّبَات

طَيِّبَات پاکیزہ چیزیں۔ واحد طَيِّبَة۔

طَيِّبُوْن پاک لوگ۔ واحد طَيِّب

طَيْر جانوروں۔ جانور۔ یہ لفظ جمع اور واحد
پر یعنے دونو پر بولا جاتا ہے۔ واحد طائر
جمع الجمع طُيُوْر۔ اَطْيَار۔ وَقَالَ يٰاَيُّهَا النَّاسُ
عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ نمل ۱۹/۱۷ اور بولا لوگو ہم
سکھائی ہے بولی اُڑتے جانوروں کی۔ فَتَكُوْنُ
طَيْرًا بِاِذْنِيْ۔ مائدہ ۷ تو ہوجاتا جانور میرے
حکم سے۔

طِين مٹی۔

ظ

ظَالِم بے انصاف۔ دیکھو ظُلْم

ظَالِمَة ستمگر۔ دیکھو ظُلْم

ظَالِمُوْن بے رحم لوگ۔ دیکھو ظلم

ظَالِمِي بُرا کر رہے ہیں۔ اصل میں ظَالِمِيْنَ
تھا نَ واسطے اضافت کے گر گیا اسم فاعل
جمع مذکر سالم کے صیغے حالت رفعی میں
وَ نَ کے ساتھ آتے ہیں جیسا ظَالِمُوْنَ اور
حالت نصبی اور جری میں یَ نَ کے ساتھ

جیسا ظَالِمِیْن۔ دیکھو ظُلْم۔

ظَانِّیْن گمان بد کرنے والے۔ دیکھو ظن

ظَاهِر کھلا بے پردہ۔ نام اللہ کا۔

ظَاهِرَة کھلی اور آنکھ نکلی ہوئی۔

ظَاهَرُوْا پشتی کی اُنہوں نے۔ مصدر مُظَاهَرَة

وَظَاهَرُوْا عَلٰی اِخْرَاجِکُمْ۔ ممتحنہ ۲۸/۹ اور مدد کی تمہارے نکالنے پر۔ ظَاهَرَ يُظَاهِرُ مُظَاهِرٌ ظَاهِرْ لَاتُظَاهِرْ۔

ظَاهِرِیْن غالب ہونے والے۔ اور زبردست۔ دیکھو ظَهَرَ۔

ظَعْن سفر اور چلنا۔ ف ف۔ يَوْمَ ظَعْنِكُمْ حجر ۱۷/۱۴ دن سفر اپنے کے۔ ظَعَنَ يَظْعَنُ ظَاعِنٌ مَظْعُوْنٌ اِظْعَنْ لَاتَظْعَنْ۔

ظُفُر ناخن۔ جمع اَظْفَار

ظَلَّ تمام دن رہا۔ مصدر الظَّلّ

ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا۔ نحل ۱۴/۱۳ سارے دن رہے اُسکا مُنہ سیاہ۔ ظَلَّ يَظَلُّ ظَالٌّ مَظْلُوْلٌ اِظْلِلْ لَاتَظْلِلْ۔

ظِلّ سایہ۔ جمع ظِلَال۔ ظُلُوْل۔ اَظْلَال۔

ظِلَال سائے۔ واحد ظِلّ۔

ظَلَّام ستمگر۔ دیکھو ظَلَّ۔

ظَلْتَ ہوا تو۔ اصل میں ظَلَلْتَ تھا۔ واسطے تخفیف کے ایک ل حذف کیا گیا۔ دیکھو ظَلَّ۔

ظَلَّتْ ہوئی وہ۔ دیکھو ظَلَّ۔

ظُلَّة سائبان۔ جمع ظلل۔

ظَلْتُمْ ہوئے تُم۔ اصل میں ظللتم تھا واسطے تخفیف کے ایک ل حذف کیا گیا جیسا مَسَسْتُمْ سے مَسْتُمْ۔ دیکھو ظَلّ

ظُلَل سائبان سب۔ واحد ظلة

ظَلَلْنَا سایۂ کیا ہمنے۔ دیکھو ظلّ

ظُلْم بے انصافی اور ستم۔ جمع ظلّام۔ ظَلَم مصدر الظُّلْم۔ ف ك۔ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ لقمان ۲۱/۱۱ بیشک شریک بنانا بڑی بے انصافی ہے۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ ظَالِمٌ مَظْلُوْمٌ اِظْلِمْ لَاتَظْلِمْ۔

ظَلَمَ بے انصافی کی اُس نے دیکھو ظُلْم

ظُلِمَ ستم کیا گیا وہ۔ دیکھو ظُلْم

ظُلُمَات اندھیریاں۔ واحد ظُلْمَة۔

ظَلَمَتْ ستم کی اُس نے۔ دیکھو ظُلْم۔

ظَلَمْتُ بے انصافی کی میں نے۔ دیکھو ظُلْم

ظَلَمْتُمْ ستم کیا تمنے۔ دیکھو ظُلْم

ظَلَمْنَا بے انصافی کی ہم نے۔ دیکھو ظُلْم

ظَلَمُوْا بیدادی کی اُنہوں نے۔ دیکھو ظُلْم

ظُلِمُوْا ستم کیے گئے وہ۔ دیکھو ظُلْم

ظَلُّوْا سارے دن ہوئے۔ دیکھو ظَلَّ

ظَلُوْم بے انصاف۔ دیکھو ظُلْم

ظَلِيْل سایہ ٹھنڈا۔

ظَمَأٌ پیاسا ہونا۔ جمع اَظْمَاء۔ ف ف۔ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَأٌ۔ توبہ ۱۱/۴ نہیں پہنچتی اُنکو پیاس۔ ظَمَأَ يَظْمَأُ ظَمْأٌ ظَمَآنٌ مَظْمُوْءٌ اِظْمَأْ لَاتَظْمَأْ۔

ظَمْاٰن پیاسا۔ جمع ظُمَاء۔ ظِمَاء۔ دیکھو ظَمَأٌ

ظَنَّ گمان۔ اور گمان کرنا۔ ف ض۔ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ۔ انعام ۵/۱ وہ پیروی نہیں کرتے بجز گمان کے۔ ظَنَّ يَظُنُّ ظَانٌّ مَظْنُوْنٌ اُظْنُنْ لَاتَظْنُنْ۔

ظَنَّ گمان کیا اُسنے۔ دیکھو ظَنّ

ظَنَّا گمان کیا دونو نے۔ دیکھو ظَنّ

ظَنَنَّا گمان کیا ہمنے۔ دیکھو ظَنّ

ظَنَنْتُ گمان کیا میں نے۔ دیکھو ظَنّ۔

ظَنَنْتُمْ گمان کیا تمنے۔ دیکھو ظَنّ۔

ظَنُّوْا گمان کیا اُنہوں نے۔ دیکھو ظَنّ۔

ظُنُوْن گمان سب۔ واحد ظَنّ۔

ظَهْر پیٹھ۔ جمع ظُهْرَان۔ ظُهُوْر۔

ظَهَرَ آشکارا ہوا وہ۔ مصدر ظُهُوْر۔ ف ف۔ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ روم ۲۱/۸ کھل پڑی ہے خرابی جنگل میں اور دریا میں ظَهَرَ يَظْهَرُ ظَاهِرٌ مَظْهُوْرٌ اِظْهَرْ لَاتَظْهَرْ۔

ظِهْرِيّ پیٹھ کے پیچھے ڈالا گیا۔

ظُهُوْر پیٹھیں۔ واحد ظَهْر

ظَهِيْر پشتیبان جمع ظُهَرَاءُ

ظَهِيْرَة وقت دوپہر

ع

عَائِدُوْن پھرنے والے۔ دیکھو عَاد

عَائِل محتاج۔ دیکھو تَعُوْلُوْا

عَابِدٌ پوجنے والا۔ غصہ ہونیوالا۔ دیکھو عبادة

عَابِدَاتٌ پوجنے والیاں۔ دیکھو عِبَادَة

عَابِدُوْنَ پوجنے والے۔ اور غصہ ہونے والے۔ دیکھو عِبَادَة۔

عَابِرِیْ چلنے والے۔ اصل میں عَابِرِیْنَ تھا نَ گر گیا۔ مصدر عُبُوْر۔ ن ض۔ اِلَّا عَابِرِیْ سَبِیْلٍ۔ نساء ۵/۴۳ مگر راہ چلتے ہوئے
عَبَرَ یَعْبُرُ عَابِرٌ مَعْبُوْرٌ اُعْبُرْ لَا تَعْبُرْ

عَاتِیَةٌ تیز اور سرکش۔ دیکھو عُتُوّ

عَاجِلَةٌ یہ دنیا اور جلد اور مزدوری دنیا کی۔ دیکھو عجل۔

عَادٌ نام قوم ہود ع۔ نسل عاد بن ارم بن عوص بن سام بن حضرت نوح ع اور اُنکو عاد اولیٰ کہتے ہیں۔ وبنو لقیم کہ اُنکی ہلاکی کے وقت مکہ میں تھے اور اُنکو عاد ثانی کہتے ہیں۔

عَادٍ حد سے تجاوز کرنے والا۔ دیکھو عُدْوَان

عَادَ پھر گیا۔ مصدر عَوْد۔ ن ض۔ وَمَنْ عَادَ بقرہ ۲/۲۷۵ اور جو کوئی پھر کرے عَادَ یَعُوْدُ عَائِدٌ مَعُوْدٌ عُدْ لَا تَعُدْ۔

عَادُوْا پھر گئے وہ۔ دیکھو عَادَ۔

عَادُوْنَ حد سے بڑھنے والے اور سرکش سب۔ دیکھو عُدْوَان۔

عَادِیَاتٌ اونٹ سخت دوڑنے والے اور گھوڑے تیز رفتار۔ واحد عَادِیَة۔

عَادَیْتُمْ عداوت رکھی تم نے۔ مصدر مُعَادَاة
عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ ممتحنہ ۷/۲۸ عداوت رکھتے ہو تم اُن سے۔ عَادٰی یُعَادِیْ مُعَادٍ عَادِ لَا تُعَادِ۔

عَادِّیْنَ گننے والے۔ دیکھو عَدَّ

عَارِضٌ بدلی پراگندہ آسمان کے کناروں میں۔

عَاشِرُوْا زندگانی کرو۔ مصدر مُعَاشَرَة
وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ نساء ۴/۱۹ اور گذران کرو عورتوں کے ساتھ معقول
عَاشَرَ یُعَاشِرُ مُعَاشِرٌ عَاشِرْ لَا تُعَاشِرْ

عَاصِفٌ ہوا تند و تیز۔ جمع عَاصِفَات

عَاصِفَاتٌ ہوائیں سخت۔ واحد عَاصِفَة

عَاصِفَةٌ ہوا تند و تیز و سخت

عَاصِمٌ بچانیوالا اور بچایا گیا۔ دیکھو عِصْم

عَافِيْنَ درگذر کرنے والے۔ دیکھو عفو

عَاقَبَ عذاب کیا۔ مصدر معاقبة۔ وَمَا عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ حج ۱۷/۱۵ اور جیسے بدلا دیا جیسا اُس سے کیا تھا۔ عَاقَبَ يُعَاقِبُ مُعَاقِبٌ عَاقِبْ لَاتُعَاقِبْ۔

عَاقِبَةٌ آخرت اور انجام کار اور پیچھے آنیوالی

عَاقَبْتُمْ عذاب کیا تُمنے۔ دیکھو عَاقَبَ

عَاقِبُوْا عذاب کرو تُم۔ دیکھو عَاقَبَ

عَاقِرٌ بانجھ۔ نازاد عقیم۔ جمع عُقَّر

عَاكِفٌ اوندھا اور معتکف۔ مصدر عُكُوْف ف ض ك۔ سَوَآءَنِ الْعَاكِفُ فِيْهِ حج ۱۷/۳ برابر ہے اسمیں لگا رہنے والا۔ عَكَفَ يَعْكُفُ عَاكِفٌ مَعْكُوْفٌ اُعْكُفْ لَا تَعْكُفْ۔

عَاكِفُوْنَ اوندھے اور معتکف سب۔ دیکھو عَاكِف۔

عَالِمٌ دانا جاننے والا۔ دیکھو علم

عَالِمُوْنَ جاننے والے۔ دیکھو علم

عَالَمِيْنَ عالم تمام جہان کا۔

عَالِيْ بلند اور سرکش اور کبھی ی گر جاتی ہے۔ دیکھو علو

عَالِيَةٌ بلند۔ جمع عَالِيَات۔ دیکھو علو۔

عَالِيْنَ بلند مرتبے والے اور سرکش سب دیکھو علو۔

عَام برس۔ جمع اَعْوَام۔

عَامِلٌ کام کرنے والا۔ دیکھو عَمَل

عَامِلَةٌ محنت کرنے والی۔ دیکھو عَمَل

عَامِلُوْنَ کام کرنے والے اور جو کہ امام کی طرف سے واسطے تحصیل زکوٰۃ اور عشر کے مقرر ہوں۔ دیکھو عَمَل

عَامَيْنِ دو برس۔ واحد عَام

عَاهَدَ قرار کیا اُس نے۔ مصدر معاهدة وَمِنْهُمْ مَّنْ عَاهَدَ اللّٰهَ توبہ ۱۰/۱۶ اور اُن میں سے وہ بھی ہیں کہ عہد کیا اللہ سے۔ عَاهَدَ يُعَاهِدُ مُعَاهِدٌ عَاهِدْ لَاتُعَاهِدْ۔

عَاهَدْتَ قرار کیا تونے۔ دیکھو عَاهَدَ

عَاهَدْتُّمْ قرار کیا تمنے۔ دیکھو عَاهَدَ

عَاهَدُوْا قرار کیا اُنہوں نے۔ دیکھو عَاهَدَ

عِبَاد بندے۔ واحد عَبْد

عِبَادَةٌ پوجنا بندگی۔ ن ض۔ وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا۔ کہف ۱۲/۱۳ اور ساجھا

نرکھے اپنے رب کی بندگی میں کسی کا
عَبَدَ یَعْبُدُ عَابِدٌ مَعْبُوْدٌ اُعْبُدْ لَا تَعْبُدْ۔

عَبَثٌ کھیل اور بے فائدہ۔ ک ف۔ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا۔ مومنون ۱۸/۶ سو کیا تم خیال رکھتے ہو کہ ہمنے تمکو بنایا کھیلنے کو
عَبِثَ یَعْبَثُ عَابِثٌ مَعْبُوْثٌ اِعْبَثْ لَا تَعْبَثْ۔

عَبْدٌ بندہ۔ جمع عِباد

عَبَدَ پوجا اُسنے۔ دیکھو عِبادۃ

عَبَّدْتَ بندہ بنایا تو نے۔ غلام کر لیا تو نے۔ مصدر تعبید۔ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ شعراء ۱۹/۱۶ کہ غلام کر لیے تو نے بنی اسرائیل۔ عَبَّدَ یُعَبِّدُ مُعَبِّدٌ عَبِّدْ لَا تُعَبِّدْ۔

عَبَدْتُّمْ پوجا تمنے۔ دیکھو عِبادۃ

عَبَدْنَا پوجا ہمنے۔ دیکھو عِبادۃ

عَبْدَیْنِ دو بندے۔ واحد عَبْد

عِبْرَۃٌ آگاہ ہونا اور نصیحت پکڑنی۔ مصدر عبر عبرۃ۔ ک ف۔ عِبْرَۃٌ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ یوسف ۱۳/۴ نصیحت واسطے صاحبوں عقل کے۔ عَبَرَ یَعْبَرُ عَابِرٌ مَعْبُوْرٌ اِعْبَرْ لَا تَعْبَرْ۔

عَبَسَ تیوری چڑھائی۔ مصدر عَبُوس ف ک۔ عَبَسَ وَتَوَلّٰی۔ عبس ۱/۳۰ تیوری چڑھائی اور منہہ موڑا۔ عَبَسَ یَعْبِسُ عَابِسٌ مَعْبُوْسٌ اِعْبِسْ لَا تَعْبِسْ۔

عَبْقَرِیٌّ فرش نفیس۔

عَبُوْسٌ اُداس اور بہت سخت اور نام دن قیامت کا ہے۔

عَبِیْدٌ غلام سب۔ اسم جمع ہے معنے جمع کے کیئے جاتے ہیں۔ اسکا واحد عَبْد نہیں عَبْد کی تصغیر عُبَیْد ہے۔

عَتَتْ شرارت کی اُس نے۔ دیکھو عُتُو

عُتُلٌّ بدخو۔

عَتَوْا شرارت کی انہوں نے۔ دیکھو عُتُو

عُتُوٌّ سرکشی کرنی اور شرارت حد سے گذرنا۔ بَلْ لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ۔ ملک ۲۹/۲ بلکہ مضبوط ہیں سرکشی کرنے اور بھاگنے میں۔ عَتٰی یَعْتُوْ عَاتٍ مَعْتُوٌّ اُعْتُ لَا تَعْتُ۔

عِتِیٌّ اکڑا ہوا۔ دیکھو عُتُو

عَتِیْد تیار۔ بوزن فعیل یٓ زائدہ ہے
دیکھو اِعْتَدت۔

عَتِیْق آزاد کیا گیا اور آزاد کرنے والا۔
بَیْتُ الْعَتِیْقِ حج ۲۹/۱۷ گھر قدیمی مراد خانہ کعبہ
سے عتیق بمعنے دیرینہ از ہر چیز و
گرامی۔ جمع عُتَاق۔ مصدر عتق ن ک
ف ض۔ ض ض۔ وَلْیَطَّوَّفُوْا بِالْبَیْتِ
الْعَتِیْقِ حج ۲۹/۱۷ اور طواف اس قدیم گھر
کا۔ عَتَقَ یَعْتُقُ عَاتِقٌ عَتِیْقٌ مَعْتُوْقٌ
اِعْتُقْ لَاتَعْتُقْ۔

عُثِرَ خبر کی گئی۔ مصدر عثر۔ عثرۃ عثور
ن ض۔ ف ک۔ ک ف۔ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓی
اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا مائدہ ۷/۱۴ پھر اگر
خبر ہو جاوے کہ وہ دونو حق دبا گئے
گناہ سے یعنے رشوت لیکر گواہی دی ہے
یا گواہی کو چھپایا ہے۔ عَثَرَ یَعْثُرُ عَاثِرٌ
مَعْثُوْرٌ اُعْثُرْ لَاتَعْثُرْ۔

عُجَاب تعجب میں ڈالنے والا۔ دیکھو عَجِبَ

عِجَاف ڈبلیاں۔ واحد اَعْجَفُ

عَجَب اچنبھا وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ رعد ۱۳/۱
اگر تو اچنبھے کی بات چاہے تو اچنبھا ہے
انکا کہنا۔ عَجِبَ یَعْجَبُ عَاجِبٌ مَعْجُوْبٌ
اِعْجَبْ لَاتَعْجَبْ۔

عَجِبْتَ تعجب کیا تو نے۔ دیکھو عَجِبَ

عَجِبْتُمْ تعجب کیا تم نے۔ دیکھو عَجِبَ

عَجِبُوْا اچنبھا کیا انہوں نے۔ دیکھو عجب

عَجَزْتُ عاجز ہوا میں۔ مصدر عجز
ض ک۔ قَالَ یٰوَیْلَتٰٓی اَعَجَزْتُ۔ مائدہ ۹/۱
بولا اے خرابی کہ مجھسے اتنا نہ ہو سکا۔
عَجَزَ یَعْجِزُ عَاجِزٌ مَعْجُوْزٌ اِعْجِزْ لَاتَعْجِزْ

عِجْل بچھڑا یعنے گوسالہ۔ جمع عُجُوْل

عَجَل شتابی۔ مصدر عجل۔ عجلۃ۔ ک ف
خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ انبیاء ۲/۱۷ بنا ہے
آدمی شتابی کا۔ عَجِلَ یَعْجَلُ عَاجِلٌ مَعْجُوْلٌ
اِعْجَلْ لَاتَعْجَلْ۔

عَجَّلَ جلدی کی۔ مصدر تعجیل۔ لَعَجَّلَ
لَهُمُ الْعَذَابَ کہف ۱۵/۴ تو جلد ڈالے انپر
عذاب۔ عَجَّلَ یُعَجِّلُ مُعَجِّلٌ عَجِّلْ لَاتُعَجِّلْ۔

عَجِّلْ جلدی کر۔ دیکھو عَجَّلَ

عَجِلْتُ جلدی کی میں نے۔ دیکھو عَجِلَ

عَجِلْتُمْ جلدی کی تمنے۔ دیکھو عَجِلَ

عَجِّلْنَا جلدی کی ہمنے۔ دیکھو عَجَّلَ

عَجُوْز بڑھیا عورت پیر کلان سال۔
جمع عُجُز۔ عَجَائِز۔

عَجُوْل اوتاولا یعنے جلدکار۔ وَ کَانَ
الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا۔ بنی اسرائیل ۱۵/۲ اور ہے
آدمی جلدکار۔

عَجِیْب نادر۔ جمع عَجَائِب

عِدْ وعدہ کر۔ دیکھو وَعَدَ

عَدَّ گننا شمار کرنا۔ اِنَّمَا نَعُدُّ لَھُمْ عَدًّا
مریم ۱۶/۹ ہم تو پوری کرتے ہیں انکی
گنتی۔ دیکھو عدّۃ۔

عَدَاوَت دشمنی۔ اسم ہے۔

عِدَّۃ گنتی اور گننا۔ حیض یا مہینے کا کہ
بعد طلاق یا موت خاوند کے ہوئے۔
فَطَلِّقُوْھُنَّ لِعِدَّتِھِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّۃَ
طلاق ۲۸/۱۷ تو انکو طلاق دو انکی عدت
پر اور گنتے رہو عدت۔ عَدَّ یَعُدُّ عَادٌّ
مَعْدُوْدٌ اُعْدُدْ لَا تَعُدَّ۔

عُدَّۃ سامان۔

عُدْتُمْ پھر کیا تمنے۔ دیکھو عَادَ

عَدَد گنتی اور گنا ہوا۔ جمع اَعْدَاد۔
دیکھو عَدَّ۔

عَدَّدَ خوب گنا اسنے۔ مصدر تَعْدِیَۃ
اَلَّذِیْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَہٗ ہمزۃ ۳۰/۲۹
جن نے سمیٹا مال اور گن گن رکھا۔
عَدَّدَ یُعَدِّدُ مُعَدِّدٌ عَدِّدْ لَا تُعَدِّدْ۔

عَدَس مسور۔ واحد عَدَسۃ۔ فارسی
میں نرسک کہتے ہیں۔

عَدْل برابر کرنا۔ ف ک۔ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ
بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ۔ نحل ۱۴/۱۹ اللہ حکم
کرتا ہے انصاف کو اور بھلائی کو۔ عَدَلَ
یَعْدِلُ عَادِلٌ مَعْدُوْلٌ اِعْدِلْ لَا تَعْدِلْ

عَدَلَ برابر کیا۔ دیکھو عَدْل

عَدْن رہنے کی جگہ اور نام بہشت کا ہے

عُدْنَا پھر کیا ہمنے۔ دیکھو عَادَ

عَدْو زیادتی اور شرارت۔ دیکھو عدوان

عَدُوّ دشمن۔ جمع اعداء

عُدْوَان ظلم اور ظلم میں افراط کرنا اور
حد سے تجاوز کرنا۔ فَاِنِ انْتَھَوْا فَلَا عُدْوَانَ

اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ - بقر ۲/۸ پھر اگر وہ باز رہیں
تو زیادتی کرنا نہیں چاہیئے مگر ظالموں پر
عَدَا يَعْدُوْ عَادٍ مَعْدُوٌّ اُعْدُ لَاتَعْدُ۔
عُدْوَة کنارہ۔ جمع عِدَيَات۔ عِدَاء
عَذَاب مار اور سزا۔ جمع اَعْذِبَة
عَذْب شیریں۔
عَذَّبَ سزا دی۔ مصدر تَعْذِيْب۔
لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا۔ حشر ۲۸/۱ البتہ عذاب
کرتا انکو دنیا میں۔ عَذَّبَ يُعَذِّبُ مُعَذِّبٌ
عَذِّبْ لَاتُعَذِّبْ۔
عَذَّبْنَا سزا دی ہمنے۔ دیکھو عذب
عُذْتُ پناہ لی میں نے۔ دیکھو اَعُوْذ
عُذْر الزام اور بہانہ۔ جمع اَعْذَار
عَرَاء میدان صاف کہ جسمیں گھاس نہ ہو
جمع اَعْرَاء۔ اَعْرِيَة۔
عُرُب عورتیں صاحب جمال محبت
والیاں جو اپنے خاوند پر عاشق ہوں۔
واحد عَرُوْب۔
عَرَبِيّ عرب والا منسوب بعرب۔
عُرْجُوْن شاخ کھجور کی سوکھی اور ٹیڑھی
ہلال نما اور نام گھاس کا۔ جمع عَرَاجِيْن
عَرْش تخت اور چھت۔ جمع عُرُوْش۔
عِرْض عزت اور مال سوائی چاندی اور
سونے کے۔ جمع عُرُوْض
عَرَضَ ظاہر کیا۔ دیکھو عَرْض
عَرْض کشادگی اور روبرو لانا۔ ف ک۔ وَ
جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ۔ عمران ۱۴/۳
اور جنت پر جسکا پھیلاؤ ہے آسمان اور
زمین۔ وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ
عَرْضًا۔ کہف ۱۶/۲ اور دکھاویں ہم دوزخ
اُسدن کافروں کو سامنے۔ عَرَضَ يَعْرِضُ
عَارِضٌ مَعْرُوْضٌ اِعْرِضْ لَاتَعْرِضْ۔
عُرْضَة بروزن فُعْلَةٌ۔ نشانہ۔ دستمال
یعنے بہت کھنڈا یعنے جو چیز ہر وقت
ہاتھ میں رہے بطریق کھیل یا شغل کے
عَرَّضْتُمْ پردے میں کہا تمنے۔ مصدر
تَعْرِيْض۔ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ۔ بقر ۲/۱۱ جو
پردے میں کہو پیغام۔ عَرَّضَ يُعَرِّضُ مُعَرِّضٌ
عَرِّضْ لَاتُعَرِّضْ۔
عَرَضْنَا ظاہر کیا ہمنے۔ دیکھو عَرْض

عُرِضُوْا ظاہر کیئے گئے وہ۔ دیکھو عرَض

عُرْف دل خوش کرنے والا معروف اور نیکی اور احسان اور ایک کے پیچھے ایک آنے والا۔ جمع اَعْرَاف ۔عُرَف۔ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ۔ اعراف ۹/۱۴ اور کہہ نیک کام کو وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا مرسلات ۲۹/۲۱ قسم ہے چلتی باؤں کی دل کو خوش آتی۔

عَرَفَ پہچانا۔ مصدر مَعْرِفَت۔ فَعَرَفَهُمْ یوسف ۱۳/۲ تو اُس نے پہچانا اُنکو۔ عَرَفَ يَعْرِفُ عَارِفٌ مَعْرُوْفٌ اِعْرِفْ لَاتَعْرِفْ۔

عَرَّفَ جتادی خبردار کیا اُس نے۔ مصدر تَعْرِيْف۔ عَرَّفَ بَعْضَهٗ ۔ تحریم ۲۸/۱۹ جتادی کچھ بات اُسکی۔ عَرَّفَ يُعَرِّفُ مُعَرِّفٌ عَرِّفْ لَاتُعَرِّفْ۔

عَرَفَات نام ایک جگہ کا ہے منیٰ میں جہاں آدم اور حوّا ملے اور آپس میں پہچانا اب حج میں وہاں ٹھہرتے ہیں۔

عَرَفْتَ پہچانا تو نے۔ دیکھو عرف

عَرَّفْتَ جتادیا تو نے۔ دیکھو عرّف

عَرَفُوْا پہچانا اُنہوں نے۔ دیکھو عرف

عَرِم زور و سخت یا نام نید کا ہے یا چوہے کا۔ جمع عُرْمَان۔

عُرْوَة دستۂ کوزہ اور گوشہ اور پکڑنے کی چیز۔ عُرْوَةُ الْوُثْقٰى۔ مراد قرآن شریف اور کلمہ شہادت سے ہے۔ جمع عُرٰی۔

عُرُوْش چھتوں۔ واحد عَرْش

عَرِيْض پہناور چوڑا۔ جمع عِرَاض

عَزَّ غالب ہوا۔ مصدر عَزّ۔ عِزَّة ۔ وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ ص ۲۳/۱۱ اور غالب ہوا مجھسے بات میں۔ عَزَّ يَعُزُّ عَازٌّ عَزِيْزٌ مَعْزُوْزٌ اُعْزُزْ لَاتَعْزُزْ۔

عِزّ بزرگی۔ دیکھو عزّ

عِزَّة اقبال ارجمندی۔ دیکھو عَزّ اسم مصدر ہے۔

عَزَّرْتُمُوْا مدد کی تمنے۔ دیکھو عَزَّرُوْا

عَزَّرُوْا رفاقت کی اُنہوں نے۔ مصدر تَعْزِيْر۔ ادب دادن یاری نمودن۔ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ اعراف ۹/۹ اور رفاقت کی اسکی اور مدد کی اُسکی عَزَّرَ يُعَزِّرُ مُعَزِّرٌ عَزِّرْ لَاتُعَزِّرْ۔

عَزَّزْنَا قوت دی ہمنے۔ مصدر تعزیز
ارجمند گردانیدن و توانا کردن۔ فَعَزَّزْنَا
بِثَالِثٍ یٰس ۲۲/۱۹ پھر ہمنے زور دیا تیسرے
سے۔ عَزَّزَ یُعَزِّزُ مُعَزِّزٌ عَزِّزْ لَاتُعَزِّزْ

عَزَلْتَ کنارہ پکڑا تو نے۔ مصدر عزل
ف ك۔ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ۔
احزاب ۲۲/۳ اور جسکو جی چاہے تیرا
اُنہیں سے جو کنارے کردی تھیں۔ عَزَلَ
یَعْزِلُ عَازِلٌ مَعْزُوْلٌ اِعْزِلْ لَاتَعْزِلْ۔

عَزْم ہمت اور قصد ف ك۔ ذٰلِكَ لَمِنْ
عَزْمِ الْاُمُوْرِ۔ شوریٰ ۲۵/۵ یہ ہمت کے
کاموں سے ہے۔ عَزَمَ یَعْزِمُ عَازِمٌ
مَعْزُوْمٌ اِعْزِمْ لَاتَعْزِمْ۔

عَزَمَ قصد کیا۔ دیکھو عَزْم

عَزَمْتَ ارادہ کیا تو نے اور ٹھہر چکا تو۔
دیکھو عَزْم۔

عَزَمُوْا قصد کیا انہوں نے۔ دیکھو عَزْم

عُزّٰی نام بُت کا یا درخت کا تفسیر زاہدی
میں ہے جو کافروں نے اللہ کے ناموں
سے بتوں کے نام اشتقاق کیے ہیں
جیسے عزیز سے عُزّٰی۔

عُزَيْرٌ نام ایک پیغمبر بن شرخیا نسل
یعقوب ؑ سے سبط لاوے سے چودہ
پیڑھی میں ہارون ؑ بن عمران تک پہنچتے
ہیں قصّہ اُنکا مشہور ہے۔

عَزِيْز غالب۔ نام اللہ کا۔ اور نام مصر
کے وزیر کا خاوند زلیخا کا۔ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ
ذُوانْتِقَامٍ آل عمران ۳/۱ اور اللہ غالب
ہے بدلا لینے والا۔ عَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ
حشر ۲۸/۵ زبردست دباؤ والا صاحب
بڑائی کا یہ سب نام اللہ تعالی کے ہیں
قَالَتِ امْرَأَتُ الْعَزِيْزِ یوسف ۱۲/۱۱ بولی
عورت عزیز کی جمع۔ عِزَاز۔ عِزَازَة
اَعِزَّة۔ اَعِزَّاء۔

عِزِيْن جھنڈ جھنڈ۔ گروہ گروہ۔ واحد
عزہ۔ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْن
معارج ۲۹/۸ داہنے اور بائیں سے گروہ گروہ

عَسِيْر سخت۔ دیکھو عُسْر

عُسْر تنگی۔ دشواری۔ د دشوار شدن۔ ك
ف۔ ض ض۔ ف ض۔ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا

الم نشرح ۳۰/۱۹ سو متصل دشواری کے آسانی ہے۔ عَسِرَ یَعْسِرُ عَاسِرٌ عَسِیْرٌ مَعْسُوْرٌ اِعْسَرْ لَا تَعْسَرْ۔

عُسْرىٰ سختی۔ دیکھو عُسْر

عُسْرَة دشواری۔ دیکھو عُسْر

عَسْعَسَ گئی اور آئی۔ مصدر عَسْعَسَة تاریکی در آوردن شب۔ وَالَّیْلِ اِذَا عَسْعَسَ تکویر ۳۰/۱۹ اور قسم ہے رات کی جب جانے لگی۔ عَسْعَسَ یُعَسْعِسُ۔ مُعَسْعِسٌ عَسْعِسْ لَا تَعَسْعِسْ۔

عسق حروف مقطعات ح۔ عِلْمُهٗ س۔ سَنَاؤهٗ۔ ق۔ قُدْرَتُهٗ۔

عَسَل شہد۔ جمع اَعْسَال۔ عُسُوْل۔ عُسْلَان۔ عُسُل۔

عَسٰى شاید۔ قریب ہے۔ افعال مقاربہ سے ہے اس سے انواع ماضی کے آتے ہیں یا حرف ہے مطلق۔ آتا ہے واسطے ترجّی کے مطلوب میں کبھی آتا ہے واسطے شک اور یقین کے اور کبھی مشابہ کاد کا ہوتا ہے۔ وَعَسٰیٓ اَنْ تَکْرَهُوْا شَیْئًا وَّهُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ۔ بقرہ ۲/۱ اور شاید تمکو بُری لگے ایک چیز اور وہ بہتر ہو تمکو۔ عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّکُفَّ بَاْسَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا نساء ۵/۸ قریب ہے کہ اللہ بند کرے لڑائی کافروں کی۔ عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ممتحنہ ۲۸/۸ امید ہے کہ کر دے اللہ تم میں اور جو دشمن ہیں تمہارے اُن میں دوستی۔ عَسٰی رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَکُنَّ اَنْ یُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَیْرًا مِّنْکُنَّ تحریم ۲۸/۱۹ ابھی اگر نبی چھوڑ دے تم سب کو اُسکا رب بدلے میں دے عورتیں تم سے بہتر۔ عَسٰی یَعْسُوْ عَاسٍ مَعْسُوٌّ اُعْسُ لَا تَعْسُ۔

عَسَیْتُمْ توقع کی تمنے۔ دیکھو عَسٰی

عَسِیْر مشکل۔ یَوْمٌ عَسِیْرٌ مدثر ۲۹/۱۴ دن مشکل۔ دیکھو عُسْر

عِشَا مغرب سے نماز عشا تک اور نماز شام۔

عِشَار اونٹنیاں دس ماہ کی حاملہ۔ واحد عُشَرَاء۔

عَشْر دس عورتیں۔
عَشَر دس۔ جمع عَشَرَات
عَشَرَة دس مرد۔
عِشْرُوْنَ بیس۔
عَشِیّ شام کا وقت۔
عَشِیَّة مغرب کا وقت۔
عَشِیْر رفیق اور خاوند۔ جمع عُشُوْر، اَعْشَار، عُشَرَاءُ۔
عَشِیْرَة قبیلہ اور برادری کے لوگ۔ جمع عَشَائِر۔
عَصَا لاٹھی۔ جمع عِصِیّ
عُصْبَة جماعت زبردست دس سے چالیس تک۔ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ۔ یوسف ۱۲/۱۲ اور ہم ہیں جماعت زبردست۔
عَصْر زمانہ۔ نماز عصر اور آخر روز۔ جمع عُصُوْر۔
عَصْف بھس یعنے برگ خشک ہوا سخت اور ہلاک کرنا۔ ف ک ض۔ وَالْحَبُّ ذُوالْعَصْفِ وَالرَّیْحَانُ الرحمٰن ۲۷/۱۲ اور اناج جسکے ساتھ بھس ہے اور پھول خوشبو

فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا مرسلات ۲۹/۲۱ قسم ہے ہوا سخت چلنے والی کی بطریق شدت کے
عَصَفَ یَعْصِفُ عَاصِفٌ مَعْصُوْفٌ اِعْصِفْ لَا تَعْصِفْ۔
عِصَم ناموس۔ دستاویز۔ واحد عِصْمَة
عَصَوْا بے حکمی کی اُنہوں نے۔ دیکھو عِصْیَان
عَصِیّ نافرمان گنہگار۔ دیکھو عِصْیَان
عَصٰی نافرمانی کی اُسنے۔ دیکھو عِصْیَان
عِصْیَان نافرمانی۔ ف ک۔ وَکَرَّہَ اِلَیْکُمُ الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ۔ حجرات ۲۶/۱۳ اور مکروہ کیا ہے طرف تمہاری کفر کو اور فسق کو اور عصیان کو۔ عَصٰی یَعْصِیْ عَاصٍ مَعْصِیٌّ اِعْصِ لَا تَعْصِ۔
عَصِیْب سخت۔ جمع عُصُب، اَعْصِبَة
عَصَیْتَ نافرمانی کی تونے۔ دیکھو عِصْیَان
عَصَیْتُ نافرمانی کی میں نے۔ دیکھو عِصْیَان۔
عَصَیْتُمْ بے حکمی کی تمنے۔ دیکھو عِصْیَان
عَصَیْنَا گناہ کیا ہمنے۔ دیکھو عِصْیَان
عَضُد بازو اور قوت۔ جمع اَعْضَاد

عَضُّوا کاٹا اُنہوں نے دانتوں سے۔
مصدر عَضّ۔ ک ف۔ عَضُّوا عَلَیْکُمُ
الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَیْظِ آل عمران ۱۱۹ کاٹ
کاٹ کھاتے ہیں تم پر اُنگلیاں دشمنی
سے۔ عَضَّ یَعَضُّ عَاضٌّ مَعْضُوْضٌ۔
اِعْضَضْ لَا تَعْضَضْ۔
عِضِیْن بوٹیاں اور ٹکڑے ٹکڑے۔
واحد عِضَّۃ۔
عَطَاء دینا اور بخشنا اور بخشش۔ جمع
اَعْطِیَۃ۔ جمع الجمع اعطیات۔
عِطْف بازو اور طرف۔
عُطِّلَتْ چھوڑی گئی وہ۔ مصدر تَعْطِیْل
وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ۔ تکویر ۴ اور جب وقت
دس مہینے کی گابھن اونٹنی چھٹی پھرے
عَطَّلَ یُعَطِّلُ مُعَطِّلٌ عَطِّلْ لَا تُعَطِّلْ۔
عِظْ نصیحت کر۔ دیکھو وعظت
عِظَام ہڈیاں۔ واحد عَظْم
عَظْم ہڈی۔ جمع عظام
عِظُوْا نصیحت کرو تم دیکھو وعظت
عَظِیْم بڑا مرتبے والا۔ اور خدا کا نام۔

جمع عُظَمَاء۔
عِفْرِیْت دیو خبیث۔ جمع عَفَارِیْت
عَفْو گناہ کا معاف کرنا۔ اور مال کا زیادہ
ہونا نفقہ سے۔ ن ض۔ خُذِ الْعَفْوَ
وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ۔ اعراف ۱۹۹ درگذر کو
اختیار کر اور اچھے کاموں کے کرنے کا
حکم کر۔ وَیَسْئَلُوْنَکَ مَاذَا یُنْفِقُوْنَ۔ قُلِ
الْعَفْوَ۔ بقر ۲۱۹ اور تجھسے پوچھتے ہیں کیا
چیز خرچ کریں تو کہہ جو کچھ افزود ہو۔
عَفٰی یَعْفُوْ عَافٍ مَعْفُوٌّ اُعْفُ لَا تَعْفُ۔
عَفُوٌّ بہت درگذر کرنے والا۔ صفت
اللہ کی ہے۔ دیکھو عَفْو۔
عَفَوْا زیادہ ہوئے وہ اور معاف کیا
اُنہوں نے۔
عَفَوْنَا معاف کیا ہمنے۔ دیکھو عفو
عَفٰی معاف کیا ہمنے۔ دیکھو عفو
عُفِیَ معاف کیا گیا وہ۔ دیکھو عفو
عِقَاب سزا اور عذاب۔ جمع عُقُب۔
اَعْقَاب۔
عَقِب بیٹے اور پوتے اولاد۔ ایڑی یعنے

پاشنہ۔ جمع اَعْقَاب۔ اَعْقُب۔ وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ۔ زخرف ۲۸/۹ اور یہی بات پیچھے چھوڑ گیا اپنی اولاد میں۔ نَكَصَ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ انفال ۴۸/۲ اُلٹا پھرا اپنی ایڑیوں

عَقَبَة پہاڑ کی چوٹی اور گھاٹی کہ اُترنا اُسکا مشکل ہے۔ جمع عِقَاب۔ عَقَب۔ بحذف ت۔ عقبات۔

عَقِبَيْ دو ایڑیاں۔

عُقْبَىٰ آخرت اور بدلا۔

عُقَد گرہیں۔ واحد عُقْدَة

عُقْدَة گرہ۔ جمع عُقَد

عَقَدَتْ عہد باندھی وہ۔ مصدر عَقْد ف ک۔ ل ت۔ وَالَّذِينَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ نساء ۳۳/۵ اور جن لوگوں سے تمنے عہد باندھا ہے۔ عَقَدَ يَعْقِدُ عَاقِدٌ مَعْقُودٌ اِعْقِدْ لَا تَعْقِدْ۔

عَقَدْتُمْ باندھا تمنے۔ دیکھو عَقَدَتْ

عَقَرَ کونچیں کاٹیں اُسنے۔ مصدر عَقْر ف ک۔ فَتَعَاطَىٰ فَعَقَرَ قمر ۲۹/۹ پھر ہاتھ چلایا اور کاٹا۔ عَقَرَ يَعْقِرُ عَاقِرٌ مَعْقُورٌ اِعْقِرْ لَا تَعْقِرْ۔

عَقَرُوا کونچیں کاٹیں انہوں نے۔ دیکھو عَقَرَ۔

عَقَلُوا سمجھا اُنہوں نے مصدر عَقْل ف ک۔ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ مِنْ بَعْدِ مَا عَقَلُوهُ بقرہ ۷۵/۹ پھر اسکو سمجھنے کے بعد بدل دیتے تھے۔ عَقَلَ يَعْقِلُ عَاقِلٌ مَعْقُولٌ اِعْقِلْ لَا تَعْقِلْ۔

عُقُود اقرار سب۔ واحد عَقْد

عَقِيم بانجھ۔ ہوا خشک بے نفع۔ لڑائی اور دن قیامت۔ وَقَالَتْ عَجُوزٌ عَقِيمٌ ذاریات ۲۹/۱۹ اور کہا کہیں بوڑھیا بانجھ إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيحَ الْعَقِيمَ ذاریات ۴۱/۱ اور جب بھیجی ہمنے انپر باؤ بے خبر لینی بے منفعت۔ أَوْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيمٍ حج ۵۵/۱ یا آپہنچے انکو آفت ایک دن کی جسمیں راہ نہیں خلاصی کی جمع عُقَمَاء۔ عِقَام۔

عَلَّام بڑا جاننے والا۔ دیکھو علم

عَلَامَات نشانیاں۔ واحد عَلَامَة

عَلَانِیَة کھلا اور آشکار۔ جمع عَلَانِیَن

عَلَق خون بندھا پھٹکی۔ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ اقرأ ۳۰/۲۱ بنایا آدمی لہو کی پھٹکی سے۔

عَلَقَة پھٹکا۔

عِلْم جاننا۔ ل ن۔ قَالُوْا سُبْحٰنَکَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا بقرہ ۱/۴ بولے تو ہی برگزیدہ ہے تو نے جو کچھ ہمکو سکھایا ہے اُسکے سوا ہم کچھ نہیں جانتے۔ عَلِمَ یَعْلَمُ عَالِمٌ عَلِیْمٌ مَعْلُوْمٌ اِعْلَمْ لَا تَعْلَمْ۔

عَلِمَ جانا اُسنے۔ دیکھو عِلْم

عَلَّمَ سکھایا اُس نے۔ مصدر تَعْلِیْم۔ وَ عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا بقرہ ۱/۴ اور اللہ نے آدم کو سارے کے سارے نام سکھا دیئے۔ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ الرحمٰن ۲۷/۱۱ سکھایا قرآن۔ عَلَّمَ یُعَلِّمُ مُعَلِّمٌ عَلِّمْ لَا تُعَلِّمْ۔

عُلَمَآء عالم سب۔ واحد عَلِیْم

عَلِمْتَ جانا تو نے۔ دیکھو عِلْم

عَلَّمْتَ سکھایا تو نے۔ دیکھو عَلَّمَ

عَلِمَتْ جانا اُس نے۔ دیکھو عِلْم

عَلَّمْتُ سکھایا میں نے۔ دیکھو عَلَّمَ

عَلَّمْتُمْ سکھایا تمنے۔ دیکھو عَلَّمَ

عُلِّمْتُمْ سکھائے گئے تُم۔ دیکھو عَلَّمَ

عَلِمْتُمْ جانا تمنے۔ دیکھو عِلْم

عَلِمْتُمُوْا جانا تمنے۔ دیکھو عِلْم

عَلِمْنَا جانا ہمنے۔ دیکھو عِلْم

عُلِّمْنَا سکھائے گئے ہم۔ دیکھو عَلَّمَ

عَلَّمْنَا سکھایا ہمنے۔ دیکھو عَلَّمَ

عَلِمُوْا جانا اُنہوں نے۔ دیکھو عِلْم

عُلُوّ چڑھنا۔ ن ص۔ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا کَبِیْرًا۔ بنی اسرائیل ۱/۵ اور چڑھ جاؤگے بڑی طرح چڑھنا۔ عَلَا یَعْلُوْ عَالٍ مَعْلُوٌّ اُعْلُ لَا تَعْلُ۔

عَلَوْا غالب ہوئے۔ اور سرکشی کی اُنہوں نے۔ دیکھو عُلُوّ۔

عَلٰی اوپر۔ حرف جر ہے آخر اسم میں زیر کرتا ہے۔ عَلٰی کئی قسم پر آتا ہے۔ مصاحبت بمعنے مع یعنے باوجود۔ تعلیل بمعنے من

یعنے سے۔ وَاٰتَی الْمَالَ عَلٰی حُبِّہٖ۔ بقرہ ۲۲ اور
دیا مال باوجود اُسکی محبت پر۔ وَلِتُکَبِّرُوا اللّٰہَ
عَلٰی مَا هَدٰکُمْ بقرہ ۲۳ اور تاکہ اللہ کو اس بات
پر جسکی تمکو ہدایت کی ہے بزرگی سے یاد
کرو۔ اِذَا اکْتَالُوْا عَلَی النَّاسِ یَسْتَوْفُوْنَ۔
مطففین ۳۰/۸ جب ماپ لیں لوگوں سے
پورا بھر لیں۔

عُلٰی بلند۔ جمع علیون

عَلٰی سرکشی کی۔ دیکھو عُلُو

عَلِیٌّ بلند مرتبہ والا صفت ہے اللہ سبحانہ
تعالے کی۔ جمع عِلْیَۃ

عُلْیَا بہت اوپر۔ عُلْیا مؤنث اَعْلیٰ کا ہے۔

عَلِیْم دانا اور صفت اللہ تعالی کی۔ جمع عُلَماء

عِلِّیُّوْن جگہ کا نام ہے عرش کے نیچے۔
خانہائی بلند بہشت۔ کتاب اعمال صالحین
واحد علیّۃ۔

عِلِّیِّیْن اسم مفرد ہے بمعنے بہشت کے

عَمّ چچا۔ جمع اَعْمَام

عَمَّ کس چیز سے اور کیا بات۔ اصل میں
عَنْ مَا تھا آ گرا اور ن م ہوکر ادغام ہوا۔
عَمَّ یَتَسَاءَلُوْنَ۔ نباء ۳۰/۱ کیا بات پوچھتے
ہیں لوگ آپس میں۔

عَمَّا کس چیز سے۔ مرکب ہے عَنْ اور
مَا موصولہ سے۔ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ۔

عَمَّات پھپیاں۔ واحد عَمَّۃ

عِمَاد تھام سب اور عمارتیں بلند۔
واحد عِمَادَۃ۔

عِمَارَت آبادانی اور آباد کرنا۔ ف ض۔ وَ
عِمَارَۃَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔ توبہ ۱۰/۳ اور مسجد
حرام کا بسانا۔ عَمَرَ یَعْمُرُ عَامِرٌ مَعْمُوْدٌ
اُعْمُرْ لَا تَعْمُرْ۔

عَمَد ستونوں تھام۔ واحد عَمُوْد۔ فِیْ
عَمَدٍ مُّمَدَّدَۃٍ۔ ہمزہ ۳۰/۱۲ لمبے لمبے
ستونوں میں۔

عَمْر جان۔ اسکا استعمال اکثر قسم
میں آتا ہے۔ جمع اَعْمَار۔ لَعَمْرُکَ حجر
۱۴/۵ قسم ہے تیری جان کی۔

عُمُر جینا اور زندگی۔ جمع اَعْمَار

عِمْرَان نام ہے ابن ماثان کا اولاد حضرت
سلیمان ع سے اور آل عمران عیسے ع اور

مریم ؑ اور موسیٰ ؑ اور ہارون ؑ کو بھی آل
عمران کہتے ہیں۔ ایک دوسرا عمران بن
نایش اولاد حضرت یعقوب ؑ کے ہیں۔

عُمْرَۃ زیارت۔ ارکان حج سے۔ جمع عُمَر

عَمَرُوْا بسایا اُنہوں نے۔ دیکھو عِمَارَۃ

عَمَل کام۔ جمع اَعْمَال۔ مصدر عَمَل
لـ ف۔ اِنَّہٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ ہود ۱۲/۴
اُسکا کام ہے ناشائستہ۔ عَمِلَ یَعْمَلُ
عَامِلٌ مَعْمُوْلٌ اِعْمَلْ لَا تَعْمَلْ۔

عَمِلَ کام کیا اُسنے۔ دیکھو عَمَل

عَمِلَتْ بنائے اور کام کیئے۔ دیکھو عَمَل

عَمِلْتُمْ کام کیا تمنے۔ دیکھو عَمَل

عَمِلُوْا کام کیئے اُنہوں نے۔ دیکھو عَمَل

عَمُوْا اندھے ہوئے وہ۔ دیکھو عمی

عَمُوْنَ اندھے۔ واحد عَمٍ۔ اعمی

عَمًی اندھاپا۔ وَھُوَ عَلَیْھِمْ عَمًی حم سجدہ ۲۴/۱۹
اور یہ انکو اندھاپا۔ عَمِیَ یَعْمٰی عَمًی مُعْمیً
اِعْمَ لَا تَعْمَ۔

عُمْیٌ اندھے۔ واحد اَعْمٰی

عَمِیَ اندھا ہوا۔ دیکھو عمی

عُمْیَان اندھے۔ واحد عَمِیٌّ۔ عُمْیَان جمع
مکسر ہے عَمٍ کی۔ لَمْ یَخِرُّوْا عَلَیْھَا صُمًّا وَّ
عُمْیَانًا فرقان ۱۹/۴ نہ ہو پڑیں اُن پر بہرے
اندھے۔

عَمِیَتْ اندھی ہوئی وہ۔ دیکھو عمی

عُمِّیَتْ چھپائی گئی وہ۔ مصدر تَعْمِیَۃ
فَعُمِّیَتْ عَلَیْکُمْ ہود ۱۲/۴ پھر وہ تمہاری آنکھ
سے چھپا رکھے۔ عَمّٰی یُعَمِّیْ مُعَمِّمٌ عَمِّ لَا تُعَمِّ

عَمِیْق گہرا اور راہ دور۔ جمع اَعْمَاق

عَمِیْنَ اندھے۔ واحد اَعْمٰی

عَنْ سے۔ حرف جر ہے۔ کئی قسم پر آتا ہے
۔ بدل۔ استعلا۔ تعلیل وغیرہ۔ وَاتَّقُوْا
یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْئًا۔ بقر
۱/۵ اور بچو اُس دن سے کہ کام نہ آوے
کوئی شخص کسیکے ایک ذرہ۔ فَاِنَّمَا یَبْخَلُ
عَنْ نَّفْسِہٖ محمد ۲۶/۸ سو نہ دیگا آپ کو۔
وَمَا کَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرَاہِیْمَ لِاَبِیْہِ اِلَّا عَنْ
مَّوْعِدَۃٍ وَّعَدَھَا اِیَّاہُ توبہ ۱۱/۴ اور نہ تھا
بخشش مانگنا ابراہیم کا اپنے باپ کے لیئے
مگر بسبب ایک وعدہ کے کہ اُس نے بالتخصیص

کیا تھا۔
عِنَب انگور۔ جمع عِنَبَات۔ عُنُوب۔ عنب
عنباء۔ اَعْنَاب۔
عَنَتْ مشقت بدکاری۔ مصدر عَنَتٌ ف۔ ف۔ ک
گنہگار ہونا۔ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ۔ نساء
ع یہ اسکے لیئے ہے جسکو تم میں سے بدکاری
کا خوف ہو۔ عَنِتَ يَعْنَتُ عَانِتٌ مَعْنُوتٌ
اِعْنَتْ لَاتَعْنَتْ۔
عَنَتْ عاجزی کی۔ مصدر عَنْوٌ فروتنی و خواری
نمودن۔ ف ض۔ وَعَنَتِ الْوُجُوهُ طه ۱۶/۱۵ اور
ذلیل ہوگئے مُنہ۔ عَنَا يَعْنُو عَانٍ مَعْنُوٌّ
اُعْنُ لَاتَعْنُ۔
عَنِتُّمْ تکلیف میں پڑے تُم۔ دیکھو عنت
عِنْدَ نزدیک جانب اور طرف۔ یہ ظرف
مکان اور زمان ہے۔
عُنُق گردن۔ جمع اَعْنَاق
عَنْكَبُوت مکڑی۔ جمع عَنْكَبُوتَات
عَنَاكِب۔
عَنِيد دشمن لڑنے والا۔ جمع عُنُد۔
مصدر عَنَدٌ۔ عنود۔ ف ض۔ ک ف۔

ض ض۔ وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ابراہیم ۱۳/۱۵
اور نامراد ہوا جو سرکش ضد کرنیوالا۔ عَنَدَ
يَعْنُدُ عَانِدٌ عَنِيدٌ مَعْنُودٌ اُعْنُدْ لَاتَعْنُدْ۔
عَوَان میانہ سال۔ جمع عون
عِوَج ٹیڑا اور کجی اور عیب۔ جمع عُوَج
عَوْرَات ننگے ہونے کے وقت اور
شرمگاہیں۔ واحد عورت۔
عَوْرَت شرمگاہ۔ جس چیز کے دکھانے
میں ننگ اور حیا آوے۔ جمع عورات
عُوقِبَ سزا دیا گیا وہ۔ دیکھو عاقب
عُوقِبْتُمْ سزا دیئے گئے تُم دیکھو عاقب
عَهْد اقرار۔ جمع عِهَاد۔ عهود۔ مصدر عَهْد
ک ف۔ فَلَن يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗ بقر ۱/۹ تو البتہ
خلاف نکریگا اللہ اپنا اقرار۔ عَهِدَ يَعْهَدُ
عَاهِدٌ مَعْهُودٌ اِعْهَدْ لَاتَعْهَدْ۔
عَهِدَ اقرار کیا اُس نے۔ دیکھو عَهْد
عَهِدْنَا اقرار کیا ہمنے۔ دیکھو عَهْد
عِهْن اُن رنگی ہوئی۔ جمع عُهُون
عِيد دن خوشی اسلام کا۔ جمع اَعْيَاد
عِير قافلہ۔ جمع عیرات۔

عِیْسٰی حضرت مریمؑ کا بیٹا۔

عِیْشَةٌ گزران۔ مصدر عیش۔ ف ذ ک فَهُوَ فِیْ عِیْشَةٍ رَّاضِیَةٍ قارعہ ٣/٢٢ تو اسکو گزران ہے من مانتی۔ عَاشَ یَعِیْشُ عَائِشٌ مَعِیْشٌ عِشْ لَا تَعِشْ۔

عَیْلَةٌ محتاجی۔ وَاِنْ خِفْتُمْ عَیْلَةً توبہ ١/٤ اور اگر تم ڈرتے ہو فقر سے۔ عَالَ یَعِیْلُ عَائِلٌ مَعِیْلٌ عِلْ لَا تَعِلْ۔

عَیْنٌ چشمہ اور آفتاب اور آنکھ۔ جمع عُیُوْن

عِیْنٌ بڑی آنکھیں والیاں۔ واحد عَیْنَاء۔

عَیْنَانِ دو چشمے۔

عَیْنَیْنِ دو آنکھیں۔

عُیُوْن چشمے اور آنکھیں۔ واحد عَیْن۔

عَیِیْنَا عاجز ہوئے ہم۔ مصدر عِیّ ل ف۔ اَفَعَیِیْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ق ٢٦/١٥ اب کیا ہم تھک گئے پہلی بار بنا کر عَیِيَ یَعْیٰی عِیًّا مَعْیِيٌ اِعْيَ لَا تَعْیَ۔

غ

غَائِبَةٌ چھپنے والی۔ مصدر غیب۔ ف ک وَمَا مِنْ غَائِبَةٍ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ نمل ٢٠/٢ اور کوئی چیز نہیں جو غائب ہو آسمان اور زمین میں۔ غَابَ یَغِیْبُ غَائِبٌ مَغِیْبٌ غِبْ لَا تَغِبْ۔

غَائِبُوْنَ چھپنے والے۔ دیکھو غَائِبَة۔

غَائِطٌ زمین کشادہ اور پائخانہ زمین پست اور فراخ۔ وقت پائخانہ کے آدمی طرف زمین پست کی جاتے ہیں۔ جمع غِیْطَان۔ غیاط۔ اغواط

غَائِظُوْنَ غصے میں ڈالنے والے۔ دیکھو غیظ

غَابِرِیْنَ پیچھے رہنے والے۔ مصدر غُبُوْر ن ض كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِیْنَ اعراف ١١/١٣ وہ تھی پیچھے رہجانے والوں میں۔ غَبَرَ یَغْبُرُ غَابِرٌ مَغْبُوْرٌ اُغْبُرْ لَا تَغْبُرْ

غَارٌ کھوہ۔ زمین پست ہموار سوراخ زمین یا پہاڑ کا جسمیں جانور وحشی رہتے ہیں۔ جمع اَغْوَار۔ غِیْرَان۔

غَارِمِیْنَ تاوان دینے والے۔ دیکھو غرام

غَاسِقٌ اندھیرا کرنے والا۔ دیکھو غَسَق

غَاشِیَةٌ چھپانے والی اور قیامت۔

غَافِرٌ چھپانیوالا اور بخشنے والا۔ دیکھو غُفْرَان

غَافِرِیْن گناہ چھپانے والے۔ دیکھو غُفْرَان
غَافِل مرد بے خبر۔ دیکھو غَفْلَة
غَافِلَات بے خبر عورتیں۔ دیکھو غَفْلَة
غَافِلُوْنَ بے خبر سب۔ دیکھو غَفْلَة
غَالِب زبردست۔ دیکھو غلب
غَالِبُوْنَ زبردست۔ دیکھو غلب
غَاوُوْن گمراہ سب۔ دیکھو غیّ
غَاوِیْن گمراہ۔ دیکھو غیّ
غَبَرَة گرد و غبار۔ جمع اَغْبَار
غُثَاء گھاس سوکھی اور کوڑا۔ جمع اَغْثَاء
غَدْ کل اور قیامت۔ اصل میں غَدْو تھا و گر گیا
غَدَاء صبح کا کھانا۔ طعام چاشت۔ جمع اَغْدِیَة
غَدَاة صبح کا وقت۔ جمع غَدَوَات۔ غَدَاة کی اصل غُدوة ہے۔
غَدَق پانی بہت بھر کر وافر۔ لَاَسْقَیْنٰھُمْ مَاءً غَدَقًا۔ جن ۲۹/۱۱ تو ہم پلاتے اُنکو پانی بھر کر یعنے وافر۔
غُدُوّ صبح کرنی۔ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ اعراف ۹/۱۴ صبح کو اور شام کو۔ غَدَا یَغْدُوْ غَادٍ مَغْدُوّ اُغْدُ لَاتَغْدُ۔

غَدَوْا صبح کو چلے۔ دیکھو غُدُوّ
غَدَوْتَ صبح کے وقت چلا تو۔ دیکھو غُدُوّ
غَرَّ فریب دیا۔ دیکھو غُرُوْر
غُرَاب کوّا۔ زاغ۔ جمع اَغْرُب۔ اَغْرِبَة۔ غِرْبَان غُرُب۔ جمع الجمع غَرَابِیْن۔
غَرَابِیْب کالے۔ واحد غِرْبِیب
غَرَام تاوان۔ ہلاکی۔ عذاب۔ حرص۔ لت۔ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا۔ فرقان ۱۹/۴ بیشک اُسکا عذاب بڑی چٹی ہے۔ غَرِمَ يَغْرَمُ غَارِمٌ مَغْرُوْمٌ اِغْرَمْ لَاتَغْرَمْ۔
غَرَبَتْ ڈوبی وہ۔ دیکھو غُرُوْب
غَرْبِيّ مغرب کی طرف والا
غَرْبِيَّة پچھم والی یعنے مغرب والی۔
غَرَّتْ بھگائی اور فریب دیا اُس نے۔ دیکھو غُرُوْر۔
غُرَف کھڑکیاں۔ واحد غُرْفَة
غُرُفَات جھروکے اور دریچے۔ واحد غُرْفَة
غُرْفَة چلو پانی۔ یکمشت آب۔ جمع غُرَافَة غِرَاف۔
غَرَق ڈوبنا پانی میں۔ لت۔ حَتّٰی اِذَا

أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ یونس ۱۱/۱۹ یہاں تک کہ جب آلگا اسکو ڈوبنا۔ غَرِقَ یَغْرَقُ غَارِقٌ غَرِیْقٌ اِغْرَقْ لَاتَغْرَقْ۔

غَرَقَ ڈباؤ۔ ڈوباوہ۔

غَرَّكَ فریب دیا تجھکو۔ دیکھو غُرُوْر

غُرُوْب چھپنا آفتاب کا۔ ف ض۔ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ق ۲۶/۱۷ اور پہلے ڈوبنے سے غَرَبَ یَغْرُبُ غَارِبٌ مَغْرُوْبٌ اُغْرُبْ لَاتَغْرُبْ۔

غَرُوْر فریب دینے والا اور دنیا اور شیطان

غُرُوْر فریب اور فریب دینا۔ وَمَا یَعِدُهُمُ الشَّیْطَانُ اِلَّا غُرُوْرًا نساء ۵/۱۵ اور شیطان انکو وعدہ نہیں دیتا بجز فریب کے۔ یُوْحِیْ بَعْضُهُمْ اِلٰی بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا۔ انعام ۹/۱ بعضے بعضوں کے دلوں میں چکنی چپڑی باتیں ڈالتے ہیں فریب دینے کو غَرَّ یَغُرُّ غَارٌّ مَغْرُوْرٌ اُغْرُرْ لَاتَغْرُرْ۔

غُزًّی مجاہد لوگ۔ واحد غَازِیْ۔ غَازٍ۔ مصدر غَزْو ف ض۔ اَوْكَانُوْا غُزًّی عمران ۱۶/۸ یا ہوتے جہاد میں۔ غَزٰی یَغْزُوْ غَازٍ مَغْزُوٌّ اُغْزُ لَاتَغْزُ۔

غَزْل سوت کاتنا۔ ف ك۔ ف ض۔ ك ف نَقَضَتْ غَزْلَهَا۔ نحل ۱۹/۱۴ توڑا اپنا سوت کاتا۔ غَزَلَ یَغْزِلُ غَازِلٌ مَغْزُوْلٌ اِغْزِلْ لَاتَغْزِلْ۔

غَسَّاق پیپ یعنے زرداب گندا پانی زخم کا

غَسَقَ اندھیرا کیا اس نے۔ مصدر غَسَق ف ك۔ ك ف۔ اِلٰی غَسَقِ الَّیْلِ بنی اسرائیل ۹/۱۵ رات کے اندھیرے تک۔ غَسَقَ یَغْسِقُ غَاسِقٌ مَغْسُوْقٌ اِغْسِقْ لَاتَغْسِقْ۔

غِسْلِیْن دھون زرداب اصل میں غُسَالَة کہتے ہیں جہاں پانی میلا کچیلا اور مستعمل ہو غسلین دوزخ میں چشمہ ہے جو کثافت کفاروں کی اُسمیں جمع ہوتی ہے نام درخت کا دوزخ میں۔

غِشَاوَة پوشش اور پردہ آنکھ کا۔

غَشّٰی خوب ڈھانپا اُس نے۔ چھپایا۔ مصدر تَغْشِیَة چھپانا۔ فَغَشّٰهَا مَاغَشّٰی۔ نجم ۲۷/۷ پھر اسپر چھایا جو چھایا۔ غَشّٰی یُغَشِّیْ مُغَشٍّ غَشِّ لَاتُغَشِّ۔

غَشِیَ چھپایا گھیر لیا اُس نے۔ مصدر غَشْی

غشاء ۔ ک ف ۔ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ
طٰہ ۱۶/۱۳ پھر گھیر لیا انکو پانی نے جیسا گھیر لیا
غَشِيَ يَغْشٰى غَاشٍ غَشْيٌ مَغْشِيٌّ اِغْشَ
لَاتَغْشَ

غَصَبَ چھین لینا ۔ ف ک ۔ يَأْخُذُ كُلَّ
سَفِيْنَةٍ غَصْبًا کہف ۱۶/۱ لے لیتا ہر کشتی
چھین کر غَصَبَ يَغْصِبُ غَاصِبٌ مَغْصُوْبٌ
اِغْصِبْ لَا تَغْصِبْ ۔

غُصَّة خفگی اور غم ۔ جمع غُصَص ۔

غَضَب غصہ کرنا ۔ ک ف ۔ فَبَاءُوْ بِغَضَبٍ
عَلٰى غَضَبٍ ۔ بقر ۱۱ پھر کما لائے غصے پر غصہ
یعنے مستحق ہوئے غصہ کے ۔ غَضِبَ يَغْضَبُ
غَاضِبٌ مَغْضُوْبٌ اِغْضَبْ لَا تَغْضَبْ ۔

غَضِبَ غصہ کیا اُس نے ۔ دیکھو غضب

غَضْبَانَ غصہ بھرا ہوا ۔ یہ صیغہ صفت
مشبہ ہے ۔ دیکھو غضب

غَضِبُوْا غصے ہوئے ۔ دیکھو غضب

غِطَاء پردہ ۔

غَفَّار خوب بخشنے والا گناہوں کا ۔
دیکھو غُفْرَان ۔

غَفَرَ بخشا اُس نے ۔ دیکھو غفران

غُفْرَان بخشش ۔ مصدر غفر ۔ غُفْرَان ۔
ف ک ۔ ک ف غُفْرَانَكَ رَبَّنَا ۔ بقر ۳/۸ اے
ہمارے پروردگار تیری بخشش چاہتے ہیں
غَفَرَ يَغْفِرُ غَافِرٌ مَغْفُوْرٌ اِغْفِرْ لَا تَغْفِرْ ۔

غَفَرْنَا بخشا ہم نے ۔ دیکھو غُفْرَان

غَفْلَة بے خبری اور بھول ۔ مصدر غفل
غَفْلَة ف ض ۔ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ
انبیاء ۱/۱ اور وہ بیخبر اور بھول رہے ہیں
یعنے ٹلاتے ہیں غَفَلَ يَغْفُلُ غَافِلٌ مَغْفُوْلٌ
اُغْفُلْ لَا تَغْفُلْ ۔

غَفُوْر بخشنے والا اور ڈھانپنے والا اور
نام اللہ کا ۔ دیکھو غُفْرَان

غَلَّ چھپایا ۔ خیانت کی ۔ مصدر غِلّ ۔ غُلُوْل
ف ض ۔ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ آل عمران ۸/۱۷ اور جو کوئی غبن کریگا
آویگا اُس چیز سمیت جسکو غبن کیا ہے دن
قیامت کے ۔ غَلَّ يَغُلُّ غَالٌّ مَغْلُوْلٌ ۔
اُغْلُلْ لَا تَغْلُلْ ۔

غِلّ بیر ۔ کینہ ۔ اور دشمنی ۔ اور ناخوشی ۔ وَنَزَعْنَا

مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اعراف ۵/۱۲ اور
نکال لینگے ناخوشی کو جو کچھ کہ انکے دلوں میں
ہو یعنے بہشت میں کسی کے دل میں ناخوشی
نہیں رہیگی۔
غِلَاظ زبردست سب اور بے رحم لوگ اور
موٹے۔ واحد غلیظ۔ دیکھو غِلْظَة
غُلَام لڑکا۔ جمع غِلْمَان۔ جمع کثرت غِلْمَة
غُلَامَیْنِ دو لڑکے۔
غَلَبَ زور۔ مصدر غَلَبٌ بمعنے غالب ہونا۔
ف ک۔ وَهُمْ مِّنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ۔
روم ۲۱/۴ اور وہ اس دبنے پیچھے اب غالب
ہونگے۔ غَلَبَ يَغْلِبُ غَالِبٌ مَغْلُوْبٌ اِغْلِبْ لَا تَغْلِبْ
غُلْب درخت گھنے اور ملے ہوئے۔ واحد غَلْبَاء
غَلَبَتْ زبردست ہوئی۔ دیکھو غَلَبَ
غُلِبَتْ مغلوب کی گئی اور ہرائی گئی۔ دیکھو غَلَبَ
غَلَبُوْا زور کئے اور زبردست ہوئے۔ دیکھو غَلَبَ
غُلِبُوْا مغلوب کیئے گئے۔ دیکھو غَلَبَ
غُلَّتْ باندھی گئی وہ۔ دیکھو غَلَّ
غِلْظَة سختی۔ مصدر غلظ۔ ض ض۔ وَلْيَجِدُوْا
فِيْكُمْ غِلْظَةً توبہ ۱۶/۱۱ اور چاہیئے کہ وہ پاویں
تم میں مضبوطی۔ غَلُظَ يَغْلُظُ غَلِيْظٌ مَغْلُوْظٌ
اُغْلُظْ لَا تَغْلُظْ۔
غُلُف غلاف۔ واحد اَغْلَف۔ غُلُف کے ل کا
سکون بھی ہوسکتا ہے کیونکہ مضموم کو ساکن
بعض موقعوں میں عرب کر دیتے ہیں۔
جیسا کُتْب۔ کُتُب۔
غَلَّقَتْ بند کیا اور باندھا اُس نے۔ مصدر
تَغْلِيْق۔ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ یوسف ۱۲/۱۲
اور بند کیئے دروازے۔ غَلَّقَ يُغَلِّقُ مُغَلِّقٌ مُغَلَّقٌ
غَلِّقْ لَا تُغَلِّقْ۔
غِلْمَان لڑکے اور چھوکرے۔ واحد غُلَام
غُلُّوْا باندھو اور طوق ڈالو تم۔ دیکھو غَلَّ
غَلْی جوش مارنا دیگ کا۔ ف ک۔ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ
حجرات ۲۶/۱۳ جیسا جوش کرتا ہے گرم پانی۔
غَلٰی يَغْلِيْ غَالٍ مَغْلِيٌّ اِغْلِ لَا تَغْلِ۔
غَلِيْظ گاڑھا سخت اور گندہ۔ دیکھو غِلْظَة
غَمّ تنگی اور رنج۔ جمع غُمُوْم
غَمَام بدلی۔ جمع غَمَائِم
غُمَّة پوشیدہ۔ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ
غُمَّةً یونس ۱۱/۱۳ پھر نہ ہوا تمہارا کام تم پر پوشیدہ

غَمَّ يَغُمُّ غَامٌّ مَغْمُوْمٌ اُغْمُمْ لَاتَغْمُمْ۔

غَمَرَات بے ہوشیاں۔ واحد غَمْرَة

غَمْرَة سختی اور بے ہوشی۔ جمع غَمَرَات

غَنَم بکری۔ جمع اَغْنَام۔غُنُوْم

غَنِمْتُمْ لوٹ لائے تم۔مصدر غَنِیْمَۃ ل ف۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ انفال ۱۰/۵ جان لو کہ جو کچھ لڑائی میں تمہارے ہاتھ کوئی چیز آئی ہے۔ غَنِمَ يَغْنَمُ غَانِمٌ مَغْنُوْمٌ اِغْنَمْ لَاتَغْنَمْ۔

غَنِیّ توانگر اور بے پروا۔ جمع اغنیاء۔ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ آل عمران ۴/۴ تو اللہ پروا نہیں رکھتا۔ غَنِیَ يَغْنٰی غَانٍ مَغْنِیٌّ اِغْنَ لَاتَغْنَ۔

غَوَاش پردے اور سائبان سب۔ واحد غَاشِیَة

غَوَّاص غوطے لگانے والا۔ مصدر غوص ف ض۔ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ص ۲۳/۱۲ ہر ایک عمارت بنانیوالا اور دریا میں غوطہ مارنے والا۔ غَاصَ يَغُوْصُ غَائِصٌ مَغُوْصٌ غُصْ لَاتَغُصْ۔

غَوِی بے راہ چلا۔ دیکھو غَیّ

غَوْر سوکھنا خشک ہونا اور گہرے پانی میں جانا اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا ملک ۲۹/۲ اگر ہو رہے صبح کو پانی تمہارا خشک۔ غَارَ يَغُوْرُ غَائِرٌ مَغُوْرٌ غُرْ لَاتَغُرْ۔

غَوْل سر پھرنا یعنے خرابی۔ لَا فِیْهَا غَوْلٌ صافات ۲۳/۴ نہ اسمیں سر پھرنا ہے۔ غَالَ يَغُوْلُ غَائِلٌ مَغُوْلٌ غُلْ لَاتَغُلْ۔

غَوِیّ گمراہ۔ دیکھو غَیّ

غَوَیْنَا گمراہ ہوئے ہم۔ دیکھو غَیّ

غَیّ گمراہی۔ ف ك۔ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ بقر ۳/۲ بلاشبہ ظاہر ہوگئی ہے ہدایت گمراہی سے غَوٰی يَغْوِیْ غَاوٍ مَغْوِیٌّ اِغْوِ لَاتَغْوِ۔

غَیَابَت انتہائے کوئے اور میدان کہ جسمیں آدمی چھپ جاوے۔

غَیْب چھپی چیز۔ جمع غُیُوْب۔ غِیَاب۔

غَیْث مینہہ بارش اور پانی کا برسنا۔ كَمَثَلِ غَیْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ۔ حدید ۱۹/۲۷ جیسی کہاوت ایک مینہہ کی جو خوش لگا کسانوں کو اسکا سبزہ اگنا۔ غَاثَ يَغِیْثُ غَائِثٌ مَغِیْثٌ غِثْ لَاتَغِثْ۔

غَیْر سوائے۔ اور۔ نہیں۔ مگر۔ وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا۔ آل عمران ۳/۹ اور جو کوئی چاہے سوائے حکم برداری اسلام کے اور دین۔

بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا نساء ۵ بدل کر دینگے
انکو اور کھال۔ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ مدثر ۲۹/۱۰
منکروں پر نہیں آسان۔

غَيْرُ مَمْنُوْنٍ بے انتہا۔

غِيْضَ سکھایا گیا خشک کیا گیا۔ دیکھو تغیض

غَيْظ غصہ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ آل عمران ۱۴۔
اور دبا لیتے ہیں غصہ۔ غَاظَ يَغِيْظُ غَائِظٌ مَغِيْظٌ
غِظْ لَا تَغِظْ۔

غُيُوْب چھپی چیزیں۔ واحد غَيْب

ف

ف یہ حرف عطف ہے اور لفظ میں کچھ عمل
نہیں کرتا ہے۔ پھر۔ سو۔ اب۔ اور۔ تو۔
فَاَخْرَجَ بِهٖ بقر ۳ پھر نکالے اس سے۔ فَلَا تَجْعَلُوْا
لِلّٰهِ اَنْدَادًا۔ بقر ۳ سو نہ ٹھراؤ اللہ کے برابر کوئی
فَتُوْبُوْا اِلٰى بَارِئِكُمْ بقر ۶ اب توبہ کرو اپنے
پیدا کرنیوالے کی طرف۔ فَاقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ بقر
۶ اور مار ڈالو اپنی جانیں۔ فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ بقر
۷ تو انکو ہے انکی مزدوری۔

فَاءَتْ پھر آئی دیکھو فاؤ

فَائِزُوْنَ مراد کو پہنچنے والے۔ دیکھو فوز

فَاءُوْا پھرے اور رجوع کیا انہوں نے۔ مصدر
فَيْءٌ۔ فَاِنْ فَاءُوْا۔ بقر ۲۸ پھر اگر وہ پھر جاویں
فَاءَ يَفِيْءُ فَاءٍ مَفِيْءٌ فِئْ لَا تَفِئْ۔

فَاتَ نابود ہوا۔ اور مرگیا۔ دیکھو فوت

فَاتِحِيْنَ کھولنے والے۔ اور خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ
خدا۔ دیکھو فتح

فَاتِنِيْنَ جانچنیوالے اور گمراہ کرنیوالے۔ دیکھو فتون

فَاجِر بدکار۔ دیکھو فجور۔

فَاحِشَة بیحیائی اور عورت بدکار۔ اور کام
خلاف شرع منہی عنہ۔

فَارَ جوش کیا اس نے۔ دیکھو فور

فَارِض بیل بوڑھا اور جثہ دار مشتق ہے
فرض سے بمعنے قطع کرنیکے یعنے قطع ہوگئی
عمر اسکی۔ دیکھو فرض۔

فَارِغ خالی ہونے والا اور فراغت پانیوالا۔
دیکھو فرغت

فَارِقَات جدا کرنے والیاں۔ دیکھو فرق

فَارِقُوْا جدا کرو۔ مصدر مفارقة۔ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ

طلاق ۲۸/۱۲ یا جدا کرو انکو۔ فارق یُفارِقُ مُفارِق فارِق لاتُفارِق۔

فَارِهِیْنَ خوش ہونے والے اور تکلیف کرنے والے۔ مصدر فراهة۔ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُیُوْتًا فَارِهِیْنَ شعراء ۱۹/۱۲ اور تراشتے ہو پہاڑوں سے گھر تکلیف سے۔ فَرِهَ یَفْرَهُ فَارِهٌ مَفْرُوْهٌ اِفْرَهْ لَاتَفْرَهْ۔

فَائِزٌ پہنچا۔ یعنے مراد کو پہنچا۔ دیکھو فوز۔

فَاسِقٌ بدکار اور نافرمان۔ دیکھو فسوق

فَاسِقُوْنَ نافرمانی کرنے والے۔ دیکھو فسق

فَاصِلِیْنَ جدا کرنیوالے اور خیر الفاصلین مراد خدا سے ہے۔ دیکھو فصل

فَاطِرٌ چیرنے والا اور پیدا کرنیوالا۔ دیکھو فطر۔

فَاعِلٌ کرنے والا۔ دیکھو فعل

فَاعِلُوْنَ کرنے والے۔ دیکھو فعل

فَاقِرَۃٌ کمر توڑنے والی اور حادثہ پشت شکن بلا وسختی۔ مصدر فقر۔ فقار۔ تَظُنُّ اَنْ یُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَۃٌ قیامۃ ۲۹/۱۲ خیال میں ہیں کہ اُنپر وہ ہو وے جس سے کمر ٹوٹے۔ فَقَرَ یَفْقَرُ فَاقِرٌ مَفْقُوْرٌ اِفْقَرْ لَاتَفْقَرْ۔

فَاقِعٌ زرد و شوخ خالص۔ مصدر فقوع۔ ف ف وض۔ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا بقرہ ۸/۱ زرد ڈھڈا رنگ اُسکا۔ فَقَعَ یَفْقَعُ فَاقِعٌ مَفْقُوْعٌ۔ اِفْقَعْ لَاتَفْقَعْ۔

فَاکِهَۃٌ میوہ۔ جمع فواکه

فَاکِهُوْنَ خوش ہونیوالے اور خوش طبعی کرنے والے۔ دیکھو فکهین۔

فَالِقٌ چیرنے والا اور نکالنے والا۔ مصدر فلق ف ک۔ اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی انعام ۱۸/۱ اللہ ہی پھوڑ نکالتا ہے دانہ اور گٹھلی۔ فَلَقَ یَفْلِقُ فَالِقٌ مَفْلُوْقٌ اِفْلِقْ لَاتَفْلِقْ۔

فَانٍ نابود ہونے والا اور آخر کو پہنچنے والا۔ مصدر فَنَاء۔ ف ک۔ اصل میں فَانِیٌ تھا ی گر گئی۔ کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ الرحمن ۲۷/۱۱ جو کوئی ہے زمین پر نبڑنے والا ہے۔ فَنِیَ یَفْنِیْ فَانٍ مَفْنِیٌّ اِفْنِ لَاتَفْنِ۔

فَاه موند اُسکا ه ضمیر کی ہے۔ اور الف نشانی نصب کی۔ یہ لفظ بے ضمیر کے الف کے ساتھ نہیں آتا۔

فَبِمَ پس ساتھ کس وجہ کے۔ پس بچہ وجہ۔

فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ اب کاہے پر خوشی سُناتے ہو۔ فَبِمَ یعنے فَبِأَيِّ شَيْءٍ ما استفہام تعجب کا۔ فَبِمَا نَقْضِهِمْ۔ ما زایدہ ب سببیہ سو اُنکے قول توڑنے پر۔

فَتَّاح خوب کھولنے والا اور حکم کرنیوالا یہ اسم خدا کا ہے۔

فَتْح کھولنا اور فیروزمندی۔ ف ف۔ نَصْرٌ مِّنَ اللهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ صف ۲۸/۱ مدد اللہ کی طرف سے اور فتح شتاب۔ فَتَحَ يَفْتَحُ فَاتِحٌ مَفْتُوْحٌ اِفْتَحْ لَاتَفْتَحْ۔

فَتَحَ کھولا اُس نے۔ دیکھو فتح۔

فُتِحَتْ کھولی گئی وہ۔ دیکھو فتح

فَتَحْنَا کھولا ہمنے۔ دیکھو فتح

فَتَحُوْا کھولا اُنہوں نے۔ دیکھو فتح

فَتْرَة سستی اور توڑا پڑنا۔ اور زمانہ دو پیغمبروں کے بیچ میں۔ مصدر فتر۔ فُتُوْر۔ ف ض۔ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ مائدہ ۳/۶ آیا ہے تم پاس رسول ہمارا توڑا پڑے پیچھے رسولوں کا۔ فَتَرَ يَفْتُرُ فَاتِرٌ مَفْتُوْرٌ اُفْتُرْ لَاتَفْتُرْ۔

فَتَقْنَا چیرا ہمنے اور مونہ کھولا ہمنے۔ مصدر فَتْق ف ض۔ فَفَتَقْنٰهُمَا۔ انبیاء ۳/۲ پھر ہمنے اُنکو کھولا۔ فَتَقَ يَفْتُقُ فَاتِقٌ مَفْتُوْقٌ اُفْتُقْ لَاتَفْتُقْ۔

فَتَنَّا جانچا ہمنے دیکھو فتون

فِتْنَة ازمائش یعنے جانچنا اور حیرت اور کفر اور فساد دیکھو فتون

فَتَنْتُمْ جانچا تم نے۔ دیکھو فتون

فُتِنْتُمْ بچلائے گئے تم۔ دیکھو فتون

فَتَنُوْا جانچا انہوں نے۔ دیکھو فتون

فُتِنُوْا بچلائے گئے۔ دیکھو فتون

فُتُوْن جانچنا ف ك۔ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا طٰہٰ ۱۶/۱۱ اور جانچا تجکو ایک ذرہ جانچنا۔ فَتَنَ يَفْتِنُ فَاتِنٌ مَفْتُوْنٌ اِفْتِنْ لَاتَفْتِنْ۔

فَتٰی جوان۔ جمع فِتْيَان۔ فِتْيَة۔ فِتْوَة۔

فَتَيَات لونڈیاں اور جوان عورتیں۔ واحد فتیۃ

فِتْيَان جوان اور غلام سب۔ واحد فتی۔

فَتَيَانِ دو جوان۔

فِتْيَة جوان سب۔ واحد فتی

فَتِيْل تاگا کھجور کی گٹھلی کا۔

فَجّ راہ کشادہ۔ جمع فجاج

فِجَاج راہیں کشادہ دو پہاڑ کے درمیاں۔ واحد فج

فُجّار بدکار سب۔ واحد فاجر

فَجر صبح اور گناہ کرنا۔ دیکھو فجور

فَجَرة ڈھیٹھ اور بدکار سب۔ واحد فاجر

فُجِّرَتْ بہائی گئی۔ مصدر تفجیر۔ وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ انفطار ۳۰/۳ اور جب دریا بہ پڑیں۔ فَجَّرَ یُفَجِّرُ مُفَجِّرٌ فَجِّرْ لَاتُفَجِّرْ۔

فَجَّرْنَا بہایا ہمنے۔ بہاڑا ہمنے۔ دیکھو فجرت

فَجْوَة میدان۔ جمع فجوات۔ فجأ۔

فُجُوْر گناہ کرنا اور حق سے پھرنا۔ اور نماز ترک کرنی ف ض۔ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا شمس ۳۰/۱۷ پس جی میں ڈالی اُسکے بدکاری اُسکی فَجَرَ یَفْجُرُ فَاجِرٌ مَفْجُوْرٌ اُفْجُرْ لَاتَفْجُرْ۔

فَحْشَاء بےحیائی۔ واحد فحش

فَخَّار گھنگھنانے والا ٹھیکرا سفال جو مٹی سے پکایا جاوے۔

فَخُوْر بڑائی کرنے والا۔ مصدر فخر۔ فخور ف ض۔ مُخْتَالًا فَخُوْرًا نساء ۳/۶ اتراتا بڑائی کرتا۔ فَخَرَ یَفْخَرُ فَاخِرٌ مَفْخُوْرٌ اُفْخُرْ لَاتَفْخَرْ۔

فِدَاء چھڑوائی۔ وَاِمَّا فِدَاءً محمد ۲۶/۵ اور یا چھڑوائی لیجو۔ فَدٰی یَفْدِیْ فَادٍ مَفْدِیٌّ اِفْدِ لَاتَفْدِ

فِدْيَة بدلا۔ دیکھو فداء

فَدَيْنَا بدلا دیا ہمنے۔ دیکھو فداء

فُرَات پانی ٹھنڈا پیاس بجھانے والا۔ جمع فرتان۔

فُرَادٰی ایک ایک۔ واحد فرد

فِرَار بھاگنا۔ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ احزاب ۲۱/۱۸ تو کہہ کام نہ آویگا تمکو بھاگنا۔ فَرَّ یَفِرُّ فَارٌّ مَفْرُوْرٌ اِفْرِرْ لَاتَفْرِرْ۔

فَرَاش پتنگے یعنے پروانے۔ واحد فراشة

فِرَاش بچھانے کی چیز جیسے قالین اور بوریا جمع فروش۔

فِرَاق جدائی۔ مصدر مفارقة۔ فراق۔ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ کہف ۱۶/۱ کہا اب جدائی میرے تیرے بیچ۔ فَارَقَ يُفَارِقُ مُفَارِقٌ فَارِقْ لَاتُفَارِقْ۔

فَرَّتْ بھاگی وہ۔ دیکھو فرار

فَرْث گوبر کہ شکنبے میں ہووے۔ جمع فروث

فَرْج سوراخ اور شگاف اور شرمگاہ جمع فروج

فُرِجَتْ چیری گئی اور کھڑکی کی گئی۔ مصدر فرج ف ن ل۔ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ مرسلات ۲۹/۲۱

اور جب آسمان میں جھروکی پڑیں۔ فَرَجَ یَفْرِجُ فَارِجٌ مَفْرُوْجٌ اِفْرِجْ لَا تَفْرِجْ۔

فَرِحٌ خوش ہونے والا۔ دیکھو فرح۔

فَرِحَ خوش ہوا۔ مصدر فرح ک ف۔ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ توبہ ۱۱/۱۲ خوش ہوئے پیچھاڑی ڈالے گئے۔ فَرِحَ یَفْرَحُ فَارِحٌ مَفْرُوْحٌ اِفْرَحْ لَا تَفْرَحْ

فَرِحُوْا خوش ہوئے۔ دیکھو فرح

فَرِحُوْنَ خوش ہونے والے۔ دیکھو فرح

فَرَاد اکیلا اور طاق۔ جمع افراد

فِرْدَوْس باغ اور نام بہشت کا ہے جو سب سے اوپر ہے یہ کلمہ رومی ہے اسکو بسم فیل کہتے ہیں۔ جمع فرادیس

فَرَرْتُ بھاگا میں۔ دیکھو فرار۔

فَرَرْتُمْ بھاگے تم۔ دیکھو فرار

فَرْش دبی ہوئی چیزیں اور گائی اور بکری ذبح کرنے کی چیزیں۔

فُرُش بچھونے۔ واحد فرش

فَرَشْنَا بچھایا ہمنے۔ مصدر فرش ف ض۔ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا ذاریات ۴۸/۳ اور زمین کو بچھایا ہمنے فَرَشَ یَفْرِشُ فَارِشٌ مَفْرُوْشٌ اُفْرُشْ لَا تَفْرُشْ

فَرَضَ مقرر کیا اُسنے۔ مصدر فرض۔ ف ک فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ بقرہ ۲۵/۳ پھر جس نے لازم کرلیا انمیں حج۔ فَرَضَ یَفْرِضُ فَارِضٌ مَفْرُوْضٌ اِفْرِضْ لَا تَفْرِضْ۔

فَرَضْتُمْ مقرر کیا تمنے۔ دیکھو فرض

فَرَضْنَا ٹھہرایا ہمنے۔ دیکھو فرض

فُرُط ظلم کرنا اور حد سے گذرا ہوا۔ ف ن وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا۔ کہف ۱۵/۱۱ اور اسکا کام ہے حد پر نرہنا فَرَطَ یَفْرُطُ فَارِطٌ مَفْرُوْطٌ اُفْرُطْ لَا تَفْرُطْ۔

فَرَّطْتُ قصور کیا میںنے۔ مصدر تفریط عَلٰى مَا فَرَّطْتُ زمر ۲۴/۳ اوپر اسکے تقصیر کی میںنے۔ فَرَّطَ یُفَرِّطُ مُفَرِّطٌ مُفَرَّطٌ فَرِّطْ لَا تُفَرِّطْ۔

فَرَّطْتُمْ حد سے بڑھے تم۔ دیکھو فرطت

فَرَّطْنَا قصور کیا ہمنے۔ دیکھو فرطت

فَرْع ڈالی۔ شاخ۔ جمع فروع۔

فِرْعَوْن نام بادشاہ مصر کا یعنے دراصل لقب ہر بادشاہ مصر کا اور لقب ہر ظالم ظلم پیشہ تبہ کار کا۔ جمع فراعنہ۔ فرعون تفرعن سے مشتق ہے جسکے معنے سرکش ومتکبر کے ہیں

لیکن اصل یہ ہے کہ یہ فرعُوہ سے لیا گیا جسکے معنے
لغت قدیم مصر میں بادشاہ کے ہیں اہل عرب
نے معرب کرکے فرعون بنایا اور اُسکی جمع فراعنہ
بنائی۔

فَرَغْتَ فارغ ہوا تو۔ مصدر فروغ۔ فراغ۔
ف ض۔ فَاِذَا فَرَغْتَ الم نشرح ۳۰/۱۹ پھر جب
تو فارغ ہو۔ فَرَغَ یَفْرُغُ فَارِغٌ مَفْرُوْغٌ اُفْرُغْ
لَاتَفْرُغْ۔

فَرَقَ جدا کرنا اور پھاڑنا۔ ک ف۔ ف ض۔
فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا مرسلات ۲۹/۲۱ پھر پھاڑنے والیاں
بانٹ کر۔ فَرَقَ یَفْرُقُ فَارِقٌ مَفْرُوْقٌ اِفْرُقْ لَاتَفْرُقْ

فِرْق پھانک۔ جمع فِرقۃ

فُرْقَان قرآن مجید اور جو کچھ کہ حق اور باطل
میں جدا کرے۔ دیکھو فرق۔

فِرْقَة گروہ۔ جمع اَفَارِقَة

فَرَّقْتَ جدائی ڈالی تو نے۔ دیکھو تفریق

فَرَقْنَا جدا کیا ہمنے۔ دیکھو تفریق

فَرَّقُوْا پراگندہ کیا اُنہوں نے۔ دیکھو تفریق

فِرُّوْا بھاگو تم۔ دیکھو فرار۔

فُرُوْج سوراخ سب۔ اور اندام نہانی عورت کا۔
واحد فرج۔ وَیَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ نور ۱۸/۱ اور
تھامتی رہیں اپنے ستر۔ وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ
ق ۲۶/۱۵ اور اسمیں نہیں کوئی سوراخ۔

فَرِیّ جھوٹ اور بہتان۔ لَقَدْ جِئْتِ شَیْئًا
فَرِیًّا مریم ۱۶/۲ تو نے کی یہ چیز طوفان۔ فَرِیَ
یَفْرٰی فَارٍ مَفْرِیٌّ اِفْرَ لَاتَفْرَ۔

فَرِیْضَة اللہ کا فرمایا ہوا جیسے نماز روزہ وغیرہ
جمع فرائض۔

فَرِیْق جماعت۔ جمع فروق۔ فُرُق۔ اَفْرِقَاءُ

فَرِیْقَان دو جماعتیں۔ واحد فریق

فَرِیْقَیْن دو جماعتیں۔

فَزَع گھبراہٹ اور ڈرنا۔ ک ف۔ جمع اَفْزَاع
لَایَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَکْبَرُ انبیاء ۱/۵ نہ غم ہوگا
انکو اُس بڑی گھبراہٹ میں۔ فَزِعَ یَفْزَعُ
فَازِعٌ مَفْزُوْعٌ اِفْزَعْ لَاتَفْزَعْ۔

فَزِعَ ڈرا اور گھبرایا وہ۔ دیکھو فَزَع

فُزِّعَ چیت میں آیا یعنے گھبراہٹ دور کی گئی
مصدر تَفْزِیْع تفعیل واسطے سلب کے ہے
حَتّٰی اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ سبا ۲۲/۴ یہانتک
کہ جب گھبراہٹ اٹھائی جاوے اُنکے دل سے

فَزِعَ يَفْزَعُ مَفْزَعٌ فَزِعٌ لَا تَفْزَعْ۔

فَزِعُوا گھبرائے وہ۔ دیکھو فزع

فَسَاد خرابی اور تباہ کرنا۔ ف ض۔ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا مائدہ ۶/۹ اور دوڑتے ہیں ملک میں فساد کرنے کو۔ فَسَدَ يَفْسُدُ فَاسِدٌ مَفْسُوْدٌ اُفْسُدْ لَا تَفْسُدْ۔

فَسَدَتْ تباہ ہوئی اور خراب ہوئی۔ دیکھو فساد۔

فَسَدَتَا خراب ہوئے دونو۔ دیکھو فساد

فِسْق گناہ اور نافرمانی۔ دیکھو فسوق

فَسَقَ گناہ کیا اُس نے۔ دیکھو فسوق

فَسَقُوْا گناہ کیا اور بدکاری کی انہوں نے دیکھو فسوق۔

فُسُوْق گناہ کرنا۔ ف ض۔ ف ك۔ وَلَا فُسُوْقَ بقرہ ۲/۹ اور نہ گناہ کرنا۔ فَسَقَ يَفْسُقُ فَاسِقٌ مَفْسُوْقٌ اُفْسُقْ لَا تَفْسُقْ۔

فَشِلْتُمْ ڈرے تم اور نامردی کی تم نے مصدر فَشَل۔ ل۔ ف حَتّٰى اِذَا فَشِلْتُمْ آل عمران ۴/۱۶ جب تک کہ تم نے نامردی کی۔ فَشِلَ يَفْشَلُ فَاشِلٌ مَفْشُوْلٌ اِفْشَلْ لَا تَفْشَلْ۔

فِصَال دودھ چھڑانا۔ مصدر فِصَل۔ فصال فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا۔ بقرہ ۲/۱۷ پھر اگر دونو چاہیں دودھ چھڑانا۔ فَصَلَ يَفْصِلُ فَاصِلٌ مَفْصُوْلٌ اِفْصِلْ لَا تَفْصِلْ۔

فَصْل جدا کرنا اور الگ ہونا۔ وَفَصْلَ الْخِطَابِ اور فیصلہ بات کا۔ فصل الخطاب بات درست سچی کہ حق اور باطل میں جدائی کرے۔ اور یوم الفصل دن قیامت۔ دیکھو فصال

فَصَلَ جدا ہوا اور باہر گیا وہ۔ دیکھو فصال

فَصَلَتْ جدا ہوئی وہ۔ دیکھو فصال

فُصِّلَتْ جدا جدا کی گئی یعنے خوب بیان کی گئی وہ۔ دیکھو تفصیل۔

فَصَّلْنَا خوب بیان کیا ہمنے۔ دیکھو تفصیل

فَصِيْلَة گھرانا اور کنبے کے لوگ۔

فِضَّة چاندی۔ جمع فضض۔

فَضْل بزرگی اور زیادتی اور زیادہ ہونا۔ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ۔ آل عمران ۳/۸ تو کہ بڑائی اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ فضول۔ افضال۔

فَضَّلَ بزرگی دی اُس نے۔ دیکھو تفضیل

فَضَّلْتُ بزرگی دی میں نے۔ دیکھو تفضیل
فَضَّلْنَا بزرگی دی ہمنے۔ دیکھو تفضیل
فُضِّلُوْا بزرگی دیئے گئے وہ۔ دیکھو تفضیل
فَطَرَ بنایا اُس نے۔ دیکھو فطرۃ
فِطْرَۃَ پیدائش اور دین اسلام۔ فِطْرَتَ اللّٰہِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ۔ روم ۲۱/۷ لازم پکڑو پیدائش خدا کی کو جو پیدا کیا ہے لوگوں کو
فَطَرَ یَفْطُرُ فَاطِرٌ مَفْطُوْرٌ اُفْطُرْ لَاتَفْطُرْ
فُطُوْر دراڑ اور سوراخ۔ واحد فطر
فَظٌّ سخت دل اور بد زبان۔ مصدر فظاظۃ۔ وَلَوْ کُنْتَ فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ آل عمران ۳/۱۸ اور اگر تو ہوتا سخت گو اور سخت دل۔ فَظَّ یَفِظُّ فَاظٌّ مَفْظُوْظٌ اِفْظِظْ لَاتَفْظِظْ۔
فَعَّال خوب کرنے والا صفت اللہ تعالیٰ کی۔ دیکھو فعل۔
فَعَلَ کیا اُس نے۔ مصدر فعل۔ ف ف۔ فَعَلَ رَبُّکَ۔ فیل ۳۰/۱۰ کیا رب تیرے نے
فَعَلَ یَفْعَلُ فَاعِلٌ مَفْعُوْلٌ اِفْعَلْ لَاتَفْعَلْ
فُعِلَ کیا گیا وہ۔ دیکھو فعل

فَعَلْتَ کیا تونے۔ دیکھو فعل
فَعَلْتُ کیا میں نے۔ دیکھو فعل
فَعْلَۃَ کرنا اور کام۔ دیکھو فعل
فَعَلْتُمْ کیا تُم نے۔ دیکھو فعل
فَعَلْنَ کیا انہوں نے۔ دیکھو فعل
فَعَلْنَا کیا ہمنے۔ دیکھو فعل
فَعَلُوْا کیا انہوں نے۔ دیکھو فعل
فَقْر تنگی اور احتیاج۔ جمع فقور
فُقَرَاء درویش سب۔ واحد فقیر
فَقِیْر درویش کہ ایک روز کا بھی قوت نہ رکھے۔ جمع فقراء۔
فَکَّ چھڑوانا۔ فَکُّ رَقَبَۃٍ۔ بلد ۳۰/۱۵ چھڑوانا گردن کا۔ فَکَّ یَفُکُّ فَاکٌّ مَفْکُوْکٌ اُفْکُکْ لَاتَفْکُکْ۔
فَکَّرَ سوچا۔ مصدر تفکیر۔ اِنَّہٗ فَکَّرَ وَقَدَّرَ۔ مدثر ۲۹/۱۶ اُس نے سوچ کیا اور دلمیں ٹھرایا۔ فَکَّرَ یُفَکِّرُ مُفَکِّرٌ مُفَکَّرٌ فَکِّرْ لَاتُفَکِّرْ۔
فَکِھِیْن باتیں بناتے۔ مصدر فکہ۔ ک ف۔ وَاِذَا انْقَلَبُوْآ اِلٰٓی اَھْلِھِمُ انْقَلَبُوْا فَکِھِیْنَ۔ مطففین ۳۰/۸ اور جب پھر کر جاتے اپنے گھر

بھر جاتے باتیں بناتے۔ فَكِهَ يَفْكَهُ فَاكِهٌ مَفْكُوْهٌ
اِفْكَهْ لَاتَفْكَهْ۔

فُلَان شخص معلوم کنایہ ہے آدمی سے۔
جمع فُلُوْن۔

فَلَق صبح اور صبحدم اور دوزخ میں ایک
کنوا ہے۔ جمع فلقان۔

فَلَك آسمان۔ جمع افلاك

فُلْك کشتی اور کشتیاں مذکر ومونث و
واحد وجمع اسکا یکساں ہے۔

فُؤَاد دل۔ جمع اَفْئِدَة رسم الخط میں ئ
کو ؤ اور آ کے ساتھ ملا کر لکھتے ہیں اور ؤ پر ء
منحنی لکھتے ہیں۔

فَوَاق اٹھنا اور مہلت اور وہ حالت کہ
جان کندن کے وقت ہوتی ہے اور زمانہ
بہت تھوڑا۔

فَوَاكِه میوے۔ واحد فاکھه

فَوْت نیست ہونا اور بھاگنا اور بچنا۔ جمع
افوات۔ اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ۔ سبا ٢٢/١٢
جب یہ گھبراویں گے پھر بھاگ نہیں
سکتے۔ فَاتَ يَفُوْتُ فَائِتٌ مَفُوْتٌ فُتْ
لَاتَفُتْ۔

فَوْج دل یعنے لشکر گروہ۔ جمع افواج

فَوَاحِش ناشائستگی۔ واحد فاحش۔

فَوْر جلدی اور جوش کھانا دیگ کا اور
چشمہ وغیرہ کا۔ وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ۔ آل
عمران ١٣/٤ اور وہ آویں تم پر اسی دم۔ فَارَ
يَفُوْرُ فَائِرٌ مَفُوْرٌ فُرْ لَاتَفُرْ۔

فَوْز نجات پانی اور مراد کو پہنچنا۔ فَوْزًا عَظِيْمًا
فتح ٢٦/١ بڑی مراد ملنی۔ فَازَ يَفُوْزُ فَائِزٌ
مَفُوْزٌ فُزْ لَاتَفُزْ۔

فَوْق اوپر۔ جمع افواق

فُوْم لہسن اور پیاز اور گیہوں اور چنے۔

فَهَّمْنَا سکھایا ہمنے اور سمجھایا ہمنے۔ مصدر
تفہیم۔ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ۔ انبیاء ٦/١ پھر
سمجھا دیا ہمنے وہ فیصلہ سلیمان کو۔ فَهَّمَ
يُفَهِّمُ مُفَهِّمٌ فَهِّمْ لَاتُفَهِّمْ۔

فِئَة گروہ۔ جمع فئات

فِئَتَان دوگروہ۔ واحد فئة۔

فِئَتَيْن دوگروہ۔ واحد فئة۔

فِي بیچ حرف جر ہے آخر میں زیر دیتا ہے

آتا ہے واسطے ظرف مکان اور ظرف زمان
کے مصاحبت بمعنے مع استعلا تاکید اور
واسطے مقایسۃ کے اور وہ داخل ہوتا ہے
درمیان مفضول سابق اور فاضل لاحق
کے جیسا فَمَا مَتَاعُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا فِی
الْاٰخِرَۃِ اِلَّا قَلِیْلٌ۔ توبہ ۱۰ سو کچھ نہیں
دنیا کا برتنا آخرت کے حساب میں۔ وَاَنْتُمْ
عٰکِفُوْنَ فِی الْمَسَاجِدِ۔ بقرہ ۲۳ جب
اعتکاف بیٹھے ہو مسجدوں میں۔ فِیْ
اَیَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ بقرہ ۲۵ کئی دن گنتی
کے۔ قَالَ ادْخُلُوْا فِیْ اُمَمٍ۔ ای معہم۔
اعراف ۴/۱۱ کہیگا داخل ہو ساتھ امتوں
کے۔ وَلَاُصَلِّبَنَّکُمْ فِیْ جُذُوْعِ النَّخْلِ
طہ ۱۶/۱۲ ای علی جذوع النخل۔ اور سولی
دونگا تمکو کھجور کی ٹھنڈ میں۔ وَقَالَ ارْکَبُوْا
فِیْھَا۔ ہود ۴/۱۲ اور بولا سوار ہو اسمیں۔

فِیْل ہاتھی۔ جمع افیال۔ اَصْحٰبِ الْفِیْلِ۔
فیل ۳۰ ہاتھی والوں سے یعنے ابرہہ اور
اسکے ساتھی۔

فِیْمَ کس چیز میں۔ ای فی ای شیء۔ فِیْمَ
اصل میں فِیْ مَا تھا۔ الف بکثرت استعمال
کے حذف ہوا۔ یا محاورہ اہل عرب کا ہے
مَا باالف اور بے الف ہردو وجہ پر بولتے
ہیں جیسا فِیْمَ کُنْتُمْ۔ تم کس بات میں تھے

ق

ق حرف تشابہات۔ بعض اسکے معنے کوہ
قاف کے کہتے ہیں۔ جامع البیان میں۔
ق قضی الامر کے معنے سے مراد ہے۔ تام
اللہ تعالی کا ہے مثل قابض قدوس قدیر
اور نام قرآن کا۔ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ
قسم ہے اُس قرآن بڑی شان والے کی

قِ بچا تو۔ دیکھو وقی

قَائِل کہنے والا۔ دیکھو قول

قَائِلُوْن کہنے والے۔ اور دوپہر کو سونے
والے۔ مصدر قَیْلُوْلَۃ۔ ک دیکھو مَقِیْل
اور قول۔ اَوْ ھُمْ قَائِلُوْنَ اعراف ۱/۱ یا وہ
سوتے تھے۔ قَالَ یَقِیْلُ قَائِلٌ مَقِیْلٌ

قِلْ لَا تَقِلْ۔

قَائِم کھڑا ہونے والا۔ دیکھو قیام

قَائِمَۃ کھڑی ہونے والی۔ دیکھو قیام

قَائِمُوْن کھڑے ہونے والے۔ دیکھو قیام

قَابَ مقدار درمیان قبضہ کمان اور خانہ کمان کے۔ قَابَ قَوْسَیْنِ۔ نجم ۲۷/۵ مقدار دو کمان کے۔

قَابِل قبول کرنے والا۔ دیکھو قبول

قَاتِلْ آپس میں لڑائی کر تو۔ دیکھو قتال

قَاتَلَ آپس میں لڑا وہ۔ دیکھو قتال

قَاتِلَا آپس میں لڑائی کرو تم دونو۔ دیکھو قتال۔

قَاتَلُوْا آپس میں لڑے وہ۔ دیکھو قتال

قَاتِلُوْا آپس میں لڑائی کرو تم۔ دیکھو قتال

قَادِر زبردست۔ دیکھو قدر

قَادِرُوْن زبردست سب۔ دیکھو قدر

قَارِعَۃ ٹھوکنے والی کنایہ ہے قیامت اور سختی اور حادثہ اور عذاب۔ جمع قوارع مصدر قرع۔ ف ف۔ اَلْقَارِعَۃُ مَا الْقَارِعَۃُ قارعہ ۳۰/۲۱ ٹھوکنے والی کیا ہے ٹھوکنے والی

قَرَعَ یَقْرَعُ قَارِعٌ مَقْرُوْعٌ اِقْرَعْ لَا تَقْرَعْ۔

قَارُوْن نام ہے چچیرے بھائی حضرت موسی علیہ السلام کا بسبب بے ادبی کے زمین میں غرق ہوگیا یہ غیر منصرف ہے

قَاسِطُوْن ظلم کرنے والے اور منصف لوگ مصدر قسوط۔ ف ك۔ اَمَّا الْقَاسِطُوْنَ فَکَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا۔ جن ۱۵/۲ جو بے انصاف ہیں وہ ہوئے دوزخ کا ایندھن۔ قَسَطَ یَقْسِطُ قَاسِطٌ مَقْسُوْطٌ اِقْسِطْ لَا تَقْسِطْ

قَاسَمَ قسم کھائی اس نے۔ قَاسَمَهُمَا اعراف ۹/۴ قسم کھائی اُن دونو کی۔ قَاسَمَ یُقَاسِمُ مُقَاسِمٌ قَاسِمْ لَا تُقَاسِمْ۔

قَاسِیَۃ سیاہ۔ سخت دل ہونے والے۔ دیکھو قسوۃ۔

قَاصِد ارادہ کرنے والا۔ اور درمیانہ چلنے والا اور ہلکارا۔ دیکھو قصد

قَاصِرَات کوتاہ کرنے والیاں۔ اور قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ حوریں بہشت کی کہ اپنی آنکھیں کوتاہ کرتی ہیں سوائے اپنے خاوند کے دوسرے کی طرف نہ دیکھیں گی۔

دیکھو تَقْصُرُوا۔

قَاصِف توڑنے والا اور ہوائے سخت اور رعد اور آواز تند۔ مصدر قصف۔ ف۔ ك

قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ۔ بنی اسرائیل ﷰ توڑنے والی باؤ سے۔ قَصَفَ يَقْصِفُ قَاصِفٌ مَقْصُوْفٌ اِقْصِفْ لَاتَقْصِفْ۔

قَاضٍ حکم کرنے والا۔ دیکھو قضی۔ جمع کثرت قُضَاة۔

قَاضِيَة آخر ہونے والی۔ دیکھو قضی

قَاطِعَة کاٹنے والی اور کام ٹھرانے والی۔ دیکھو قطع۔

قَاع زمین برابر۔ جمع قیعان۔ اقواع

قَاعِد بیٹھنے والا۔ دیکھو قعود

قَاعِدُوْن بیٹھنے والے۔ دیکھو قعود

قَامَ کھڑا ہوا۔ دیکھو قیام

قَامُوْا کھڑے ہوئے وہ۔ دیکھو قیام

قَالَ کہا اُس نے دیکھو قول

قَالَا کہا دونو نے۔ دیکھو قول

قَالَتْ کہا اس عورت نے۔ دیکھو قول

قَالَتَا کہا دو عورتوں نے۔ دیکھو قول

قَالُوْا کہا انہوں نے۔ دیکھو قول

قَالِيْن دشمنی کرنے والے اور بیزار ہونے والے۔ دیکھو قلی۔

قَانِت فرمان برداری کرنے والا اور دعا کرنے والا اور نماز میں خاموش ہونے والا۔ دیکھو یقنت۔

قَانِتَات فرماں بردار عورتیں۔ دیکھو یقنت۔

قَانِتُوْن تابعداری کرنے والے۔ دیکھو یقنت۔

قَانِطِيْن ناامید ہونے والے۔ دیکھو قنوط

قَانِع بے سوال یعنے تھوڑے پر بس کرنے والا۔ مصدر قناعة۔ قنوع ك ف۔ ق

اَطْعِمُوا الْقَانِعَ۔ حج ﷰ اور کھلاؤ بے سوال فقیر کو۔ قَنِعَ يَقْنَعُ قَانِعٌ مَقْنُوْعٌ اِقْنَعْ لَاتَقْنَعْ۔

قَاهِر غالب مصدر قهر۔ وَهُوَ الْقَاهِرُ الْعَامِ ﷰ اور وہ غالب ہے۔ قَهَرَ يَقْهَرُ قَاهِرٌ مَقْهُوْرٌ اِقْهَرْ لَاتَقْهَرْ۔

قَاهِرُوْن غالب ہونیوالے۔ دیکھو قاهر

قَبَائل گروہ سب اور گوتیں۔ واحد قبیل
قَبَر جسمیں مردہ کو گاڑیں۔ جمع قبور۔
قَبَس شعلہ آگ کا یعنے انگاری۔ اٰتِيكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ طٰه ۱۰/۱۶ لے آؤں میں تمہارے پاس اُسمیں سے انگاری۔
قَبْض کھینچنا اور پکڑنا۔ ف ک۔ بشتاب رفتن مُرغ۔ قَبْضًا يَّسِيْرًا۔ فرقان ۱۹/۴ کھینچنا آہستہ آہستہ۔ قَبَضَ يَقْبِضُ قَابِضٌ مَقْبُوضٌ اِقْبِضْ لَاتَقْبِضْ۔
قَبْضَة ایک مُٹھی۔
قَبَضْتُ پکڑا میں نے۔ دیکھو قبض۔
قَبَضْنَا پکڑا ہمنے اور کھینچا ہم نے۔ دیکھو قبض۔
قَبْل آگے ظروف غایات سے ہے جب مضاف الیہ اسکا منوی ہوتا ہے تب مبنی علی الضم ہوا کرتا ہے اور نسیًا منسیًا کیصورت میں معرب۔
قُبُل سامہنے گروہ۔ واحد قبیل۔ قُبُلًا انعام ۱۱/۱ گروہ گروہ۔
قِبَل طرف۔

قِبْلَة کعبہ اور جسکی طرف مونہ کریں نماز میں۔ قبلہ بروزن فعلہ سامنے کی جہت مقابلہ سے مشتق ہے۔
قُبُوْر قبریں۔ واحد قبر
قَبُوْل لے لینا اور مان لینا۔ ک ف۔ بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ آل عمران ۳/۱۴ اچھی طرح کا قبول۔ قَبِلَ يَقْبَلُ قَابِلٌ مَقْبُوْلٌ اِقْبَلْ لَاتَقْبَلْ۔
قَبِيْل ضامن اور گروہ۔ جمع قُبُل
قِتَال باہم لڑائی کرنی۔ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ۔ بقر ۲۷/۲ لکھا گیا تمپر لڑنا۔ قَاتَلَ يُقَاتِلُ مُقَاتِلٌ قَاتِلْ لَاتُقَاتِلْ۔
قَتَر سیاہی اور گردیں۔ واحد قترة
قَتَرَة گردوغبار۔ جمع قَتَر
قَتْل ہلاک کرنا اور کسی چیز کو خوب سمجھنا ف ض۔ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ۔ بقر ۲۴/۸ اور شرک سخت تر ہے قتل سے ف ض قَتَلَ يَقْتُلُ قَاتِلٌ مَقْتُوْلٌ اُقْتُلْ لَاتَقْتُلْ
قَتَلَ مار ڈالا اُس نے۔ دیکھو قتل
قُتِلَ مارا گیا وہ۔ دیکھو قتل
قَتَلْتَ مار ڈالا تو نے۔ دیکھو قتل

قُتِلَتْ ماری گئی وہ دیکھو قتل

قَتَلْتُمْ مار ڈالا تم نے دیکھو قتل

قُتِلْتُمْ مارے گئے تم دیکھو قتل

قَتَلْتُمُوْا مار ڈالا تم نے دیکھو قتل

قَتَلْنَا مار ڈالا ہم نے دیکھو قتل

قُتِلْنَا مارے گئے ہم دیکھو قتل

قَتَلُوْا مار ڈالا انہوں نے دیکھو قتل

قُتِلُوْا مارے گئے وہ دیکھو قتل

قُتِّلُوْا ٹکڑے ٹکڑے کئے گئے۔ مصدر تقتیل وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا انبیاء ۲۲/۵ اور قتل کئے جاویں خوب قتل کرنا۔ قَتَّلَ يُقَتِّلُ مُقَتِّلٌ قَتِّلْ لَا تُقَتِّلْ

قَتْلٰی مردے۔ مارے گئے۔ واحد قتیل دیکھو قتل

قَتُوْر بخیل اور تنگی کرنی اہل اور عیال پر ف ض ک۔ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا بنی اسرائیل ۱۵/۱۲ اور ہے آدمی تنگی کرنے والا۔ قَتَرَ يَقْتُرُ قَاتِرٌ مَقْتُوْرٌ اُقْتُرْ لَا تَقْتُرْ

قِثَّاءٌ ککڑی۔ خیار دراز یعنی کھیرا۔ واحد قثاءة

قَدْ حرف ہے کہ فعل پر آتا ہے نہ اسم پر ماضی پر بمعنے تحقیق کے ہوتا ہے۔ اور مضارع پر بمعنے کبھی کے۔

قُدَّ پھاڑا گیا مصدر قدّ ف ض۔ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ یوسف ۲۲/۱۲ پھٹا ہوا پیچھے سے۔ قَدَّ يَقُدُّ قَادٌّ مَقْدُوْدٌ اُقْدُدْ لَا تَقْدُدْ

قَدَّتْ پھاڑا اسنے دیکھو قُدَّ۔

قَدْح سم اور آگ سلگانی۔ ف ف۔ فَالْمُوْرِيَاتِ قَدْحًا عادیات ۳۰/۲۵ پھر آگ سلگاتے جھاڑ کر۔ قَدَحَ يَقْدَحُ قَادِحٌ مَقْدُوْحٌ اِقْدَحْ لَا تَقْدَحْ

قِدَد راہیں مختلف اور جماعت آدمیوں کی۔ واحد قِدَّة

قَدْر اندازہ اور جانچنا۔ جمع اَقْدَار ف ک۔ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا طلاق ۲۸/۱۲ واسطے ہر چیز کے اندازہ۔ قَدَرَ يَقْدِرُ قَادِرٌ مَقْدُوْرٌ اِقْدِرْ لَا تَقْدِرْ

قَدَر اندازہ اور طاقت اور تقدیر اور حکم۔ دیکھو قدر

قَدَرَ اندازہ کیا اور تنگ کیا اُسنے۔
دیکھو قدر
قُدِرَ تنگ کیا گیا وہ دیکھو قدر
قَدِّرْ اندازہ کرتو دیکھو تقدیر
قَدَّرَ مقرر کیا اُسنے دیکھو تقدیر
قَدَرْنَا توانا ہوئے ہم دیکھو قدر
قَدَّرْنَا اندازہ کیا ہمنے دیکھو تقدیر
قَدَرُوْا اندازہ کیا اور جانچا اُنہوں نے
دیکھو قدر
قَدَّرُوْا اندازہ کیا اُنہوں نے دیکھو تقدیر
قُدُسٌ پاک اور روح۔ اور رُوْحُ
الْقُدُس جبرئیل۔
قَدَمٌ پاؤں اور عمل اچھے بُرے۔ جمع
اَقْدَام
قَدَّمَ آگے بھیجا۔ مصدر تقدیم۔
بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ مدثر ۲۹/۱۳ ساتھ اُس چیز کے
کہ آگے بھیجا اور پیچھے چھوڑا۔ قَدَّمَ
یُقَدِّمُ مُقَدِّمٌ قَدِّمْ لَاتُقَدِّمْ
قَدَّمَتْ آگے بھیجا اُسنے دیکھو قدم
قَدَّمْتُ آگے بھیجا میں نے دیکھو قدم

قَدَّمْتُمْ آگے رکھا تُمنے دیکھو قدم
قَدَّمْتُمُوْا آگے رکھا تُمنے دیکھو قدم
قَدَمَ صِدْقٍ نشانہ نیک۔ پایہ
درست۔ سابقہ خیر۔
قَدَّمْنَا آگے بھیجا ہمنے دیکھو قدم
قَدَّمُوْا آگے بھیجا اُنہوں نے دیکھو قدم
قَدِّمُوْا آگے بھیجو تُم دیکھو قدم
قُدُوْرٌ دیگیں واحد قِدر
قُدُّوْسٌ بہت پاک
قَدِیْرٌ زبردست۔ خدا کا نام
قَدِیْمٌ پرانا جمع قُدَماء
قَذَفَ پھینکا اُسنے۔ مصدر قذف
ذنک۔ وَقَذَفَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ احزاب ۲۱/۱۹ اور ڈالا اُنکے دلوں میں ڈر۔
قَذَفَ یَقْذِفُ قَاذِفٌ مَقْذُوْفٌ
اِقْذِفْ لَاتَقْذِفْ
قَذَفْنَا ڈالا ہمنے دیکھو قذف
قَرَارٌ آرام کرنے۔ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ
قَرَارًا نمل ۲۰/۲ بھلا کِسنے بنایا زمین
کو ٹھیراؤ۔ قَرَّ یَقِرُّ قَارٌّ مَقْرُوْرٌ

اِقْرِدْ لَا تَقْرِدْ

قَرَاطِیْس کاغذ سب اور ورق سب ۔
واحد قِرْطاس

قُرْاٰن پڑھنا اور جمع کرنا اور نام کلام الٰہی کا
جو حضرت پر نازل ہوا ۔ لفظ قرآن کا مصدر ہے
بمعنے پڑھنا کے جو مستعمل ہوا ہے ساتھ معنے
مفعول کے ۔ مُقْرِیٌ اسم فاعل ۔ دیکھو قرء

قُرٰی شہر سب ۔ واحد قریۃ تثنیہ قریتین
اُمُّ القریٰ نام مکہ کا ہے ۔

قَرَّبَ نزدیک کیا اُسنے ۔ مصدر تقریب
فَقَرَّبَهٗ ذاریات ۲۶/۱۹ پھر نزدیک کیا اُسکو
قَرَّبَ یُقَرِّبُ مُقَرِّبٌ قَرِّبْ لَا تُقَرِّبْ

قَرَّبَا نزدیک کیا دونوں نے دیکھو قرب

قُرُبَات نزدیکیاں واحد قربۃ

قُرْبَان نیاز اللہ کی

قُرْبَۃ نزدیکی خوشی جمع قربات دیکھو قُرْبیٰ

قَرَّبْنَا نزدیک فرمایا ہمنے دیکھو قرب

قُرْبیٰ نزدیکی مرض ۔ ذَوِی الْقُرْبیٰ
ناتے والے ۔ اِلَّا الْمَوَدَّۃَ فِی الْقُرْبیٰ شوریٰ
۲۵/۴ مگر دوستی چاہئے ناتے میں ۔ قَرُبَ
یَقْرُبُ قَرِیْبٌ قَارِبٌ مَقْرُوْبٌ اُقْرُبْ لَا تَقْرُبْ

قُرَّۃ آنکھ کی ٹھنڈک ۔ اور روشنی آنکھ کی ۔

قَرْح زخم اور پھوڑا جمع قروح

قِرْد بندر ۔ جمع اقراد ۔ قرود ۔ قِرَدۃ ۔

قِرَدَۃ بندر سب واحد قرد

قَرْض اُدھار دینا اور کاٹنا سو بدلا ۔ اور جو
آگے بھیجی جاوے نیکی اور بدی سے ۔ دیکھ
وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا مزمل ۲۹/۱۴ اور
قرض دو اللہ کو قرض اچھا ۔ قَرَضَ یَقْرِضُ
قَارِضٌ مَقْرُوْضٌ اِقْرِضْ لَا تَقْرِضْ

قِرْطَاس کاغذ جمع قراطیس

قَرْن سینگ اور گیسو اور زمانہ اور
سنگت ۔ جمع قُرُوْن

قَرْنَ آرام پکڑو ۔ وقار اور آرام سے رہو
صیغہ امر جمع مؤنث حاضر کا ہے ۔ اصل میں
اِقْرَرْنَ تھا ۔ پہلی ر تخفیف کے واسطے حذف
کی گئی اور اسکا فتح ق پر گیا جب ابتدا
متحرک ہوا ہمزہ کی احتیاج نہیں ۔ دیکھو
اقرار ۔ وقار ۔ وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ احزاب
۲۲/۱ اور قرار پکڑو اپنے گھروں میں ۔

صاحب صراح نے قرن کو بکسورالقاف وقال سے لکھا ہے۔

قُرَنَاء شخص۔ واحد قرین۔ وَقَیَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاءَ حم سجدہ ۲۴/۱۲ اور لگادی ہمنے اُن پر تعیناتی۔

قَرْنَیْنِ دو سینگ یا دو پہرے۔

قُرُوْن زمانے اور سینگیں واحد قرن

قُرُوْء حیض اور طُہر اضداد سے ہے۔ جمع اَقراء

قَرَءَ پڑھا۔ مصدر قرءۃ ن ف۔ فَقَرَءَهُ شعراء ۱۹/۱۵ اور وہ اُسکو پڑھتا۔ قَرَءَ یَقْرَءُ قَارِئٌ مَقْرُوْءٌ اِقْرَءْ لَا تَقْرَءْ

قَرَأْتَ پڑھا تو نے دیکھو قرء

قَرَأْنَا پڑھا ہم نے دیکھو قرء

قُرِئَ پڑھا گیا وہ دیکھو قرء

قَرِّیْ آنکھ روشن کر دیکھو تقرّ

قَرِیْب نزدیک۔ جمع اَقْرِبَاء۔ اَقَارِب

قَرْیَة گاؤں اور شہر جمع قُرٰی

قَرْیَتَیْنِ دو گاؤں مراد مکہ اور طائف ہے

قُرَیْش نام ایک قبیلہ عرب کا ہے۔ اولاد نضر بن کنانہ سے۔ قریش تصغیر قرش کا ہے

قرش نام دریائی جانور کا ہے جو سب جانوروں دریائی پر غالب ہے بسبب غلبہ کے یہ قبیلہ اِس لقب سے ملقب ہوا۔

قَرِیْن ساتھی جمع قرناء

قَسَتْ سخت اور سیاہ ہوئی وہ دیکھو قسوۃ

قِسْط انصاف اور عدل ن ک ض۔ یَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ آل عمران ۲۱/۳ جو حکم کرتے ہیں ساتھ انصاف کے۔ قَسَطَ یَقْسِطُ قَاسِطٌ مَقْسُوْطٌ اِقْسِطْ لَا تَقْسِطْ

قِسْطَاس ترازو۔ یہ لفظ رومی ہے۔ مشتق قسط سے ہے۔

قَسَم سوگند

قِسْمَة بانٹنا اور حصہ ن ک۔ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى نجم ۲۲/۵ تو یہ بانٹنا بھونڈا یعنی یہ تقسیم بہت بُری ہے۔ قَسَمَ یَقْسِمُ قَاسِمٌ مَقْسُوْمٌ اِقْسِمْ لَا تَقْسِمْ

قَسَمْنَا بانٹا ہمنے دیکھو قسمۃ

قَسْوَة سختی۔ مصدر قسوۃ۔ قساوۃ ن ض۔ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً بقرہ ۹/۱ یا زیادہ سختی میں قَسٰی یَقْسُوْ قَاسٍ مَقْسُوٌّ اُقْسُ لَا تَقْسُ

قَسْوَرَة شیر درندہ اور شور۔ جمع قَسْوَر

قِسِّيسِيْن عالم اور سردار نصاریٰ کی صیغہ جمع مبالغہ کا ہے۔ واحد قسّیس بوزن صدّیق

قَصَّ بیان کیا اُسنے۔ مصدر قصّ قصص وغیرہ۔ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ قصص ۳ اور بیان کیا اُسپر۔ قَصَّ يَقُصُّ قَاصٌّ مَقْصُوصٌ اُقْصُصْ لَا تَقْصُصْ

قِصَاص بدلے میں مارنا۔ برابر۔ اور دیا ہُوا پھیرلینا۔ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ بقرہ ۲۴ اور ادب رکھنے میں بدلا ہے۔

قَصْد بیان کرنا۔ میانہ اور میانہ رفتن در ہر چیز وغیرہ۔ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ نحل ۱ اور اللہ پر پہنچتی ہے سیدھی راہ۔ قَصَدَ يَقْصِدُ قَاصِدٌ مَقْصُوْدٌ اِقْصِدْ لَا تَقْصِدْ

قَصْر محل جمع قصور

قَصَص قدم بقدم چلنا اور بیان کرنا حال کا۔ دیکھو قصّ

قِصَص داستان سب واحد قِصّۃ

قَصَصْنَا بیان فرمایا ہمنے دیکھو قصّ

قَصَمْنَا توڑا ہمنے۔ مصدر قصم وغیرہ۔ وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ انبیاء ۲ اور کتنی توڑ ماریں ہمنے بستیاں۔ قَصَمَ يَقْصِمُ قَاصِمٌ مَقْصُوْمٌ اِقْصِمْ لَا تَقْصِمْ

قُصْوٰى انتہا اور نہایت دور۔ یہ صیغہ مؤنث اَقْصٰى کا ہے۔

قُصُوْر محلات واحد قصر

قَصِيّ مکان دور علیحدہ

قُصِّيْهِ پیچھے چل تو دیکھو قصّ

قَضْب ترکاری اور نام گھاس کا ہے۔ جمع قضبات گھاس جو تر و تازہ کیا جاوے۔

قَضَوْا حکم کیا اُنہوں نے دیکھو قضیٰ

قَضٰى حکم کیا اور مرا اور خبردار کیا۔ مصدر قضی قضاء وغیرہ۔ وَقَضٰى رَبُّكَ بنی اسرائیل ۳ اور حکم کیا پروردگار تیرے نے۔ قَضٰى يَقْضِيْ قَاضٍ مَقْضِيٌّ اِقْضِ لَا تَقْضِ

قُضِيَ فیصلہ کیا گیا۔ دیکھو قضیٰ

قُضِيَتْ تمام ہوئی اور آخر کو پہنچائی گئی دیکھو قضیٰ

قَضَيْتَ چکایا تونے دیکھو قضیٰ

قَضَیْتُ تمام کیا میں نے دیکھو قضیٰ

قَضَیْتُمْ حکم کیا تم نے اور ادا کیا تمنے۔ دیکھو قضیٰ

قَضَیْنَا چکایا ہمنے اور ادا کیا ہمنے دیکھو قضیٰ

قِطّ حصہ۔ جمع قطوط۔ قطاط

قِطْر تانبا پگھلا ہوا یعنی مس گداختہ۔ ایک قسم مس سے ہے۔

قَطِرَان گندھک اور ایک دوا ہے سیاہ کہ اونٹوں کو ملتے ہیں۔ شیرہ درخت ابہل کا یا روغن درخت عرعر کا۔

قِطْع ٹکڑا اور پچھلی رات کا اندھیرا۔ جمع اَقْطَاع۔ قِطَعًا مِّنَ الَّیْلِ مُظْلِمًا یونس ۱۱/۸ ٹکڑے رات اندھیری کے۔ فَاَسْرِ بِاَھْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّیْلِ ہود ۱۲/۸ سو لے نکل اپنے گھر کو کچھ رات سے۔ وَفِی الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ رعد ۱۳/۱ اور زمین میں کئی کھیت ہیں ملے ہوئے۔

قِطَع ٹکڑے واحد قطعۃ

قُطِعَ کاٹا گیا۔ مصدر قطع ف ن ۔ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا انعام ۵ پھر کٹ گئی جڑ ان ظالموں کی۔ قَطَعَ يَقْطَعُ قَاطِعٌ مَقْطُوْعٌ اِقْطَعْ لَا تَقْطَعْ

قَطَّعَ خوب کاٹا۔ مصدر تقطیع۔ فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ محمد ۲۶/۲ تو کاٹ نکالا انکی آنتیں۔ قَطَّعَ يُقَطِّعُ مُقَطِّعٌ قَطِّعْ لَا تُقَطِّعْ

قُطِّعَتْ پھاڑی گئی وہ دیکھو قطّع

قَطَعْتُمْ کاٹا تمنے دیکھو قطع

قَطَّعْنَ کاٹا انہوں نے دیکھو قطّع

قَطَعْنَا کاٹا ہم نے دیکھو قُطع

قَطَّعْنَا خوب کاٹا ہمنے اور پراگندہ کیا ہم نے۔ دیکھو قطّع

قِطْمِیْر تاگا باریک جو کھجور کی گٹھلی کے اندر رہتا ہے یا چھلکا یا جھلی اسکی۔

قُطُوْف میوے اور خوشے واحد قطف

قَعَدَ بیٹھا وہ دیکھو قعود

قَعَدُوْا بیٹھے وہ دیکھو قعود

قَعُوْا گر پڑے وہ دیکھو وقعۃ

قُعُوْد بیٹھنا ف ض۔ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا آل عمران ۲۰/۴ کھڑے اور بیٹھے۔ قَعَدَ يَقْعُدُ قَاعِدٌ مَقْعُوْدٌ اُقْعُدْ لَا تَقْعُدْ

قَعِیدٌ ہمنشین اور بیٹھنے والا دیکھو قعود

قِفُوْا ٹھیرو تم دیکھو وقفوا

قَفَّیْنَا پے درپے بھیجا ہمنے ۔مصدر تقفیۃ درپے فرستادن۔ بعضوں کے نزدیک قفینا میں ی وٓ سے بدل گئی قفا یقفو سے ۔ وَقَفَّیْنَا مِنْ بَعْدِہٖ بِالرُّسُلِ بقرہ ۱۱ اور پے درپے بھیجے اُسکے پیچھے رسول ۔ قَفّٰی یُقَفِّیْ مُقَفِّیْ قَفِّ لَاتُقَفِّ ۔ قَفَا یَقْفُوْ قَافٍ مَقْفُوٌّ اُقْفُ لَاتَقْفُ

قُلْ کہہ تو بگو دیکھو قول

قَلَّ کم ہوا وہ ۔مصدر قِلَّۃٌ ذک ۔ کمی و کم شدن ۔ مِمَّا قَلَّ مِنْہُ اَوْ کَثُرَ نساء ۱۲ اس تھوڑے میں یا بہت میں ۔ قَلَّ یَقِلُّ قَالٍّ مَقْلُوْلٌ اِقْلِلْ لَاتَقْلِلْ

قَلَائِدُ تکلن والیاں یعنی پٹے والیاں ۔ واحد قلادۃ گردن بند ۔ قلائد پر سے لفظ ذات کا حذف ہے یعنی ذات قلائد ۔

قَلْبٌ دل اور عقل جمع قلوب

قَلَّبُوْا پلٹے اور پھرے ۔مصدر تقلیب وَقَلَّبُوْا لَکَ الْاُمُوْرَ توبہ ۱۱ اور اُلٹے رہے ہیں تیرے کام ۔ قَلَّبَ یُقَلِّبُ مُقَلِّبٌ مُقَلَّبٌ قَلِّبْ لَاتُقَلِّبْ

قُلْتَ کہا تو نے دیکھو قول

قُلْتُ کہا میں نے دیکھو قول

قُلْتُمْ کہا تم نے دیکھو قول

قَلْبَیْنِ دو دل واحد قلب

قَلَمٌ جس سے لکھتے ہیں۔ اور تراشا ہوا۔ اور مراد قلم سے قرآن میں وہ قلم ہے جو لوح محفوظ پر جاری ہوا۔ جمع اقلام

قُلْنَ کہا ان سب عورتوں نے دیکھو قول

قُلْنَا کہا ہمنے دیکھو قول

قُلُوْبٌ دل سب واحد قلب

قَلٰی دشمن رکھا اُسنے ۔مصدر قلی قلاء ذک ۔ وَمَا قَلٰی والضحیٰ ۱۸/۳۰ اور نہ بیزار ہوا ۔ قَلٰی یَقْلِیْ قَالٍ مَقْلِیٌّ اِقْلِ لَاتَقْلِ

قَلِیْلٌ تھوڑا جمع اقلاء ۔ قُلُلٌ ۔

قَلِیْلَۃٌ تھوڑی ۔ مؤنث قلیل کا ہے ۔

قَلِیْلُوْنَ تھوڑے

قُمْ کھڑا ہو دیکھو قیام

قُمْتُمْ کھڑے ہوئے تم دیکھو قیام

قَمَر چاند جمع اقمار۔ تصغیر قُمَیر۔

قَمْطَرِیر سخت جمع قماطر

قُمَّل چچڑی واحد قملۃ

قَمِیص کرتہ پیراہن۔ جمع قمصان
اَقمصۃ۔ قمص۔

قَنَاطِیر تودے واحد قنطار۔ قنطرہ

قِنْطَار ڈھیر یعنی تودہ اور مقدار ہزار
دینار زر۔ جمع قناطیر

قَنَطُوا ناامید ہوئے وہ دیکھو قنوط

قِنْوَان گچھے اور خوشے تازے اور دو
خوشے تازے۔ تثنیہ اور جمع دونو آیا ہے
واحد قنو

قُنُوط ناامید مذ ض ک۔ یَئُوس
قَنُوطٌ حم سجدہ ۲۵/۱ تو اس ٹوٹے ناامید
ہوکر۔ قَنَطَ یَقْنِطُ قَانِطٌ مَقْنُوطٌ
اُقْنُطْ لَا تَقْنَطْ

قُوا بچاؤ تم دیکھو وقی

قَوَارِیر شیشے واحد قارورۃ

قَوَاعِد بیٹھنے والیاں گھر میں دیکھو قعود

قَوَام سیدھا گذران سچائی۔ واحد قویم۔ قائم۔

قَوَّامُون سیدھے کھڑے ہونے والے۔
زبردست سب۔ صیغہ مبالغہ کا ہے۔ واحد قوام
دیکھو قیام

قُوَّۃ زور۔ جمع قُوٰی۔ اصل میں قووۃ تھا
و متحرک ماقبل اسکا مفتوح تھا۔ اس واو کو
الف کے ساتھ بدل کیا قوا ہوا۔

قُوتِلْتُم مارے گئے تم دیکھو قتال

قُوتِلُوا مارے گئے اور لڑائی کئے گئے وہ۔
دیکھو قتال۔

قَوْسَین دو کمان۔ واحد قوس۔ جمع
قُسِیّ۔ اَقْوُس۔ قِیَاس۔ تصغیر قُوَیس قُوَیسۃ

قَوْل کہنا اور بات۔ جمع اَقْوَال۔ جمع الجمع
اَقَاوِیل۔ قَوْلٌ مَعْرُوفٌ بقر ۳/۳۴
بات اچھی۔ قَالَ یَقُولُ قَائِلٌ مَقُولٌ
قُلْ لَا تَقُلْ۔

قُولَا کہو دونو دیکھو قول

قُولُوا کہو تم دیکھو قول

قُولِی کہہ تو اے عورت دیکھو قول

قَوْم گروہ مرداں وزناں جمع اقوام

قُومُوا کھڑے ہو تم دیکھو قیام

قُوٰی زور سب واحد قوۃ

قَوِیٌّ زبردست نام ہے اللہ کا

قَہَّار دباؤ والا اور زبردست نام ہے اللہ کا۔

قِیَام اٹھنا۔ ف ض۔ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا

عمران ۳/۱۱ کھڑے اور بیٹھے۔ قَامَ یَقُوْمُ

قَائِمٌ مَقُوْمٌ قُمْ لَاتَقُمْ

قَیَّضْنَا مقرر کیا ہمنے مصدر تَقْیِیْض

وَقَیَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ حم سجدہ ۲۴/۱۷ اور مقرر کئے

ہیں ہمنے واسطے انکے ہمنشین۔ قَیَّضَ

یُقَیِّضُ مُقَیِّضٌ قَیِّضْ لَاتُقَیِّضْ

قِیْعَةٌ میدان کہ وہاں گھاس نہ اُگے

جمع قیعان۔ اَقْوَاع۔ جلالین میں قیعة

جمع قاع کی لکھا ہے۔

قِیْلَ کہا گیا اور کہنا دیکھو قول

قِیَمٌ سیدھا اور صحیح

قَیِّمٌ درست اور نگاہ رکھنے والا۔ دیکھو قیام

قِیٰمَةٌ اٹھنا آخرت کا نام ہے پچھلے دن کا۔ دیکھو قیام

قَیِّمَةٌ سچ اور مضبوط

قَیُّوْم تھامنے والا۔ نام اللہ کا صیغہ مبالغہ

کا ہے بمعنے بڑا قائم ہونے والا۔ دیکھو قیام

قیوم بروزن فیعول۔ قَامَ یَقُوْمُ سے۔

پھر جب وٓ اور یٓ جمع ہوئی اور اول ساکن

تھا تو وٓ کو یٓ کرکے یٓ میں ادغام کردیا

دیکھو قیام۔

ک

کَ جسطرح۔ جیسے۔ تیرا۔ تمکو۔

ضمیر متصل منصوب مذکر کے لئے کَ کما کُمْ

ضمیر متصل منصوب مؤنث کے لئے کِ کما کُنَّ

کَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ بقرہ ۲/۱ جسطرح ایمان میں

آئے سب لوگ۔ کَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ بقرہ ۲/۱

جیسے مسلمان ہوئے بیوقوف۔ اَلَمْ نَشْرَحْ

لَكَ صَدْرَكَ الم نشرح ۳۰/۱۶ ہمنے نہیں کھولا

تیرا سینہ۔ اَلَمْ یَجِدْكَ یَتِیْمًا والضحی ۳۰/۱۷ بھلا

نہ پایا تجھکو یتیم۔ حرف جر ہے معنے اسکے

مانند اور مثل۔ اور جب آخر لفظ میں آتا ہے

تو معنے مخاطب کے یعنی تیرے اور مذکر مفتوح

اور مؤنث مکسور ہوتا ہے۔ تعلیل۔ کَمَآ

اَرْسَلْنَا فِیْكُمْ رَسُوْلًا بقرہ ۲/۱ ای لاجل ارسالے

كَاتِب لکھنے والا اور منشی - جمع کُتّاب دیکھو کتب
كَاتِبُوا لکھوا اور مال لیکر آزاد کرو - مصدر
مُكَاتَبَة - فَكَاتِبُوهُمْ نور ۳۳ پس لکھدو اُنکو
كَاتَبَ يُكَاتِبُ مُكَاتِبٌ كَاتِبْ لَا تُكَاتِبْ
كَاتِبُونَ لکھنے والے دیکھو کتب
كَاتِبِينَ لکھنے والے دیکھو کتب
كَادَ قریب ہے - مصدر کود - کید ودة - مکادة
مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ توبہ ۱۱۷ کہ قریب ہوئے
دل کہ پھر جاویں - كَادَ يَكَادُ كَائِدٌ مَكُودٌ
كُدْ لَا تَكُدْ
كَادَتْ قریب تھی وہ دیکھو کاد
كَادِحٌ کوشش کرنیوالا اور پہنچنے والا دیکھو کدح
كَادُوا نزدیک تھے وہ - افعال مقاربہ سے ہے
عمل میں مانند افعال ناقصہ کی ہے - دیکھو کاد
كَاذِب جھوٹا دیکھو کذب
كَاذِبَة جھوٹی دیکھو کذب
كَاذِبُونَ جھوٹے دیکھو کذب
كَارِهُونَ بیزار ہونے والے اور رنج
اُٹھانے والے -
كَأْس پیالہ - جمع كأسات - كؤس

كَاشِف کھولنے والا اور ظاہر کرنیوالا - دیکھو کشف
كَاشِفَة کھولنے والی دیکھو کشف
كَاشِفُوا کھولنے والے دیکھو کشف
كَاظِمِينَ غصہ دبانے والے - مصدر کظم
ف ک - وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ
آل عمران ۱۳۴ اور بند کرنے والے غصہ کے
اور معاف کرنے والے - كَظَمَ يَكْظِمُ كَاظِمٌ
مَكْظُومٌ اُكْظِمْ لَا تَكْظِمْ
كَافٍ بس ہونے والا دیکھو کفی
كَافَّة سب اور منع کرنے والا دیکھو کفّ
كَافِر منکر اور ناشکر ضد مومن دیکھو کفر
كَافِرَة منکر ہونے والی دیکھو کفر
كَافِرُونَ منکر سب دیکھو کفر
كَافُور دوا مشہور نام ایک چشمہ کا بہشت
میں - جمع کوافیر - کوافر
كَالِحُونَ بدشکل ہونے والے اور ترش رو -
مصدر کلح ف ف وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ مومنون
۱۰۴ اور وہ آپمیں بدشکل ہورہے ہیں -
كَلَحَ يَكْلَحُ كَالِحٌ مَكْلُوحٌ اِكْلَحْ لَا تَكْلَحْ
كَالُوا ماپا اُنہوں نے دیکھو کیل

کَامِلَةٌ پوری

کَامِلَیْنِ دو پورے واحد کامل

کَانَ تھا۔ ہے۔ ہوتا۔ ہوگا۔ ایسا یعنی
شان بالائق۔ تا تھا۔ افعال ناقصہ سے ہے
اپنے اسم کو رفع دیتا ہے اور خبر کو نصب
مصدر کون۔ وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ
بقرہ۴ اور تھا وہ منکروں میں کا۔ اِنَّ
اللّٰہَ کَانَ عَلِیْمًا حَکِیْمًا نساء۵ اللہ ہے
خبردار حکمت والا۔ لَکَانَ خَیْرًا لَّھُمْ نساء
۵ تو بہتر ہوتا انکے حق میں۔ قُلْ مَنْ
کَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِیْلَ بقرہ۱۲ تو کہہ جو کوئی
ہوگا دشمن جبریل کا۔ وَمَا کَانَ اللّٰہُ
لِیُضِیْعَ اِیْمَانَکُمْ بقرہ۲ اور اللہ ایسا نہیں
کہ ضائع کرے تمہارا یقین لانا۔ ذٰلِکَ بِمَا
عَصَوْا وَّکَانُوْا یَعْتَدُوْنَ بقرہ۲ یہ اس
سے کہ بے حکم تھے اور حد پر نہ رہتے تھے
کَانَ یَکُوْنُ کَائِنٌ مَکُوْنٌ کُنْ لَا تَکُنْ

کَاَنَّ گویا۔ حرف مشبہ بالفعل سے بمعنے
تشبیہ کے آتا ہے عمل اسکا برخلاف افعال
ناقصہ کے ہے۔

کَانَا تھے دونو دیکھو کَانَ

کَانَتْ تھی وہ دیکھو کَانَ

کَانَتَا تھیں وہ دونو دیکھو کان

کَاَنَّمَا گویا۔ مَا۔ اسمیں زائدہ ہے۔ اصل
کَاَنَّ تھا بمعنے گویا۔ فَکَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ
جَمِیْعًا مائدہ۴ تو گویا مار ڈالا سب لوگوں کو

کَانُوْا تھے وہ دیکھو کان

کَاهِنٌ پریوں والا اور فال بولنے والا۔
جمع کھان کَھَنَۃ

کَاَیِّنْ بہت۔ اصل میں اَیٌّ تھا کَ
داخل کرنے سے تنوین بصورت ن کے لکھتے
ہیں بمعنے بسا یعنی بہت۔ وَکَاَیِّنْ مِّنْ
نَّبِیٍّ آل عمران۱۵ اور بہت نبی ہیں۔

کَبَائِرَ گناہ بڑے بعضوں نے کہا ہے۔
سترہ اور بعضے نفی حصر کی کرتے ہیں اور
بعضوں نے کہا ہے کہ کبیرہ وہ ہے کہ جس
گناہ پر وعید آیا ہے اور حق یہ ہے کہ کبائر
مبہم ہے جیسے لیلۃ القدر اور ساعت جمعہ
اسواسطے کہ ابہام مناسب حال تحذیر کے
ہے۔ اور خصائص اسکے یہ ہے کہ نماز جمعہ

کمتر اُسکا نہو۔ واحد کبیرۃ

کُبّار بہت بڑا۔ مبالغہ ہے کبیر کا۔ دیکھو کبر

کُبِتَ اوندھا کیا گیا۔ مصدر کبت و ن ک۔ کُبِتُوا کَمَا کُبِتَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مجادلہ ۲۸/۱ ہلاک کیے گئے جیسے کہ ہلاک کئے گئے تھے وہ لوگ جو پہلے اُنسے تھے۔ کَبَتَ یَکْبِتُ کَابِتٌ مَکْبُوْتٌ اِکْبِتْ لَا تَکْبِتْ

کُبَّتْ اوندھے کئے گئے۔ مصدر کبّ ن ض۔ کُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِی النَّارِ نمل ۲۰/۲ سو اوندھے ڈالے ہیں اُنکے مُنہ آگ میں۔ کَبَّ یَکُبُّ کَابٌّ مَکْبُوْبٌ اُکْبُبْ لَا تَکْبُبْ

کُبِتُوْا اوندھے کئے گئے وہ۔ دیکھو کبت

کَبَد محنت اور سختی۔ جمع اکباد۔ کبود

کِبَر بڑھاپا۔ ن ض۔ وَاَصَابَهُ الْکِبَرُ بقرہ ۳/۴ اور پہنچے اُسکو بڑھاپا۔ کَبُرَ یَکْبُرُ کَابِرٌ کَبِیْرٌ مَکْبُوْرٌ اُکْبُرْ لَا تَکْبُرْ

کِبْر بڑائی دیکھو کبر

کُبَر بڑی چیزیں واحد کُبریٰ

کَبُرَ بزرگ ہوا وہ دیکھو کبر

کَبِّرْ بزرگی کر اور تعظیم سے یاد کر تو۔ دیکھو تکبیر

کُبَرَاء بزرگ سب واحد کبیر

کَبُرَتْ بزرگ ہوئی وہ دیکھو کبر

کُبْرٰی بڑی چیز جمع کُبَر

کِبْرِیَاء بزرگی دیکھو کبر

کُبْکِبُوْا اوندھے کئے گئے وہ۔ مصدر کبکبۃ۔ فَکُبْکِبُوْا فِیْهَا شعراء ۱۹/۹ پھر اوندھے ڈالے اُسمیں۔ کَبْکَبَ یُکَبْکِبُ مُکَبْکِبٌ مُکَبْکَبٌ کَبْکِبْ لَا تُکَبْکِبْ

کَبِیْر بزرگ۔ نام ہے اللہ کا۔ دیکھو کبر

کَبِیْرَۃ بڑی اور گناہ بڑا جمع کبائر

کِتَاب کِتَابَۃ لکھنا اور لکھا ہوا۔ اور ام الکتاب نام لوح محفوظ کا کہ اصل ہے سب کتابوں کی۔ جمع کُتُب۔ وَلَهَا کِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ حجر ۱/۱۴ اور واسطے اُسکے لکھا ہوا ہے معلوم۔ کَتَبَ یَکْتُبُ کَاتِبٌ مَکْتُوْبٌ اُکْتُبْ لَا تَکْتُبْ

کَتَبَ لکھا اور فرض کیا اُسنے دیکھو کتاب

کُتُب کتابیں واحد کتاب

کُتِبَ لکھا گیا اور فرض کیا گیا دیکھو کتاب

کَتَبْتَ لکھا تونے دیکھو کتاب

كُتِبَتْ لکھا اور فرض کیا اُسنے۔ دیکھو کتاب
كُتِبْنَا لکھا ہمنے اور فرض کیا ہمنے دیکھو کتاب
كَتَمَ چھپایا اُسنے۔ مصدر کتمان۔ کتم و من
مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً بقرہ ۱۴ جسنے چھپائی
گواہی۔ كَتَمَ يَكْتُمُ كَاتِمٌ مَكْتُومٌ
اُكْتُمْ لَا تَكْتُمْ
كَثُرَ بہت ہوا وہ دیکھو کثرۃ
كَثَّرَ بہت کیا اُسنے دیکھو تکثیر
كَثْرَةٌ بہتایت اور بہت ہونا۔ وَلَوْ اَعْجَبَكَ
كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ مائدہ ۱۳ اگرچہ تجھکو خوش
لگے گندے کی بہتایت۔ كَثُرَ يَكْثُرُ
كَثِيْرٌ مَكْثُوْرٌ اُكْثُرْ لَا تَكْثُرْ
كَثُرَتْ بہت ہوئی وہ دیکھو کثرۃ
كَثِيْبٌ تودہ ریگ کا۔ جمع کثبان۔ اَكْثِبٌ۔ كُثُبٌ
كَثِيْرٌ بہت دیکھو کثرۃ
كَثِيْرَةٌ چیزیں بہت
كِدْتَ نزدیک تھا۔ دیکھو کاد
كَدَحَ پہنچنا اور رنج اُٹھانا اور کام کرنا۔
اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا انشقاق ۳۰/۹
تحقیق تو محنت کرنے والا ہے طرف رب اپنے کی
خوب محنت کرنے کر۔ كَدَحَ يَكْدَحُ كَادِحٌ
مَكْدُوْحٌ اِكْدَحْ لَا تَكْدَحْ
كِدْنَا وا و سکھایا ہمنے دیکھو کید
كَذَّابٌ بڑا جھوٹا دیکھو کذب
كِذَّابٌ جھٹلانا اور بہت مکرانیوالا۔ دیکھو تکذیب
كِذْبٌ جھوٹ کہنا اور جھوٹ۔ جمع اکاذب
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ہود ۲/۲
اور کون ظالم ہے اُس سے جو باندھے اللہ پر
جھوٹ۔ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ مائدہ ۶/۱ جاسوسی
کرتے ہیں جھوٹ بولنے کو۔ كَذَبَ يَكْذِبُ
كَاذِبٌ مَكْذُوْبٌ اِكْذِبْ لَا تَكْذِبْ
كَذَبَ جھوٹ کہا اُسنے دیکھو کذب
كَذَبَتْ جھوٹ بولی وہ دیکھو کذب
كَذَّبَ جھٹلایا اُسنے دیکھو تکذیب
كَذَّبَتْ جھٹلایا اُسنے دیکھو تکذیب
كَذَّبْتُمْ جھٹلایا تم نے دیکھو تکذیب
كَذَّبْنَا جھٹلایا ہم نے دیکھو تکذیب
كَذَبُوْا جھوٹ کہا اُنہوں نے دیکھو کذب
كُذِبُوْا جھٹلائے گئے وہ دیکھو کذب
كَذَّبُوْا جھٹلایا اُنہوں نے دیکھو تکذیب

كُذِّبُوا جھٹلائے گئے وہ دیکھو تکذیب
كَذٰلِكَ اسطرح - جمع كَذٰلِكُمْ - كذا مرکب ہے
كَ تشبیہ اور ذا اسم اشارہ سے اور كذا اسم
مبہم ہے بمعنے ایسا یعنی چنیں وچناں -
كِرَام بزرگ لوگ یعنی سردار سب واحد کریم
كِرَامًا كَاتِبِيْنَ نام ہے منشی نامۂ اعمال کا -
كَرْب غم اور گھبراہٹ - جمع کروب
كَرَّة ایکبار جمع كَرَّات
كَرَّتَيْنِ دوبار واحد كَرَّة
كُرْسِيّ چوکی جسکو فارسی میں صندلی
کہتے ہیں - جمع کراسی
كَرَّمْتَ بزرگی دی تونے مصدر تکریم -
كَرَّمْتَ عَلَيَّ بنی اسرائیل ۱۵ بزرگی دی
تونے مجھ پر - كَرَّمَ يُكَرِّمُ مُكَرِّمٌ
كَرِّمْ لَا تُكَرِّمْ
كَرَّمْنَا بڑائی دی ہمنے دیکھو کرمت
كَرْه زبردستی رنج اور سختی دیکھو کرہ
كُرْه ناخوشی اور ناگوار دیکھو کرہ
كَرِهَ برا جانا - وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ صف
۲۸ اگرچہ ناخوش رکھیں کافر - كَرِهَ يَكْرَهُ

كَارِهٌ مَكْرُوْهٌ اِكْرَهْ لَا تَكْرَهْ
كَرَّهَ برا لگایا اور بدمعلوم کیا اسنے -
مصدر تکریہ - وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ حجرات
۲۶ اور برا لگایا تمکو کفر - كَرَّهَ يُكَرِّهُ
مُكَرِّهٌ كَرِّهْ لَا تُكَرِّهْ
كَرِهْتُمُوْا بدجانا تُمنے دیکھو کرہ
كَرِهُوْا برا سمجھے وہ. دیکھو کرہ
كَرِيْم بزرگ اور بخشنے والا اور نام ہے اللہ
تعالے کا - جمع كِرَام
كَسَاد بگڑنا - بےرونقی - وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا
توبہ ۹ اور سوداگری جسکے بند ہونے سے
ڈرتے ہو - كَسَدَ يَكْسُدُ كَاسِدٌ مَكْسُوْدٌ
اِكْسُدْ لَا تَكْسُدْ
كُسَالٰى جی ہارے اور سست لوگ - واحد کسلان
كَسَبَ کمایا اسنے - مصدر کسب وک -
بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً بقرہ ۱ کیوں نہیں
جسنے کمایا گناہ - كَسَبَ يَكْسِبُ كَاسِبٌ
مَكْسُوْبٌ اِكْسِبْ لَا تَكْسِبْ
كَسَبَا کمایا دونوں نے دیکھو کسب
كَسَبَتْ کمایا اسنے دیکھو کسب

کَسَبْتُمْ کمایا تم نے۔ دیکھو کسب

کَسَبُوْا کمایا انہوں نے دیکھو کسب

کِسْف ٹکڑہ۔ جمع کِسَف۔ کسف میں اگر سین ساکن ہو تو بمعنے واحد کے اگر سین مفتوح ہو تو معنے جمع کے ۔

کِسَف ٹکڑے واحد کسف

کِسْوَۃ کپڑے۔ جمع کُسیٰ ۔ اَوْ کِسْوَتُھُمْ مائدہ ۹۲ یا انکو کپڑا دینا۔ کَسَا یَکْسُوْ کَاسٍ مَکْسُوٌّ اُکْسُ لَا تَکْسُ

کَسَوْنَا پہنایا ہم نے۔ دیکھو کسوۃ

کُشِطَتْ چھلکا نکالی گئی وہ۔ مصدر کشط وَاِذَا السَّمَآءُ کُشِطَتْ تکویر ۱۱ اور جب آسمان کا چھلکا اُتارے۔ کَشَطَ یَکْشِطُ کَاشِطٌ مَکْشُوْطٌ اِکْشِطْ لَا تَکْشِطْ

کَشْف کھولنا دور کرنا۔ فَلَا یَمْلِکُوْنَ کَشْفَ الضُّرِّ عَنْکُمْ بنی اسرائیل ۵۶ پس نہیں اختیار رکھتے کھولنا برائی کا تم سے۔ کَشَفَ یَکْشِفُ کَاشِفٌ مَکْشُوْفٌ اِکْشِفْ لَا تَکْشِفْ

کَشَفَتْ کھولا اُسنے دیکھو کشف

کَشَفَتْ کھولا اُسنے دیکھو کشف

کَشَفْتَ کھولا تو نے دیکھو کشف

کَشَفْنَا کھولا ہمنے دیکھو کشف

کَظِیْم گھونٹ رہا یعنی تنگدل۔ مصدر کظم۔ فَھُوَ کَظِیْمٌ یوسف ۸۴ سو وہ آپ کو گھونٹ رہا تھا۔ کَظَمَ یَکْظِمُ کَاظِمٌ مَکْظُوْمٌ اِکْظِمْ لَا تَکْظِمْ

کَعْبَہ بیت اللہ

کَعْبَیْن دو ٹخنے واحد کعب

کَفَّ روکا اُسنے۔ مصدر کفّ ف ض۔ وَھُوَ الَّذِیْ کَفَّ اَیْدِیَھُمْ فتح ۲۴ اور وہی ہے جسنے روک رکھے اُنکے ہاتھ۔ کَفَّ یَکُفُّ کَافٌّ مَکْفُوْفٌ اُکْفُفْ لَا تَکْفُفْ

کَفّ پنجہ ہتھیلی۔ جمع اَکُفّ کفوف

کِفَات جمع کرنے والے اور جمع کرنے کی جگہ۔ مصدر کفت ض ک۔ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ کِفَاتًا مرسلات ۲۵ کیا نہیں بنائی زمین سمیٹنے والی۔ کَفَتَ یَکْفِتُ کَافِتٌ مَکْفُوْتٌ اِکْفِتْ لَا تَکْفِتْ

کُفَّار ناسپاس واحد کَفُوْر

کُفَّار منکر سب اور کھیتی کرنے والے۔ هَلْ ثُوِّبَ الْکُفَّارُ مطففین ۳۶ اب بدلہ پایا منکروں

نے۔ کَمَثَلِ غَیْثٍ اَعْجَبَ الْکُفَّارَ نَبَاتُہٗ۔
حدید ۲۷/۱۹ جیسے کہاوت ایک مینہ کی جو خوش
لگا کسانوں کو اُسکا سبزہ۔

کَفَّارَۃ پاک کرنے والا اور اُتارا ہوا۔ اور
ڈھانپنے والا گناہوں کا۔ یہ صیغہ مبالغہ کا ہے۔

کَفَرَ منکر ہوا وہ اور نہ مانا اُسنے دیکھو کفر

کُفِرَ منکر کیا گیا دیکھو کفر

کُفْر انکار۔ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ کُفْرًا وَّنِفَاقًا توبہ
۱۱/۹ گنوار سخت منکر ہیں اور منافق۔ کَفَرَ
یَکْفُرُ کَافِرٌ مَکْفُوْرٌ اُکْفُرْ لَاتَکْفُرْ

کَفِّرْ دور کر۔ اور اُتار۔ اور ڈھانپ بمصدر
تکفیر۔ وَکَفِّرْ عَنَّا سَیِّاٰتِنَا عمران ۱۹/۴ اور
دور کر یعنی اُتار ہماری بُرائیاں۔ کَفَّرَ
یُکَفِّرُ مُکَفِّرٌ کَفِّرْ لَاتُکَفِّرْ

کُفْرَان ناشکری دیکھو کفر

کَفَرَۃ منکر سب واحد کافر

کَفَرَتْ منکر ہوئی وہ دیکھو کفر

کَفَرْتَ منکر ہوا تو دیکھو کفر

کَفَرْتُمْ منکر ہوئے تم دیکھو کفر

کَفَّرْنَا دور کیا ہمنے دیکھو کفّر

کَفَرُوْا منکر ہوئے وہ دیکھو کفر

کَفَفْتُ روکا میں نے دیکھو کفّ

کِفْل حصہ اور ذوالکفل نام ایک پیغمبر کا بعد
ایوبؑ کے بنی اسرائیل سے مبعوث ہوا تھا جمع اکفال

کَفَّلَ سپرد کیا اور ضامن ہوا۔ مصدر تکفیل
وَکَفَّلَہَا زَکَرِیَّا آل عمران ۱۱/۳ اور سپرد کی
زکریا کو۔ کَفَّلَ یُکَفِّلُ مُکَفِّلٌ کَفِّلْ
لَاتُکَفِّلْ

کِفْلَیْن دو حصے واحد کفل

کُفُوٌ جوڑا اور مثل اور ہمتا جمع اکفاء

کُفُّوْا روکے گئے وہ دیکھو کفّ

کَفُوْر ناشکرا دیکھو کفر

کُفُوْر ناشکرے دیکھو کفر

کَفٰی بس ہے وہ۔ مصدر کفایۃ۔ وَکَفٰی
بِاللّٰہِ حَسِیْبًا نساء ۶/۴ اور اللہ بس ہے
حساب سمجھنے والا۔ کَفٰی یَکْفِیْ کَافٍ
مَکْفِیٌّ اِکْفِ لَاتَکْفِ

کَفَّی دو ہتھیلیاں واحد کف

کَفِیْل ضامن جمع کفلاء

کَفَیْنَا بس ہیں ہم دیکھو کفی

كُلّ سب اور ہر چیز لفظ واحد اور معنے اسکے جمع کے ہیں یا اسم ہے واسطے تمام جزوں کے۔ مذکر و مؤنث اسمیں یکسان ہے۔

كَلّ بوجھ اور گرانی جمع کلول

كُلَا کھاؤ تم دونو دیکھو اکل

كِلَا دو مرد

كَلَّا ایسا نہیں۔ مرکب ہے ک تشبیہ اور لا نافیہ سے یہ حرف کبھی واسطے رد کرنے بات پہلی کے آتا ہے کبھی بمعنے حقا کے آتا ہے۔

كَلَالَة اسکو کہتے ہیں کہ مرے اور باپ اور ماں اور فرزند وارث نچھوڑے۔ پنجابی میں اوتر نکھتر کہتے ہیں۔

كَلَام بات کرنی اور جس بات سے فائدہ تامہ حاصل ہووے۔

كَلْب کتا جمع کلاب

كِلْتَا دو عورتیں

كِلْتُمْ ماپا تم نے دیکھو کیل

كَلِم باتیں واحد کلمة

كَلَّمَ بات کی اسنے دیکھو تکلیم

كُلِّمَ بات کیا گیا دیکھو تکلیم

كُلَّمَا جب۔ جس بار۔ جسوقت۔ جہاں۔ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ ہود ۱۲ اور جب گذرتے اسپر۔ كُلَّمَا أَضَاءَ لَهُمْ بقر ۲ جسبار چمکتی ہے انپر۔ كُلَّمَا نَضِجَتْ نساء ۸ جسوقت پک جاوے گی۔ كُلَّمَا جَاءَ أُمَّةً رَسُولُهَا مومنون ۱۸ جہاں پہنچا کسی امت پاس انکا رسول۔

كَلِمَات باتیں۔ واحد کلمة۔ تثنیہ کلمتان

كَلِمَة ایک بات جمع کلمات

كُلُوا کھاؤ تم دیکھو اکل

كُلِي کھاتو دیکھو اکل

كَمْ کتنے اور بہت یہ دو قسم ہے استفہامیہ اور خبریہ۔ وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ انبیاء ۱۷ اور کتنی توڑ ماریں ہمنے بستیاں۔ كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بقر ۳۳ بہت جگہ جماعت تھوڑی غالب ہوئی جماعت بہت پر۔

كُمْ تم کو۔

كَمَا جسطرح اور جیسے۔

كُمَا تم دونو کو۔

كُمُوا تم کو۔

کُنْ ہو تو دیکھو کان

کُنَّ ہیں عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب کا ہے دیکھو کان

کُنَّ تم سب عورتیں ضمیر منفصل ہے واسطے جمع مؤنث مخاطبہ کے۔ دیکھو کان

کُنَّا ہیں ہم دیکھو کان

کُنْتَ ہے تو اے مرد دیکھو کان

کُنْتُ ہوں ہیں دیکھو کان

کُنْتِ تھی تو دیکھو کان

کُنْتُمْ ہو تم دیکھو کان

کُنْتُنَّ تھیں تم سب عورتیں دیکھو کان

کَنْز خزانہ جمع کنوز

کَنَزْتُمْ گاڑا تم نے۔ مصدر کنز و کنز۔ ھٰذَا مَا کَنَزْتُمْ توبہ ۱۱ یہ ہے جو تم گاڑتے تھے۔ کَنَزَ یَکْنِزُ کَانِزٌ مَکْنُوْزٌ اِکْنِزْ لَا تَکْنِزْ

کُنَّس دبک جانے والے۔ نام ہے سبع سیّارہ کا۔ واحد کانسہ

کَنُوْد مرد ناشکر منش۔ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَکَنُوْدٌ عادیات ۳۰ بیشک آدمی اپنے رب کا ناشکر ہے۔ کَنَدَ یَکْنُدُ کَانِدٌ مَکْنُوْدٌ اُکْنُدْ لَا تَکْنُدْ

کُنُوْز خزانے واحد کنز

کَوَاعِب عورتیں نوجوان۔ واحد کاعب کعاب

کَوَافِر عورتیں بے ایمان یعنی کافرہ۔ واحد کافرۃ

کَوَاکِب تارے واحد کوکب

کَوْثَر بہت شیریں اور نام چشمہ بہشت کا کثرۃ سے

کُوِّرَتْ تہ کی گئی۔ مصدر تکویر۔ اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ تکویر ۳۰ جب سورج کی دھوپ تہ ہو جاوے۔ کَوَّرَ یُکَوِّرُ مُکَوِّرٌ کَوِّرْ لَا تُکَوِّرْ

کَوْکَب تارا جمع کواکب

کُوْنُوْا ہو تم اے مردو دیکھو کان

کُوْنِیْ ہو تو اے عورت دیکھو کان

کَهْف غار یعنی کھوہ اور پناہ کی جگہ۔ اور اصحاب الکہف نام ہے سات جوانوں کا کہ جنہوں نے دقیانوس کے زمانے میں غار میں پناہ لی تھی۔ جمع کہوف

کَهْل پوری عمر اور میانہ سال۔ جمع کہول کہلون کہال۔

کٓهٰیٰعٓصٓ حروف متشابہات۔ اَللّٰہُ کَافٍ ھَادٍ۔ یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ الْاَیْدِیْ۔ عالم صادق

کَیْ تاکہ۔ یہ حروف نواصب مضارع سے ہے۔

کَیْد مکر داؤ۔ اَمْ یُرِیْدُوْنَ کَیْدًا طور ۲۱/۴ کیا چاہتے ہیں کچھ داؤ کرنا۔ کَادَ یَکِیْدُ کَائِدٌ مَکِیْدٌ کِدْ لَا تَکِدْ

کِیْدُوْا فریب کرو دیکھو کید

کَیْفَ کسطرح۔ کیونکر۔ یہ اسم مبہم ہے غیر متمکن اور مبنی فتح پر۔ استفہام اور تعجب وغیرہ پر آتا ہے۔ کَیْفَ تَکْفُرُوْنَ بِاللّٰہِ بقر ۱/۳ تم کسطرح منکر ہو اللہ سے۔ فَکَیْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ کَفَرْتُمْ مزمل ۲۹/۱۲ پھر کیونکر بچوگے اگر منکر ہوگئے۔

کَیْل ماپ۔ اسم مصدر۔ وَاَوْفُوا الْکَیْلَ انعام ۸/۹۔ اور پوری کرو ماپ۔ کَالَ یَکِیْلُ کَائِلٌ مَکِیْلٌ کِلْ لَا تَکِلْ

ل

ل خاص۔ واسطے۔ البتہ۔ تو۔ تاکہ۔ بمعنے عند یعنی وقت۔ مفتوح اور مکسور آتا ہے۔ اور آخر میں اسم معرب کے جر دیتا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ سب تعریف خاص اللہ کو ہے جو صاحب سارے جہان کا۔ وَاِذِ اسْتَسْقٰی مُوْسٰی لِقَوْمِہٖ بقر ۱/۷ اور جب پانی مانگا موسیٰ نے اپنی قوم کے واسطے۔ وَاِنَّھَا لَکَبِیْرَۃٌ بقر ۱/۵ اور البتہ وہ بھاری ہے۔ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَتُہٗ لَکُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ بقر ۱/۸ سو اگر نہوتا فضل اللہ کا تم پر اور اسکی مہر تو تم خراب ہوتے لِئَلَّا یَکُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَیْکُمْ حُجَّۃٌ بقر ۲/۲ تاکہ نہ رہے لوگوں کو تم سے جھگڑنے کی جگہ۔ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ

بنی اسرائیل ۱۵/۹ قائم کر نماز وقت ڈھلنے
سورج کے ۔
لَا نہیں ہے۔ یہ جملہ پر داخل ہوکر اُس کی جز
ثانی کو نصب دیتا ہے۔ جب حرف لا
نکرہ مفرد یا مضاف پر داخل ہوتا ہے تو
اُسکو فتحہ دیتا ہے اسوقت اسکو لائے
نفی جنس کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ مفید معنے
نفی کل ہوتا ہے۔ اور قسم کے پہلے آنے
سے معنے اسکے نہیں لئے جاتے۔ جیساکہ
لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ قسم کھاتا ہوں میں
قیامت کے دن کی۔
لَائِمٍ ملامت کرنے والا دیکھو لوم
لَابِثِيْنَ رہنے والے دیکھو لبث
لَاتَ نہیں تھا تَ اسمیں زیادہ ہے
اور اخفش کے نزدیک یہ ایک کلمہ ہے
صیغہ ماضی کا اسمیں ضمیر فاعل کی مستتر
ہے۔ جیسا لَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ص ۲۳/۱۰
نہیں وقت خلاصی کا۔
لَاتَ نام بت کا ہے کہ بنی ثقیف نے
اُسکو طائف میں رکھا تھا۔ تفسیر زاہدی
میں ہے کہ کافروں نے لات کو اللہ سے
اشتقاق کیا ہے۔
لَاجَرَمَ بالضرور۔ بیشک۔ ٹھیک بات۔
لا نافیہ جرم بمعنے علاج۔ لَاجَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ
يَعْلَمُ نحل ۱۴/۹ بیشک بات ہے کہ اللہ
جانتا ہے۔
لَازِبٍ لازم اور چپکنے والا۔ مصدر لزوب
ن ض۔ مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ صافات ۲۳/۵
ایک گارے چپکنے سے۔ لَزَبَ يَلْزُبُ
لَازِبٌ مَلْزُوْبٌ اُلْزُبْ لَا تَلْزُبْ۔
لَاعِبِيْنَ کھیلنے والے دیکھو لعب
لَاعِنُوْنَ لعنت کرنے والے دیکھو لعنۃ
لَاغِيَةً بیہودہ بکنا۔ اور بیہودہ بات۔
مصدر لغو ن ض۔ ک ف۔ ف ف۔ لَا تَسْمَعُ
فِيْهَا لَاغِيَةً غاشیہ ۳۰/۱۴ نہیں سنتے
اُسمیں بکنا۔ لَغٰى يَلْغُوْ لَاغٍ مَلْغُوٌّ
اُلْغُ لَا تَلْغُ
لَاقِيْ ملاقات کرنے والا۔ اور ملنے والا۔
دیکھو لقاء
لَامَسْتُمْ جماع کی تمنے۔ اور چھوا تمنے۔

مصدر ملامسۃ۔ اَوْلٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ نساء ۵/۴
یا لگے ہو عورتوں سے۔ لَامَسَ یُلَامِسُ
مُلَامِسٌ لَامِسْ لَاتُلَامِسْ

لَاهِيَةً کھیلنے والے اور غافل اور مشغول ہونے والے۔ دیکھو لھو۔

لِبَاس پوشاک اور لباس تقوٰی شرم اور جامہ سخت و گندہ۔

لَبِثَ رہا اور دیر کی اُسنے۔ مصدر لبث لباث۔ ک و ف۔ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ
یوسف ۱۲/۱۵ پھر رہ گیا قید میں کئی برس۔
لَبِثَ يَلْبَثُ لَابِثٌ مَلْبُوثٌ اِلْبَثْ لَاتَلْبَثْ

لَبِثْتَ رہا تو دیکھو لبث

لَبِثْتُ رہا میں اور دیر کی مینے دیکھو لبث

لَبِثْتُمْ رہے تم دیکھو لبث

لَبِثْنَا دیر کی ہمنے دیکھو لبث

لَبِثُوْا دیر کی انہوں نے دیکھو لبث

لِبَد انبوہ اور نمد جمع لبود

لُبَد مال بہت۔

لَبْس دھوکہ اور چھپانا کام کا کسی پر۔ تاریکی کا روشنی میں ملانا۔ اسی لئے دھوکے اور شبہے کے معنے سمجھے جاتے ہیں ک ک ف۔ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ ق ۲۶/۱۵ کوئی نہیں انکو دھوکا ہے۔
وَلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَا يَلْبِسُوْنَ انعام ۷/۹ تو ہم اُنپر وہی شبہ ڈالتے کہ اب وہ کرتے ہیں۔ لَبِسَ
يَلْبَسُ لَابِسٌ مَلْبُوْسٌ اِلْبَسْ لَاتَلْبَسْ

لَبَسْنَا چھپایا ہمنے اور مشتبہ کیا ہمنے۔ دیکھو لبس

لَبَن دودھ جمع البان

لَبُوْس زرہ اور پوشش۔

لُجَّة پانی۔

لَجُّوْا اڑے اور نزاع کی اُنہوں نے۔ مصدر لجاجۃ ک ف۔ بَلْ لَجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ملک ۲۹/۲ کوئی نہیں پر اڑ رہے ہیں شرارت اور رمیدگی پر۔ لَجَّ
يَلُجُّ لَاجٌّ مَلْجُوْجٌ اِلْجَجْ لَاتَلْجَجْ۔

لُجِّيٌّ دریائے عمیق پر آب۔

لَحْم گوشت جمع لحوم

لَحْن خطا کرنی اور آواز کو پلٹنا اور کہکر دوسرا ارادہ کرنا۔ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ طور ۲۷/۴ اور آگے پہچان لیگا بات کے ڈھب سے
لَحَنَ يَلْحَنُ لَاحِنٌ مَلْحُوْنٌ اِلْحَنْ لَاتَلْحَنْ

لُحُوْم گوشت سب واحد لحم

لِحیہ داڑھی جمع لحاء

لَدّ جھگڑالو - مصدر لد د ف ض - وَتُنْذِرَ بِہٖ قَوْمًا لُّدًّا مریم ۹۷ ڈراوے جھگڑالو لوگوں کو

لَدَّ یَلُدُّ لَادٍّ مَلْدُوْدٌ اُلْدُدْ لَا تَلُدَّ

لَدُن پاس بمنزلہ عند کے ہے -

لَدٰی نزدیک

لَدَیَّ نزدیک میرے لَدٰی بمعنے نزدیک جب یٰ متکلم کی آئی تو لَدَیَّ ہوا -

لَذَّۃ مزہ - جمع لَذَّات - لَذَّۃٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ محمد ۱۵ مزہ ہے پینے والوں کو - لَذَّ یَلَذُّ لَاذٌّ مَلْذُوْذٌ اِلْذَذْ لَا تَلْذَذْ

لِزَام ثابت اور جہاد - فَسَوْفَ یَکُوْنُ لِزَامًا فرقان ۷۷ پس البتہ ہوگا وبال اُسکا لگ جانے والا - لَزِمَ یَلْزَمُ لَازِمٌ مَلْزُوْمٌ اِلْزَمْ لَا تَلْزَمْ

لِسَان زبان اور بات - جمع اَلْسِنَۃ - اَلْسُن -

لِسَانَ صِدْقٍ تعریف سچی -

لَسْتَ نہیں تو - لَیْسَ میں سے جو افعال ناقصہ سے ہے

لَسْتُ نہیں ہوں میں دیکھو لیس

لَسْتُمْ نہیں ہو تم دیکھو لیس

لَسْتُنَّ نہیں ہو تم سب عورتیں دیکھو لیس

لَطِیْف مہربان اور رازدان اور نہایت نازک - نام خدا کا -

لَظٰی آگ دھکتی ہوئی اور نام طبقہ دوزخ کا - کَلَّا اِنَّہَا لَظٰی معارج ۱۵ کوئی نہیں وہ تپتی آگ ہے - لَظِیَ یَلْظٰی لَاظٍ مَلْظِیٌّ اِلْظِ لَا تَلْظِ

لَعِب کھیل ک ف - وَمَا ہٰذِہِ الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَآ اِلَّا لَہْوٌ وَّلَعِبٌ عنکبوت ۶۴ اور یہ دنیا کا جینا تو یہی ہے جی بہلانا اور کھیلنا - لَعِبَ یَلْعَبُ لَاعِبٌ مَلْعُوْبٌ اِلْعَبْ لَا تَلْعَبْ

لَعَلَّ شاید - اور مقرر - تاکہ - حرف ترجی یعنی امید - اصل میں عَلَّ تھا لّ زائد ہے - یہ کلمہ واسطے امید اور خوف اور شک کے لاتے ہیں -

لَعَلَّ السَّاعَۃَ قَرِیْبٌ شوریٰ ۱۷ شاید وہ گھڑی پاس ہو - لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ بقرہ ۲۱ تاکہ تم بچو -

لَعَنَ پھٹکارا اُسنے دیکھو لعنۃ

لُعِنَ لعنت کیا گیا وہ دیکھو لعنۃ

لَعَنَّا نفرین کیا ہم نے دیکھو لعنۃ

لَعْنَۃ نفرین پھٹکار - جمع لِعَان لَعَنَات

فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ بقر۱۱ سو لعنت
اللہ کی کافروں پر ۔ لَعَنَ يَلْعَنُ لَاعِنٌ
لَعِيْنٌ مَلْعُوْنٌ اِلْعَنْ لَا تَلْعَنْ

لَعَنَتْ پھٹکارا اُسنے دیکھو لعنۃ

لُعِنُوْا لعنت کئے گئے وہ دیکھو لعنۃ

لَغْوٌ بیہودہ دیکھو لاغیہ

لُغُوْبٌ تھکنا اور بیمار ہونا و ض ۔ وَمَا
مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ق۲۶ اور ہمکو نہ آئی کچھ
ماندگی ۔ لَغَبَ يَلْغَبُ لَاغِبٌ مَلْغُوْبٌ
اُلْغُبْ لَا تَلْغَبْ

لَفِيْفٌ سمٹا اور لپٹا ہوا مصدر لفّ و ض ۔
جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا بنی اسرائیل ۱۲ لاوینگے ہم تمکو سمیٹ کر
لَفَّ يَلُفُّ لَافٌّ مَلْفُوْفٌ اُلْفُفْ لَا تَلْفُفْ

لِقَاءٌ ملنا و ک ۔ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا
بِلِقَآءِ اللّٰهِ انعام ۴ خراب ہوئے جنہوں نے
جھوٹ جانا ملنا اللہ کا ۔ لَقِيَ يَلْقٰى لَاقٍ
مَلْقِيٌّ اِلْقَ لَا تَلْقَ

لُقْمَانُ نام ہے ایک حکیم الٰہی کا بھانجہ
ایوب علیہ السلام کا

لَقُوْا ملے اور ملاقات کی انہوں نے ۔ دیکھو لقاء

لَقّٰى آگے لایا وہ ۔ مصدر تلقیۃ ۔ وَلَقّٰهُمْ
نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا دہر۲۹ اور ملائی اُن کو
تازگی اور خوشوقتی ۔ لَقّٰى يُلَقِّيْ مُلَقٍّ
لَقِّ لَا تُلَقِّ ۔

لَقِيَا ملاقات کی دونوں نے دیکھو لقاء

لَقِيْتُمْ ملاقات کی تم نے دیکھو لقاء

لَقِيْنَا ملاقات کی ہم نے دیکھو لقاء

لٰكِنْ ۔ وَلٰكِنْ ۔ پر ۔ لیکن ۔ لٰكِنَّ ن پر جزم
وتشدید دونو آتے ہیں معنے ہردو کے ایک ہی
رہتے ہیں ۔ لٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا بقر۱۲
لیکن شیطانوں نے کفر کیا ۔ وَلٰكِنَّ لَا
يَعْلَمُوْنَ بقر۱ پر نہیں جانتے ۔

لٰكِنَّا مگر ۔ اور لٰكِنَّا هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ اصل میں
لٰكِنْ اَنَا تھا الف کو دور کیا اور ن کو ن
میں ادغام کیا ۔ لٰكِنَّ حرف عطف ہے پہلی
کلام سے جو شبہ ہوتا ہے اُسکو دفع کرنے کو
آتا ہے ۔ لٰكِنَّا هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ کہف ۱۷ پر میں
تو کہوں وہی اللہ ہے میرا رب ۔

لِكَيْلَا تاکہ تم نہ ۔ اصل میں لِكَيْ لَا تھا
کی مختصر کیف ہے ۔ ناصب ہے واسطے فعل

مستقبل کے معنے اُن کے داخل ہوتا ہے ماقبل
اُسکے لَ جیسا لکی اور مابعد اسکے لا نہی کا
لاتے ہیں۔ جیسا لِكَيْلَا تَاْسَوْا حدید ۲۳/۱۹ تاکہ
تم غم نہ کھایا کرو۔

لِلّٰهِ خاص اللہ کو۔ دیکھو ل۔ لَ واسطے
اختصاص معنے حصر کے ہے۔

لَمْ نہیں۔ جوازم مضارع سے ہے۔

لِمَ کیوں یہ مرکب ہے لام جارہ اور مَا استفہامیہ
سے اور الف گر گیا۔

لَمّ سب اور سارا اور جمع کرنا اور اپنا اور اپنے
دوستوں کا حصہ کھانا۔ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا
لَّمًّا فجر ۳۰/۱۲ اور کھاتے ہو مردہ کا مال سمیٹ کر سارا
لَمَّ يَلُمُّ لَامٌّ مَلْمُوْمٌ اُلْمُمْ لَا تَلْمُمْ

لَمَّا ابھی نہیں۔ جب۔ یہ جوازم مضارع سے ہے
اصل میں لَمْ اور مَا تھا حرف شرط ہے۔ وَلَمَّا
يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ بقر ۲/۱۰
اور ابھی نہیں آئی تم پر حالت انکی جو آگے ہو چکے
تم سے۔ وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ یوسف ۱۳/۲
اور جب داخل ہوئے یوسف کے پاس۔

لُمْتُنَّ ملامت کرتی تھیں تم دیکھو لومۃ

لَمْحٌ پلک اور سبک دیکھنا۔ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ قمر
۲۷/۱ جیسے پلک نگاہ کی۔ لَمَحَ يَلْمَحُ لَامِحٌ
مَلْمُوْحٌ اِلْمَحْ لَا تَلْمَحْ۔

لُمَزَة عیب چین اور آنکھ سے اشارہ کرنے
والے مصدر لمز ف ض۔ وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ
لُّمَزَةٍ ہمزہ ۳۰/۲۹ خرابی ہے ہر طعنہ دینے والے
عیب چننے والے کی۔ لَمَزَ يَلْمِزُ لَامِزٌ
لَمَّازٌ مَلْمُوْزٌ اِلْمِزْ لَا تَلْمِزْ۔

لَمَسْنَا چھوا ہمنے مصدر لمس ف ض۔
وَاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ جن ۲۹/۱۱ اور یہ کہ ہمنے
ٹٹول دیکھا آسمانوں کو۔ لَمَسَ يَلْمِسُ
لَامِسٌ مَلْمُوْسٌ اُلْمُسْ لَا تَلْمُسْ

لَمَسُوْا چھوا انہوں نے دیکھو لمسنا

لَمَم تھوڑا اور گناہ صغیرہ اور گناہ کے
نزدیک ہونا۔ اِلَّا اللَّمَمَ قمر ۲۷/۱ مگر نزدیک
ہو جانے سے اُن گناہوں کے۔ لَمَّ يَلُمُّ
لَامٌّ مَلْمُوْمٌ اُلْمُمْ لَا تَلْمُمْ۔

لَنْ ہرگز نہیں۔ نواصب مضارع سے ہے۔

لِنْتَ نرم ہوا تو۔ دیکھو اَلَنَّا

لَوْ اگر۔ کاش کے۔ اگر ماضی مطلق کے پہلے آوے

تو معنے ماضی تمنائی کے ہوتے ہیں۔ وَلَوْ اَنَّهُمْ
اٰمَنُوْا بقر ۱۲/۱۳ اور اگر وہ یقین لاتے۔ لَوْ
يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ بقر ۱۱/۱ کاشکے عمر دیا جاوے
ہزار برس کی۔

لَوَّاحَةٌ سیاہ کرنے والی۔ مصدر لوح۔ لَوَّاحَةٌ
لِّلْبَشَرِ مدثر ۲۹/۱۵ جھلس دینے والی ہے چمڑے کو
لَاحَ يَلُوْحُ لَائِحٌ مَلُوْحٌ لُحْ لَا تَلُحْ

لِوَاذٌ پناہ۔ مصدر مُلَاوَذَةٌ باہمدیگر پناہ گرفتن
قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا
مؤمنون ۱۸/۷ اللہ جانتا ہے اُن لوگوں کو تم میں
جو سٹک جاتے ہیں آنکھ بچا کر۔ لَاوَذَ يُلَاوِذُ
مُلَاوِذٌ لَاوِذْ لَا تُلَاوِذْ۔ مجرد اسکا
لَاذَ يَلُوْذُ لَائِذٌ مَلُوْذٌ لُذْ لَا تَلُذْ

لَوَاقِحُ رس بھریں۔ مینھ برسانے والیں واحد لاقح

لَوَّامَةٌ ملامت کرنے والا دیکھو لومۃ

لَوْحٌ تختی۔ اور لوح محفوظ جمع الواح

لُوْطٌ نام برادر زادہ حضرت ابراہیم ع کا ہے۔

لَوْلَا اگر نہیں۔ لَوْلَا۔ لَوْمَا۔ اَلَّا۔ هَلَّا۔ یہ
چار حرف تحضیض کے ہیں یعنی خواہش دلانے کے
واسطے بولتے ہیں۔ اسکے بعد فعل یا جملہ اسمیہ
آتا ہے معنے انکے کیوں نہیں۔ چنانچہ جب یہ
حروف ماضی پر داخل ہوتے ہیں تو مفید معنے
توبیخ کے ہوتے ہیں جب مستقبل پر داخل ہوتے
ہیں تو مفید معنے ترغیب کے ہوتے ہیں۔ جیسا وَ
لَوْلَا اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَاءَ حشر ۲۸/۴ اور اگر
نہ ہوتا کہ لکھا تھا اللہ نے انپر اجڑنا لَعَذَّبَهُمْ فِي
الدُّنْيَا تو انکو مار دیتا دنیا میں۔ قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ
اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ن ۲۹/۳ بولا انمیں بیچ کا
میں نے تمکو نہ کہا تھا کیوں نہیں پاکی بولتے اللہ کی
لَوْمَا تَاْتِيْنَا حجر ۱۴/۱ کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس۔

لُؤْلُؤٌ موتی مروارید جمع لَآلِیْ

لَوْمَا کیوں نہیں دیکھو لولا

لَوْمَةٌ ملامت کرنی۔ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ
لَآئِمٍ مائدہ ۱۲/۸ اور نہ ڈریں گے ملامت
کرنے کسی ملامت کرنے والے سے۔ لَامَ
يَلُوْمُ لَائِمٌ مَلُوْمٌ لُمْ لَا تَلُمْ

لُوْمُوْا ملامت کرو دیکھو لومۃ

لَوْنٌ رنگ جمع الوان

لَوَّوْا مٹکایا اور پھیرا انہوں نے۔ مصدر تلویۃ
لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ منافقون ۲۸/۱۳ مٹکاتے

ہیں اپنے سر یعنی پھیرتے ہیں اپنے سر۔
لَوّٰی یُلَوِّی مُلَوٍّ لَوِّ لَا تُلَوِّ

لَھَبَ شعلہ اور ابی لھب کنیت حضرتؐ کے چچا کی تھی۔ جمع لھوب لھاب لھبان۔

لَھو تماشا۔ ف ض۔ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَۃً اَوْ لَھْوًا جمعہ [۲۸/۱۱] اور جب دیکھیں سودا بکتا یا کچھ تماشا۔ لَھی یَلْھُوْ لَاہٍ مَلْھُوٌّ اَلْہُ لَا تَلْہُ۔ لَھْوَ الْحَدِیْثِ سے مراد ہے سرود قصے کہانی۔

لَئِنْ اگر۔ اِنْ شرطیہ ہے لَ واسطے تاکید اور قسم کے اسپر داخل ہوا۔

لَیٌّ پھیرنی زبان وقت شہادت کے کہ صاف سنا نہ جاوے۔ لَیًّا بِاَلْسِنَتِھِمْ نساء [۵/۴] موڑ کر یعنی پیچ دیکر اپنی زبان کو۔ لَوٰی یَلْوِی لَاوٍ مَلْوِیٌّ اِلْوِ لَا تَلْوِ

لَیَال راتیں۔ اصل میں لَیَالِیْ تھا یَ گر گئی۔ واحد لَیْل

لَیَالِیْ راتیں واحد لیل

لَیْتَ کاشکے۔ یہ کلمہ ہے وقت آرزو چیز کے کہتے ہیں بغیر ممکن الوقوع پر بولا جاتا ہے۔

لَیْسَ نہیں ہے۔ یہ فعل ناقصہ ماضی ہے بمعنے نفی کے سوائے فعل ماضی کے اسکی تصریف نہیں۔ اصل میں لَیِسَ تھا کسرہ یَ سے واسطے ثقل کے تسکین ہوا۔

مذکر غائب لَیْسَ لَیْسَا لَیْسُوْا
مؤنث غائب لَیْسَتْ لَیْسَتَا لَسْنَ
مذکر مخاطب لَسْتَ لَسْتُمَا لَسْتُمْ
مؤنث مخاطب لَسْتِ لَسْتُمَا لَسْتُنَّ
واحد متکلم لَسْتُ
جمع متکلم لَسْنَا

لَیْسَتْ نہیں ہے وہ دیکھو لیس

لَیْسُوْا نہیں ہیں وہ دیکھو لیس

لَیْل رات واحد ہے بمعنے جمع کے۔ جمع لَیَالِیْ

لَیْلَۃ ایک رات

لَیِّن نرم۔ جمع اَلْیِنَاء۔ لَیِّنُوْن۔

لِیْنَۃ نام ایک قسم درخت کھجور کا ہے کہ اُس کے پھل کو عجوہ کہتے ہیں۔ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّیْنَۃٍ حشر [۲۸/۴] جو کاٹ ڈالا تم نے کھجور کا پیڑ۔ جمع لیان۔

م

مَا نہیں - کیا - جو چیز -
وَمَا یَشْعُرُوْنَ بقر ۲ اور نہیں بوجھتے
مَاذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا بقر ۲/۳
ایسی مثل کہنے سے خدانے کیا ارادہ کیا
ہے - وَیَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ
یُّوْصَلَ بقر ۲ اور توڑتے ہیں جو چیز
اللہ نے فرمائی جوڑنی -
مَاء پانی - اور مَآءٍ مَّهِیْنٍ نطفہ
جمع مِیَاہ
مِأَىۃ سَو جمع مِئات
مِأَتَیْنِ دو سَو
مَائِدہ خوان آراستہ جمع مَوَائِد
مَاٰب پھرنے کی جگہ جمع مَآوِب
مَاتَ مرا وہ دیکھو موت
مَاتُوْا مرے وہ دیکھو موت
مَاْتِیّ آنے والا دیکھو اتی

مَاجُوْج نام ایک شخص کا اولاد یافث بن نوحؑ سے -
مَادُمْتَ جب رہا تو دیکھو مَادُمْتُ
مَادُمْتُ جب رہا میں مادام سے
جو افعال ناقصہ میں سے ہے - مَادُمْتُ
فِیْهِمْ مائدہ ۵ جب تک اُنمیں رہا -
مَادُمْتُمْ جبتک رہو تم دیکھو مادمت
مَاذَا کیا چیز یا کیا ہے ماذا مرکب
ہے ما استفہام اور ذا اسم اشارہ سے
بمعنے ای شئ - مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا
مَثَلًا بقر ۲ کیا غرض تھی اللہ کو
اس مثال سے -
مَاٰرِب حاجتیں واحد مَاْرَبۃ
مَارِج شعلہ بے دود
مَارِد سرکش دیکھو مردود
مَارُوْت نام فرشتہ کا ہے - اور
بعض کہتے ہیں نام بادشاہ کا -
مَاعُوْن برتنے کی چیزیں جیسے
اسباب گھر کا اور پانی اور آگ وغیرہ
اور طاعت اور زکوٰۃ فرانبرداری -
عاریۃً دینے کا اسباب اصل اسکا

معونت ہے۔

مَاکِثُوْنَ ٹھیرنے والے اور دیر کرنے والے۔ دیکھو مکث

مَاکُوْل کھایا گیا وہ۔ کھانے کی چیز۔ دیکھو اکل

مَاکِرِیْنَ فریب دینے والے۔ دیکھو مکر

مَال سونا روپیہ کیونکہ جی اُسکی طرف میلان کرتا ہے۔ وَمَالًا ممدًّا مال وافر کے ہے کہ مدد اُسکی پے در پے پہنچے۔ جمع اَمْوَال

مَالِئُوْنَ بھرنے والے دیکھو ملاء

مَالِكُ مختار اور نام ہے اللہ کا اور یہی نام سردار خزنۂ دوزخ کا ہے۔ جمع مُلّاك مُلّك۔

مَالِكُوْنَ مختار لوگ واحد مالك

مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ باندی اور غلام

مَامَنْ جائے پناہ دیکھو امن

مَامُوْن پناہ دیا گیا دیکھو امن

مَانِعَة بچانے والی اور باز رکھنے والی۔ دیکھو منع

مَاْوٰی ٹھکانا دیکھو اوی

مَاهِدُوْنَ بچھانے والے دیکھو مہد

مَاهِيَة کیا ہے وہ۔ اصل میں ماھی ہے ۃ زائدہ ہے وقف کے واسطے۔

مُبَارَك برکت والا دیکھو بارك

مُبَارَكَة برکت والی۔ لَيْلَةٌ مُّبَارَكَةٌ شب قدر یا شب برات دیکھو بارك

مُبْتَلِی آزمانے والا دیکھو ابتلی

مُبْتَلِیْنَ جانچنے والے دیکھو ابتلی

مَبْثُوْث بکھیرا گیا دیکھو بث

مَبْثُوْثَة پراگندہ کی گئی دیکھو بث

مُبَدِّل بدلنے والا دیکھو تبدیل

مُبْدِئ ظاہر کرنے والا اور شروع کرنے والا یہ صیغہ اسم فاعل باب افعال میں سے ہے۔ مصدر اِبداء۔ مَااللّٰهُ مُبْدِيْهِ احزاب ۲۲/۲ کہ اللہ ظاہر کرنے والا ہے اسکا اَبْدَءَ يُبْدِئُ مُبْدِئٌ اَبْدِئْ لَاتُبْدِئْ

مُبَذِّرِيْنَ اسراف کرنے والے۔ دیکھو تبذیر

مُبْرِمُوْنَ ٹھیرانے والے اور مضبوط

کرنے والے ۔ دیکھو مبرموا
مُبَرَّءُوْن پاک کئے گئے دیکھو برئ
مَبْسُوْطَتَان دو کشادے دیکھو بسط
مُبَشِّر خوشخبری دینے والا دیکھو بشّروا
مُبَشِّرَات خوشخبری لانے والیاں ۔
دیکھو بشّروا
مُبَشِّرُوْن خوشی سنانے والے ۔
دیکھو بشّروا
مُبْصِر دِکھانے والا دیکھو ابصر
مُبْصِرَۃ دِکھانے والی اور دیکھنا دیکھو ابصر
مُبْصِرُوْن دِکھانے والے دیکھو ابصر
مُبْطِلُوْن باطل کرنے والے دیکھو تبطلوا
مُبْعَدُوْن دور کئے گئے
دیکھو بُعد
مُبْعَثُوْن اُٹھائے گئے اور بھیجے گئے
دیکھو بعث
مُبْلِسُوْن ناامید ہونے والے دیکھو یبلس
مَبْلَغ پہنچنا اور جگہ پہنچنے کی ۔ مصدر
مبلغ میمی ہے ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِنَ الْعِلْمِ
نجم ۲۷/۶ یہ ہے رسائی اُنکی علم میں سے

بَلَغَ يَبْلُغُ بَالِغٌ مَبْلُوْغٌ اُبْلُغْ لَا تَبْلُغْ
مُبَوَّءَ جگہ ۔ اور جگہ دیا گیا ۔
دیکھو ۔ بَوَّأْنَا
مُبِيْن کھلا اور ظاہر کرنے والا یہ
لفظ اَبَانَ يُبِيْنُ سے نکلا ہے ۔ اِلَّا الْبَلٰغُ
الْمُبِيْنُ ۔ یٰسٓ ۲۰/۱۹ پہنچا دینا کھولکر ۔
اَبَانَ يُبِيْنُ مُبِيْنٌ اَبِنْ لَا تُبِنْ
مُبَيَّنَات بیان کی گئیں دیکھو بیان
مُبَيَّنَة بیان کی گئی دیکھو بیان
مِتَّ مرا تو دیکھو موت
مِتُّ مرا میں دیکھو موت
مَتَاب پھرنا ۔ اور جگہ پھرنے کی اور
توبہ کی جگہ اصل میں مَتَابِی تھا یٓ متکلم
کی محذوف ہوئی ۔ دیکھو توبہ ۔ وَاِلَيْهِ
مَتَاب رعد ۳۰/۱۳ ۔ اور اسکی طرف آتا ہوں
چھوٹ کر ۔ فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا
فرقان ۱۹/۷۱ سو وہ پھر آتا ہے اللہ کی
طرف پھر آنے کی جگہ ۔
مَتَاع پونجی اور اسباب خانگی اور
برخورداری لینی ۔ جمع اَمْتِعَه

متاع اور متعہ لغت میں اُس چیز کو کہتے ہیں کہ جس سے تھوڑی دیر فائدہ حاصل ہو اور اس لئے دنیا کو متاع کہتے ہیں۔

مُتَبَّرٌ ہلاک کیا گیا۔ مصدر تتبیر۔ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ اعراف ۹/۱۶ یہ لوگ جو ہیں تباہ ہوا ہے۔ تَبَّرَ یُتَبِّرُ مُتَبِّرٌ تَبِّرْ لَاتُتَبِّرْ۔

مُتَبَرِّجَات دکھانے والیاں اور اپنے کو آراستہ کرنے والیاں دیکھو تبرج

مُتَّبَعُوْنَ اتباع کئے گئے دیکھو اتباع

مُتَتَابِعَیْنِ دو۔پے درپے لگے تار۔ مصدر تَتَابُعٌ۔ فَصِیَامُ شَهْرَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ مجادلہ ۲۸/۱ تو روزے دو مہینے کا لگاتار۔ تَتَابَعَ یَتَتَابَعُ مُتَتَابِعٌ تَتَابَعْ لَاتَتَتَابَعْ

مُتَجَانِفٌ ڈھلنے والا۔جھکنے والا۔ مصدر تَجَانُفٌ۔ غَیْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ مائدہ ۶/۵ نہ جھکنے والا طرف گناہ کی۔ تَجَانَفَ یَتَجَانَفُ مُتَجَانِفٌ تَجَانَفْ لَاتَتَجَانَفْ

مُتَجٰوِرٰتٌ نزدیک نزدیک ہمسائے یعنی ملے ہوئے۔ مصدر تجاور۔ وَفِی الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ رعد ۱۳/۱ اور زمین میں کئی کھیت ہیں ملے ہوئے تَجَاوَرَ یَتَجَاوَرُ مُتَجَاوِرٌ تَجَاوَرْ لَاتَتَجَاوَرْ

مُتَحَرِّفٌ پیشہ کرنے والا اور ہنر کرنے والا۔ مصدر تَحَرُّفٌ میل کرنا۔جھکنا۔ پھرنا۔ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَیِّزًا اِلٰی فِئَةٍ انفال ۹/۱۶ مگر یہ کہ ہنر کرتا ہو لڑائی کا یا جا ملتا ہو فوج میں۔ تَحَرَّفَ یَتَحَرَّفُ مُتَحَرِّفٌ تَحَرَّفْ لَاتَتَحَرَّفْ

مُتَحَیِّزٌ جگہ لینے والا۔ مصدر تَحَوُّزٌ۔ تَحَیُّزٌ۔ اَوْ مُتَحَیِّزًا اِلٰی فِئَةٍ انفال ۹/۱۶ یا جا ملتا ہو فوج میں۔ تَحَیَّزَ یَتَحَیَّزُ مُتَحَیِّزٌ تَحَیَّزْ لَاتَتَحَیَّزْ

مُتَّخِذٌ پکڑنے والا دیکھو اتخاذ

مُتَّخِذٰتٌ پکڑنے والیاں۔ دیکھو اتخاذ۔

مُتَّخِذِیْن پکڑنے والے دیکھو اتخاذ
مَتْرَبَۃ خاک میں رُلا ہوا اور درویش
تراب سے ۔
مُتَرَبِّص انتظار کرنے والا دیکھو تربص
مُتَرَبِّصُوْن انتظار کرنے والے۔
دیکھو تربص
مُتَرَدِّیَۃ گرنے والی اور اوپر سے
گرکے مری ہوئی کھانا اُسکا حرام ہے
دیکھو تَرَدِّی
مُتْرَفُوْا نعمت دیے گئے اور آسودہ
گمراہ سب ۔ دیکھو اترفتم
مُتْرَفِیْن نعمت دیے گئے اور آسودہ
گمراہ سب ۔ دیکھو اترفتم
مُتَرَاکِب جڑے ہوئے ۔ جڑی ہوئی۔
فَاَخْرَجْنَا مِنْہُ خَضِرًا نُخْرِجُ مِنْہُ حَبًّا
مُتَرَاکِبًا انعام ۱۱/۶ پھر اُسمیں سے نکالا
سبزہ جس سے نکالتے ہیں دانے جڑے
ہوئے ۔ تَرَاکَبَ یَتَرَاکَبُ مُتَرَاکِبٌ
تَرَاکَبْ لَاتَتَرَاکَبْ
مُتَشَابِہ ایکساں جمع مُتَشَابِہَات

مُتَشَابِہَات ایکساں اور کسی طرف
ملنے والیاں ۔ واحد متشابہ
مُتَشَاکِسُوْن بخیل اور بدخوئی کرنے
والے ۔ مصدر تشاکس ۔ فِیْہِ شُرَکَاءُ
مُتَشَاکِسُوْنَ زمر ۲۳/۱۷ اسمیں کئی شریک
ہیں بدخو ۔ تَشَاکَسَ یَتَشَاکَسُ مُتَشَاکِسٌ
تَشَاکَسْ لَاتَتَشَاکَسْ
مُتَصَدِّع پارہ پارہ ہونے والا ۔ مصدر
تصدع ۔ مُتَصَدِّعًا مِنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ ط
حشر ۲۸/۶ پھٹ جاتا اللہ کے ڈر سے ۔
تَصَدَّعَ یَتَصَدَّعُ مُتَصَدِّعٌ تَصَدَّعْ
لَاتَتَصَدَّعْ
مُتَصَدِّقَات خیرات کرنے والیاں
دیکھو تصدق
مُتَصَدِّقِیْن خیرات کرنے والے
دیکھو تصدق
مُتَطَہِّرَۃ پاک کی گئی دیکھو یتطہر
مُتَطَہِّرِیْن پاک کرنے والے ۔ دیکھو یتطہر
مُتَعَال بلند ہونے والا ۔ دیکھو تعالی
اصل میں تعالی تھا بموجب قاعدہ کے ی گرگئی

مَتَّعْتُ فائدہ دیا میں نے ۔ مصدر
تمتع - بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ زخرف ۲۵/۹
بلکہ فائدہ دیا میںنے اُنکو - مَتَّعَ يُمَتِّعُ
تُمَتِّعُ مَتِّعْ لَاتُمَتِّعْ
مَتَّعْتَ فائدہ مند کیا تونے دیکھو متعتُ
مَتَّعْتُمْ فائدہ مند کیا تمنے دیکھو متعت
مُتَعَمِّدْ ارادہ کرنے والا دیکھو تعمدت
مَتَّعْنَا فائدہ دیا ہمنے دیکھو متعت
مَتِّعُوْا فائدہ دو دیکھو متعت
مُتَفَرِّقَةٌ علیحدہ علیحدہ دیکھو تفرق
مُتَفَرِّقُوْنَ جُداجُدا کئے گئے دیکھو تفرق
مُتَقَابِلِيْنَ سامھنے - مصدر تقابُل
مُتَّكِئِيْنَ عَلَيْهَا مُتَقَابِلِيْنَ واقعہ ۲۷/۱۴
تکیہ دیے اُنپر ایکدوسرے کے سامھنے ۔
تَقَابَلَ يَتَقَابَلُ مُتَقَابِلٌ تَقَابَلْ
لَاتَتَقَابَلْ
مُتَقَلَّب پھرنے کی جگہ دیکھو تقلب
مُتَّقُوْنَ پرہیزگار سب - واحد متقی
دیکھو اتقی
مُتَّكَأً محفل اور جگہ تکیہ لگانے کی ۔

مُتَكَبِّرٌ بہت بزرگی کرنے والا - مصدر
تکبّر - اَلْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ - حشر ۲۸/۳ زبردست
تکبر کرنے والا - تَكَبَّرَ يَتَكَبَّرُ مُتَكَبِّرٌ
تَكَبَّرْ لَاتَتَكَبَّرْ ۔
مُتَكَبِّرِيْنَ غرور کرنے والے - دیکھو متکبر
مُتَكَلِّفِيْنَ رنج اور محنت اُٹھانیوالے
دیکھو یکلف
مُتَّكِئُوْنَ تکیہ لگانیوالے دیکھو یتکئون
مُتَّكِئِيْنَ تکیہ لگائے بیٹھنے والے
دیکھو یتکئون
مُتَلَقِّيَان دو لینے والے دیکھو یتلقی
مُتِمٌّ پورا کرنے والا دیکھو اتمّ
مُتُّمْ مرے تم دیکھو موت
مِتْنَا مرے ہم دیکھو موت
مُتَنَافِسُوْنَ خواہش کرنے والے ۔
اور دھوکنے والے - دیکھو یتنافسون
مُتَوَسِّمِيْنَ اٹکل والے اور فراست
سے دریافت کرنے والے - مصدر توسم
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ حجر ۱۴/۵
بیشک اسمیں پتے ہیں دھیان کرنے

والوں کو۔ تَوَسَّمَ یَتَوَسَّمُ مُتَوَسِّمٌ
تَوَسُّمٌ لَاتَتَوَسَّمْ
مُتَوَفِّیْ وفات دینے والا اور اپنی
طرف پھیرنے والا۔ دیکھو تَوَفّی
مُتَوَکِّلُوْن اللہ ہی پر بھروسہ کرنے
والے۔ دیکھو توکّلت
مَتٰی کب جوازم فعل مضارع سے ہے
شرط اور جزا کے واسطے آتا ہے۔ مَتٰی
کے ساتھ مَا بھی آتا ہے۔ جیسا متی ما
بمعنے جب کبھی۔
مَتِیْن مضبوط۔
مَثَابَۃ جمع ہونے کی جگہ اور منزل
جمع مثاب۔ دیکھو ثواب
مَثَانِیْ تکرار کی گئیں اور سبع مثانی
سورۃ فاتحہ ہے اِسواسطے کہ اسمیں سات
آیتیں ہیں دو دفعہ اتری تھی ایک
بار مکّہ میں اور ایک بار مدینہ میں۔
مَثْبُوْر کھپایا گیا دیکھو ثبور
مِثْقَال ہموزن مقدار ۴½ ماشہ کا ہوتا
ہے۔ جمع مَثَاقِیل

مُثْقَلَۃ لدے ہوئے دیکھو اثقلت
مُثْقَلُوْن بوجھل کئے گئے دیکھو اثقلت
مَثَل کہاوت اور حال جمع مثلات
مِثْل مانند جمع اَمْثَال
مَثُلَات کہاوتیں اور عذاب سب
واحد مَثُلَۃ۔ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ
الْمَثُلٰتُ رعد ۱۳/۶ اور ہو چکی ہیں اُنسے
پہلے کہاوتیں یعنی گذریں اُن سے پہلے
عقوبتیں۔
مِثْلَیْ دو مانند واحد مثل
مُثْلٰی بہت بہتر پسندیدہ خاصے یہ
مؤنث امثل کی ہے۔
مَثْنٰی دُو دُو جمع مَثَانِیْ
مَثُوْبَۃ بدلہ اور بندگی جمع مثوبات
مَثْوٰی بستی اور آرام کی جگہ۔ دیکھو ثاوی
مَجَالِس محفلیں واحد مجلس
مُجَاهِدُوْن جہاد کرنے والے۔ دیکھو جہاد
مُجْتَمِعُوْن جمع ہونے والے۔ دیکھو جمعت
مَجْذُوْذ کاٹا گیا۔ مصدر جذ۔ جذ
غَیْرَ مَجْذُوْذٍ ہود ۱۲/۹ نہیں کاٹی گئی۔

جَذَّ یَجُذُّ جَاذٌّ مَجْذُوذٌ اُجْذُذْ لَا تَجْذُذْ

مُجْرِم گنہگار دیکھو اجرام

مُجْرِمُوْن گناہ کرنے والے۔ دیکھو اِجرام

مَجْرٰی بہنے کا وقت و بالضم بہایا گیا دیکھو مجری

مَجْمَع ملنے کی جگہ دیکھو جمع

مَجْمُوْع جمع کیا گیا دیکھو جمع

مَجْمُوْعُوْن جمع کئے گئے۔ دیکھو جمع

مَجْنُوْن دیوانہ۔ جمع مجانین دیکھو جن

مَجُوْس آتش پرست واحد مجوسی

مُجِیْب جواب دینے والا اور قبول کرنے والا۔ دیکھو اجبتم

مُجِیْبُوْن جواب دینے والے۔ دیکھو اجبتم

مَجِیْد بزرگ جمع امجاد

مَحَارِیْب بالاخانے واحد محراب

مِحَال مکر اور داؤ کرنا۔ وَھُوَ شَدِیْدُ الْمِحَالِ رعد ۱۳/۸ اور وہ سخت عذاب والا ہے۔ مَحَلَ یَمْحَلُ مَاحِلٌ مَمْحُوْلٌ اِمْحَلْ لَا تَمْحَلْ

مَحَبَّة دوستی دیکھو حب

مُحْتَضَر حاضر کیا گیا۔ مصدر احتضار کُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ قمر ۲۷/۹ ہر بار پانی پلانے کی حاضر کئے گئے ہیں۔ اِحْتَضَرَ یَحْتَضِرُ مُحْتَضِرٌ مُحْتَضَرٌ اِحْتَضِرْ لَا تَحْتَضِرْ

مُحْتَظِر کانٹے کرنے والا اور حظیرہ بنانے والا۔ حظیرہ حاطہ ہے واسطے جانوروں کے کانٹوں سے بناتے ہیں۔ ہندی باڑہ کَهَشِیْمِ الْمُحْتَظِرِ قمر ۲۷/۹ جیسے روندی باڑ کانٹوں کی۔

مَحْجُوْبُوْن روکے گئے اور پردہ کئے گئے۔ مصدر حجب ن۔ یَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ مطففین ۳۰/۸ اُسدن روکے جاویں گے حَجَبَ یَحْجُبُ حَاجِبٌ مَحْجُوْبٌ اُحْجُبْ لَا تَحْجُبْ

مَحْجُوْر منع کیا گیا دیکھو حجر

مُحْدَث بنایا گیا دیکھو احداث

مَحْذُوْر ڈرایا گیا دیکھو حذر

مِحْرَاب بالاخانہ اور مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔ جمع محاریب

مُحَرَّر آزاد کیا گیا دیکھو تحریر

مُحَرَّم حرام کیا گیا دیکھو حرّم

مُحَرَّمَۃٌ حرام رکھی گئی دیکھو حرّم

مَحْرُوْم بے نصیب اور بے روزی کیا گیا
مصدر حرم وزن - لِلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ
معارج ۲۹/۲ مانگنے کا اور ہارے کا - حَرَمَ
یَحْرِمُ حَارِمٌ مَحْرُوْمٌ اُحْرِمْ لَا تَحْرِمْ

مَحْرُوْمُوْن بے نصیب لوگ - دیکھو محروم

مُحْسِن نیکی کرنے والا - جمع
محسنین - دیکھو احسان

مُحْسِنَات نیکی کرنے والیاں -
دیکھو احسان

مُحْسِنُوْن نیکی کرنے والے دیکھو احسان

مَحْسُوْر ہارا گیا دیکھو حسیر

مَحْشُوْرَۃ جمع کی گئی دیکھو حشر

مُحْصَنَات عورتیں خاوند کی گئیں
دیکھو احصن

مُحْصَنَۃ مضبوط کی گئی -

مُحْصِنِیْن مرد نکاح کرنے والے اور
اپنے کو نگاہ رکھنے والے - دیکھو احصن

مُحْضَر روبرو کیا گیا دیکھو احضر

مُحْضَرُوْن حاضر کئے گئے - دیکھو احضرت

مَحْظُوْر حرام کیا گیا اور گھیرا گیا - مصدر
حظر وزن وَمَا کَانَ عَطَآءُ رَبِّکَ
مَحْظُوْرًا بنی اسرائیل ۱۵/۲ اور تیرے رب
کی بخشش کسی نے نہیں گھیری -
حَظَرَ یَحْظُرُ حَاظِرٌ مَحْظُوْرٌ اُحْظُرْ
لَا تَحْظُرْ

مَحْفُوْظ نگاہ رکھا گیا دیکھو حفظ

مُحْکَمَات مضبوط کی گئیں اور وے آیتیں
کہ معنی مراد پر دلالت رکھیں اور کچھ متشابہ
نہو ضد متشابہات کی آیات ظاہر المعانی
لفظ اور معنے اُسکے واضح -

مُحْکَمَۃ مضبوط کی گئی - مصدر احکام
فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَۃٌ مُّحْکَمَۃٌ محمد ۲۶/۵
پس جب اُتاری جاوے گی سورت ثابت
اَحْکَمَ یُحْکِمُ مُحْکِمٌ اَحْکِمْ لَا تُحْکِمْ

مَحِلّ قربانی کی جگہ اور منزل -

مَحِلَّۃ قربانی کی جگہ -

مُحَلِّقِیْن سر کے بال منڈانے والے - مصدر

تحلیق۔ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَکُمْ فتح ۲۶/۱۲
بال منڈاتے اپنے سروں کے۔ حَلَّقَ
یُحَلِّقُ مُحَلِّقٌ حَلِّقْ لَا تُحَلِّقْ
مُحِلِّیْ حلال جاننے والے۔ دراصل مُحِلِّیْنَ
تھا ن اضافت کی وجہ سے گر گیا۔ دیکھو حلال
مُحَمَّدٌ سراہا گیا یہ نام میمنت فرجام حضرت فخر
موجودات رحمت عالمیان محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
کا ہے روایات معتبرہ میں آیا ہے کہ پہلے کوئی
اس نام کے ساتھ نامزد نہ ہوا تھا محمد بن عبداللہ
بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف۔ اس نام کا
آدمی ہمیشہ مبارک ہوتا ہے۔ مصدر تحمید
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ فتح ۲۶/۱۲ محمد رسول اللہ کا
ہے۔ حَمَّدَ یُحَمِّدُ مُحَمِّدٌ حَمِّدْ لَا تُحَمِّدْ
مَحْمُوْدٌ سراہا گیا اور مقام محمود نام ایک جگہ
کا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عنایت ہوگی
اور آپ وہاں کھڑے ہو کر شفاعت امت کی
فرماوینگے دیکھو حمد
مَحَوْنَا مٹایا ہم نے۔ مصدر محو۔
فَمَحَوْنَا اٰیَۃَ الَّیْلِ بنی اسرائیل ۱۵/۲ پھر
مٹا دیا ہمنے رات کا نمونہ۔ مَحٰی یَمْحُوْ

مَاحٍ مَمْحُوٌّ اُمْحُ لَا تَمْحُ
مَحْیَا جینا دیکھو حیٰوۃ
مَحِیْص بچنے کی جگہ اور پھرنے کی۔
مصدر حیص۔ حیوص۔ محیص۔ حیصان
مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِیْصٍ حم سجدہ ۲۵/۱ کہ اُن کو
نہیں کہیں خلاصی۔ حَاصَ یَحِیْصُ
حَائِصٌ مَحِیْصٌ حِصْ لَا تَحِصْ
مَحِیْض حیض اور حیض کی جگہ وَیَسْئَلُوْنَكَ عَنِ
الْمَحِیْضِ بقرہ ۲/۱۲ اور سوال کرتے ہیں تجھکو حیض سے
حَاضَ یَحِیْضُ حَائِضٌ مَحِیْضٌ حِضْ لَا تَحِضْ
مُحِیْط گھیرنے والا اور خوب جاننے والا
دیکھو احاطۃ
مُحِیْطَۃ گھیرنے والی دیکھو احاطۃ
مُحْیِیْ جلانے والا دیکھو حیٰوۃ
مَخَاض جننے کا درد۔ درد زہ۔
مُخْبِتِیْنَ عاجزی کرنے والے۔ دیکھو
اخبتوا
مُخْتَال تکبر کرنے والا۔ مصدر اختیال
اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ لقمان
۲/۱ اللہ نہیں دوست رکھتا ہر تکبر

کرنے والے شیخی کرنے والے کو۔
اِختَالَ یَختَالُ مُختَالٍ اِختَل لَاتَختَل
مُختَلِف اختلاف کرنے والا دیکھو اختلاف
مُختَلِفِین اختلاف کرنیوالے دیکھو اختلاف
مَختُوم مُہر کیا گیا دیکھو ختم
مَخذُول خوار کیا گیا۔ جمع مخاذیل
دیکھو خذول
مَخرَج نکلنا۔ باہر کرنا۔ اور باہر ہونے
کی جگہ۔ دیکھو خروج
مُخرِج نکالنے والا دیکھو اخراج
مُخرَج نکالا گیا دیکھو اخراج
مُخرَجُون نکالے گئے دیکھو اخراج
مُخرِجِین نکالنے والے دیکھو اخراج
مُخزِی رسوا کرنے والا دیکھو خزی
مُخسِرِین کم کرنے والا دیکھو اخسار
وَلَا تَکُونُوا مِنَ المُخسِرِینَ شعراء ۱۹/۱۲
اور مت ہو نقصان دینے والوں سے
اَخسَرَ یُخسِرُ مُخسِرٌ اَخسِر لَاتُخسِر
مُخضَرَّة سبز کیا گیا۔ مصدر اخضرار۔
فَتُصبِحُ الاَرضُ مُخضَرَّةً حج ۱۵/۱ پس

ہوجاتی ہے زمین سبز۔ اِخضَرَّ یَخضَرُّ
مُخضَرٌّ اِخضَرِر لَاتَخضَرِر
مَخضُود پاک کیا گیا۔ مصدر خضد
فِی سِدرٍ مَخضُودٍ واقعہ ۲۷/۱۴ بیچ بیروں
کانٹے دور کئے ہوئی کے۔ خَضَدَ
یَخضِدُ خَاضِدٌ مَخضُودٌ اِخضِد لَاتَخضِد
مُخَلَّدُون ہمیشہ رکھے گئے اور
گوشوارے والے گئے۔ مصدر تَخلِید
وِلدَانٌ مُخَلَّدُونَ دہر ۲۹/۱۹ لڑکے ہمیشہ
رہنے والے۔ خَلَّدَ یُخَلِّدُ مُخَلِّدٌ
خَلِّد لَاتُخَلِّد
مُخلِص نرالا اور دوست خالص
دیکھو اخلاص
مُخلِصُون خالص کرنے والے۔ دیکھو اخلاص
مُخلَصِین چُنے گئے دیکھو اخلاص
مُخلِف وعدہ خلاف کرنے والا۔
دیکھو خلاف
مُخَلَّفُون پیچھے چھوڑے گئے۔
دیکھو خُلِّفُوا
مُخَلَّقَة صورت بنایا گیا۔ مصدر تخلیق

ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ حج ۱/۸ پھر
بوٹی صورت بنی ہوئی سے۔ خَلَّقَ
يُخَلِّقُ مُخَلِّقٌ خَلِّقْ لَا تُخَلِّقْ

مَخْمَصَةٌ بھوک

مَدٌّ کھینچنا اور پھیلانا ن ص۔ فَلْيَمْدُدْ
لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا مریم ۱۶/۸ پس چاہیئے
کہ کھینچ لیجاوے اُسکو رحمٰن خوب کھینچنا
مَدَّ يَمُدُّ مَادٌّ مَمْدُوْدٌ اُمْدُدْ لَا تَمْدُدْ

مَدَّ کھینچا اور پھیلایا اُسنے دیکھو مدّ

مَدَائِن بستیاں واحد مدینۃ

مِدَاد سیاہی۔ جمع مُدُد مثل کُتُب

مُدْبِر پیچھے چلنے والا اور پیٹھ پھیرنیوالا۔ دیکھو دبار

مُدَبِّرَات تدبیر کرنے والے۔ مصدر
تَدْبِير۔ فَالْمُدَبِّرَاتِ اَمْرًا والنازعات
۳۰/۱ پھر کام بناتے حکم سے۔ دَبَّرَ
يُدَبِّرُ مُدَبِّرٌ دَبِّرْ لَا تُدَبِّرْ

مُدْبِرِيْن پیٹھ پھیرنے والے۔ دیکھو دبار

مُدَّتْ کھینچی گئی وہ دیکھو مدّ

مُدَّة زمانہ اور عرصہ۔

مُدَّثِّر جامہ پہننے والا اور لحاف
لپٹنے والا۔ مصدر تدثر۔ اصل میں
متدثر تھا ت د میں ادغام ہوئی۔
يَا اَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ مدثر ۲۹/۱۵ اے کپڑا اوڑھنے
والے۔ تَدَثَّرَ يَتَدَثَّرُ مُتَدَثِّرٌ
تَدَثَّرْ لَا تَتَدَثَّرْ

مَدْحُوْر دور کیا گیا اور کھدیڑا گیا۔
مصدر دحر۔ دحور ف ن۔ يَصْلٰهَا
مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا بنی اسرائیل ۱۵/۲
داخل ہوگا اُسمیں بُرے حال راندا ہوا۔
دَحَرَ يَدْحَرُ دَاحِرٌ مَدْحُوْرٌ اِدْحَرْ لَا تَدْحَرْ

مُدْحَضِيْن ڈالے گئے اور پھیلائے
گئے۔ مصدر اِدْحاض بمعنے لغزانیدن۔
فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ صافات ۲۳/۹ میں
ہوگیا دھکیلے گیوں سے۔ اَدْحَضَ
يُدْحِضُ مُدْحِضٌ اَدْحِضْ لَا تُدْحِضْ

مُدْخَل مکان اور جگہ داخل ہونے
کی۔ اور داخل ہونا۔ مصدر میمی اور اسم
ظرف۔ دیکھو ادخلنا

مُدَّخَل سر گھسانے کی جگہ۔

مَدَد یاری دیکھو مدّ

مَدْرَارًا کھینچا ہمنے دیکھو مدّ

مِدْرَارْ مینہ برسنے والا اور بدلی۔ مصدر درر۔ یُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْکُمْ مِدْرَارًا نوح ۲۹/۸ چھوڑ دیں تم پر آسمان کی دھاریں

دَرَّ یَدُرُّ دَارٌّ مَدْرُوْرٌ اُدْرُرْ لَاتَدْرُرْ

مُدْرَکُوْن پائے گئے دیکھو ادرک

مُدَّکِر یاد کرنے والا اور نصیحت ماننے والا۔ دیکھو اذّکر

مُدْهَامَّتَان دو سبز باغ مائل بسیاہی مصدر ادھیمام۔ مُدْهَامَّتَانِ الرحمٰن ۲۷/۱۳ نہایت سبز ہیں۔ اِدْهَامَّ یَدْهَامُّ مُدْهَامٌّ اِدْهَامِمْ لَاتَدْهَامِمْ

مُدْهِنُوْن دین میں سستی کرنیوالے مصدر ادھان۔ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ واقعہ ۲۷/۱۶ تم سستی کرتے ہو۔ اَدْهَنَ یُدْهِنُ مُدْهِنٌ اَدْهِنْ لَاتُدْهِنْ

مَدْیَن نام حضرت شعیبؑ کی بستی کا۔

مَدِیْنَة شہر جمع مدائن لفظ مدینہ کا ماخوذ ہے تمدّن سے جو بمعنے جمع ہونا ہر پیشہ کے لوگوں کا ایک جگہ میں۔

مَدِیْنُوْن مزدوری دیے گئے اور خوار کئے گئے۔ مصدر دین۔ ءَاِنَّا لَمَدِیْنُوْنَ صافات ۲۳/۹ کیا ہم جزا دیے جاویں گے

دَانَ یَدِیْنُ دَائِنٌ مَدِیْنٌ دِنْ لَاتَدِنْ

مُذَبْذَبِیْن متردد کئے گئے۔ مصدر ذبذبة۔ مُذَبْذَبِیْنَ بَیْنَ ذٰلِكَ نسار ۵/۱۸ متردد ہیں درمیان اسکے اور اسکے

ذَبْذَبَ یُذَبْذِبُ مُذَبْذِبٌ ذَبْذِبْ لَاتُذَبْذِبْ

مُذْعِنِیْن باور کرنے والے۔ مصدر اِذْعَان۔ یَاْتُوْٓا اِلَیْهِ مُذْعِنِیْنَ نور ۱۸/۱۲ آتے ہیں طرف اسکے مطیع ہوکر۔

اَذْعَنَ یُذْعِنُ مُذْعِنٌ اَذْعِنْ لَاتُذْعِنْ

مُذَّکِر یاد کرنے والا دیکھو تذکرون

مَذْکُوْر ذکر کیا گیا دیکھو ذکر

مَذْمُوْم مذمت کیا گیا مصدر ذمّ مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا بنی اسرائیل ۵/۲ برے حال راندہ ہوا۔ ذَمَّ یَذُمُّ ذَامٌّ مَذْمُوْمٌ اُذْمُمْ لَاتَذْمُمْ۔

مَذْءُوْم بد کہا گیا۔ مردود۔ مصدر ذءم
ن ف ۔ مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا اعراف ۱/۹
بُرے حال سے راندہ ہوا۔ ذَءَمَ یَذْءَمُ
ذَاءِمٌ مَذْءُوْمٌ ذَءْمٌ لَاتَذْءَمْ
مذءوم۔ بالہمزہ مشتق ہے ذامتر سے اور
بعض نے صرف وَ سے بغیر ہمزہ کے پڑھا ہے
اسلئے کہ ہمزہ کی حرکت ذ کو دیکر ہمزہ کو
حذف کردیا اور ممکن ہے کہ اسکی اصل
مذیما کہی جاوے کیس لئے کہ فعل اس
سے ذام یذیم آتا ہے پس یؔ کو وَ سے
بدل دیا جیسا کہ مکیل کو مکول اور مشیب
کو مشوب کر لیتے ہیں۔

مَرٌّ گذرنا وَهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ
نمل ۱۲/۲۰ اور وہ جاتے ہیں مانند جانے
بادل کی۔ مَرَّ یَمُرُّ مَارٌّ مَمْرُوْرٌ
اُمْرُرْ لَاتَمْرُرْ

مَرَّ گذرا دیکھو مرّ

مَرْءٌ مرد جمع اسکی اسکے لفظ
سے نہیں آتی مگر جمع اسکی مُرّان۔
مرءون ہے۔

مِرَاء شک اور جھگڑا کرنا۔ باب
مُفَاعَلَہ سے ہے جسطرح مُقَاتلہ سے قتال
فَلَاتُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا کہف ۱۵/۱۵
سو مت جھگڑ انکی بات میں مگر سرسری
جھگڑا۔ مَارٰی یُمَارِیْ مُمَارٍ
مَارِ لَاتُمَارِ

مَرَّات کئی بار واحد مرّة

مَرَاضِع دائیاں اور دودھ پلانے
کی جگہ یعنی چھاتیاں واحد مُرْضِعَۃ

مُرَاغَم بھاگنے کی جگہ۔ مصدر رغم۔
مرغمہ ف ف۔ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرَاغَمًا
كَثِيْرًا نساء ۵/۱۲ پاوے اسکے مقابلہ میں
جگہ بہت۔ رَغَمَ یَرْغَمُ رَاغِمٌ مَرْغُوْمٌ
اِرْغَمْ لَاتَرْغَمْ

مَرَافِق کہنیاں یعنی ارنج ہا واحد مرفق

مَرَّة ایک بار جمع مرّات
تثنیہ مرّتَیْن

مَرَّتْ گذری وہ دیکھو مرّ

مِرَّة زور آور اور عقل جمع امرار

مُرْتَاب شک کرنیوالا دیکھو ارتاب

مَرَّتَانِ دو بار واحد مَرَّۃٌ

مُرْتَفَقٌ تکیہ کرنا وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا
کہف ۱۵/۱۹ اور کیا خوب آرام - اِرْتَفَقَ
یَرْتَفِقُ مُرْتَفِقٌ اِرْتَفِقْ لَاتَرْتَفِقْ

مُرْتَقِبُوْنَ انتظار کرنے والے دیکھو رقب

مَرَجَ ملایا اُسنے - مصدر مرج ن ص
مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ الرحمٰن ۲۷/۱۱ ملا دیا دو دریا کو
مَرَجَ یَمْرُجُ مَارِجٌ مَمْرُوْجٌ
اُمْرُجْ لَاتَمْرُجْ

مَرْجَانٌ چھوٹا موتی اور مونگا اور
اِس صورت میں یہ لفظ فارسی ہے - جوہر
سرخ رنگ -

مَرْجِعٌ بازگشت دیکھو رجع

مُرْجِفُوْنَ فساد کرنے والے یعنی بدخبر
اُڑانے والے - مصدر اِرجاف - جمع
اراجیف - وَالْمُرْجِفُوْنَ فِی الْمَدِیْنَۃِ
احزاب ۲۲/۵ اور جھوٹ اُڑانے والے
مدینہ میں - اَرْجَفَ یُرْجِفُ مُرْجِفٌ
اَرْجِفْ لَاتُرْجِفْ

مَرْجُوٌّ امید رکھا گیا - دیکھو رجو

مُرْجَوْنَ دیر کئے گئے دیکھو ارجہ

مَرْجُوْمِیْنَ سنگسار کئے گئے -
دیکھو رجم

مَرَحٌ اترانا - سخت شاد شدن و تکبر
کردن - وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا
لقمان ۲۱/۱۱ اور مت چل زمین پر اتراتا
مَرِحَ یَمْرَحُ مَارِحٌ مَمْرُوْحٌ اِمْرَحْ
لَاتَمْرَحْ

مَرْحَبٌ کشادی جگہ دیکھو رحب

مَرْحَمَۃٌ مہربانی اور شفقت دیکھو رحمۃ

مَرْحُوْمِیْنَ رحم کئے گئے دیکھو رحمۃ

مَرَدٌّ پھرنا اور قبول کرنا دیکھو رَدٌّ

مُرْدِفِیْنَ پیچھے سے آنے والے -
مصدر اِرداف - بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰۓئِکَۃِ
مُرْدِفِیْنَ انفال ۹/۱۵ ہزار فرشتے جنگی
پیچھے لگے آویں - اَرْدَفَ یُرْدِفُ
مُرْدِفٌ اَرْدِفْ لَاتُرْدِفْ

مَرَدُوْا حد سے گذرے اور ضد کی انہوں
نے - مصدر مُرُوْد فتح - ض ض - مَرَدُوْا
عَلَی النِّفَاقِ توبہ ۱۱/۱۱ اڑ رہے ہیں نفاق پر

مَرَدَ یَمْرُدُ مَارِدٌ مَمْرُوْدٌ اُمْرُدْ لَا تَمْرُدْ
مَرْدُوْد ردکیا گیا دیکھو ردٌّ
مَرْدُوْدُوْن پھیرے گئے دیکھو ردٌّ
مُرْسَل بھیجا گیا دیکھو ارسل
مُرْسِل بھیجنے والا دیکھو ارسل
مُرْسَلَات بھیجی گئیں یعنی ہوائیں
دیکھو ارسل
مُرْسِلَة بھیجنے والی دیکھو ارسل
مُرْسِلُوْا بھیجنے والے دیکھو ارسل
مُرْسَلُوْن بھیجے گئے پیغمبر سب واحد
مُرْسَل دیکھو ارسل
مُرْسٰی ٹھیرنا اور ٹھیرایا گیا۔ دیکھو
ارسیٰ۔ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا ہود
۱۲ اللہ کے نام سے اُسکا بہنا اور ٹھیرنا۔
اَیَّانَ مُرْسٰهَا والنازعات ۳۰ کب ہے
ٹھیراؤ اُسکا۔
مُرْشِد راہبر۔ مصدر اِرْشَاد۔ فَلَنْ
تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا بنی اسرائیل ۱۵
پھر تو نہ پاوے اُسکا کوئی رفیق راہ پر
لانے والا ۔ اَرْشَدَ یُرْشِدُ مُرْشِدٌ
اَرْشِدْ لَا تُرْشِدْ
مِرْصَاد گذرگاہ اور کمینگاہ۔
دیکھو ارصاد
مَرْصَد جگہ انتظار کی۔
مَرْصُوْص مضبوط کیا گیا۔ مصدر
رصّ و رص۔ کَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ۔
صف ۲۸ گویا وہ عمارت ہیں مضبوط
کی گئی۔ رَصَّ یَرُصُّ رَاصٌّ مَرْصُوْصٌ
اُرْصُصْ لَا تَرْصُصْ۔
مَرَض بیمار ہونا اور آزار جمع امراض
مَرْضَات خوشیاں واحد مرضی
مَرِضْتُ بیمار ہوا میں۔ مصدر مرض
ک ف ۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ شعرا
۱۹ اور جب میں بیمار ہوں تو وہی
چنگا کرتا ہے۔ مَرِضَ یَمْرَضُ مَرِیْضٌ
مَمْرُوْضٌ اِمْرَضْ لَا تَمْرَضْ
مُرْضِعَة دودھ پلانے والی دائی
جمع مَرَاضِع
مَرْضٰی بیمار سب واحد مریض
مَرْضِیٌّ پسندیدہ دیکھو رضوا

مَرْضِیَّۃ پسندیدہ دیکھو رضوا
مَرْعیٰ گھاس اور رہنا یہ ظرف ہے۔
وَالَّذِیْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعیٰ اعلی ۳۰/۱۲ اور جس
نے نکالا چارا۔ رَعیٰ یَرْعیٰ رَاعٍ
مَرْعِیٌّ اِرْعَ لَاتَرْعَ
مِرْفَق تکیہ گاہ۔ جو کام کہ اُس سے
فائدہ حاصل ہووے۔
مَرْفُوْد انعام دیا گیا دیکھو رفد
مَرْفُوْع اُٹھایا گیا دیکھو رفع
مَرْفُوْعَۃ اُٹھائی گئی دیکھو رفع
مَرْقَد خواب گاہ دیکھو رقود
مَرْقُوْم لکھا گیا دیکھو رقیم
مَرْکُوْم جمع کیا گیا دیکھو رکام
مَرُّوْا گذرے وہ دیکھو مرّ
مَرْوَۃ نام ہے پہاڑ کا مکہ میں۔
مَرِیْءٌ پچنے والا۔ گوارندہ۔ مصدر مروءۃ۔
هَنِيْٓئًا مَّرِيْٓئًا نساء ۴/۱۲ رچتا پچتا۔
مَرَءَ يَمْرَءُ مَرِيْءٌ مَرْءُوٌّ اِمْرَءْ لَاتَمْرَءْ
مُرِيْب گمان کرنے والا۔ مصدر اِرابۃ
وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ہود ۱۲/۱۰

اور اُنکو اسمیں شبہ ہے کہ جی نہیں
ٹھیرتا۔ اَرَابَ يُرِيْبُ مُرِيْبٌ مُرَابٌ
اَرِبْ لَاتُرِبْ۔
مِرْيَۃ شک جمع مِرَایا
مَرِيْج دھوکا مصدر مرج کرف
اَمْرٍ مَّرِيْجٍ کنایہ کار مختلفہ و مشتبہ۔
فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ق ۲۶/۱۵ سو وہ پڑ رہے
ہیں الجھی بات میں۔ مَرِجَ يَمْرَجُ
مَارِجٌ مَرْوُجٌ اِمْرَجْ لَاتَمْرَجْ
مَرِيْد سرکش اور متمرد جمع مُرَدَاء
مَرِيْض بیمار جمع مَرْضیٰ
مَرْيَم نام حضرت عیسیٰ علیہ السلام
کی ماں کا بیٹی عمران کی۔
مِزَاج ملانا اور ملونی وض۔کان
مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا دہر ۲۹/۱۹ ہے ملونی
اُسکی زنجبیل کی یعنی سونٹھ کی۔
مَزَجَ يَمْزُجُ مَازِجٌ مَمْزُوْجٌ
اُمْزُجْ لَاتَمْزُجْ
مُزْجَات تھوڑی اور ناقص یہ مؤنث
مُزْجیٰ کا ہے۔ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰتٍ

یوسف ۱۳/۸ اور لائے ہیں ہم پونجی ناقص

مُزَحْزِح سرکانے والا دیکھو زحزح

مُزْدَجَر ڈانٹا گیا۔ اور روکا گیا۔
دیکھو ازدجر

مُزِّقْتُمْ پھاڑے گئے تم دیکھو مزقنا

مَزَّقْنَا پھاڑا ہم نے۔ مصدر تمزیق
وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ سبا ۲۲/۸
اور چیر کر کر ڈالا ٹکڑے۔ مَزَّقَ يُمَزِّقُ
تَمْزِيقٌ مَزِّقْ لَا تُمَزِّقْ

مُزَّمِّل جھرمٹ مارنے والا۔ مصدر
تزمّل۔ اصل میں متزمّل تھا ت ز
میں ادغام ہوئی۔ يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ
مزمل ۲۹/۱ اے جھرمٹ مارنے والے۔
تَزَمَّلَ يَتَزَمَّلُ مُتَزَمِّلٌ تَزَمَّلْ
لَا تَتَزَمَّلْ

مُزْن بادل یا بادل پرآب۔ ابر سفید
واحد مُزْنَة

مَزِيد زیادہ کیا گیا۔ اور بہت۔
دیکھو زاد

مَسّ چھونا۔ دیوانہ ہونا ف مل ک ف۔
ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ قمر ۲۷/۳ چکھو لگنا
آگ دوزخ کا۔ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ
الْمَسِّ بقر ۳۸/۳ باولا کرتا ہے اسکو شیطان
آسیب سے۔ جو اس کھو دیئے جن نے
لپٹ کر۔ مَسَّ يَمَسُّ مَاسٍ مَمْسُوْسٌ
اُمْسُسْ لَا تَمْسُسْ

مَسَّ چھوا دیکھو مسّ

مَسَاجِد مسجدیں واحد مسجد

مِسَاس چھونا دیکھو مس

مُسَافِحَات بدکاری کرنے والیں ح
مصدر سفاح۔ مسافحۃ ف ن۔ غَيْرَ
مُسٰفِحٰتٍ نساء ۵/۱ نہ بدکاری کرنے
والیاں۔ سَافَحَ يُسَافِحُ مُسَافِحٌ
سَافِحْ لَا تُسَافِحْ

مُسَافِحِيْن زنا کرنے والے۔ اور
منی نکالنے والے۔ دیکھو مسافحات

مَسَاق جانا۔ اور کھینچنا۔ اِلٰى رَبِّكَ
يَوْمَئِذِ نِ الْمَسَاقُ قیامت ۲۹/۱۲ تیرے
رب کی طرف ہے اسدن کھینچ جانا۔
سَاقَ يَسُوْقُ سَائِقٌ مَسُوْقٌ سُقْ لَا تَسُقْ

مَسَاكِن گھر سب - یہ صیغہ ظرف کا ہے - دیکھو سکن

مَسَاكِيْن محتاج سب واحد مسکین

مُسَبِّحُوْن تسبیح پڑھنے والے - دیکھو تسبیح

مَسْبُوْقِيْن سبقت کیے گئے یعنی پیچھے رہنے والے - دیکھو سبق

مَسَّت چھوئی دیکھو مس

مُسْتَاْخِرِيْن پیچھے رہنے والے - دیکھو تستاخرون

مُسْتَأْنِسِيْن بات سننے والے اور انست پکڑنے والے - دیکھو تستانسوا

مُسْتَبْشِرَة خوش ہونے والی - دیکھو استبشروا

مُسْتَبْصِرِيْن بصارت رکھنے والے مصدر استبصار - وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ عنکبوت ۲۰/۱۴ اور تھے ہوشیار -

اِسْتَبْصَرَ يَسْتَبْصِرُ مُسْتَبْصِرٌ اِسْتَبْصِرْ لَا تَسْتَبْصِرْ

مُسْتَبِيْن ظاہر اور روشن - دیکھو تستبین

مُسْتَخْفٍ چھپنے والا ی آخر سے گر گئی - مصدر استخفاء - وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ بِاللَّيْلِ رعد ۱۳/۸ اور جو چھپ رہا ہے رات میں - اِسْتَخْفٰی يَسْتَخْفِيْ مُسْتَخْفِيْ اِسْتَخْفِ لَا تَسْتَخْفِ

مُسْتَخْلَفِيْن نائب ہونے والے - دیکھو استخلف

مُسْتَسْلِمُوْن گردن رکھنے والے اور سپرد کرنے والے - مصدر استسلام بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ صافات ۲۳/۲ بلکہ وہ آج کے دن فرمانبردار ہیں -

اِسْتَسْلَمَ يَسْتَسْلِمُ مُسْتَسْلِمٌ اِسْتَسْلِمْ لَا تَسْتَسْلِمْ

مُسْتَضْعَفُوْن ناتوان اور کمزور سب دیکھو استضعفوا

مُسْتَطَر لکھا گیا - مصدر استطار کُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ قمر ۲۷/۱۰ ہر چھوٹے اور بڑے لکھنے میں آ چکے

اِسْتَطَرَ يَسْتَطِرُ مُسْتَطِرٌ

اِسْتَطِرْ لَا تَسْتَطِرْ
مُسْتَطِیْرٌ پھیلنے والا اور ظاہر۔
مصدر اِسْتِطَارۃ۔ کَانَ شَرُّہٗ مُسْتَطِیْرًا
دہر ۲۹/۱۹ ہے بُرائی اُسکی پھیل جانے
والی۔ اِسْتَطَارَ یَسْتَطِیْرُ مُسْتَطِیْرٌ
مُسْتَطَارٌ اِسْتَطِرْ لَا تَسْتَطِرْ
مُسْتَعَان مدد چاہا گیا۔ دیکھو
اِسْتَعِیْنُوْا
مُسْتَغْفِرِیْنَ مغفرت چاہنے
والے۔ دیکھو استغفار
مُسْتَقْبِل آگے آنے والا۔ مصدر
استقبال۔ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ احقاف
۲۶/۳ بادل سامنے آنے والا۔ اِسْتَقْبَلَ
یَسْتَقْبِلُ مُسْتَقْبِلٌ اِسْتَقْبِلْ لَا تَسْتَقْبِلْ
مُسْتَقْدِمِیْنَ آگے ہونے والے۔
دیکھو نَسْتَقْدِمُوْن
مُسْتَقَرٌّ ٹھیرایا گیا دیکھو استقر
مُسْتَقِرٌّ ٹھیرنے والا دیکھو استقر
مُسْتَقِیْم سیدھا اور درست اور
بے خلل۔ دیکھو استقاموا

مُسْتَکْبِر غرور کرنیوالا۔ دیکھو استکبار
مُسْتَکْبِرُوْن غرور والے۔
دیکھو استکبار
مُسْتَمِرٌّ مضبوط اور رواں۔ مصدر
استمرار۔ وَیَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ قمر
۲۷/۸ اور کہیں یہ جادو ہے چلا آتا۔
اِسْتَمَرَّ یَسْتَمِرُّ مُسْتَمِرٌّ اِسْتَمِرْ
لَا تَسْتَمِرْ
مُسْتَمْسِکُوْن مضبوط پکڑنے والے۔
مصدر استمساک۔ فَہُمْ بِہٖ مُسْتَمْسِکُوْنَ
زخرف ۲۵/۸ سو یہ اُسپر مضبوط ہیں۔
اِسْتَمْسَکَ یَسْتَمْسِکُ مُسْتَمْسِکٌ
اِسْتَمْسِکْ لَا تَسْتَمْسِکْ
مُسْتَمِع سننے والا دیکھو استمع
مُسْتَمِعُوْن سننے والے دیکھو استمع
مُسْتَنْفِرَۃ بھاگنے والے۔ مصدر
ھَیِّنٌ آسان - جمع اَھۡوِنَاء - قَالَ رَبُّكَ
ھُوَ عَلَیَّ ھَیِّنٌ مریم پہ۱۶ فرمایا تیرے رب
نے وہ مجھ پر آسان ہے -

ھَیۡہَات دور ہوا اسم فعل ہے
بمعنے اضی کے -

ھَیۡئَۃٌ صورتا - جمع ھَیۡئَات بوزن خیرات

ھَیِّئۡ تیار کر دیکھو یُھَیِّئُ

ی

ی مجھ کو - اور میرا - یہ حرف متکلم کا ہے
آخر اسمار اور افعال اور حروف کے داخل
ہوتا ہے جیسے ثَوۡبِیۡ - غُلَامِیۡ - اور کبھی
ی حذف بھی کرتے ہیں اور کسرہ دلالت
کے واسطے باقی بھی رکھتے ہیں - جیسے
یَا قَوۡمِ - یَا عِبَادِ - اور ی کو کبھی فتح بھی
دیتے ہیں اور قبل ی کے آخر افعال کے
ن وقایہ زیادہ کرتے ہیں - جیسے ضَرَبَنِیۡ -
نَصَرَنِیۡ - بحث اسکی نحو کی کتابوں میں
مفصل مذکور ہے -

یَا اے - یہ حرف ندا ہے قریب اور بعید
کے واسطے آتا ہے خاص اسم پر - اور
اَلَا یَا اُسۡجُدُوۡا میں منادی محذوف ہے
یٰسٓ - اے انسان کامل تفسیر ناور دی میں
ہے - مراد اس سے جناب رسالت مآب ہی
ہیں (صلے اللہ علیہ وسلم) کما قال الشاعر

لِلّٰہِ دَرُّ کُمْ یَا آلِ سِیْنَا اور بعضے کہتے
ہیں نام قرآن کا ہے اور بعضوں کے
نزدیک نام اللہ کا ہے ۔

یَا اَیُّھَا اے ۔ یا حرف ندا کا ای اسم
منادیٰ ھَا کلمہ تنبیہ کا واسطے مخاطب
کے جب اسم پر ۔ ال ۔ نہو فقط یا کے
ساتھ پکارا جاتا ہے ۔ جیسا یَا اٰدَمُ ۔ یَا نُوْحُ
یَا اِبْرَاھِیْمُ ۔ جب اسم پر ۔ ال ۔ ہو تو یا ایہا
کے ساتھ پکارا جاتا ہے ۔ جیسا یَا اَیُّھَا النَّاسُ
یَا اَیُّھَا الرَّسُوْلُ ۔ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ ۔ اَیُّھَا
ایک کلمہ ہے جو درمیان ندا اور معرّف باللام
منادیٰ کے واسطے فاصلہ کے عربی زبان
مین لایا کرتے ہیں ۔

یَابِس سوکھا جمع یَابِسات

یَابِسَات سوکھی واحد یابس

یَاْبیٰ انکار کرتا ہے دیکھو ابیٰ

یَاْتَلِ قسم کھاتا ہے وہ ۔ اصل میں یاتلی
تھا ی گر گئی ۔ وَلَا یَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ
مِنْکُمْ نور ۳ع اور قسم نہ کھاویں بڑائی
والے تم میں ۔ اِیْتَلیٰ یَاْتَلِیْ مَا تَلِ
اِیْتَلِ لَا تَیْتَلِ

یَاْتَمِرُوْنَ مشورہ کرتے ہیں ۔ دیکھو ائتمر

یَاْتُوْنَ آتے ہیں سب مرد ۔ دیکھو اتی

یَاْتِیْ آتا ہے ۔ دیکھو اتی

یَاْتِیَانِ آتے ہیں دو مرد دیکھو اتی

یَاْتِیْنَ آتی ہیں وہ سب عورتیں ۔ دیکھو اتی

یَاْجُوْجُ نام ایک قوم کا ہے ذکر اس کا
مَاجُوج میں گذر چکا ۔

یَاْخُذُ لیتا ہے اور پکڑتا ہے وہ ۔ دیکھو اخذ

یَاْخُذُوْنَ لیتے ہیں وہ دیکھو اخذ

یَاْذَنُ حکم کرتا ہے ۔ اور خبردار کرتا ہے
وہ ۔ دیکھو اذن

یَاْفِکُوْنَ تہمت کرتے ہیں دیکھو افک

یَاقُوْت لال ۔ نام جوہر کا ہے سرخ
اور زرد اور کبود ہوتا ہے ۔ مگر سرخ سب
سے بہتر ہے ۔ اور سفید بھی ہوتا ہے مگر
نایاب ۔ جمع یواقیت ۔

یَاْکُلُ کھاتا ہے وہ دیکھو اکل

یَاْکُلَانِ کھاتے ہیں دو مرد دیکھو اکل

یَاْکُلْنَ کھاتی ہیں سب عورتیں دیکھو اکل

یَأْکُلُوْنَ کھاتے ہیں وہ سب دیکھو اکل
یَأْلَمُوْنَ دردناک ہوتے ہیں وہ دیکھو تألمون
یَأْلُوْنَ کم کرتے ہیں وہ مصدر اَلْوٌ ف ض۔
لَا یَأْلُوْنَکُمْ خَبَالًا آل عمران ۱۲/۴ وہ کمی
نہیں کرتے تمہاری خرابی میں۔ اَلَا
یَأْلُوْ اِلٰی مَاْلُوْ اَلُوْ لَاتَأْلُ
یَأْمُرُ حکم کرتا ہے وہ دیکھو امر
یَأْمُرُوْنَ حکم کرتے ہیں وہ دیکھو امر
یَأْمَنُ امن میں رکھتا ہے وہ دیکھو امن
یَأْمَنُوْا بے خوف ہوتے ہیں وہ دیکھو امن
یَأْنِ وقت پہنچتا ہے۔ یٰ آخر سے حالت
جزمی میں گر گئی انی یانی سے این کو الٹ
کے انی کیا تب صیغے نکلے۔ دیکھو آنا۔
اَلَمْ یَأْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا حدید ۱۹/۲۷ کیا وقت
نہیں پہنچا ایمان والوں کو۔
یُبَایِعْنَ اقرار کرتی ہیں دیکھو بایع
یُبَایِعُوْنَ اقرار کرتے ہیں اور بیعت
کرتے ہیں اور خرید و فروخت کرتے ہیں
دیکھو بایع
یَبْتَغِ چاہتا ہے اور ڈھونڈتا ہے دیکھو ابتغاء

یَبْتَغُوْنَ چاہتے ہیں دیکھو ابتغاء
یُبَتِّکُنَّ کاٹتے ہیں اور چیرتے ہیں مصدر
تَبْتِیْك۔ فَلَیُبَتِّکُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ نساء
۱۸/۵ کہ چیریں جانوروں کے کان۔ بَتَّكَ
یُبَتِّكُ مُبَتِّكٌ بَتِّكْ لَا تُبَتِّكْ
یَبْتَلِی آزماتا ہے دیکھو ابتلی
یَبُثُّ پراگندہ ہوتا ہے دیکھو بث
یَبْحَثُ کریدتا ہے کھودتا ہے۔ مصدر بحث
ف ت۔ یَبْحَثُ فِی الْاَرْضِ مائدہ ۹/۵ کریدتا ہے
زمین کو۔ بَحَثَ یَبْحَثُ بَاحِثٌ مَبْحُوْثٌ
اِبْحَثْ لَا تَبْحَثْ
یَبْخَسُ کم کرتا ہے وہ دیکھو بخس
یُبْخَسُوْنَ کم کئے جاتے ہیں دیکھو بخس
یَبْخَلُ بخل کرتا ہے وہ دیکھو بخل
یَبْخَلُوْنَ روکتے ہیں دیکھو بخل
یَبْدَءُ شروع کرتا ہے وہ دیکھو بدأ
یُبْدِلُ بدل کرتا ہے۔ مصدر اِبْدَال۔ عَسٰی
رَبُّنَا اَنْ یُّبْدِلَنَا خَیْرًا مِّنْهَا ن ۲۹/۲ شاید
ہمارا رب بدل دے ہمکو اس سے بہتر۔
اَبْدَلَ یُبْدِلُ مُبْدِلٌ اَبْدِلْ لَا تُبْدِلْ

یُبَدَّلُ بدل کیا جاتا ہے دیکھو یبدل

یُبَدِّلُ عوض دیتا ہے دیکھو تبدیل

یُبَدِّلُوْنَ بدل کرتے ہیں دیکھو تبدیل

یُبْدُوْنَ ظاہر کرتے ہیں دیکھو مبدئ

یُبْدِیْ ظاہر کرتا ہے اور پیدا کرتا ہے۔ دیکھو مبدئ

یُبْدِیْنَ ظاہر کرتی ہیں وہ دیکھو مبدئ

یَبَس خشک۔ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِیْقًا فِی الْبَحْرِ یَبَسًا طہ ۲۰ پھر ڈال دے اُن کو راہ سمندر میں سوکھی۔

یَبِسَ یَیْبَسُ یَابِسٌ مَیْبُوْسٌ اِیْبَسْ لَا تَیْبَسْ

یَبِسَ خشک ہوا دیکھو یبس

یَبْسُطُ کشادہ کرتا ہے۔ اور بچھاتا ہے وہ دیکھو بسط

یَبْسُطُوْا کھولتے ہیں دیکھو بسط

یُبَشَّرُ خوشخبری دیا جاتا ہے۔ تشدید اور تخفیف سے دونو درست ہے۔ دیکھو بشّروا

یُبْصِرُ دیکھتا ہے اور دکھاتا ہے وہ۔ دیکھو ابصر

یُبْصِرُوْنَ دیکھتے ہیں دیکھو ابصر

یُبَصَّرُوْنَ دکھاتے ہیں دیکھو تبصرہ

یَبْطِشُ سخت پکڑتا ہے دیکھو بطش

یَبْطِشُوْنَ پکڑتے ہیں دیکھو بطش

یُبْطِلُ ناچیز کرتا ہے دیکھو تبطلوا

یُبَطِّئُ دیر کرتا ہے۔ مصدر تبطئۃ۔ وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ نساء ۷۲ اور تم میں کوئی ایسا ہے کہ البتہ دیر لگاوے گا۔

بَطَّأَ يُبَطِّئُ مُبَطِّئٌ بَطِّئْ لَا تُبَطِّئْ

یَبْعَثُ بھیجتا ہے اور اٹھاتا ہے وہ۔ دیکھو بعث

یُبْعَثُ اٹھایا جاتا ہے دیکھو بعث

یُبْعَثُوْنَ اٹھائے جاتے ہیں دیکھو بعث

یَبْغُوْنَ بغاوت کرتے ہیں اور چاہتے ہیں۔ دیکھو بغی

یَبْغِیْ حد سے گذرتا ہے دیکھو بغی

یَبْغِیَانِ حد سے گذرتے ہیں دونو دیکھو بغی

یَبْقٰی ہمیشہ رہتا ہے وہ دیکھو بقی

یَبْكُوْنَ روتے ہیں دیکھو بکت

یُبْلِسُ ناامید ہووے۔ مصدر ابلاس یُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ روم ۱۲ آس توڑے

رہجاوینگے گنہگار۔ اَبْلَسَ یُبْلِسُ مُبْلِسٌ
اَبْلِسْ لَا تُبْلِسْ۔

یَبْلُغُ پہنچتا ہے وہ — دیکھو بلغ

یَبْلُغَا پہنچتے ہیں وہ دونو — دیکھو بلغ

یَبْلُغُوْا پہنچیں گے وہ — دیکھو بلغ

یُبَلِّغُوْنَ پہنچاتے ہیں وہ — دیکھو بلّغ

یَبْلُوْ آزماتا ہے — دیکھو بلاء

یَبْلُوْنَ آزماتے ہیں — دیکھو بلاء

یَبْلٰی پُرانا ہوتا ہے مصدر بِلاء۔ ب کے
کسرہ سے۔ وَمُلْكٍ لَّا یَبْلٰی طٰہٰ ۱۶/۱۲۰ اور
بادشاہی جو پُرانی نہو۔ بَلِیَ یَبْلٰی
بَالٍ مَبْلِیٌّ اِبْلَ لَا تَبْلَ

یَبُوْرُ خراب ہوگا — دیکھو بُور

یَبِیْتُوْنَ رات گذارتے ہیں — دیکھو بیاتا

یُبَیِّتُوْنَ رات کو کام کرتے ہیں اور
مشورہ کرتے ہیں اور شب کرتے ہیں۔
دیکھو بیّت

یُبَیِّنُ بیان کرتا ہے۔ — دیکھو بیّن

یَتَاَخَّرُ پیچھے ہوتا ہے — دیکھو تاخّر

یَتَامٰی بچے بے باپ — واحد یتیم

یَتَبَدَّلُ بدل کریگا — دیکھو تبدّل

یُتَبِّرُوْا ہلاک کرتے ہیں — دیکھو تبار

یَتْبَعُ پیروی کرتا ہے — دیکھو تبع

یَتَّبِعُ پیروی کرتا ہے — دیکھو اتباع

یُتَّبَعُ پیروی کیا جاتا ہے — دیکھو اتباع

یَتَّبِعُوْنَ پیروی کرتے ہیں وہ — دیکھو اتباع

یَتْبَعُوْنَ پیروی کرتے ہیں — دیکھو تبع

یَتَبَوَّءُ جگہ پکڑتا ہے وہ — دیکھو تبوّء

یَتَبَیَّنُ ظاہر ہوتا ہے — دیکھو تبیان

یَتَجَرَّعُ گھونٹ گھونٹ پیتا ہے۔ مصدر
تَجَرُّعٌ۔ یَتَجَرَّعُهٗ وَلَا یَكَادُ یُسِیْغُهٗ۔
ابراہیم ۱۳/۱۵ گھونٹ گھونٹ لیتا ہے اُسکو گلے سے
نہیں اُتار سکتا۔ تَجَرَّعَ یَتَجَرَّعُ مُتَجَرِّعٌ
تَجَرَّعْ لَا تَتَجَرَّعْ

یَتَجَنَّبُ دور ہوتا ہے اور سرک جاتا ہے
مصدر تجنّب۔ وَیَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى اعلیٰ
۸۷/۱۱ اور سرک رہیگا اُس سے بڑا بدبخت
تَجَنَّبَ یَتَجَنَّبُ مُتَجَنِّبٌ تَجَنَّبْ لَا تَتَجَنَّبْ

یَتَحَاجُّوْنَ جھگڑتے ہیں۔ مصدر التحاج
وَاِذْ یَتَحَاجُّوْنَ فِی النَّارِ مومن ۴۷/۲۴ اور جب

آپسمیں جھگڑینگے آگ میں۔ تحاجّ
یتحاجّ متحاجّ تحاجّ لاتتحاجّ

یتحاکموا فیصلہ چاہتے ہیں۔ مصدر
تحاکم۔ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّتَحَاکَمُوْا نسار
۵ چاہتے ہیں کہ قضیہ لیجاویں۔ تحاکم
یتحاکم متحاکم تحاکم لاتتحاکم

یتخافتون چپکے کہتے ہیں مصدر تخافت
فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ن ۲۹ پھر
چلے اور آپسمیں کہتے تھے چپکے چپکے۔
تخافت یتخافت متخافت تخافت
لاتتخافت

یتخبّط دیوانہ ہوتا ہے اور بہکتا ہے۔
مصدر تخبّط۔ یَتَخَبَّطُهُ الشَّیْطٰنُ مِنَ
الْمَسِّ بقر ۳ باولا کرتا ہے اسکو شیطان
آسیب سے۔ حواس کھودیئے جنّ نے
لپٹ کر۔ تخبّط یتخبّط متخبّط
تخبّط لاتتخبّط

یتّخذ پکڑتا ہے اور بناتا ہے۔ دیکھو اتخاذ

یتّخذون پکڑتے ہیں دیکھو اتخاذ

یتخطّف اچک لیجاتا ہے دیکھو تتخطّف

یتخطّف اُچک لیجایا جاتا ہے۔
دیکھو تتخطّف

یتخلّفون پیچھے رہتے ہیں۔ مصدر تخلّف
اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ توبہ ۱۱/۱۴
کہ رہجاویں رسولؐ کے ساتھ سے۔ تخلّف
یتخلّف متخلّف تخلّف لاتتخلّف

یتخیّرون پسند کرتے ہیں۔
دیکھو تخیّرون

یتدبّرون سوچتے ہیں اور آخر کام
کو اندیشہ کرتے ہیں۔ مصدر تدبّر۔ اَفَلَا
يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ نسار ۵ کیا غور
نہیں کرتے قرآن میں۔ تدبّر یتدبّر
متدبّر تدبّر لاتتدبّر

یتذکّر نصیحت پکڑتا ہے۔ دیکھو تتذکّر

یتذکّرون نصیحت مانتے ہیں۔
دیکھو تتذکّر

یترُ کم کرتا ہے وہ۔ مصدر وتر وتِرَۃ
وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ
محمد ۲۶ اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور
نقصان نہ دیگا تُم کو تمہارے کاموں میں

وَتَرَ يَتِرُ وَاتِرٌ مَوْتُورٌ تِرْ لَا تَتِرْ

يَتَرَاجَعَا رجوع کرینگے وہ دونو- مصدر تراجع - فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يَتَرَاجَعَا بقرہ ۳۰/۱۴ تب گناہ نہیں اُن دونو پر کہ پھر ملجاویں- تَرَاجَعَ يَتَرَاجَعُ مُتَرَاجِعٌ تَرَاجَعْ لَا تَتَرَاجَعْ

يَتَرَبَّصُ انتظار کرتے ہیں دیکھو تربص

يَتَرَبَّصْنَ ٹھیریں وہ دیکھو تربص

يَتَرَبَّصُونَ انتظار کرتے ہیں اور امید رکھتے ہیں- دیکھو تربص

يَتَرَدَّدُونَ پھرتے ہیں اور بھٹکتے ہیں مصدر تردد- فَهُمْ فِي رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُونَ توبہ ۷/۱۱ سو وہ اپنے شک ہی میں بھٹکتے ہیں- تَرَدَّدَ يَتَرَدَّدُ مُتَرَدِّدٌ تَرَدَّدْ لَا تَتَرَدَّدْ

يَتَرَقَّبُ راہ دیکھتا ہے- مصدر ترقب - فَأَصْبَحَ فِي الْمَدِينَةِ خَائِفًا يَتَرَقَّبُ قصص ۲/۲ پھر صبح کو اٹھا اُس شہر میں ڈرتا راہ دیکھتا- تَرَقَّبَ يَتَرَقَّبُ مُتَرَقِّبٌ تَرَقَّبْ لَا تَتَرَقَّبْ

يَتَرَقَّبُونَ امید رکھتے ہیں دیکھو ترقب

يُتْرَكُ چھوڑا جاتا ہے دیکھو ترک

يُتْرَكُوا چھوڑے جاینگے دیکھو ترک

يَتَزَكَّى پاک ہوتا ہے وہ دیکھو تزکی

يَتَسَاءَلُونَ آپسمیں پوچھتے ہیں- دیکھو تَسَاءَلُونَ

يَتَسَلَّلُونَ سٹکتے ہیں اور نکلجاتے ہیں مصدر تسلل- يَتَسَلَّلُونَ مِنْكُمْ لِوَاذًا فرقان ۱۱/۱۴ سٹک جاتے ہیں تُم سے آنکھ بچاکر- تَسَلَّلَ يَتَسَلَّلُ مُتَسَلِّلٌ تَسَلَّلْ لَا تَتَسَلَّلْ

يَتَسَنَّهْ سڑتا ہے اور بدمزہ ہوتا ہے- اصل میں يَتَسَنَّنْ تھا آخر کا ن خلاف قیاس ہ سے بدل کے يَتَسَنَّهْ ہوا- وہ سبزی جو پرانی روٹی وغیرہ پر آجاتی ہے- عربی میں کرج ہندی میں پھپھونڈی- پنجابی میں اُلی کہتے ہیں- لَمْ يَتَسَنَّهْ بقرہ ۳۵ سڑ نہیں گیا- تَسَنَّهَ يَتَسَنَّهُ مُتَسَنِّهٌ تَسَنَّهْ لَا تَتَسَنَّهْ

يَتَضَرَّعُونَ گڑگڑاتے ہیں دیکھو تضرعا

يَتَطَهَّرُ پاک ہوتا ہے۔ مصدر تطہُّر فِيهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ اَنْ يَتَطَهَّرُوا توبہ ۱۱ اسمیں مرد ہیں جنکو خوشی ہے پاک رہنے کی۔ تَطَهَّرَ يَتَطَهَّرُ مُتَطَهِّرٌ تَطَهَّرْ لَا تَتَطَهَّرْ

يَتَطَهَّرُونَ پاک ہوتے ہیں دیکھو یتطہر

يَتَعَارَفُونَ آپسمیں پہچانتے ہیں۔ دیکھو تَعَارَفُوا

يَتَعَدَّ حد سے گذرتا ہے۔ مصدر تعدّی۔ وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُودَ اللّٰهِ بقر ۲۸ اور جو کوئی بڑھ چلے اللہ کے قاعدوں سے۔ تَعَدّٰى يَتَعَدّٰى مُتَعَدٍّ تَعَدَّ لَا تَتَعَدَّ

يَتَعَلَّمُونَ سیکھتے ہیں۔ مصدر تعلُّم۔ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ بقر ۱۲ اور سیکھتے ہیں جس سے انکو نقصان ہے۔ تَعَلَّمَ يَتَعَلَّمُ مُتَعَلِّمٌ تَعَلَّمْ لَا تَتَعَلَّمْ

يَتَغَامَزُونَ آپسمیں کنایہ کرتے ہیں اور آنکھ سے اشارہ کرتے ہیں اور نظر حقارت سے دیکھتے ہیں۔ مصدر تغامُز۔ وَاِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ مطففین ۳۰ اور جب ہو نکلتے اُن پاس آپسمیں سینکیں کرتے ہیں۔ تَغَامَزَ يَتَغَامَزُ مُتَغَامِزٌ تَغَامَزْ لَا تَتَغَامَزْ

يَتَغَيَّرُ متغیر ہوتا ہے۔ مصدر تغیُّر۔ لَمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ محمد ۱۶ جسکا مزہ نہیں پھرا۔ تَغَيَّرَ يَتَغَيَّرُ مُتَغَيِّرٌ تَغَيَّرْ لَا تَتَغَيَّرْ

يَتَفَجَّرُ جاری ہوتا ہے۔ مصدر تفجُّر۔ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ بقر ۹ اور پتھروں میں تو وہ بھی ہیں جن سے پھوٹتی ہیں نہریں۔ تَفَجَّرَ يَتَفَجَّرُ مُتَفَجِّرٌ تَفَجَّرْ لَا تَتَفَجَّرْ

يَتَفَرَّقَا جدا ہوتے ہیں وہ دونو۔ دیکھو تفرّق

يَتَفَرَّقُونَ پھوٹتے ہیں اور منتشر ہوتے ہیں۔ دیکھو تفرّق

يَتَفَضَّلُ بزرگ ہوجاوے وہ۔ مصدر تفضّل۔ يُرِيدُ اَنْ يَتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ مومنون ۲ چاہتا ہے کہ بڑائی کرے تمپر۔ تَفَضَّلَ يَتَفَضَّلُ مُتَفَضِّلٌ تَفَضَّلْ لَا تَتَفَضَّلْ

يَتَفَطَّرْنَ پھٹینگے وہ - مصدر تفطّر-
تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ
شوریٰ ۲۵/۴ قریب ہے کہ آسمان پھٹ پڑیں
اوپر سے - تَفَطَّرَ يَتَفَطَّرُ مُتَفَطِّرٌ
تَفَطَّرْ لَا تَتَفَطَّرْ

يَتَفَقَّهُوْا سمجھ پیدا کرینگے - دیکھو تفقهون

يَتَفَكَّرُوْنَ اندیشہ کرتے ہیں - مصدر
تفکّر - لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ حشر ۲۸/۶ شاید
وہ دھیان کریں - تَفَكَّرَ يَتَفَكَّرُ
مُتَفَكِّرٌ تَفَكَّرْ لَا تَتَفَكَّرْ

يَتَفَيَّؤُ ڈھلتا ہے اور رجوع پیدا کرتا ہے
مصدر تفيّؤ - يَتَفَيَّؤُ ظِلٰلُهٗ نحل ۱۴/۱۲
ڈھلتی رہیں چھانویں انکی - تَفَيَّأَ
يَتَفَيَّؤُ مُتَفَيِّئٌ تَفَيَّأْ لَا تَتَفَيَّأْ

يَتَقَبَّلُ قبول کرتا ہے دیکھو تقبّل

يُتَقَبَّلُ قبول کیا جاتا ہے دیکھو تقبّل

يَتَقَدَّمُ آگے ہوتا ہے دیکھو تقدم

يَتَّقُوْنَ بچتے ہیں دیکھو اتّقیٰ

يَتَّقِ پرہیز کرتا ہے اور بچتا ہے اور کبھی
ی گر جاتی ہے - دیکھو اتّقیٰ

يَتَّكِئُوْنَ تکیہ لگاتے ہیں - مصدر اتّکاء -
وَسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِئُوْنَ زخرف ۲۵/۹ اور تخت
جن پر لگ بیٹھیں - اِتَّكَأَ يَتَّكِئُ مُتَّكِئٌ
اِتَّكِئْ لَا تَتَّكِئْ

يَتَكَبَّرُوْنَ تکبر کرتے ہیں - مصدر تکبّر -
يَتَكَبَّرُوْنَ فِي الْاَرْضِ اعراف ۹/۲ تکبر
کرتے تھے زمین میں - تَكَبَّرَ يَتَكَبَّرُ
مُتَكَبِّرٌ تَكَبَّرْ لَا تَتَكَبَّرْ

يَتَكَلَّمُ بات کرتا ہے - مصدر تکلّم - فَهُوَ
يَتَكَلَّمُ روم ۲۱/۷ سو وہ بولتا ہے - تَكَلَّمَ
يَتَكَلَّمُ مُتَكَلِّمٌ تَكَلَّمْ لَا تَتَكَلَّمْ

يَتَكَلَّمُوْنَ بات کرینگے دیکھو تکلم

يَتَلَاوَمُوْنَ آپسمیں ملامت کرتے ہیں -
مصدر تَلَاوُم - فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ
يَتَلَاوَمُوْنَ ن ۲۹/۲ پھر منہ کرکر ایکدوسرے
کی طرف لگے الاہنا دینے - تَلَاوَمَ يَتَلَاوَمُ
مُتَلَاوِمٌ تَلَاوَمْ لَا تَتَلَاوَمْ

يَتَلَطَّفُ مہربانی کرتا ہے اور نرمی کرتا ہے
مصدر تَلَطُّف - وَلْيَتَلَطَّفْ کہف ۱۵/۱۵
اور نرمی سے جاوے - تَلَطَّفَ يَتَلَطَّفُ

مُتَلَطِّفٌ تَلَطُّفٌ لَا تَتَلَطَّفْ

یَتَلَقّٰی لیتا ہے دیکھو تلقی

یَتْلُوْ پڑھتا ہے دیکھو تلاوۃ

یَتْلُوْنَ پڑھتے ہیں دیکھو تلاوۃ

یُتْلٰی پڑھا جائیگا دیکھو تلاوۃ

یُتِمُّ تمام کرتا ہے دیکھو تمام

یَتَمَاسَّا آپس میں چھوئینگے دونو- مصدر تماس- مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّتَمَاسَّا مجادلہ ۲۸/۱ پہلے اس سے کہ آپس میں چھوویں- تَمَاسّٰی یَتَمَاسّٰی مُتَمَاسٌّ تَمَاسٌّ لَا تَتَمَاسَّ-

یَتَمَتَّعُوْنَ فائدہ لیتے ہیں دیکھو تمتع

یَتَمَطّٰی اکڑتا ہے اور ناز سے چلتا ہے- مصدر تمطی- ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰی اَهْلِهٖ یَتَمَطّٰی قیامۃ ۲۹/۱۱ پھر گیا اپنے گھر کو اکڑتا تَمَطّٰی یَتَمَطّٰی مُتَمَطٍّ تَمَطٍّ لَا تَتَمَطَّ

یَتَمَنَّوْا آرزو کرتے ہیں اور کرینگے- دیکھو تمنی

یَتَمَنَّوْنَ آرزو کرتے ہیں اور کبھی نہ کرجاتا ہے- دیکھو تمنی

یَتَنَاجَوْنَ مشورہ کرتے ہیں- دیکھو تناجوا

یَتَنَازَعُوْنَ جھگڑتے ہیں اور دشمنی کرتے ہیں- دیکھو تنازعتم

یَتَنَافَسُوْنَ خواہش کرتے ہیں اور حسد کرتے ہیں- مصدر تنافس- فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ مطففین ۲۶/۳۰ پھر چاہیے کہ خواہش کریں خواہش کرتے والے- تَنَافَسَ يَتَنَافَسُ مُتَنَافِسٌ تَنَافُسٌ لَا تَتَنَافَسْ

یَتَنَاهَوْنَ آپس میں منع کرتے ہیں- مصدر تناهی- كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ مائدہ ۶/۱۵ آپس میں منع نہ کرتے برے کام سے جو کر رہے تھے- تَنَاهٰى يَتَنَاهٰى مُتَنَاهٍ تَنَاهٍ لَا تَتَنَاهَ

یَتَنَزَّلُ اترتا ہے دیکھو تنزلت

یَتَوَارٰی چھپتا ہے وہ دیکھو توارت

یَتُوْبُ توبہ کرتا ہے اور عذاب قہر سے باز آتا ہے- دیکھو توب

یَتُوْبُوْنَ توبہ کرتے ہیں دیکھو توب

یَتَوَفَّوْنَ مارتے ہیں وہ دیکھو توفی

یُتَوَفَّوْنَ جان لیے جاتے ہیں- دیکھو توفی

يَتَوَفّٰى پورا ليتا ہے اور مارتا ہے - ديكھو توفى -

يُتَوَفّٰى تمام ليا جاتا ہے - ديكھو توفى

يَتَوَكَّلُ بھروسا كرتا ہے وہ ديكھو توكلت

يَتَوَكَّلُوْنَ بھروسا كرتے ہيں ديكھو توكلت

يَتَوَلَّوْنَ رفيق بناتے ہيں اور پھيرتے ہيں - ديكھو تولوا

يَتَوَلّٰى پيٹھ پھيرتا ہے اور دوست بناتا ہے كبھى ى آخر سے گرجاتى ہے - ديكھو تولوا

يَتِيْم بے باپ بچہ - جمع اَيْتَام - يَتَامٰى - يتيم يتم سے مشتق ہے جسكے معنے تنہا ہوجانا - چونكہ باپ كے مرنے سے لڑكا تنہا رہ جاتا ہے اِس لئے اُسكو يتيم كہتے ہيں -

يَتِيْمَيْنِ دو بچے بے باپ

يَتِيْهُوْنَ حيران ہوتے ہيں اور سرگردان ہوتے ہيں - اور گمراہ ہوتے ہيں - مصدر تيه - تيہا - توها - ذ ک - يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ مائدہ ۴ سرمارتے پھريں گے ملک ميں - تَاهَ يَتِيْهُ تَاهٍ مَتِيْهٌ تِهْ لَا تَتِهْ

يُثَبِّتُ برقرار ركھتا ہے - مصدر اثبات يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ رعد ۳ مٹاتا ہے اللہ جو چاہے - اور ركھتا ہے - اَثْبَتَ يُثْبِتُ مُثْبِتٌ اَثْبِتْ لَا تُثْبِتْ

يُثَبِّتُ ثابت ركھتا ہے ديكھو تثبيت

يُثْبِتُوْا بٹھاتے ہيں ديكھو ثبيت

يُثْخِنُ لڑائى كريگا - اور مار ڈالتا ہے - ديكھو اثخنتموا

يَثْرِبُ نام مدينہ منورہ كا ہے آگے تشريف ليجانے آنحضرت صلى اللہ عليہ وسلم كے اب يثرب كہنا منع ہے -

يَثْقَفُوْا پاوينگے وہ ديكھو ثقفتموا

يَثْنُوْنَ پھرتے ہيں اور دُہراتے ہيں - ديكھو ثانى -

يُجَادِلُ جھگڑتا ہے ديكھو جادلوا

يُجَادِلُوْنَ جھگڑتے ہيں ديكھو جادلوا

يُجَارُ پناہ ديا جاتا ہے ديكھو اجر

يَجْاَرُوْنَ پناہ ليتے ہيں اور گڑگڑاتے ہيں مصدر جار - جؤار دعا ميں تضرع كرنا ف ذ - اِذَا هُمْ يَجْاَرُوْنَ مومنون ۴ تبھى وہ لگينگے

چلانے۔ جَأَرَ یَجْأَرُ جَائِرٌ مَجْؤُرٌ اِجْأَرْ لَا تَجْأَرْ

یُجَاوِرُوْنَ نزدیک ہونگے اور ہمسایگی کرینگے۔ مصدر مُجَاوَرَۃ۔ ثُمَّ لَا یُجَاوِرُوْنَكَ فِیْهَا احزاب ۲۲/۵ پھر نہ رہنے پاوینگے تیرے ساتھ اس شہر میں۔ جَاوَرَ یُجَاوِرُ مُجَاوِرٌ جَاوِرْ لَا تُجَاوِرْ

یُجَاهِدُ جہاد کرتا ہے دیکھو جہاد

یُجَاهِدُوْنَ لڑائی کرتے ہیں دیکھو جہاد

یُجْبٰی کھینچا جاتا ہے۔ مصدر اجباء۔ یُجْبٰی اِلَیْهِ ثَمَرَاتُ كُلِّ شَیْءٍ قصص ۲۰/۹ کھینچے جاتے ہیں طرف اسکی میوے ہر چیز کے۔ اَجْبٰی یُجْبِیْ مُجْبٍ اَجْبِ لَا تُجْبِ

یَجْتَبِیْ پسند کرتا ہے اور چھانٹ لیتا ہے دیکھو اجتبیٰ

یَجْتَنِبُوْنَ بچتے ہیں۔ مصدر اجتناب۔ وَالَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ شوریٰ ۲۵/۵ اور جو بچتے ہیں بڑے گناہوں سے۔ اِجْتَنَبَ یَجْتَنِبُ مُجْتَنِبٌ اِجْتَنِبْ لَا تَجْتَنِبْ

یَجْحَدُ انکار کرتا ہے دیکھو جحدوا

یَجْحَدُوْنَ انکار کرتے ہیں۔ دیکھو جحدوا

یَجِدُ پاتا ہے دیکھو وجد

یَجِدُوْنَ پاتے ہیں دیکھو وجد

یَجُرُّ کھینچتا ہے۔ مصدر جرّ۔ یَجُرُّهٗٓ اِلَیْهِ اعراف ۹/۸ لگا کھینچنے اپنی طرف۔ جَرَّ یَجُرُّ جَارٌّ مَجْرُوْرٌ اُجْرُرْ لَا تَجْرُرْ

یَجْرِمُ گناہ کرتا ہے اور گناہ میں ڈالتا ہے یعنی باعث ہوتا ہے۔ مصدر جرم ف ک۔ وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ مائدہ ۶/۱ اور باعث نہو تمکو ایک قوم کی دشمنی۔ جَرَمَ یَجْرِمُ جَارِمٌ مَجْرُوْمٌ اِجْرِمْ لَا تَجْرِمْ

یَجْرِیْ بہتا ہے دیکھو تجری

یُجْزَوْنَ بدلا دیے جاتے ہیں اور جائینگے دیکھو جزاء

یَجْزِیْ بدلا دیتا ہے دیکھو جزاء

یُجْزٰی بدلا دیا جاتا ہے دیکھو جزاء

یَجْعَلُ کرتا ہے دیکھو جعل

یَجْعَلُوْنَ بناتے ہیں اور کرتے ہیں۔ دیکھو جعل

یُجَلِّیْ روشن کرتا ہے دیکھو جلی

یَجْمَحُوْنَ سرکشی کرتے ہیں اور بھاگتے ہیں۔ مصدر جُمُوْح ۔ جماح ۔ وَهُمْ یَجْمَحُوْنَ یونس ۱۱ اور وہ سرکشی کرتے ہوں۔ جَمَحَ یَجْمَحُ جَامِحٌ مَجْمُوْحٌ اِجْمَحْ لَا تَجْمَحْ

یَجْمَعُوْنَ جمع کرتے ہیں۔ دیکھو جمع

یُجَنَّبُ بچایا جائیگا۔ مصدر تجنیب ۔ وَ سَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَی واللیل ۳۰ اور بچاوینگے اُس سے وہ بڑا ڈر والا۔ جَنَّبَ یُجَنِّبُ مُجَنِّبٌ جَنِّبْ لَا تُجَنِّبْ

یَجْهَلُوْنَ نادانی کرتے ہیں دیکھو جہالة

یُجِیْبُ جواب دیتا ہے اور مانتا ہے۔ دیکھو اجبتم

یُجِیْرُ پناہ دیتا ہے دیکھو اجر

یُحَاجُّوْنَ باہم دشمنی کرتے ہیں۔ اور محبت پکڑتے ہیں۔ دیکھو حاجّ

یُحَادِدُ باہم دشمنی کرتا ہے۔ دیکھو حاد

یُحَادُّوْنَ آپسمیں دشمنی کرتے ہیں۔ دیکھو حاد

یُحَارِبُوْنَ لڑائی کرتے ہیں دیکھو حارب

یُحَاسِبُ حساب کرتا ہے دیکھو حاسبنا

یُحَاسَبُ حساب کیا جائیگا دیکھو حاسبنا

یُحَاطُ گھیرا جائیگا دیکھو احاط

یُحَافِظُوْنَ نگہبانی کرتے ہیں دیکھو حافظو

یُحَاوِرُ سوال و جواب کرتا ہے۔ مصدر محاورة۔ وَهُوَ یُحَاوِرُهٗ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا کہف ۱۵ اور وہ سوال و جواب کرتا تھا اُس سے کہ میں زیادہ تر ہوں تجھ سے مال میں۔ حَاوَرَ یُحَاوِرُ مُحَاوِرٌ حَاوِرْ لَا تُحَاوِرْ

یُحِبُّ دوست رکھتا ہے دیکھو حبّ

یُحْبِبْ دوست رکھتا ہے دیکھو احبت

یُحْبَرُوْنَ آؤبھگت کئے جائینگے یعنی تعظیم کئے جائینگے۔ دیکھو تحبرون

یَحْبِسُ روکے ہے وہ۔ دیکھو تحبسون

یُحْبِطُ ضائع کرتا ہے دیکھو حبط

یُحْبِطُ ناچیز کریگا دیکھو احبط

یُحِبُّوْنَ دوست رکھتے ہیں۔ دیکھو حبّ

یَحْتَسِبُ امید رکھتا ہے مصدر احتساب وَیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ طلاق ۲۸/۱۲

اور روزی دے اسکو جہاں سے اسکو خیال
نہ ہو۔ اِحْتَسَبَ یَحْتَسِبُ مُحْتَسِبٌ
اِحْتَسِبْ لَا تَحْتَسِبْ
یَحْتَسِبُوْنَ امید رکھتے ہیں۔ دیکھو یحتسب
یُحْدِثُ پیدا کرتا ہے اور ازسرنو کرتا
ہے۔ دیکھو احدث
یَحْذَرُ ڈرتا ہے دیکھو حذر
یُحَذِّرُ ڈراتا ہے۔ مصدر تحذیر۔ وَ
یُحَذِّرُکُمُ اللّٰہُ نَفْسَہٗ آل عمران ۳/۱۱ اور
اللہ تمکو ڈراتا ہے آپ سے۔ حَذَّرَ یُحَذِّرُ
مُحَذِّرٌ حَذِّرْ لَا تُحَذِّرْ
یَحْذَرُوْنَ ڈرتے ہیں دیکھو حذر
یُحَرِّفُوْنَ حرف پھیرتے ہیں اور عبارت
میں تغیر وتبدل کرتے ہیں۔ مصدر تحریف
یُحَرِّفُوْنَ الْکَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِہٖ ائدہ ۶/۷
بدلتے ہیں کلام کو اپنے ٹھکانے سے۔
حَرَّفَ یُحَرِّفُ مُحَرِّفٌ حَرِّفْ لَا تُحَرِّفْ
یُحَرِّمُ حرام کرتا ہے دیکھو حرّم
یُحَرِّمُوْنَ ناروا سمجھتے ہیں دیکھو حرّم
یَحْزُنُ غمگین ہوتا ہے دیکھو حزن

یَحْزَنَّ غم کھائینگے۔ دیکھو حزن
یَحْزَنُوْنَ غمگین ہوتے ہیں دیکھو حزن
یَحْسَبُ سمجھتا ہے اور گنتا ہے۔ دیکھو حساب
یَحْسَبُوْنَ سمجھتے ہیں دیکھو حساب
یَحْسُدُوْنَ جلتے ہیں اور رشک کرتے ہیں دیکھو حسد
یُحْسِنُوْنَ احسان کرتے ہیں اور نیک
کرتے ہیں۔ دیکھو احسن
یَحْشُرُ جمع کرتا ہے دیکھو حشر
یُحْشَرُ جمع کیا جاتا ہے دیکھو حشر
یُحْشَرُوْنَ جمع کئے جائینگے۔ دیکھو حشر
یَحُضُّ تیز کرتا ہے اور تاکید کرتا ہے۔ مصدر
حضّ فض۔ وَلَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ
الْمِسْکِیْنِ اعون ۳۰/۳۲ اور نہیں تاکید کرتا
محتاج کے کھانے پر۔ حَضَّ یَحُضُّ حَاضٌّ
مَحْضُوْضٌ اُحْضُضْ لَا تَحْضُضْ
یَحِضْنَ حیض لاتی ہیں دیکھو حیض
یَحْضُرُوْنَ حاضر ہوتے ہیں اور نزدیک
ہوتے ہیں۔ دیکھو حضر
یَحْطِمَنَّ توڑے اور پیسے دیکھو حطام
یُحْفِ بہت مانگتا ہے اور مبالغہ کرتا ہے۔

آخر سے ی گر گئی۔ مصدر اِخفاء۔ فَیُحْفِکُمْ تَبْخَلُوا محمد ۳۷/۴ پھر تنگ کرے تو بخیل ہو جاؤ
اَحفٰی یُحْفِی مُحْفٍ اَحْفِ لَا تُحْفِ

یَحْفَظْنَ بچاتی ہیں دیکھو حفظ

یَحْفَظُوْنَ نگاہ رکھتے ہیں اور یاد کرتے ہیں۔ دیکھو حفظ

یَحِقُّ ثابت ہوتا ہے دیکھو حق

یُحِقُّ درست اور سچا کرتا ہے۔ مصدر اِحقاق۔ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ یونس ۸۲/۱۱ اور اللہ سچا کرتا ہے حق کو۔ اَحَقَّ یُحِقُّ
مُحِقٌّ اَحْقِقْ لَا تُحْقِقْ

یَحْکُمُ فرماتا ہے دیکھو حکم

یُحْکِمُ استوار کرتا ہے دیکھو احکمت

یَحْکُمَانِ حکم کرتے ہیں دونو یعنی حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام

یَحْکُمُوْنَ حکم فرماتے ہیں دیکھو حکم

یُحَکِّمُوْنَ حکم بناتے ہیں اور فیصلہ کے واسطے مقرر کرتے ہیں۔ مصدر تحکیم۔ وَکَیْفَ یُحَکِّمُوْنَکَ مائدہ ۴۳/۶ اور کس طرح تجھکو منصف کرینگے۔ حَکَّمَ یُحَکِّمُ
مُحَکِّمٌ حَکِّمْ لَا تُحَکِّمْ

یَحِلُّ حلال ہوتا ہے اور واجب ہوتا ہے اور اترتا ہے اور کھلتا ہے اور کبھی فک ادغام سے یَحْلِلْ بھی پڑھتے ہیں۔ دیکھو حل

یُحِلُّ حلال کرتا ہے اور اتارتا ہے۔ دیکھو احلّ

یَحْلِفُوْنَ قسم کھاتے ہیں۔ دیکھو حلاف

یُحَلَّوْنَ پہنائے جائینگے۔ اصل میں یُحَلَّیُوْنَ تھا ی قاعدہ صرفیہ سے گر گئی۔ دیکھو حلّو

یَحِلُّوْنَ حلال ہوتے ہیں۔ دیکھو حلّ

یُحِلُّوْنَ اتارتے ہیں اور حلال سمجھتے ہیں دیکھو احلّ

یُحْمَدُوْا سراہے جائینگے دیکھو حمد

یَحْمِلُ اٹھاتا ہے دیکھو حمل

یُحْمَلُ اٹھایا جاتا ہے دیکھو حمل

یَحْمِلْنَ اٹھاتی ہیں دیکھو حمل

یَحْمِلُوْنَ اٹھاتے ہیں دیکھو حمل

یَحْمُوْمٌ دھواں کالا اور دوزخ کے پہاڑ کا نام۔

یُحْمٰی گرم کیا جائیگا۔ اور دھنکایا جائیگا

مصدر حمیٰ - یَوۡمَ یُحۡمٰی عَلَیۡهَا فِیۡ نَارِ
جَهَنَّمَ توبہ ۱/۵ جسدن آگ دھکاوینگے
اوپر اُس دوزخ کے - حَمٰی یَحۡمِیۡ حَامٍ
مَحۡمِیٌّ اِحۡمِ لَا تَحۡمِ
یَحُوۡرُ پھرتا ہے اور خراب ہوتا ہے - مصدر
حَوۡر ف ض - اِنَّهٗ ظَنَّ اَنۡ لَّنۡ یَّحُوۡرَ -
انشقاق ۱/۳ اُسنے خیال کیا کہ پھر نہ جاویگا
حَارَ یَحُوۡرُ حَائِرٌ مَحُوۡرٌ حُرۡ لَا تَحُرۡ
یَحُوۡلُ اُلٹاتا ہے اور گھیرتا ہے - دیکھو حول
یُحِیۡطُوۡنَ گھیرتے ہیں - اور پاتے ہیں -
دیکھو احاط
یَحِیۡفُ ظلم کرتا ہے - مصدر حیف ف ض -
اَمۡ یَخَافُوۡنَ اَنۡ یَّحِیۡفَ اللّٰهُ عَلَیۡهِمۡ نور ۱۸/۱۲
یا ڈرتے ہیں کہ بے انصافی کریگا انپر اللہ -
حَافَ یَحِیۡفُ حَائِفٌ مَحِیۡفٌ حِفۡ لَا تَحِفۡ
یَحِیۡقُ پکڑتا ہے اور گھیرتا ہے اور واجب
اور لازم ہوتا ہے - دیکھو حاق
یَحۡیٰی جیتا ہے اور جیئیگا - دیکھو حیوٰۃ
یُحۡیِیۡ جِلاتا ہے دیکھو احیاء
یَحۡیٰی نام پیغمبر علیہ السلام کا ہے بیٹے
زکریا علیہ السلام کے کا -
یُحَیِّیۡ دعا دیتا ہے اور سلام کرتا ہے - دیکھو حیّوا
یُخَادِعُوۡنَ آپسمیں فریب دیتے ہیں
اور کبھی مجرد کے واسطے بھی آتا ہے - مصدر
مخادعة - یُخَادِعُوۡنَ اللّٰهَ بقر ۱/۲ دغا بازی
کرتے ہیں اللہ سے - خَادَعَ یُخَادِعُ
مُخَادِعٌ مُخَادَعٌ لَا تُخَادِعۡ
یَخَافُ ڈریگا دیکھو خوف
یَخَافَا ڈرتے ہیں دونو دیکھو خوف
یَخَافُوۡنَ ڈرتے ہیں دیکھو خوف
یُخَالِفُوۡنَ مخالفت کرتے ہیں - مصدر
مخالفة - فَلۡیَحۡذَرِ الَّذِیۡنَ یُخَالِفُوۡنَ
عَنۡ اَمۡرِهٖ نور ۱۸/۱۵ سو ڈرتے ہیں جو لوگ
خلاف کرتے ہیں اُسکے حکم کا - خَالَفَ
یُخَالِفُ مُخَالِفٌ خَالِفۡ لَا تُخَالِفۡ
یَخۡتَارُ پسند کرتا ہے - دیکھو اختار
یَخۡتَانُوۡنَ دغا کرتے ہیں اور چوری کرتے
ہیں - دیکھو تختانون
یَخۡتَصُّ خاص کرتا ہے - مصدر اختصاص
وَاللّٰهُ یَخۡتَصُّ بِرَحۡمَتِهٖ مَنۡ یَّشَآءُ بقر ۱۳/۱

اور اللہ خاص کرتا ہے اپنی مہربانی سے جسکو چاہے - اِختَصَّ یَختَصُّ مُختَصٌّ اِختَصِّ لَا تَختَصِّ

یَختَصِمُونَ آپس میں جھگڑتے ہیں - دیکھو اِختَصَمُوا

یَختَلِفُونَ اختلاف کرتے ہیں - دیکھو اختلاف -

یَختِمُ مُہر کردیوے دیکھو ختم

یُخٰدِعُونَ فریب دیتے ہیں - مصدر خدع - ف - وَمَا یَخدَعُونَ اِلَّا اَنفُسَہُم بقرہ اور کسو کو دغا نہیں دیتے مگر آپ کو - خَدَعَ یَخدَعُ خَادِعٌ مَخدُوعٌ اِخدَع لَا تَخدَع

یَخذُلُ خوار کرتا ہے دیکھو خذول

یُخرِبُونَ خراب اور ویران کرتے ہیں - مصدر اِخراب - یُخرِبُونَ بُیُوتَہُم حشر ۲۸ اُجاڑنے لگے اپنے گھر - اَخرَبَ یُخرِبُ مُخرِبٌ اَخرِب لَا تُخرِب

یَخِرُّونَ گرتے ہیں - دیکھو خر

یُخرِجُ نکالتا ہے - اور باہر کرتا ہے - دیکھو اِخراج

یَخرُجُ باہر نکلتا ہے دیکھو خروج

یُخرِجَا نکالتے ہیں دونو - اور نکالینگے دیکھو اِخراج

یُخرِجنَ نکالیں وہ دیکھو اخراج

یَخرُجُونَ نکلتے ہیں دیکھو خروج

یُخرَجُونَ نکالے جائینگے دیکھو اخراج

یُخرِجُونَ نکالتے ہیں دیکھو اخراج

یَخرُصُونَ اٹکل کرتے ہیں اور جھوٹ کہتے ہیں - دیکھو خراصون

یُخزِی رسوا کرتا ہے - مصدر اِخزاء یَومَ لَا یُخزِی اللّٰہُ النَّبِیَّ تحریم ۲۸ جس دن اللہ ذلیل نہ کریگا نبی کو - اَخزٰی یُخزِی مُخزٍ اَخزِ لَا تُخزِ

یُخسِرُ نقصان پاتا ہے دیکھو خسارًا

یُخسِرُونَ نقصان پہنچاتے ہیں مصدر اِخسار - اَو وَّزَنُوہُم یُخسِرُونَ مطففین ۳۰ یا تول دیں تو گھٹا کر دیں - اَخسَرَ یُخسِرُ مُخسِرٌ اَخسِر لَا تُخسِر

یَخسِفُ بے نور کرتا ہے دیکھو خسف

یَخشَونَ ڈرتے ہیں دیکھو خشیۃ

یَخْشٰی ڈرتا ہے دیکھو خشیۃ
یَخْصِفَانِ سیتے ہیں اور جوڑتے ہیں دونو یعنی آدم اور حوّا مصدر خصف ف ک۔ وَطَفِقَا یَخْصِفَانِ عَلَیْہِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّۃِ اعراف ۴ اور لگے جوڑنے اپنے اوپر پات بہشت کے۔ خَصَفَ یَخْصِفُ خَاصِفٌ مَخْصُوْفٌ اِخْصِفْ لَاتَخْصِفْ
یَخِصِّمُوْنَ دشمنی کرتے ہیں اور جھگڑتے ہیں۔ اصل میں یختصمون تھا ت صؔ سے بدل کرکے آپسمیں ادغام کردی اور واسطے رعایت صؔ کے ف کلمہ کو بھی کسرہ دیا۔ دیکھو اختصموا
یَخْطَفُ اچک لیجاتا ہے دیکھو خطف
یُخَفِّفُ ہلکا کرتا ہے دیکھو تخفیف
یُخَفَّفُ ہلکا کیا جائیگا دیکھو تخفیف
یَخْفَوْنَ چھپتے ہیں اور چھپینگے۔ دیکھو خفی
یُخْفُوْنَ چھپاتے ہیں دیکھو اخفی
یَخْفٰی چھپتا ہے دیکھو خفی
یُخْفِیْنَ چھپاتی ہیں دیکھو اخفی

یَخْلُ خالی ہوگا وآخر سے گر گئی۔ دیکھو خَلَا
یَخْلُدُ ہمیشہ رہتا ہے دیکھو خلود
یَخْلُفُ پیچھے آتا ہے دیکھو خلف
یُخْلِفُ خلاف وعدہ کرتا ہے دیکھو اخلفتم
یَخْلُفُوْنَ خلیفہ ہوتے ہیں اور جانشین بنتے ہیں۔ دیکھو خلف
یَخْلُقُ پیدا کرتا ہے دیکھو خلق
یُخْلَقُ پیدا کیا جائیگا دیکھو خلق
یُخْلَقُوْنَ پیدا کئے جاتے ہیں دیکھو خلق
یَخْلُقُوْنَ پیدا کرتے ہیں اور بناتے ہیں اور جھوٹ باندھتے ہیں۔ دیکھو خلق
یُخُوْضُوْنَ بیٹھتے ہیں اور بات میں گھستے ہیں۔ دیکھو خوض
یُخَوِّفُ ڈراتا ہے دیکھو تخویف
یُخَوِّفُوْنَ ڈراتے ہیں دیکھو تخویف
یُخَیَّلُ خیال کیا جاتا ہے اور سمجھایا جاتا ہے۔ مصدر تخییل۔ وَعِصِیُّہُمْ یُخَیَّلُ اِلَیْہِ مِنْ سِحْرِہِمْ طٰہٰ ۱۶/۱۲ اور لاٹھیاں اُسکے خیال میں آتی ہیں جادو سے۔

خَیَّلَ یُخَیِّلُ مُخَیِّلٌ خَیِّلْ لَا تُخَیِّلْ

یَدٌ ہاتھ اور نعمت اور قوت ۔ جمع اَیْدٍ یدی ۔ جمع الجمع اَیَادِیْ ۔ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ آل عمران ۳/۱۶ تو کہہ بڑائی اللہ کے ہاتھ میں ہے ۔

یَدَا دو ہاتھ اصل میں یدان تھا ۔ مضاف ہونے سے ن گرا جیسا تَبَّتْ یَدَا اَبِیْ لَھَبٍ تبت ۳۰/۲۹ ٹوٹ گئے ہاتھ ابی لہب کے واحد ید ۔

یُدَافِعُ دور کرتا ہے اور کریگا ۔ مصدر مُدَافَعَۃ ۔ اِنَّ اللّٰہَ یُدَافِعُ عَنِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا حج ۱۷/۱۲ اللہ دشمنوں کو ہٹاویگا ایمان والون سے ۔ دَافَعَ یُدَافِعُ مُدَافِعٌ دَافِعْ لَا تُدَافِعْ

یُدَبِّرُ تدبیر کرتا ہے ۔ مصدر تدبیر ۔ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ یونس ۱۱/۱ تدبیر کرتا ہے کام کی ۔ دَبَّرَ یُدَبِّرُ مُدَبِّرٌ دَبِّرْ لَا تُدَبِّرْ

یَدَّبَّرُوْا سوچتے ہیں ۔ مصدر تدبّر اصل میں یتدبّر تھا ۔ اَفَلَمْ یَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ مومنون ۱۸/۴ سو کیا دھیان نہیں کی یہ بات ۔ تَدَبَّرَ یَتَدَبَّرُ مُتَدَبِّرٌ تَدَبَّرْ لَا تَتَدَبَّرْ

یُدْحِضُوْا ناچیز کرتے ہیں ۔ مصدر ادحاض لِیُدْحِضُوْا بِہِ الْحَقَّ مومن ۲۴/۲ کہ اس سے ڈگا دیں سچا دین ۔ اَدْحَضَ یُدْحِضُ مُدْحِضٌ اَدْحِضْ لَا تُدْحِضْ

یَدْخُلُ داخل ہوتا ہے دیکھو دخل

یُدْخَلُ داخل کیا جائیگا دیکھو ادخلنا

یُدْخِلُ داخل کرتا ہے دیکھو ادخلنا

یَدْخُلُوْنَ داخل ہوتے ہیں دیکھو دخل

یَدْرَءُوْنَ دفع کرتے اور کاٹتے ہیں دیکھو ادرءوا

یَدْرُسُوْنَ پڑھتے ہیں دیکھو دراسۃ

یُدْرِکُ پاتا ہے اور پکڑیگا دیکھو ادرک

یُدْرِیْ خبردار کرتا ہے دیکھو ادری

یَدُسُّ دابتا ہے دیکھو دسّی

یَدُعُّ دھکیلتا ہے اور نکالتا ہے دیکھو دعّ

یَدْعُوْ بلاتا ہے ۔ دیکھو دعاء ۔ اصل میں یَدْعُوُ تھا چونکہ ضمہ و پر ثقیل تھا اسلئے ڈالا گیا ۔ فَسَوْفَ یَدْعُوْ ثُبُوْرًا انشقاق ۳۰/۹

سو وہ پکاریگا موت موت۔
یُدْعَوْنَ بُلائے جاتے ہیں دیکھو دعاء
یَدْعُوْنَ بلاتے ہیں دیکھو دعاء
یُدَعُّوْنَ دھکیلے جائینگے دیکھو دعّ
یُدْعیٰ بُلایا جاتا ہے دیکھو دعاء
یَدْمَغُ توڑتا ہے اور پھوڑتا ہے۔ مصدر
دمغ فتح فتح مغ۔ فَیَدْمَغُہٗ انبیاء ۲ پھر
وہ اُسکا سر پھوڑتا ہے۔ دَمَغَ یَدْمَغُ دَامِغٌ
مَدْمُوْغٌ اِدْمَغْ لَا تَدْمَغْ
یُدْنِیْنَ نزدیک کرتے ہیں اور نیچے
لٹکاتے ہیں۔ مصدر اِدْنَاء۔ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِیْنَ
یُدْنِیْنَ عَلَیْہِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِہِنَّ احزاب ۲۲/۵
اور مسلمانوں کی عورتیں نیچے لٹکالیں اپنے
اوپر تھوڑی سی اپنی چادریں۔ آدْنیٰ
یُدْنِیْ مُدْنِیْ اَدْنِ لَا تُدْنِ
یُدْہِنُوْنَ مداہنت کرتے ہیں۔ دیکھو تدہن
یَدَیْ دو ہاتھ۔ اور یدین۔ ن اضافت سے
گرگیا۔ وَیَوْمَ یَعَضُّ الظَّالِمُ عَلیٰ یَدَیْہِ
فرقان ۱۹/۱ اور جسدن کاٹ کاٹ کھائیگا
گنہگار اپنے دونو ہاتھ۔ فَجَعَلْنَاھَا نَکَالًا

لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہَا وَمَا خَلْفَہَا بقرہ ۸ پھر ہمنے
وہ دہشت رکھی اُس شہر کے روبرو والوں
کو اور پیچھے والوں کو۔
یَدِیْنُوْنَ دین اختیار کرتے ہیں۔ دیکھو دین
یُذَبِّحُ ذبح کرتا ہے مصدر تَذْبِیْح۔ یُذَبِّحُ
اَبْنَآءَھُمْ قصص ۱۳/۱ ذبح کرتا ہے اُن کے
بیٹے۔ ذَبَّحَ یُذَبِّحُ مُذَبِّحٌ ذَبِّحْ
لَا تُذَبِّحْ
یُذَبِّحُوْنَ ذبح کرتے ہیں دیکھو یذبح
یَذَرُ چھوڑتا ہے۔ یذر کی اصل یوذر تھی
یدع کی شباہت سے و گرگیا ورنہ یہاں کوئی علت
حذف نہ تھی۔ یذر کی ماضی نہیں آتی بجائے
ماضی کے تَرَکَ بولا جاتا ہے۔ نہ اسکی مصدر
نہ ماضی نہ اسم فاعل۔
یَذَرُوْنَ چھوڑتے ہیں دیکھو یذر
یَذَّکَّرُ نصیحت پکڑتا ہے۔ مصدر تذکر
اصل میں یتذکر تھا۔ وَمَا یَذَّکَّرُ اِلَّا اُولُوا
الْاَلْبَابِ بقرہ ۳۴ اور نہیں نصیحت پکڑتے
مگر صاحب عقل کے۔ تَذَکَّرَ یَتَذَکَّرُ
مُتَذَکِّرٌ تَذَکَّرْ لَا تَتَذَکَّرْ

یُذْکَرُ یاد کیا جاتا ہے دیکھو ذکر
یَذَّکَّرُوْنَ نصیحت مانیں گے دیکھو یذّکّر
یَذْکُرُوْنَ یاد کرتے ہیں دیکھو ذکر
یَذُوْقُ چکھتا ہے دیکھو ذاقا
یَذُوْقُوْنَ چکھتے ہیں دیکھو ذاقا
یَذْهَبُ جاتا ہے دیکھو ذهاب
یُذْهِبُ لیجاتا ہے دیکھو اذهب
یَذْهَبَا جاتے ہیں دونو اور یَذْهَبَا
بِطَرِیْقَتِکُمُ الْمُثْلٰی بمعنے لیجاتے ہیں ب
تعدیہ ہے۔
یُذْهِبْنَ لیجاویں وہ دیکھو اذهب
یَذْهَبُوْا جاتے ہیں دیکھو ذهاب
یُذِیْقُ چکھاتا ہے دیکھو اذاق
یُرَاءُوْنَ آپسمیں دکھاتے ہیں۔ مصدر
اِرَاءَة ماعون وشناسا سائیدن۔ اَلَّذِیْنَ هُمْ
یُرَاءُوْنَ ماعون ۳۰ وہ جو دکھاوا کرتے
ہیں۔ رَاءٰی یُرَائِیُ مُرَاءٍ رَاءٍ لَاتُرَاءِ
یُرَادُ ارادہ کیا جاتا ہے دیکھو اراد
یَرْبِطُ باندھتا ہے۔ اور مضبوط کریگا۔
دیکھو ربطنا

یَرْبُوْ فائدہ مند ہوتا ہے دیکھو ربوا
یُرْبِیْ بڑھاتا ہے۔ مصدر اِرباء۔ وَیُرْبِی
الصَّدَقَاتِ بقرہ ۳۸ اور بڑھاتا ہے خیرات
اَرْبٰی یُرْبِیْ مُرْبٍ اَرْبِ لَاتُرْبِ
یَرْتَابُ شک کرتا ہے دیکھو ارتاب
یَرْتَابُوْا شک کرتے ہیں دیکھو ارتاب
یَرْتَدُّ پلٹتا ہے اور کبھی یَرْتَدِدْ فک
ادغام سے بھی پڑھتے ہیں۔ دیکھو ارتدّ
یَرْتَعْ چرتا ہے فراغت سے۔ مصدر رتع
رتوع ف ف۔ یَرْتَعْ وَیَلْعَبْ یوسف ۱۲/۱۲
کچھ چرے اور کھیلے۔ رَتَعَ یَرْتَعُ رَاتِعٌ
مَرْتُوْعٌ اِرْتَعْ لَاتَرْتَعْ
یَرْتَقُوْا چڑھتے ہیں۔ مصدر ارتقاء
فَلْیَرْتَقُوْا فِی الْاَسْبَابِ ص ۲۳/۱۰ تو چاہئے
چڑھ جاویں رسیاں تانکر۔ اِرْتَقٰی یَرْتَقِیْ
مُرْتَقٍ اِرْتَقِ لَاتَرْتَقِ
یَرِثُ وارث ہوتا ہے وہ دیکھو ورث
یَرِثُوْنَ وارث ہوتے ہیں دیکھو ورث
یَرْجِعُ پھرتا ہے دیکھو رجع
یُرْجَعُ پھیرا جائیگا دیکھو رجع

يَرْجِعُوْنَ پھرتے ہیں دیکھو رجع
يُرْجَعُوْنَ پھیرے جائینگے دیکھو رجع
يَرْجُمُوْا سنگسار کرینگے دیکھو رجم
يَرْجُوْ امید رکھتا ہے۔ مصدر رجاء۔ رَجَوْ
ن ص۔ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْ لِقَاءَ رَبِّهٖ
کہف ۱۲/۱۱ پھر جسکو امید ہے ملنے کی اپنے
رب سے۔ رَجَى يَرْجُوْ رَاجٍ مَرْجُوٌّ
اُرْجُ لَا تَرْجُ
يَرْجُوْنَ امید رکھتے ہیں دیکھو یرجو
يَرْحَمُ مہربانی کرتا ہے دیکھو رحم
يُرَدُّ پھیرا جاتا ہے دیکھو رد
يُرْدُوْنَ تباہ کرتے ہیں دیکھو اردی
يَرُدُّوْنَ پھرتے ہیں دیکھو رد
يُرَدُّوْنَ پھیرے جاتے ہیں دیکھو رد
يَرْزُقُ روزی دیتا ہے دیکھو رزق
يُرْزَقُوْنَ روزی دیئے جائینگے دیکھو رزق
يُرْسِلُ بھیجتا ہے دیکھو ارسل
يَرْشُدُوْنَ راہ پاتے ہیں دیکھو رشد
يُرْضِعْنَ دودھ پلاتی ہیں دیکھو ارضعت
يَرْضَوْنَ خوش ہوتے ہیں دیکھو رضوان

يُرْضُوْنَ راضی کرتے ہیں مصدر ارضاء
يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ توبہ ۲/۸ تم کو
راضی کردیتے ہیں اپنے منہ کی بات سے
اَرْضٰى يُرْضِىْ مُرْضِىْ اَرْضِ لَا تُرْضِ
يَرْضٰى خوش ہوتا ہے دیکھو رضوان
يَرْضَيْنَ خوش ہوتے ہیں اور ہونگے۔
دیکھو رضوان
يَرْغَبُ خواہش کرتا ہے اور انکار کرتا
ہے۔ دیکھو رغب
يَرْغَبُوْا آرزو کرتے ہیں دیکھو رغب
يَرْفَعُ بلند کرتا ہے دیکھو رفع
يَرْقُبُوْنَ امید رکھتے ہیں اور لحاظ کرتے
ہیں۔ دیکھو رقیب
يَرْكَبُوْنَ سوار ہوتے ہیں دیکھو رکوب
يَرْكُضُوْنَ گھوڑا اٹھاتے ہیں اور ایڑ
کرتے ہیں مصدر رکض بلا ن ف ص۔
اِذَا هُمْ مِنْهَا يَرْكُضُوْنَ انبیاء ۲/۱ تبھی
لگے وہاں ایڑ کرنے۔ رَكَضَ يَرْكُضُ
رَاكِضٌ مَرْكُوْضٌ اُرْكُضْ لَا تَرْكُضْ
يَرْكَعُوْنَ رکوع کرتے ہیں۔ مصدر رکع

رکوع - وَاِذَا قِیْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا یَرْكَعُوْنَ
مرسلات ۲۹/۲۲ اور جب کہئے اُنکو نُوو نہیں
نُوتے - رَكَعَ یَرْكَعُ رَاكِعٌ مَرْكُوْعٌ
اِرْكَعْ لَا تَرْكَعْ

یَرْكُمُ تہ بتہ کریگا - اور ڈھیر کریگا -
دیکھو رکام

یَرْمُوْنَ تہمت کرتے ہیں اور عیب لگاتے
ہیں - دیکھو رمی

یَرْمِیْ پھینکتا ہے اور تہمت کرتا ہے اور کبھی
آخر سے ی گرجاتی ہے - دیکھو رمی

یَرَوْنَ دیکھتے ہیں دیکھو رای

یَرْهَبُوْنَ ڈرتے ہیں دیکھو رهب

یَرْهَقُ ڈھانکتا ہے دیکھو رهق

یُرْهِقُ عاجز کرتا ہے اور ظلم کرتا ہے -
دیکھو ارهق

یَرٰی دیکھتا ہے دیکھو رای

یُرٰی دیکھا جائیگا دیکھو رای

یُرِیْ دکھاتا ہے دیکھو اَرِ

یُرِیْدُ ارادہ کرتا ہے دیکھو اراد

یُرِیْدَانِ ارادہ کرتے ہیں دونو - دیکھو اراد

یُرِیْدُوْنَ ارادہ کرتے ہیں دیکھو اراد

یُرِیَنَّكُمُوْا دکھاتا ہے تمکو یہ لفظ مرکب ہے
یُرِیْ و کُمُوْا سے - دیکھو اَرِ

یَزَالُ دور ہوتا ہے - اور جب اُسپر حرف نفی
آتا ہے بمعنے دوام اور قرار کے ہوتے ہیں -
جیسا وَلَا یَزَالُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِیْ مِرْیَةٍ
ج ۲۲/۱۲ اور منکروں کو ہمیشہ رہیگا اس میں
دھوکا - زَالَ یَزَالُ زَائِلٌ مَزُوْلٌ
زِلْ لَا تَزِلْ

یَزَالُوْنَ سرکتے ہیں اور دور ہوتے ہیں
دیکھو یزال

یُزْجِیْ ہانکتا ہے اور اٹھاتا ہے - مصدر
اِزْجَاءٌ - رَبُّكُمُ الَّذِیْ یُزْجِیْ لَكُمُ الْفُلْكَ
فِی الْبَحْرِ بنی اسرائیل ۱۵ تمہارا رب وہ ہے
جو ہانکتا ہے تمہارے واسطے کشتیاں دریا
میں - اَزْجٰی یُزْجِیْ مُزْجِیْ اَزْجِ لَا تُزْجِ

یَزْدَادُ زیادہ ہوتا ہے دیکھو ازداد

یَزْدَادُوْا بہت ہونگے دیکھو ازدادوا

یَزِرُوْنَ بوجھ اٹھاتے ہیں دیکھو وزر

یَزْعُمُوْنَ گمان کرتے ہیں دیکھو زعم

یَزِفُّوْنَ دوڑتے ہیں اور گھبراتے ہیں۔ مصدر زفیف۔ زفوف تک۔ فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ صافات ۹۴ پھر لوگ اُسپر دوڑ کر گھبراتے۔ زَفَّ يَزِفُّ زَافٍّ مَزْفُوْفٌ اِزْفِفْ لَا تَزِفَّ

يَزَّكّٰى سنوارتا ہے اور پاک ہوتا ہے۔ اصل میں يَتَزَكّٰى تھا۔ دیکھو تزکّی

يُزَكِّيْ پاک کرتا ہے دیکھو زکّی

يُزَكُّوْنَ پاک کرتے ہیں سنوارتے ہیں۔ دیکھو تزکّی

يُزْلِقُوْنَ پھیلاتے ہیں اور ڈگاتے ہیں۔ مصدر اِزلاق لغزانیدن لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ ن ۵۱ کہ ڈگا دیں تجھکو اپنی نگاہوں سے۔ اَزْلَقَ يُزْلِقُ مُزْلِقٌ اَزْلِقْ لَا تُزْلِقْ

يَزْنُوْنَ زنا کرتے ہیں دیکھو زناء

يَزْنِيْنَ زنا کرینگی دیکھو زناء

يُزَوِّجُ جوڑا دیتا ہے اور ملاتا ہے۔ دیکھو زوّجت

يَزِيْدُ زیادہ دیتا ہے اور بڑھاتا ہے۔ دیکھو زاد

يَزِيْدُوْنَ بہت ہونگے دیکھو زاد

يَزِيْغُ ٹیڑھا ہوگا دیکھو زیغ

يٰسٓ اے سید اے انسان کامل سین مخفف انیسین کا جو تصغیر انسان کی ہے اور تصغیر یہاں واسطے تعظیم کے ہے۔ یا ندا۔ سین سید۔ یٰسٓ سریانی زبان میں انسان کو کہتے ہیں۔

يُسَارِعُوْنَ دوڑتے ہیں۔ دیکھو سارعوا

يُسَاقُوْنَ کھینچے جاتے ہیں دیکھو سائق

يَسْـَٔمُ تھکتا ہے اور ملول ہوتا ہے مصدر سامة۔ سام ک ف۔ لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ حم سجدہ ۴۹ نہیں تھکتا آدمی مانگنے سے بھلائی۔ سَئِمَ يَسْـَٔمُ سَائِمٌ مَسْـُٔوْمٌ اِسْـَٔمْ لَا تَسْـَٔمْ

يَسْـَٔمُوْنَ ملول ہوتے ہیں دیکھو یسأم

يُسَبِّحُ پاکی بولتا ہے دیکھو تسبیح

يُسَبَّحُ تسبیح کیا جاتا ہے دیکھو تسبیح

يُسَبِّحْنَ پاکی سے یاد کرتی ہیں۔ دیکھو تسبیح

يَسْبَحُوْنَ پیرتے ہیں دیکھو سبح

يُسَبِّحُوْنَ تسبیح کرتے ہیں دیکھو تسبیح

یَسْبِقُ آگے ہوتا ہے دیکھو سبق
یَسْبِتُوْنَ ہفتہ کرتے ہیں۔ مصدر سبت
وذک۔ وَیَوْمَ لَا یَسْبِتُوْنَ اعراف ۹/۱۱
اور جسدن نہ ہفتہ کرتے تھے۔ سَبَتَ
یَسْبِتُ سَابِتٌ مَسْبُوْتٌ اِسْبِتْ لَاتَسْبِتْ
یَسْبِقُوْنَ سبقت کرتے ہیں دیکھو سبق
یَسُبُّوْا گالی دیتے ہیں اور برا کہینگے۔
دیکھو تسبوا
یَسْتَاْخِرُوْنَ دیر کرتے ہیں دیکھو استاخر
یَسْتَاْذِنُ پروانگی چاہتا ہے دیکھو استاذن
یَسْتَاْذِنُوْنَ اجازت چاہتے ہیں دیکھو استاذن
یَسْتَبْدِلُ بدلتا ہے دیکھو استبدال
یَسْتَبْشِرُوْنَ خوش ہوتے ہیں۔
دیکھو استبشروا
یَسْتَثْنُوْنَ استثنار کہتے ہیں۔ یعنی
انشاء اللہ تعالےٰ کہتے ہیں۔ مصدر استثناء
وَلَا یَسْتَثْنُوْنَ ن ۲۹/۱ اور انشاء اللہ تعالےٰ
نہ کہا۔ اِسْتَثْنٰی یَسْتَثْنِیْ مُسْتَثْنٍ
اِسْتَثْنِ لَاتَسْتَثْنِ
یَسْتَجِیْبُ جواب کہتا ہے اور قبول کرتا ہے

دیکھو استجاب
یَسْتَجِیْبُوْنَ جواب دیتے ہیں۔
دیکھو استجاب
یَسْتَحِبُّوْنَ دوست رکھتے ہیں اور پسند
کرتے ہیں۔ دیکھو استحبوا
یَسْتَحْسِرُوْنَ تھکتے ہیں۔ مصدر استحسار
ماندہ شدن وَلَا یَسْتَحْسِرُوْنَ انبیاء ۲/۱۷
اور نہیں کرتے کاہلی۔ اِسْتَحْسَرَ یَسْتَحْسِرُ
مُسْتَحْسِرٌ اِسْتَحْسِرْ لَاتَسْتَحْسِرْ
یَسْتَحْیُوْنَ زندہ چھوڑتے ہیں۔ دیکھو استحیاء
یَسْتَحْیٖ شرماتا ہے اور جیتا رہتا ہے۔
دیکھو استحیاء۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَسْتَحْیٖۤ اَنْ
یَّضْرِبَ مَثَلًا بقرہ ۳/۱ اللہ کچھ شرماتا نہیں
کہ بیان کرے کوئی مثال۔ وَیَسْتَحْیٖ
نِسَآءَھُمْ قصص ۲/۱۰ اور جیتی رکھتا انکی
عورتیں۔
یَسْتَخْرِجَا نکالیں گے اور باہر کریں گے
دونو۔ دیکھو استخرج
یَسْتَخِفُّ ہلکا سمجھتا ہے دیکھو استخف
یَسْتَخْفُوْنَ چھپتے ہیں۔ مصدر استخفاء

یَسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ نساء ۱۴/۳ چھپتے ہیں
لوگوں سے۔ اِسْتَخْفٰی یَسْتَخْفِیْ مُسْتَخْفٍ
اِسْتَخْفِ لَا تَسْتَخْفِ۔
یَسْتَخْلِفُ خلیفہ کرتا ہے۔ دیکھو استخلف
یَسْتَسْخِرُوْنَ ہنسی کرتے ہیں۔ مصدر
استسخار۔ وَاِذَا رَاَوْا اٰیَةً یَّسْتَسْخِرُوْنَ
صافات ۳/۱ اور جب دیکھیں کچھ نشانی ہنسی
میں ڈال دیتے ہیں۔ اِسْتَسْخَرَ یَسْتَسْخِرُ
مُسْتَسْخِرٌ اِسْتَسْخِرْ لَا تَسْتَسْخِرْ۔
یَسْتَصْرِخُ فریاد چاہتا ہے۔ مصدر استصراخ
یَسْتَصْرِخُهٗ قصص ۲/۲ فریاد کرتا ہے اسکو
اِسْتَصْرَخَ یَسْتَصْرِخُ مُسْتَصْرِخٌ اِسْتَصْرِخْ
لَا تَسْتَصْرِخْ۔
یَسْتَضْعِفُ کمزور سمجھتا ہے۔
دیکھو استضعفوا۔
یَسْتَضْعَفُوْنَ کمزور پائے جاتے ہیں۔
دیکھو استضعفوا۔
یَسْتَطِعْ رہتا ہے۔ دیکھو اِسْتَطَاعَ۔
یَسْتَطِیْعُ طاقت رکھتا ہے اور کبھی یٰ
گر جاتی ہے۔ دیکھو اِسْتَطَاعَ۔

یَسْتَطِیْعُوْنَ طاقت رکھتی ہیں۔
دیکھو اِسْتَطَاعَ۔
یُسْتَعْتَبُوْنَ عتاب دفع کیجائینگے یعنے
منائے جائینگے۔ مصدر اِسْتِعْتَاب۔ وَ
لَا هُمْ یُسْتَعْتَبُوْنَ۔ روم ۱/۹ اور نہ اُن
سے کوئی منانا چاہے۔ اِسْتَعْتَبَ یَسْتَعْتِبُ
مُسْتَعْتِبٌ اِسْتَعْتِبْ لَا تَسْتَعْتِبْ۔
یَسْتَعْجِلُ جلدی کرتا ہے۔ دیکھو استعجال
یَسْتَعْجِلُوْنَ جلدی کرتے ہیں اور شتابی
چاہتے ہیں۔ دیکھو استعجال۔
یَسْتَعْفِفْ بچتا ہے اور پرہیز کرتا ہے۔ مصدر
استعفاف۔ وَمَنْ كَانَ غَنِیًّا فَلْیَسْتَعْفِفْ
نساء ۱/۱ اور جو کوئی محظوظ ہو تو چاہیئے بچتا رہے
اِسْتَعْفٰی یَسْتَعْفِیْ مُسْتَعْفٍ اِسْتَعْفِ
لَا تَسْتَعْفِ۔
یَسْتَعْفِفْنَ بچتی ہیں۔ دیکھو یَسْتَعْفِفُ
یَسْتَغْشُوْنَ کپڑے لپٹتے ہیں۔ اور
چھپاتے ہیں۔ دیکھو استغشوا
یَسْتَغْفِرْ بخشش چاہتا ہے۔ دیکھو استغفار
یَسْتَغْفِرُوْنَ بخشش چاہتے ہیں دیکھو استغفار

یَسْتَغِیْثَانِ فریاد کرتے ہیں وہ دونو۔
دیکھو استغاث۔

یَسْتَغِیْثُوا فریاد چاہتے ہیں۔ دیکھو استغاث

یَسْتَفْتِحُوْنَ مدد چاہتے ہیں اور کشادگی
مانگتے ہیں۔ دیکھو اِسْتَفْتَحَ۔

یَسْتَفْتُوْنَ اجازت چاہتے ہیں۔ دیکھو
استفت۔

یَسْتَفِزُّ پھیلاتا ہے اور زمین سے باہر
نکلتا ہے۔ دیکھو استفزز

یَسْتَفِزُّوْنَ ڈگاتے ہیں۔ دیکھو استفزز

یَسْتَقْدِمُوْنَ جلدی کرتے ہیں اور
پیشی کرتے ہیں۔ دیکھو تستقدموا۔

یَسْتَقِیْمُ سیدھا ہوتا ہے۔ دیکھو استقاموا

یَسْتَکْبِرُ غرور کرتا ہے۔ دیکھو استکباد

یَسْتَکْبِرُوْنَ نخوت کرتے ہیں۔ دیکھو
استکباد

یَسْتَمِعُ سنتا ہے۔ دیکھو استمع

یَسْتَمِعُوْنَ سنتے ہیں۔ دیکھو استمع

یَسْتَنْبِئُوْنَ آگاہی چاہتے ہیں اور ڈھونڈتے
ہیں۔ مصدر اِسْتِنْبَاء۔ منتہی الارب۔ ق

یَسْتَنْبِئُوْنَكَ۔ یونس ۱۱ اور تجھے خبر لیتے
ہیں۔ اِسْتَنْبَأَ یَسْتَنْبِئُ مُسْتَنْبِئٌ اِسْتَنْبِئْ
لَاتَسْتَنْبِئْ۔

یَسْتَنْبِطُوْنَ دریافت کرتے ہیں اور چنتے
ہیں۔ مصدر اِسْتِنْبَاط۔ یَسْتَنْبِطُوْنَهٗ
مِنْهُمْ نساء ۱۰ تحقیق کرنے والے ہیں انکی
اِسْتَنْبَطَ یَسْتَنْبِطُ مُسْتَنْبِطٌ اِسْتَنْبِطْ
لَاتَسْتَنْبِطْ۔

یَسْتَنْقِذُوْا چھینتے ہیں اور خلاص کرتے
ہیں۔ مصدر اِسْتِنْقَاذ۔ وَاِنْ یَّسْلُبْهُمُ
الذُّبَابُ شَیْئًا لَّا یَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ حج ۱۰
اور اگر کچھ چھین لے اُن سے مکھی چھڑا نہیں
سکتے وہ اُس سے۔ اِسْتَنْقَذَ یَسْتَنْقِذُ
مُسْتَنْقِذٌ اِسْتَنْقِذْ لَاتَسْتَنْقِذْ۔

یَسْتَنْكِحُ نکاح میں لاتا ہے۔ مصدر اِسْتِنْكَاح
اِنْ اَرَادَ النَّبِیُّ اَنْ یَّسْتَنْكِحَهَا۔ احزاب ۲۲
اگر چاہے نبی کہ اُسکو نکاح میں لے۔ اِسْتَنْكَحَ
یَسْتَنْكِحُ مُسْتَنْكِحٌ اِسْتَنْكِحْ لَاتَسْتَنْكِحْ

یَسْتَنْكِحَا نکاح میں لاتے ہیں دونو۔
دیکھو یَسْتَنْكِحُ۔

یَسۡتَنۡکِفُ تنگ رکھتا ہے اور عید جاتا ہے۔ دیکھو استنکف۔

یَسۡتَوۡفُوۡنَ پورا لیتے ہیں۔ مصدر استیفاء اِذَا اکۡتَالُوۡا عَلَی النَّاسِ یَسۡتَوۡفُوۡنَ مطففین ۱/۳۰ جب ماپ لیں لوگوں سے پورا بھر لیں۔ اِسۡتَوۡفٰی یَسۡتَوۡفِیۡ مُسۡتَوۡفٍ اِسۡتَوۡفِ لَاتَسۡتَوۡفِ۔

یَسۡتَوُوۡنَ برابر ہوتے ہیں۔ دیکھو استوٰی

یَسۡتَوِیۡ برابر ہوتا ہے۔ دیکھو استوٰی

یَسۡتَوِیَان برابر ہیں۔ دونو۔ دیکھو استوی

یَسۡتَہۡزِءُوۡنَ ٹھٹھا کرتے ہیں۔ دیکھو استہزءوا۔

یَسۡتَہۡزِئُ ہنسی کرتا ہے۔ مصدر استہزاء اَللّٰہُ یَسۡتَہۡزِئُ بِہِمۡ۔ بقر ۱/۲ اللہ اُن سے ٹھٹھا کرتا ہے۔ اِسۡتَہۡزَءَ یَسۡتَہۡزِئُ مُسۡتَہۡزِئٌ اِسۡتَہۡزِ لَاتَسۡتَہۡزِ۔

یُسۡتَہۡزَئُ ٹھٹھا کیا جاتا ہے۔ دیکھو یستہزئ

یَسۡتَیۡقِنُ باور کرتا ہے۔ دیکھو استیقنت۔

یَسۡجُدُ سجدہ کرتا ہے۔ دیکھو سجود۔

یَسۡجُدَان سجدہ کرتے ہیں وہ دونو۔ دیکھو سجود

یَسۡجُدُوۡنَ سجدہ کرتے ہیں۔ دیکھو سجود

یُسۡجَرُوۡنَ گرم کیئے جائینگے۔ مصدر سجر ف ض ثُمَّ فِی النَّارِ یُسۡجَرُوۡنَ مومن ۱۴/۱۳ پھر آگ میں انکو جھونکتے ہیں۔ سَجَرَ یَسۡجُرُ سَاجِرٌ مَسۡجُوۡرٌ اُسۡجُرۡ لَاتَسۡجُرۡ۔

یُسۡجَنُ قید کیا جاتا ہے۔ مصدر سجن ف ض۔ لَیُسۡجَنَنَّ وَلَیَکُوۡنًا مِّنَ الصّٰغِرِیۡنَ۔ یوسف ۱۲/۱۲ البتہ قید کیا جاویگا اور البتہ ہوگا ذلیلوں سے۔ سَجَنَ یَسۡجُنُ سَاجِنٌ مَسۡجُوۡنٌ اُسۡجُنۡ لَاتَسۡجُنۡ۔

یَسۡجُنُ قید کرتا ہے۔ دیکھو سجن۔

یُسۡحَبُوۡنَ کھینچے جائینگے۔ مصدر سحب ف ف۔ یَوۡمَ یُسۡحَبُوۡنَ فِی النَّارِ۔ قمر ۱/۳ جسدن گھسیٹے جاوینگے آگ میں۔ سَحَبَ یَسۡحَبُ سَاحِبٌ مَسۡحُوۡبٌ اِسۡحَبۡ لَاتَسۡحَبۡ

یُسۡحِتُ ہلاک کرتا ہے اور جڑی جدا کرتا ہے۔ مصدر اسحات بیخ سے کھودنا۔ فَیُسۡحِتَکُمۡ بِعَذَابٍ۔ طٰہٰ ۱۲/۱۱ پھر کھپا دے تمکو کسی آفت سے۔ اَسۡحَتَ یُسۡحِتُ مُسۡحِتٌ اَسۡحِتۡ لَاتُسۡحِتۡ۔

يَسْخَرُ ہنسی کرتا ہے۔ دیکھو سَخِرُوْا

يَسْخَرُوْنَ ہنسی کرتے ہیں۔ دیکھو سخروا

يَسْخَطُوْنَ ناخوش ہوتے ہیں۔ دیکھو سخط

يَسْرِ چلتا ہے اور رات کو سیر کرتا ہے۔ اصل میں
يَسْرِيْ تھا ی واسطے رعایت فواصل کے گر گئی
مصدر مسری۔ سری۔ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ۔ فجر
۸۹/۴ اور اُس رات کی جب رات کو چلے۔ سَرٰی
يَسْرِيْ سَارٍ مَسْرِيٌّ اِسْرِ لَا تَسْرِ۔

يُسْرٌ آسان ہونا۔ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا۔ الم نشرح
۹۴/۵ سو البتہ مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ يَسَرَ
يَيْسِرُ يَاسِرٌ مَيْسُوْرٌ اِيْسِرْ لَا تَيْسِرْ۔

يَسَّرَ آسان کیا۔ مصدر تَيْسِيْرٌ۔ ثُمَّ السَّبِيْلَ
يَسَّرَهٗ۔ عبس ۸۰/۲۰ پھر راہ آسان کر دی اسکو
يَسَّرَ يُيَسِّرُ مُيَسِّرٌ يَسِّرْ لَا تُيَسِّرْ۔

يَسِّرْ آسان کر۔ دیکھو يَسَّرَ

يُسْرِفُ اسراف کرتا ہے اور بے فائدہ خرچ
کرتا ہے۔ دیکھو اِسْرَاف۔

يُسْرِفُوْا اسراف کرتے ہیں۔ دیکھو اِسْرَاف

يَسْرِقُ چراتا ہے۔ دیکھو سَرَقَ

يَسْرِقْنَ چراتی ہیں۔ دیکھو سرق

يَسَّرْنَا آسان کیا ہم نے۔ دیکھو يَسَّرَ

يُسِرُّوْنَ چھپاتے ہیں۔ دیکھو اسرّ

يُسْرٰی آسانی۔ دیکھو يُسر

يَسْطُرُوْنَ لکھتے ہیں۔ مصدر سَطَرَ۔
ف ض۔ وَمَا يَسْطُرُوْنَ۔ ن ۶۸/۱ اور جو کچھ
لکھتے ہیں۔ سَطَرَ يَسْطُرُ سَاطِرٌ مَسْطُوْرٌ
اُسْطُرْ لَا تَسْطُرْ۔

يَسْطُوْنَ حملہ کرتے ہیں اور قہر کرتے ہیں
مصدر سَطْو ف ض۔ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ۔
حج ۲۲/۷۲ نزدیک ہوتے ہیں کہ دوڑ پڑیں۔
سَطَا يَسْطُوْ سَاطٍ مَسْطُوٌّ اُسْطُ لَا تَسْطُ۔

يَسَعَ نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا ہے۔

يَسْعَوْنَ دوڑتے ہیں اور کوشش کرتے
ہیں۔ دیکھو سَعٰی۔

يَسْعٰی دوڑتا ہے۔ دیکھو سعوا

يَسْفِكُ خوں ریزی کرتا ہے۔ مصدر
سفك۔ ف ك۔ وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ۔ بقرہ
اور کرے خون۔ سَفَكَ يَسْفِكُ سَافِكٌ
مَسْفُوْكٌ اِسْفِكْ لَا تَسْفِكْ۔

يَسْقُوْنَ پلاتے ہیں۔ دیکھو سقاية

يُسْقَوْنَ پلائے جاتے ہیں۔ دیکھو سقایة

يَسْقِيْ پلاتا ہے۔ دیکھو سقایة

يُسْقٰى پلایا جاتا ہے۔ دیکھو سقایة

يَسْقِيْنَ پلاتی ہیں۔ دیکھو سقایة

يَسْكُنُ رہتا ہے۔ دیکھو سکن

يُسْكِنُ آرام دیتا ہے۔ دیکھو اَسْكَنَّا

يَسْكُنُوْا رہتے ہیں۔ دیکھو سَكَنَ

يَسْلُبُ لیجاتا ہے۔ مصدر سلب۔ ف۔ ض
وَإِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا۔ حج ۷۳/۱۰ اور اگر چھین لے اُن سے مکھی۔ سَلَبَ يَسْلُبُ سَالِبٌ مَسْلُوْبٌ اُسْلُبْ لَاتَسْلُبْ۔

يُسَلِّطُ غالب کرتا ہے اور غلبہ دیتا ہے۔ دیکھو سَلَّطَ۔

يَسْلُكُ چلتا ہے۔ دیکھو سَلَكَ۔

يُسْلِمُ سونپتا ہے۔ دیکھو اسلام

يُسَلِّمُوْا قبول کرتے ہیں۔ اور سلام کرتے ہیں۔ دیکھو تَسْلِيْمٌ۔

يُسْلِمُوْنَ اسلام لاتے ہیں۔ اور تابعداری کرتے ہیں۔ دیکھو اسلام۔

يَسْمَعُ سنتا ہے۔ دیکھو سمع

يُسْمِعُ سناتا ہے۔ دیکھو سمع

يَسْتَمِعُوْنَ سنتے ہیں۔ دیکھو سمع

يَسَّمَّعُوْنَ خوب سنتے ہیں۔ مصدر تَسَمُّعٌ شنیدن گوش نہادن سوئی کسے۔ صراح
اصل میں يَتَسَمَّعُوْنَ تھا ت کو س میں ادغام کردیا یا ت س ہوگئی س کو س میں ادغام کیا
لَا يَسَّمَّعُوْنَ إِلَى الْمَلَإِ الْأَعْلٰى۔ صافات ۸/۱ سن نہیں سکتے اوپر کی مجلس تک
تَسَمَّعَ يَتَسَمَّعُ مُتَسَمِّعٌ تَسَمَّعْ لَاتَتَسَمَّعْ

يُسْمِنُ موٹا کرتا ہے۔ مصدر اِسْمَان۔ لَا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ غاشیہ ۷/۱ نہ موٹا کرے نہ کام آوے بھوک میں۔ اَسْمَنَ يُسْمِنُ مُسْمِنٌ اَسْمِنْ لَاتُسْمِنْ۔

يُسَمُّوْنَ نام رکھتے ہیں۔ دیکھو تسمیة

يَسُوْمُ چکھتا ہے۔ مصدر السَّوْمُ۔
ن۔ ض۔ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ اعراف ۱۶۷/۲۱ وہ شخص کہ پہنچاوے انکو برا عذاب
سَامَ يَسُوْمُ سَائِمٌ مَسُوْمٌ سُمْ لَاتَسُمْ۔

يَسُوْمُوْنَ ستاتے ہیں اور چکھاتے ہیں دیکھو یسوم۔

يَسُوْءُوْا بُرا کرتے ہیں دیکھو مسوء

يَسْئَلُ مانگتا ہے اور پوچھتا ہے۔ دیکھو سؤال۔

يُسْئَلُ پوچھا جاتا ہے۔ دیکھو سؤال

يَسْئَلُوْنَ پوچھتے ہیں اور مانگتے ہیں۔ دیکھو سوال۔

يُسْئَلُوْنَ پوچھے جائینگے۔ دیکھو سوال

يَسِيْر آسان اور تھوڑا۔ دیکھو سیر

يُسَيِّرُ چلاتا ہے اور سیر کرواتا ہے۔ دیکھو سیرت۔

يَسِيْرُوْا سیر کرتے ہیں۔ دیکھو مسیر

يُسِيْغُ آسانی سے حلق سے اُترتا ہے۔ مصدر إِسَاغَة۔ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ۔ ابراہیم ۱۷/۱۵ اور گلے سے نہیں اُتار سکتا۔ أَسَاغَ يُسِيْغُ مُسِيْغٌ مُسَاغٌ أَسِغْ لَا تُسِغْ۔

يَشَاءُ چاہتا ہے۔ دیکھو شَاءَ

يُشَاقِقْ مخالفت کرتا ہے اور دشمنی کرتا ہے اور کبھی ادغام کرکے بھی پڑھتے ہیں۔ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔ انفال ۹/۱۹ اور جو کوئی مخالف ہو اللہ کا اور اُسکے رسول کا۔ شَاقَقَ يُشَاقِقُ مُشَاقِقٌ شَاقِقْ لَا تُشَاقِقْ۔

يَشَاءُوْنَ چاہتے ہیں۔ دیکھو شَاءَ

يَشْتَرُوْنَ خرید کرتے ہیں۔ دیکھو اِشْتَرٰی

يَشْتَرِيْ خرید کرتا ہے اور مول لیتا ہے اور کبھی بمعنے بیچنے کے بھی آتا ہے۔ دیکھو اشترٰی

يَشْتَهُوْنَ خواہش کرتے ہیں۔ دیکھو اشتہت

يَشْرَبُ پیتا ہے۔ دیکھو شراب

يَشْرَبُوْنَ پیتے ہیں۔ دیکھو شراب

يَشْرَحُ کشادہ ہوتا ہے۔ دیکھو شرح

يُشْرَكُ شرک کیا جاتا ہے۔ دیکھو اشراک

يُشْرِكُ شریک کرتا ہے۔ دیکھو اشراک

يُشْرِكْنَ شریک کرتی ہیں۔ دیکھو اشراک

يُشْرِكُوْنَ شریک کرتے ہیں۔ دیکھو اشراک

يَشْرُوْنَ مول لیتے ہیں۔ دیکھو شروا

يَشْرِيْ بیچتا ہے اور کبھی بمعنے خریدنے کے بھی آتا ہے۔ دیکھو شروا۔

يُشْعِرُ خبر کریگا۔ مصدر إِشْعَار۔ وَمَا يُشْعِرُكُمْ۔ انعام ۱۹/۱۴ اور کیا چیز معلوم کرواتی ہے تمکو۔ أَشْعَرَ يُشْعِرُ مُشْعِرٌ أَشْعِرْ

اَشْعِرْ لَا تُشْعِرْ۔

یَشْعُرُوْنَ جانتے ہیں اور خبردار ہوتے ہیں۔ مصدر شُعُوْر۔ ف ض۔ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ بقر ۱/۲ پر نہیں سمجھتے۔ شَعَرَ يَشْعُرُ شَاعِرٌ مَشْعُوْرٌ اُشْعُرْ لَا تَشْعُرْ۔

یَشْفَعُ سفارش گناہونکی کرتا ہے۔ دیکھو شفاعة۔

یَشْفَعُوْنَ درخواست گناہوں کی کرتے ہیں اور گناہ بخشواتے ہیں۔ دیکھو شفاعة۔

یَشْفِیْ چنگا کرتا ہے۔ مصدر شفاء۔ ف ک۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔ شعراء ۱۹/۹ اور جب میں بیمار ہوں تو وہ ہی چنگا کرتا ہے شَفَا يَشْفِيْ شَافٍ مَشْفِيٌّ اِشْفِ لَا تَشْفِ۔

یَشَّقَّقُ پھٹتا ہے۔ اصل میں یَتَشَقَّقُ تھا تؔ شؔ ہوکر ادغام ہوئی۔ دیکھو تَشَقُّق۔

یَشْقٰی مشقت میں پڑیگا۔ دیکھو تشقق

یَشْقٰی بدبخت ہوتا ہے دیکھو شقوة

یَشْكُرُ شکر کرتا ہے۔ دیکھو شکر

یَشْكُرُوْنَ شکر کرتے ہیں اور تعریف فرماتے ہیں۔ دیکھو شکر

یَشْوِیْ بھونتا ہے اور جلاتا ہے۔ دیکھو شوی۔

یَشْهَدُ گواہی دیتا ہے اور حاضر ہوتا ہے دیکھو شہادت۔

یَشْهَدُوْنَ حاضر ہوتے ہیں۔ اور گواہی دیتے ہیں۔ دیکھو شہادة

یُصَبُّ ڈالا جائیگا۔ دیکھو صبّ

یُصْبِحُ صبح کریگا اور ہو جائیگا۔ دیکھو اَصْبَحَ۔

یُصْبِحُوْا ہوگئے۔ دیکھو اصبح

یَصْبِرُ سہارتا ہے دیکھو صبر

یَصْبِرُوْا صبر کرتے ہیں۔ دیکھو صبر

یُصْحَبُوْنَ مصاحبت کیئے جائیں۔ مصدر صحب۔ صحبة۔ ك ف۔ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ۔ انبیاء ۴/۱۷ اور نہ وہ ہماری طرف سے رفاقت کیئے جاتے ہیں۔ صَحِبَ يَصْحَبُ صَاحِبٌ مَصْحُوْبٌ اِصْحَبْ لَا تَصْحَبْ۔

یَصُدُّ روکتا ہے۔ دیکھو صَدّ

یَصْدُرُ اُترے گا۔ مصدر صدر ن ض

یَوْمَئِذٍ یَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا۔ زلزال ۳۰/۶
اسدن ہو پڑیں گے لوگ بھانت بھانت
صَدَرَ یَصْدُرُ صَادِرٌ مَصْدُوْرٌ اُصْدُرْ لَاتَصْدُرْ

یُصْدِرُ پھیریگا۔ مصدر اِصْدَار۔ حَتّٰی یُصْدِرَ الرِّعَاءُ۔ قصص ۳/۲ جب تک پھیر لیجاویں چرواہے۔ اَصْدَرَ یُصْدِرُ مُصْدِرٌ اَصْدِرْ لَاتُصْدِرْ۔

یُصَدَّعُوْنَ سر دُکھائے جائینگے۔ مصدر تَصْدِیع۔ لَایُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا۔ واقعہ ۲۷/۱۴ سر نہ دکھے جس سے۔ صَدَّعَ یُصَدِّعُ مُصَدِّعٌ صَدِّعْ لَاتُصَدِّعْ۔

یَصَّدَّعُوْنَ جدا جدا ہونگے۔ مصدر تَصَدُّع۔ اصل میں یَتَصَدَّعُوْنَ تھا۔ یَوْمَئِذٍ یَّصَّدَّعُوْنَ روم ۲۱/۸ اُسدن لوگ جدا جدا ہونگے۔ تَصَدَّعَ یَتَصَدَّعُ مُتَصَدِّعٌ تَصَدَّعْ لَاتَتَصَدَّعْ۔

یَصْدِفُوْنَ کنارہ کرتے ہیں۔ دیکھو صدف۔

یُصَدِّقُ سچا تا ہے۔ دیکھو صَدَّقَ

یَصَّدَّقُوْا خیرات کرتے ہیں۔ دیکھو تَصَدَّقَ

یُصَدِّقُوْنَ سچاتے ہیں۔ دیکھو صدّق

یَصُدُّوْنَ روکتے ہیں۔ دیکھو صدّ

یُصِرُّ ہٹ کرتا ہے۔ دیکھو اصرّوا

یَصْرِفُ پھرتا ہے۔ دیکھو صرف

یُصْرَفُ پھیرا جائیگا۔ دیکھو صرف

یُصْرَفُوْنَ پھیرے جائینگے۔ دیکھو صرف

یَصْرِمُوْنَ توڑیں گے۔ دیکھو صَرَمَ

یُصِرُّوْنَ ہٹ کرتے ہیں اور اڑا کرتے ہیں۔ دیکھو اصرّوا۔

یَصْطَرِخُوْنَ فریاد کرتے ہیں۔ مصدر اِصْطِرَاخ۔ وَهُمْ یَصْطَرِخُوْنَ فِیْهَا۔ فاطر ۲۲/۱۶ اور وہ چلاتے ہیں اُسمیں۔ اِصْطَرَخَ یَصْطَرِخُ مُصْطَرِخٌ اِصْطَرِخْ لَاتَصْطَرِخْ۔

یَصْطَفِیْ چن لیتا ہے۔ دیکھو اِصْطَفٰی

یَصْعَدُ چڑھتا ہے۔ دیکھو صعود

یَصَّعَّدُ مشکل سے چڑھتا ہے۔ اصل میں یَتَصَعَّدُ تھا۔

یُصْعَقُوْنَ بیہوش کیے جائینگے۔ دیکھو صعق۔

یَصْفَحُوْا درگذر کرتے ہیں۔ دیکھو صفح۔

یَصِفُوْنَ سراہتے ہیں۔ دیکھو وصف
یُصْلَبُ سولی دیا جائے گا اور بھونا جائے گا۔ اور ہڈی سے مغز نکالا جائے گا۔ دیکھو صلبوا۔
یُصَلَّبُوْا سولی دیئے جائینگے۔ دیکھو اصلب
یُصْلِحُ اصلاح کرتا ہے۔ دیکھو اصلاح
یُصْلِحَا درست کرتے ہیں دونو دیکھو اصلاح
یُصْلِحُوْنَ سنوارتے ہیں۔ دیکھو اصلاح
یَصْلَوْنَ آگ کو پہنچتے ہیں اور پہنچینگے دیکھو اصلوا۔
یَصِلُوْنَ جوڑتے ہیں اور ملاتے ہیں۔ مصدر وصل۔ وصول۔ ف ف ک۔ اِلَّا الَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ اِلٰی قَوْمٍ نسار ۴ گروہ جو مل رہے ہیں ایک قوم سے۔ وَصَلَ یَصِلُ وَاصِلُ مَوْصُوْلُ صِلْ لَاتَصِلْ۔
یُصَلُّوْنَ نماز پڑھتے ہیں اور رحمت بھیجتے ہیں۔ دیکھو صل۔
یَصْلٰی آگ کو پہنچتا ہے۔ دیکھو صِلِیًّا
یُصَلِّیْ نماز پڑھتا ہے اور درود بھیجتا ہے دیکھو صل۔

یَصُمْ روزہ رکھتا ہے۔ اصل میں یصوم تھا واؤ بسبب اجتماع ساکنین کے گر گئی۔ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ۔ پھر تم میں سے جو کوئی اُس مہینے میں موجود ہو تو چاہیئے کہ اسمیں روزہ رکھے۔ دیکھو صوم
یَصْنَعُ بناتا ہے۔ دیکھو صنع۔
یَصْنَعُوْنَ بناتے ہیں اور کرتے ہیں دیکھو صنع۔
یُصَوِّرُ صورت بناتا ہے اور پیدا کرتا ہے دیکھو صوّر۔
یُصْهَرُ پگھلایا جائے گا۔ مصدر صہر۔ ف ف۔ يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ۔ حج ۲ گلایا جاویگا ساتھ اسکے جو کچھ انکے پیٹ میں ہے۔ صَهَرَ يَصْهَرُ صَاهِرٌ مَصْهُوْرٌ اِصْهَرْ لَاتَصْهَرْ۔
یُصِیْبُ پہنچتا ہے۔ دیکھو اصاب
یُضَآرُّ نقصان پہنچایا جائے گا۔ دیکھو تضاد۔
یُضٰعِفُ دونا کرتا ہے۔ دیکھو مضاعفۃ
یُضٰعَفُ دونا کیا جائے گا۔ دیکھو مضاعفۃ

يُضَاهِئُوْنَ ریس کرتے ہیں یعنی مشابہت کرتے ہیں مصدر
المضاہاۃ۔ يُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
مِنْ قَبْلُ۔ توبہ ۱۰ ریس کرنے لگے اگلے
منکروں کی بات کی۔ ضَاهٰى يُضَاهِي
مُضَاهِيٌ ضَاهٍ لَا تُضَاهِ۔

يَضْحَكُوْنَ ہنستے ہیں۔ دیکھو ضَحِكَتْ

يَضُرُّ نقصان کرتا ہے۔ دیکھو ضَرٌّ

يَضْرِبُ بیان کرتا ہے اور مارتا ہے
دیکھو ضرب۔

يَضْرِبْنَ مارتی ہیں اور پہنتی ہیں۔
دیکھو ضرب۔ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ۔ اور
پہنیں اپنی اوڑھنی۔

يَضْرِبُوْنَ مارتے ہیں۔ اور چلتے ہیں۔
اور بیان کرتے ہیں۔ دیکھو ضَرَبَ۔

يَضَّرَّعُوْنَ گڑگڑاتے ہیں۔ دیکھو تضرعا
اصل میں يَتَضَرَّعُوْنَ تھا۔

يَضُرُّوْنَ نقصان پہنچاتے ہیں۔ دیکھو
ضَرٌّ۔

يَضَعُ رکھتا ہے۔ دیکھو وَضَعَ

يَضَعْنَ رکھتی ہیں اور جنتی ہیں۔ دیکھو
وَضَعَ۔

يَضِلُّ بھٹکتا ہے۔ دیکھو ضلالۃ

يُضِلُّ گمراہ کرتا ہے اور فک ادغام سے
يُضْلِلْ بھی پڑھتے ہیں۔ دیکھو اضل

يُضَلُّ گمراہ کیئے جاتے ہیں۔ دیکھو اَضَلَّ

يُضِلُّوْنَ گمراہ کرتے ہیں۔ دیکھو اَضَلَّ

يُضِيْعُ ناچیز کرتا ہے۔ دیکھو اضاعوا

يُضَيِّفُوْا مہمانی کرینگے۔ مصدر تَضْيِيْف
فَاَبَوْا اَنْ يُضَيِّفُوْهُمَا۔ کہف ۱۶ پس انکار
کیا انہوں نے یہ کہ ضیافت کریں انکی
ضَيَّفَ يُضَيِّفُ مُضَيِّفٌ ضَيِّفْ لَا تُضَيِّفْ

يَضِيْقُ تنگی کرتا ہے۔ دیکھو ضیق

يُضِيْءُ روشنی کرتا ہے۔ دیکھو اَضَاءَ

يُطَاعُ حکم مانا جائے گا۔ دیکھو طاعۃ

يُطَافُ پھرایا جاتا ہے۔ دیکھو طاف

يَطْبَعُ مہر کرتا ہے۔ دیکھو طبع۔

يَطْعَمُ کھاتا ہے وہ دیکھو طعام

يُطْعِمُ کھلاتا ہے۔ دیکھو اطعام

يُطْعَمُ کھلایا جاتا ہے۔ دیکھو اطعام

يُطْعِمُوْنِ کھلاتے ہیں مجکو۔ دیکھو اطعام

اصل میں يطعمونني تھا ىؔ متکلم اور نؔ وقایہ کا حذف ہوا۔

يَطْغٰى سرکشی کرتا ہے۔ دیکھو طغیان

يُطْفِئُوا بجھاتے ہیں۔ دیکھو اطفی

يَطْلُبُ ڈھونڈتا ہے۔ دیکھو طلب

يُطْلِع آگاہ کرتا ہے۔ مصدر اطلاع۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ آل عمران ۱۸/۴ اور اللہ یوں نہیں کہ تمکو خبر دے غیب کی۔ اَطْلَعَ يُطْلِعُ مُطْلِعٌ اَطْلِعْ لَا تُطْلِعْ۔

يَطْمَئِنُّ آرام پکڑتا ہے۔ دیکھو اطمئن

يَطْمِثُ ساتھ سوتا ہے اور ہاتھ لگاتا ہے اور چھوتا ہے۔ مصدر طَمَث۔ ف لرض لَمْ يَطْمِثْهُنَّ۔ الرحمن ۳/۲۴ نہیں ہاتھ لگایا انکو۔ طَمَثَ يَطْمِثُ طَامِثٌ مَطْمُوثٌ اِطْمِثْ لَا تَطْمِثْ۔

يَطْمَعُ حرص کرتا ہے۔ دیکھو طمع

يَطْمَعُوْنَ بھروسہ رکھتے ہیں اور آرزو رکھتے ہیں۔ دیکھو طمع۔

يَطَّوَّفُ طواف کرے۔ مصدر تطوّف اصل میں يَتَطَوَّفُ تھا۔ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا بقرہ ۱/۱۹ کہ طواف کرے ان دونوں میں۔ تَطَوَّفَ يَتَطَوَّفُ مُتَطَوِّفٌ تَطَوَّفْ لَا تَتَطَوَّفْ

يَطُوْفُ پھرتا ہے۔ دیکھو طاف

يَطَّوَّفُوْا خوب طواف کرتے ہیں۔ دیکھو يَطَّوَّف۔

يَطُوْفُوْنَ پھرتے ہیں۔ دیکھو طاف

يُطَوَّقُوْنَ طوق پہنائے جائینگے۔ مصدر تطویق۔ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ آل عمران ۱۸/۴ آگے طوق پڑے گا انکے جسپر بخل کیا تھا دن قیامت کے۔ طَوَّقَ يُطَوِّقُ مُطَوِّقٌ طَوِّقْ لَا تُطَوِّقْ۔

يُطَهِّرُ پاک کرتا ہے۔ دیکھو تطہیر

يَطَّهَّرُوْنَ پاک ہوتے ہیں اور بعضے اُسکو يَطَّهَّرُوْنَ تشدید ط و ھ سے پڑھتے ہیں۔ یعنے خوب پاک ہوویں نہا لیویں۔ دیکھو تطہیر۔

يَطَئُوْنَ کھندلتے ہیں۔ دیکھو وطأ

يَطِيْرُ اُڑتا ہے۔ مصدر طیران۔ طیرورة ف لك۔ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ۔ انعام ۴/۸ نہ جانور ہے کہ اُڑتا ہے دو پر سے۔

طَارَ يَطِيْرُ طَائِرٌ مُطِيْرٌ رمز کا تَطِيْرٌ

يَطَّيَّرُوْا شومی پکڑتے ہیں اور فال بد دیکھتے ہیں۔ دیکھو تطیّرنا۔

يُطِيْعُ فرماں برداری کرتا ہے۔ دیکھو اطاع

يُطِيْعُوْنَ پیروی کرتے ہیں۔ دیکھو اطاع

يُطِيْقُوْنَ طاقت رکھتے ہیں۔ دیکھو طاقة

يُظَاهِرُوْنَ آپس میں مدد کرتے ہیں۔ دیکھو ظاھروا۔

يَظْلَلْنَ ہوتے ہیں اور سایہ ڈالتے ہیں۔ دیکھو ظلّ۔

يَظْلِمُ بے انصافی کرتا ہے۔ دیکھو ظَلَمَ

يَظْلِمُوْنَ ظلم کرتے ہیں۔ دیکھو ظَلَمَ

يُظْلَمُوْنَ ظلم کئے جائینگے۔ دیکھو ظَلَمَ

يَظُنُّ گمان کرتا ہے۔ دیکھو ظَنَّ

يَظُنُّوْنَ گمان کرتے ہیں۔ دیکھو ظَنَّ

يُظْهِرُ ظاہر کرتا ہے اور غالب کرتا ہے۔ دیکھو اظھر

يَظْهَرُوْنَ چڑھتے ہیں اور غالب ہوتے ہیں۔ دیکھو ظَهَرَ۔

يَعْبُدُ پوجتا ہے۔ دیکھو عِبَادَة

يَعْبُدُوْنَ پوجتے ہیں۔ دیکھو عبادة

يَعْبَؤُ پروا کرتا ہے اور بھاری سمجھتا ہے مصدر اَلْعَبَأُ۔ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ۔ فرقان ۱۹/۴ تو کہہ پروا نہیں رکھتا میرا رب تمہاری۔ عَبَأَ يَعْبَؤُ عَابِئٌ مَعْبُوْءٌ اِعْبَأْ لَا تَعْبَأْ۔

يَعْتَدُوْنَ حد سے تجاوز کرتے ہیں۔ دیکھو اعتدٰی۔

يَعْتَذِرُوْنَ بہانہ کرتے ہیں۔ دیکھو تعتذرون۔

يَعْتَزِلُوْا کنارہ پکڑتے ہیں۔ دیکھو اعتزل

يَعْتَصِمُ چنگل مارتا ہے۔ دیکھو اعتصم

يُعْجِبُ خوش آتا ہے وہ۔ دیکھو اعجب

يُعْجِزُ عاجز کرتا ہے۔ مصدر اعجاز۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ۔ فاطر ۲۲/۱۵ اور نہیں ہے اللہ اس لایق کہ عاجز کرے اُسکو کوئی چیز۔ اَعْجَزَ يُعْجِزُ مُعْجِزٌ اَعْجِزْ لَا تُعْجِزْ۔

يُعْجِزُوْنَ تھکا دیں گے۔ دیکھو یُعْجِزُ۔

يُعَجِّلُ شتابی کرتا ہے۔ دیکھو عجّل۔

يَعِدُ وعدہ دیتا ہے۔ دیکھو وَعَدَ۔

يَعْدِلُوْنَ انصاف کرتے ہیں اور برابر

کرتے ہیں۔ اور تجاوز کرتے ہیں۔ اُمَّةٌ یَّهْدُوْنَ
بِالْحَقِّ وَبِهٖ یَعْدِلُوْنَ۔ اعراف ۹/۱۹ ایک فرقہ
راہ بتاتے ہیں حق کی اور اُسی پر انصاف
کرتے ہیں۔ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ انعام ۸/۵
اور وہ اپنے رب کے برابر کرتے ہیں۔ دیکھو عَدَّل

یَعْدُوْنَ حد سے بڑھتے ہیں۔ دیکھو عدوان
اصل میں یَعْتَدُوْنَ تھا۔ مخفف و مشدّد
ہر دو وجہ پر بولتے ہیں۔

یُعَذِّبُ شکنجے میں لیتا ہے۔ دیکھو عَذَّبَ

یَعْرُجُ چڑھتا ہے۔ دیکھو تَعْرُجُ۔

یَعْرُجُوْنَ چڑھتے ہیں۔ دیکھو تعرج۔

یَعْرِشُوْنَ چھت بناتے ہیں اور منڈوا
چڑھاتے ہیں۔ دیکھو معروشات۔

یُعْرِضُ مونہ پھیرتا ہے۔ دیکھو اعراض۔

یُعْرَضُ روبرو کیا جائے گا۔ دیکھو عرض

یُعْرِضُوْا مونہ پھیریں گے۔ دیکھو اعراض

یُعْرَضُوْنَ ظاہر کیئے جائینگے۔ دیکھو عرض

یُعْرَفُ پہچانا جاتا ہے۔ دیکھو عرف

یُعْرَفْنَ پہچانی جاتیں ہیں۔ دیکھو عرف

یَعْرِفُوْنَ پہچانتے جاتے ہیں۔ دیکھو عرف

یَعْزُبُ چھپاتا ہے اور دور ہوتا ہے۔ مصدر
عزوب۔ ف ض د ك۔ وَمَا یَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ
یونس ۱۱/۱۲ اور غائب نہیں رہتا تیرے رب
سے۔ عَزَبَ یَعْزُبُ عَازِبٌ مَعْزُوْبٌ اُعْزُبْ
لَا تَعْزُبْ۔

یَعْشُ اعراض کرتا ہے اور مونہ پھیرتا ہے اصل
میں یَعْشُوْ تھا۔ عامل جازم نے وٗ کو آخر سے
گرادیا۔ وَمَنْ یَّعْشُ عَنْ ذِکْرِ الرَّحْمٰنِ زخرف
۲۵/۱ اور جو کوئی آنکھیں چُراوے رحمٰن کی
یاد سے۔ عَشَا یَعْشُوْ عَاشٍ مَعْشُوٌّ اُعْشُ لَا تَعْشُ

یَعْصِ نافرمانی کرتا ہے۔ یٰ آخر سے گر گئی۔
دیکھو عصیان۔

یَعْصِرُوْنَ نچوڑتے ہیں۔ دیکھو اَعْصِرُ

یَعْصِمُ بچاتا ہے۔ مصدر عصم۔ ف ض ك۔ وَاللّٰهُ
یَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ۔ مائدہ ۶/۱۱ اور اللہ
تجکو بچالیگا لوگوں سے۔ عَصَمَ یَعْصِمُ عَاصِمٌ
مَعْصُوْمٌ اِعْصِمْ لَا تَعْصِمْ۔

یَعْصُوْنَ نافرمانی کرتے ہیں۔ دیکھو عصیان

یَعْصِیْنَ نافرمانی کرتی ہیں۔ دیکھو عصیان

یَعَضُّ کاٹ کھاویگا وہ۔ دیکھو عضوا

یُعْطَوْا دیئے جائینگے۔ دیکھو اعطی
یُعْطُوْا دیتے ہیں۔ دیکھو اعطی
یُعْطِیْ دیتا ہے۔ دیکھو اعطی
یَعِظُ نصیحت کرتا ہے۔ دیکھو وعظت
یُعَظِّمُ بزرگ کرتا ہے اور بڑا سمجھتا ہے۔ مصدر اِعْظَام منتہی الارب۔ وَیُعْظِمْ لَهٗ اَجْرًا۔ طلاق ۲۸/۱۴ اور بڑا دے اسکو نیک۔ اَعْظَمَ یُعْظِمُ مُعْظِمٌ اَعْظِمْ لَا تُعْظِمْ۔
یُعَظِّمُ بزرگ رکھے۔ مصدر تعظیم۔ وَمَنْ یُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ۔ حج ۱۴/۱۱ اور جو کوئی بڑائی رکھے اللہ کے ادب کی۔ عَظَّمَ یُعَظِّمُ مُعَظِّمٌ عَظِّمْ لَا تُعَظِّمْ۔
یَعْفُوْ معاف کرتا ہے اور معاف کرتے ہیں۔ دیکھو عفو
یَعْفُوْنَ معاف کرتے ہیں اور درگذر تے ہیں۔ دیکھو عفو
یُعَقِّبُ دیر کرتا ہے اور پیچھے کرتا ہے مصدر تَعْقِیْب۔ وَلَمْ یُعَقِّبْ۔ قصص ۳/۲ اور نہ پیچھے دیکھا۔ عَقَّبَ یُعَقِّبُ مُعَقِّبٌ عَقِّبْ لَا تُعَقِّبْ۔
یَعْقِلُ سمجھتا ہے۔ دیکھو عقلوا
یَعْقِلُوْنَ عقل رکھتے ہیں۔ دیکھو عقلوا

یَعْقُوْبُ نام حضرت اسحاق علیہ السلام کے بیٹے کا ہے اور لقب اُنکا اسرائیل ہے۔ یہ لفظ عبرانی ہے۔
یَعْکِفُوْنَ اوندے ہوتے ہیں۔ دیکھو عاکف
یَعْلَمُ جانتا ہے۔ دیکھو علم
یُعَلِّمُ سکھاتا ہے۔ دیکھو علّم
یُعَلِّمَانِ سکھاتے ہیں دونو۔ دیکھو علّم
یَعْلَمُوْنَ جانتے ہیں۔ دیکھو علم
یُعَلِّمُوْنَ سکھاتے ہیں۔ دیکھو علّم
یُعْلِنُوْنَ ظاہر کرتے ہیں۔ دیکھو اعلنت
یَعْمُرُ آباد کرتا ہے۔ دیکھو عمارة
یُعَمَّرُ عمر دراز کیا جائے گا۔ دیکھو معمّر
یَعْمُرُوْا آباد کرتے ہیں۔ دیکھو عمارة
یَعْمَلُ کام کرتا ہے۔ دیکھو عمل
یَعْمَلُوْنَ کام کرتے ہیں۔ دیکھو عمل
یَعْمَهُوْنَ سرگردان ہوتے ہیں۔ مصدر عمه ک ف۔ فِیْ طُغْیَانِهِمْ یَعْمَهُوْنَ۔ بقر ۲/۱ اُنکی شرارت میں بہکے ہوئے۔ عَمِهَ یَعْمَهُ عَامِهٌ مَعْمُوْهٌ اِعْمَهْ لَا تَعْمَهْ۔
یَعُوْدُوْنَ رجوع کرتے ہیں۔ دیکھو عاد

يَعُوْذُوْنَ پناه لیتے ہیں۔ دیکھو اعوذ

يَعُوْقُ روکتا ہے۔ اور نام بُت کا کہ قوم حضرت نوح علیہ السلام کی اسکو بصورت شیر بناکر پوجتے تھے اور اُسکو مظہر قوت الٰہی کا جان کر پوجتے تھے اور ہنود اسکو شیو کہتے ہیں حقیقت میں نام ایک بیٹے ادریس علیہ السلام کا ہے جسکو بصورۃ بت بناکر پوجتے تھے اور بعد طوفان کے بنو کہلان کے ہاتھ آیا اور اُن سے بنو ہمدان کو پہنچا۔

يُعِيْدُ پھرتا ہے۔ دیکھو اعیدوا

يُعِيْدُوْا پھرتے ہیں اور پھریں گے۔ دیکھو اعیدوا۔

يَعْيٰى تھکتا ہے۔ دیکھو عیینا

يُغَاثُ مینہ دیئے جائینگے۔ دیکھو غیث

يُغَاثُوْا فریاد پہنچے جائینگے ن آخر سے گر گیا۔ مصدر غَوْث۔ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا۔ کہف $\frac{۲۹}{۱۶}$ اور اگر فریاد کریں فریاد کو پہنچے جاویں گے۔ غَاثَ يَغُوْثُ غَاثٌ مَغُوْثٌ غُثْ لَا تَغُثْ۔

يُغَادِرُ چھوڑتا ہے۔ مصدر مُغَادَرَة۔ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً۔ کہف $\frac{۴۹}{۱۸}$ نہ چھوڑے چھوٹی بات نہ بڑی بات۔ غَادَرَ يُغَادِرُ مُغَادِرٌ غَادِرْ لَا تُغَادِرْ۔

يَغْتَبْ غیبت کرتا ہے۔ مصدر اِغْتِيَاب وَلَا يَغْتَبْ۔ حجرات $\frac{۱۲}{۲۶}$ اور غیبت نکرے۔ اِغْتَابَ يَغْتَابُ مُغْتِيْبٌ مُغْتَابٌ اِغْتِبْ لَا تَغْتَبْ۔

يَغُرُّ فریب دیتا ہے اور کبھی بغیر فک ادغام سے بھی پڑھتے ہیں۔ دیکھو غرور۔

يُغْرِقُ ڈبوتا ہے۔ دیکھو اغرقنا۔

يَغْشٰى ڈھانپ لیتا ہے۔ دیکھو غشی۔

يُغَشِّيْ چھپاتا ہے دیکھو غشّی

يُغْشِيْ ڈھانپتا ہے۔ دیکھو غشینا

يَغْضُضْنَ آنکھ نیچے کرتی ہیں۔ مصدر غَضّ۔ ف ض۔ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ نور $\frac{۳۱}{۱۸}$ نیچے رکھیں ٹک اپنی آنکھیں۔ غَضَّ يَغُضُّ غَاضٌّ مَغْضُوْضٌ اُغْضُضْ لَا تَغْضُضْ

يَغُضُّوْنَ آنکھ نیچے کرتے ہیں۔ دیکھو يَغْضُضْنَ

يَغْفِرُ بخشتا ہے دیکھو غفران

يُغْفَرُ بخشا جائیگا اور گناہ ڈھانپا جائے گا

دیکھو غفران۔
یَغْفِرُوْنَ بخشتے ہیں۔ دیکھو غفران
یَغُلُّ چھپاتا ہے اور خیانت کرتا ہے اور کبھی
یغلل فک ادغام سے بھی پڑھتے ہیں۔ دیکھو
غَلَّ۔
یَغْلِبُ غالب ہوگا۔ دیکھو غلب۔
یَغْلِبُوْا غالب ہونگے ن گر گیا۔ دیکھو
غَلَبَ۔
یُغْلَبُوْنَ مغلوب ہونگے۔ دیکھو غلب
یَغْلِیْ جوش مارتا ہے۔ دیکھو غلی
یَغْنَوْا بے نیاز کرتے ہیں ن آخر سے ساقط
ہوگیا دیکھو غنی
یَغْنَوْا رہتے ہیں اور تھے ن اعرابی گر
گیا۔ کَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا۔ اعراف ۹
جیسے کبھی نہ رہے تھے وہاں۔ غَنِیَ
یَغْنٰی غَانٍ مَغْنِیٌّ لِغْنَ لَاتَغْنَ۔
یُغْنِیْ بے پرواہی کرتا ہے۔ دیکھو اغنی
یُغْنِیَا بے پرواہی کرتے ہیں دونو۔ ن
اعرابی گر گیا۔ دیکھو اغنی
یَغُوْثُ فریاد پہنچاتا ہے۔ دیکھو یغاثوا۔ اور
نام ہے ایک بت کا کہ قوم نوح علیہ السلام
اُسکو مظہر غیاث المستغیثین کا سمجھتے تھے
اور بصورت گھوڑے کی بنا کر پوجتے تھے
ہنود اُسکو اندر کہتے ہیں۔ اصل میں نام ہے
ادریس علیہ السلام کے بیٹے کا جو اخیر بنی
طی کے ہاتھ لگا اور اُن سے بنو ناجیہ نے
چھین لیا اور مدت تک پوجتے تھے۔
یَغُوْصُوْنَ غوطے لگاتے ہیں۔ دیکھو
غَوَّاص۔
یُغْوِیْ بے راہ کرتا ہے۔ دیکھو اغوی۔
یُغَیِّرُ بدلتا ہے۔ دیکھو تغییر۔ اِنَّ اللّٰہَ
لَا یُغَیِّرُ رعد ۱۳/۲ اللہ نہیں بدلتا۔ غَیَّرَ
یُغَیِّرُ مُغَیِّرٌ غَیِّرْ لَا تُغَیِّرْ۔
یُغَیِّرُوْا بدلتے ہیں۔ دیکھو یُغَیِّرُ
یَغِیْظُ خفا کرتا ہے۔ دیکھو غیظ۔
یَفْتَحُ کھولتا ہے۔ دیکھو فتح۔
یُفْتَدُوْا چھڑائی دیے جائینگے۔ دیکھو
افتدی
یَفْتَدِیْ فدیہ دیتا ہے اور چھڑوائی دیتا
ہے۔ دیکھو افتدی۔

يُفَتَّرُ ہلکا کیا جائے گا۔ مصدر تفتیر
لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ۔ زخرف ۲۵/۱۳ نہ سست
کیا جاوے گا اُن سے۔ فَتَّرَ يُفَتِّرُ
مُفَتِّرٌ فَتِّرْ لَا تُفَتِّرْ۔

يَفْتَرُوْنَ بُہتان کرتے ہیں۔ دیکھو
افترٰی۔

يَفْتَرِيْ افترا کرتا ہے۔ دیکھو افترٰی

يُفْتَرٰى جھوٹ باندھا جاتا ہے۔
دیکھو افترٰی۔

يَفْتَرِيْنَ افترا کرینگی اور جھوٹ
باندھینگی۔ دیکھو افترٰی۔

يَفْتِنُ آزماتا ہے۔ دیکھو فتون

يَفْتِنُوْنَ جانچتے ہیں۔ دیکھو فتون

يُفْتَنُوْنَ جانچے جاتے ہیں۔ اور
عذاب کیئے جاتے ہیں۔ دیکھو فتون

يُفْتِيْ فتوی دیتا ہے۔ دیکھو افتوا

يَفْجُرُ نافرمانی کرتا ہے۔ دیکھو فجور

يُفَجِّرُوْنَ بہاتے ہیں۔ دیکھو فجرت

يَفِرُّ بھاگتا ہے۔ دیکھو فرار

يَفْرَحُ خوش ہوتا ہے۔ دیکھو فرح

يَفْرَحُوْنَ خوش ہوتے ہیں۔ دیکھو
فرح۔

يَفْرُطُ سرکشی کرتا ہے۔ اور تقصیر کرتا
ہے۔ دیکھو فرط۔

يُفَرِّطُوْنَ قصور کرتے ہیں۔ دیکھو
فرطت۔

يُفْرَقُ فرق کیا جائے گا۔ دیکھو فرق

يَفْرُقُوْنَ جدائی ڈالتے ہیں۔ دیکھو
فرق۔

يُفَرِّقُوْنَ تفریق کرتے ہیں۔ اور
پھوٹ ڈالتے ہیں۔ دیکھو تفریق۔

يَفْسَحُ کشادہ کرتا ہے۔ مصدر فسح۔
فسحۃ۔ ف ت۔ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ
مجادلہ ۲۸/۲ تو کھل جاؤ اللہ کشادگی دے
تمکو۔ فَسَحَ يَفْسَحُ فَاسِحٌ مَفْسُوْحٌ اِفْسَحْ
لَا تَفْسَحْ۔

يُفْسِدُ بگاڑتا ہے وہ۔ دیکھو افسدوا

يُفْسِدُوْنَ خرابی کرتے ہیں وہ۔
دیکھو افسدوا۔

يَفْسُقُوْنَ نافرانی کرتے ہیں۔ دیکھو

فسوق۔
یَفْصِلُ جدا کرتا ہے۔ دیکھو فصال
یُفَصِّلُ بیان کرتا ہے۔ دیکھو تفصیل
یَفْعَلُ کرتا ہے۔ دیکھو فعل
یُفْعَلُ کیا جاتا ہے۔ اور کیا جائے گا
دیکھو فعل۔
یَفْعَلُوْنَ کرتے ہیں۔ دیکھو فَعَلَ۔
یَفْقَهُوْنَ جانتے ہیں اور سمجھتے ہیں۔
مصدر فقه۔ فقاهة۔ ل ف لَا یَکَادُوْنَ
یَفْقَهُوْنَ قَوْلًا۔ کہف پ ۱۶ نہیں نزدیک
تھے کہ سمجھیں بات کو۔ فَقِهَ یَفْقَهُ فَقِیْهٌ
فَاقِهٌ مَفْقُوْهٌ اِفْقَهْ لَا تَفْقَهْ۔
یُفْلِحُ مراد کو پہنچتا ہے۔ دیکھو افلح
یُفْلِحُوْنَ مراد کو پہنچینگے۔ دیکھو افلح
یُقَاتِلُ لڑائی کرتا ہے۔ دیکھو قتال
یُقَاتِلُوْنَ آپسمیں لڑائی کرتے ہیں۔
دیکھو قتال
یُقَالُ کہا جاتا ہے۔ دیکھو۔ قول۔
یَقْبِضُ تنگ کرتا ہے۔ دیکھو قبض۔
یَقْبِضْنَ تنگ کرتی ہیں۔ اور۔ چلتی ہیں

دیکھو قبض۔
یَقْبِضُوْنَ تنگ کرتے ہیں۔ دیکھو قبض
یَقْبَلُ قبول کرتا ہے۔ دیکھو قبول
یُقْبَلُ قبول کیا جاتا ہے۔ دیکھو قبول
یَقْتَتِلَانِ لڑائی کرتے ہیں دونو۔ مصدر
اقتتال۔ فَوَجَدَ فِیْهَا رَجُلَیْنِ یَقْتَتِلَانِ۔
قصص پ ۲۰ پھر پائے اُسمیں دو مرد لڑتے۔
اِقْتَتَلَ یَقْتَتِلُ مُقْتَتِلٌ اِقْتَتِلْ لَا تَقْتَتِلْ
یَقْتَرِفُ کماتا ہے۔ دیکھو اقترفتموا
یَقْتَرِفُوْنَ کماتے ہیں۔ دیکھو اقترفتموا
یَقْتُرُوْا تنگی کرتے ہیں۔ دیکھو قتورا
یَقْتُلُ قتل کرتا ہے۔ دیکھو قتل۔
یُقْتَلُ مارا جاتا ہے۔ دیکھو قتل۔
یَقْتُلْنَ مارتی ہیں۔ دیکھو قتل۔
یَقْتُلُوْنَ جان سے مارتے ہیں۔
دیکھو قتل۔
یُقْتَلُوْنَ مارے جاتے ہیں۔ دیکھو
قتل۔
یُقَتَّلُوْا پارہ پارہ کیے جائینگے۔ دیکھو
تقتیل۔

يُقَتِّلُوْنَ ٹکڑے ٹکڑے کرتے ہیں۔ دیکھو تقتیل۔

يَقْدِرُ قدرت رکھتا ہے اور تنگ کرتا ہے۔ دیکھو قدر۔

يُقَدِّرُ اندازہ کرتا ہے۔ دیکھو تقدیر۔

يَقْدِرُوْنَ قدرت رکھتے ہیں۔ دیکھو قدر۔

يَقْدُمُ آگے چلتا ہے۔ مصدر قدم۔ ن ص۔ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ہود ۱۲/۹ آگے ہوگا اپنی قوم کے قیامت کے دن۔ قَدَمَ يَقْدُمُ قَادِمٌ مَقْدُوْمٌ اُقْدُمْ لَاتَقْدُمْ۔

يَقْذِفُ پھینکتا ہے۔ دیکھو قذف

يَقْذِفُوْنَ پھینکتے ہیں۔ دیکھو قذف۔

يُقْذَفُوْنَ پھینکے جاوینگے۔ دیکھو قذف۔

يَقْرَبُوْا نزدیک ہوتے ہیں۔ اور ہونگے وہ۔ مصدر قرب۔ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ۔ توبہ ۱۰/۴ سو نزدیک نہ آویں مسجد الحرام کے۔ قَرِبَ يَقْرَبُ قَارِبٌ مَقْرُوْبٌ اِقْرَبْ لَاتَقْرَبْ۔

يُقَرِّبُوْا نزدیک کردیں۔ دیکھو قرّب

يُقْرِضُ اُدھار دیتا ہے۔ دیکھو اقرضتم

يَقْرَءُوْنَ پڑھتے ہیں۔ دیکھو قرءَ

يُقْسِمُ قسم کھاتا ہے۔ دیکھو اَقْسَمْتُمْ

يُقْسِمَانِ قسم کھاتے ہیں دونو۔ دیکھو اَقْسَمْتُمْ۔

يَقْسِمُوْنَ حصہ کرتے ہیں۔ دیکھو قسمۃ۔

يَقُصُّ بیان کرتا ہے۔ دیکھو قصّ

يُقْصِرُوْنَ کم کرتے ہیں۔ مصدر اقصار ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ۔ اعراف ۱/۱۴ پھر وہ کمی نہیں کرتے۔ اَقْصَرَ يُقْصِرُ مُقْصِرٌ اَقْصِرْ لَاتُقْصِرْ۔

يَقُصُّوْنَ بیان کرتے ہیں۔ دیکھو قصّ۔

يَقْضُوْنَ حکم کرتے ہیں۔ دیکھو قضی

يَقْضِىْ حکم کرتا ہے اور کبھی ی آخر سے گر جاتی ہے۔ دیکھو قضی۔

یُقۡضٰی حکم کیا جائے گا۔ دیکھو قضی

یَقۡطَعُ کاٹتا ہے۔ دیکھو قطع

یَقۡطَعُوۡنَ کاٹتے ہیں۔ دیکھو قطع

یَقۡطِیۡن درخت کدو اور ہر درخت بیلدار
اسم جامد مذکر۔

یُقَلِّبُ پھیرتا ہے اور پلٹتا ہے۔ دیکھو
قلب۔

یُقَلِّلُ کم کرتا ہے۔ مصدر تقلیل۔ وَیُقَلِّلُکُمۡ
فِیۡۤ اَعۡیُنِہِمۡ۔ انفال ۵ اور تمکو تھوڑا سا
دکھایا اُنکی آنکھوں میں۔ قَلَّلَ یُقَلِّلُ
مُقَلِّلٌ قَلِّلۡ لَاتُقَلِّلۡ۔

یَقۡنُتۡ فرمان برداری کرتا ہے۔ مصدر قنت
قنوت۔ ف ض۔ وَمَنۡ یَّقۡنُتۡ مِنۡکُنَّ لِلّٰہِ وَ
رَسُوۡلِہٖ۔ احزاب ۴ اور جو کوئی تم میں اطاعت
کرے اللہ کی اور اسکے رسول ؐ کی۔ قَنَتَ یَقۡنُتُ
قَانِتٌ مَقۡنُوۡتٌ اُقۡنُتۡ لَاتَقۡنُتۡ۔

یَقۡنَطُ ناامید ہوتا ہے۔ دیکھو قنوط

یَقۡنَطُوۡنَ ناامید ہوتے ہیں۔ دیکھو
قنوط۔

یَقُوۡلُ کہتا ہے۔ دیکھو قول

یَقُوۡلَا کہتے ہیں دونو۔ دیکھو قول۔

یَقُوۡلُوۡنَ کہتے ہیں سب۔ دیکھو قول

یَقُوۡمُ کھڑا ہوتا ہے وہ۔ دیکھو قیام۔

یَقُوۡمَانِ کھڑے ہوتے ہیں دونو۔ دیکھو
قیام۔

یَقُوۡمُوۡنَ کھڑے ہوتے ہیں۔ دیکھو
قیام۔

یُقِیۡمَا کھڑے ہوتے ہیں دونو۔ دیکھو
اقام۔

یُقِیۡمُوۡنَ درست کرتے ہیں اور قائم
رکھتے ہیں۔ دیکھو اقام۔

یَقِیۡن بیشک اور موت اور حرف ایجاب
اسم جامد۔

یَکُ رہتا ہے اصل میں یکن تھا ن گر گیا
دیکھو کان۔

یَکَادُ نزدیک ہے اور کبھی الف گر جاتا
ہے۔ دیکھو کاد۔

یَکَادُوۡنَ نزدیک ہیں۔ دیکھو کاد

یَکۡبِتُ ذلیل کرتا ہے۔ دیکھو کبت

یَکۡبُرُ بڑا ہوتا ہے۔ دیکھو کبر۔

یَکْبُرُوْا بڑے ہوتے ہیں۔ دیکھو کبر۔

یَکْتُبُ لکھتا ہے۔ دیکھو کتاب

یَکْتُبُوْنَ لکھتے ہیں۔ دیکھو کتاب

یَکْتُمُ چھپاتا ہے۔ دیکھو کتم

یَکْتُمْنَ چھپاتی ہیں۔ دیکھو کتم

یَکْتُمُوْنَ چھپاتے ہیں۔ دیکھو کتم

یَکَدْ نزدیک ہے یا رہتا ہے۔ اصل میں یکاد تھا۔ الف گر گیا۔ لَمْ یَکَدْ یَرٰھَا۔ نور ۱۱/۱۱ نہیں نزدیک کہ دیکھیں اسکو۔ دیکھو کاد

یُکَذِّبُ جھٹلاتا ہے۔ دیکھو تکذیب

یَکْذِبُوْنَ جھوٹ بولتے ہیں۔ دیکھو کذب

یُکَذِّبُوْنَ جھٹلاتے ہیں۔ دیکھو تکذیب

یُکْرِہُ زبردستی کرتا ہے۔ دیکھو اکراہ

یَکْرَھُوْنَ ناخوش جانتے ہیں۔ دیکھو کرہ۔

یَکْسِبُ کماتا ہے۔ دیکھو کسب

یَکْسِبُوْنَ کماتے ہیں۔ دیکھو کسب

یَکْشِفُ کھولتا ہے دیکھو کشف

یُکْشَفُ کھولا جاتا ہے۔ دیکھو کشف

یَکُفُّ باز رکھتا ہے۔ دیکھو کف

یَکْفُرُ منکر ہوتا ہے۔ دیکھو کفر

یُکَفِّرُ دور کرتا ہے۔ دیکھو کفر

یُکْفَرُوْا ناشکری کیئے جائینگے۔ دیکھو کفر

یَکْفُرُوْنَ منکر ہوتے ہیں۔ دیکھو کفر

یَکْفُلُ ضامن ہوتا ہے۔ مصدر کفل ف ض۔ اَیُّھُمْ یَکْفُلُ مَرْیَمَ۔ آل عمران ۳/۱۳ کون پالے مریم کو۔ کَفَلَ یَکْفُلُ کَافِلٌ کَفِیْلٌ مَکْفُوْلٌ اُکْفُلْ لَا تَکْفُلْ

یَکْفُلُوْنَ قبول کرتے ہیں۔ دیکھو یکفل

یَکُفُّوْنَ باز رکھتے ہیں۔ دیکھو کف

یَکْفِیْ کفایت کرتا ہے۔ دیکھو کفی

یُکَلِّفُ تکلیف دیتا ہے۔ مصدر تکلیف لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا۔ بقر ۳/۸ اللہ تکلیف نہیں دیتا کسی شخص کو مگر جو اسکی گنجایش ہے۔ کَلَّفَ یُکَلِّفُ مُکَلِّفٌ کَلِّفْ لَا تُکَلِّفْ۔

یَکْلَؤُ بچاتا ہے۔ مصدر الکلاءۃ۔ نگاہبانی کرنا ف ف۔ قُلْ مَنْ یَّکْلَؤُکُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّھَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ۔ انبیاء ۳/۴ تو کہہ کون چوکی دیتا ہے تمہاری رات میں

اور دن میں رحمٰن سے۔ كَلَاَ يَكْلَوُكَالِئٌ مَكْلُوءٌ اِكْلَاْ لَاتَكْلَاْ

يَكُنْ رہتا ہے اور کبھی نون بھی گرجاتا ہے۔ دیکھو کان۔

يَكْنِزُوْنَ گاڑ رکھتے ہیں یعنے خزانہ جمع کرتے ہیں۔ دیکھو کنزتم۔

يُكَوِّرُ لپیٹتا ہے اور خوار کرتا ہے۔ دیکھو کورت

يَكُوْنُ ہوتا ہے اور کبھی واؤ گرجاتی ہے دیکھو کان۔

يَكُوْنَا ہوں دونو۔ دیکھو کان

يَكُوْنُوْنَ ہونگے۔ دیکھو کان

يَكِيْدُوْنَ فریب کرتے ہیں۔ دیکھو کید

يُلَاقُوْا ملاقات کرینگے۔ دیکھو مُلَاقِي

يَلْبَثُوْنَ دیر کرتے ہیں۔ دیکھو لبث

يَلْبِسُ ملاوے اور پہنے۔ دیکھو لبس

يَلْبِسُوْا ملاویں۔ اور چھپاویں۔ دیکھو لبس

يَلْبِسُوْنَ شبہ میں ڈلتے ہیں۔ دیکھو لبس

يَلْبَسُوْنَ پہنینگے۔

يَلِتْ کم کرتا ہے۔ دیکھو التنا

يَلْتَفِتُ متوجہ ہوتا ہے۔ مصدر التفات وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ۔ حجر ۱۲/۵ اور مڑ کر نہ دیکھے تم میں کوئی۔ اِلْتَفَتَ يَلْتَفِتُ مُلْتَفِتٌ اِلْتَفِتْ لَا تَلْتَفِتْ۔

يَلْتَقِطُ اُٹھا لیتا ہے۔ اور چن لیتا ہے دیکھو التقط۔

يَلْتَقِيَانِ ملتے ہیں دونو۔ دیکھو التقی

يَلِجُ داخل ہوتا ہے۔ مصدر ولج۔ ولوج ف ك۔ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ۔ حدید ۲۷/۱۷ جانتا ہے جو کچھ داخل ہوتا ہے زمین میں۔ وَلَجَ يَلِجُ وَالِجٌ مَوْلُوْجٌ لِجْ لَا تَلِجْ۔

يُلْحِدُوْنَ حق سے پھرتے ہیں۔ دیکھو الحاد۔

يَلْحَقُوْا ملتے ہیں۔ نون اعرابی گر گیا مصدر لحق۔ لحاق۔ ك ف۔ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ۔ جمعہ ۲۸/۱۱ جو ابھی نہیں ملے اُنہیں لَحِقَ يَلْحَقُ لَاحِقٌ مَلْحُوْقٌ اِلْحَقْ لَا تَلْحَقْ

يَلِدُ جنتا ہے۔ دیکھو ولد

يَلِدُوْا جنتے ہیں۔ نون اعرابی گر گیا دیکھو ولد۔

یَلْعَبُ کھیلتا ہے۔ دیکھو لعب۔
یَلْعَبُوْنَ کھیلتے ہیں۔ دیکھو لعب۔
یَلْعَنُ لعنت کرتا ہے۔ دیکھو لعنة
یَلْفِظُ بولتا ہے۔ مصدر لفظ۔ ف۔ ک۔
مَا یَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَیْهِ رَقِیْبٌ عَتِیْدٌ
ق ۲۶/۱۶ نہیں بولتا ایک بات جو نہیں
اُس پاس ایک راہ دیکھتا تیار۔ لَفَظَ
یَلْفِظُ لَافِظٌ مَلْفُوْظٌ اِلْفِظْ لَا تَلْفِظْ۔
یُلْقِ ڈالتا ہے۔ یٰ آخر سے گر گئی۔
دیکھو القی۔
یَلْقَ ملاقات کرتا ہے۔ یٰ آخر سے گر
گئی۔ دیکھو لقاء۔
یُلْقُوْا ڈالتے ہیں۔ دیکھو القی۔
یَلْقَوْنَ پہنچتے ہیں۔ دیکھو لقاء۔
یُلَقَّوْنَ ملاقات کیے جائینگے۔ اور
ملینگے۔ دیکھو لقی۔
یُلْقٰی ڈالا جائے گا۔ دیکھو القی۔
یُلَقّٰی ملاقات کیے جائینگے۔ دیکھو لقی
یَلْمِزُ انگلیوں سے بتاتا ہے اور طعنہ
کرتا ہے۔ دیکھو لمزہ۔

یَلْمِزُوْنَ عیب کرتے ہیں اور آنکھوں
سے اشارہ کرتے ہیں۔ دیکھو لمزة۔
یَلُوْنَ نزدیک ہوتے ہیں۔ مصدر
ولایة۔ قَاتِلُوا الَّذِیْنَ یَلُوْنَکُمْ مِّنَ
الْکُفَّارِ۔ توبہ ۱۱/۱۶ لڑتے جاؤ اپنے نزدیک
کے کافروں سے۔ وَلِیَ یَلِیْ وَالٍ مَوْلِیٌّ
لِ لَا تَلِ۔
یَلْوُنَ پلٹتے ہیں اور پھرتے ہیں۔
مصدر لوی۔ لی۔ یَلْوُنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْکِتٰبِ
آل عمران ۱۳/۱۶ زبان مروڑ کر پڑھتے
ہیں کتاب۔ لَوٰی یَلْوِیْ لَاوٍ مَلْوِیٌّ اِلْوِ
لَا تَلْوِ۔
یُلْهِ مشغول کرتا ہے اصل میں یلہی تھا
یٰ آخر سے گر گئی۔ دیکھو الهی۔
یَلْهَثُ زبان نکالتا ہے اور پیاسا ہوتا
ہے۔ مصدر لهث۔ ف۔ ف۔ اِنْ تَحْمِلْ
عَلَیْهِ یَلْهَثْ اَوْ تَتْرُکْهُ یَلْهَثْ۔ اعراف
۹/۱۲ اُس پر تو لادے تو ہانپے اور چھوڑ دے
تو ہانپے۔ لَهَثَ یَلْهَثُ لَاهِثٌ مَلْهُوْثٌ
اِلْهَثْ لَا تَلْهَثْ۔

یَمّ دریا۔ اسم جامد

یُمَارُوْنَ جھگڑا کرتے ہیں۔ دیکھو تمارِ۔

یَمْتَرُوْنَ شک کرتے ہیں۔ دیکھو تَمْتَرُوْنَ۔

یُمَتِّعُ فایدہ مند کرتا ہے۔ دیکھو متّعت

یُمَتَّعُوْنَ برخوردار کیئے جاوینگے۔ دیکھو متّعت

یَمْحُ مٹاتا ہے آخر سے۔ وآو گر گیا۔ دیکھو محونا۔

یُمَحِّصُ خالص کرتا ہے اور آزماتا ہے مصدر تمحیص۔ وَلِیُمَحِّصَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔ عمران ۱۴/۵ اور اسواسطے کہ نکھارے اللہ ایمان والوں کو۔ مَحَّصَ یُمَحِّصُ مُمَحِّصٌ مُحَمَّصٌ لَاتُمَحِّصْ۔

یَمْحَقُ ناچیز کرتا ہے۔ اور گھٹاتا ہے۔ مصدر محق۔ ن ف۔ یَمْحَقُ اللّٰہُ الرِّبٰو۔ بقر ۳۸/۳ مٹاتا ہے اللہ سود۔ مَحَقَ یَمْحَقُ مَاحِقٌ مَمْحُوْقٌ اِمْحَقْ لَاتَمْحَقْ۔

یَمْحُوْ مٹاتا ہے۔ اور کبھی وآو گر جاتا ہے دیکھو محونا۔

یَمُدُّ کھینچتا ہے اور دراز کرتا ہے اور فکّ ادغام سے یمدد بھی آیا ہے۔ دیکھو مدّ

یُمِدُّ مدد کرتا ہے۔ اور فکّ ادغام سے یُمْدِدْ بھی آیا ہے۔ دیکھو اَمَدَّ۔

یَمُدُّوْنَ کھینچتے ہیں۔ دیکھو مَدّ

یَمُرُّوْنَ گذرتے ہیں۔ دیکھو مَرَّ

یَمَسُّ چھوتا ہے اور پہنچتا ہے اور کبھی فکّ ادغام سے یَمْسَسْ بھی پڑھتے ہیں جیساکہ اِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ۔ انعام ۲/۸ اور اگر پہنچاوے تجھکو اللہ کچھ سختی۔ دیکھو مَسّ۔

یُمْسِكُ نگاہ رکھتا ہے۔ دیکھو امساک

یُمَسِّكُوْنَ چنگل مارتے ہیں۔ مصدر تَمَسِّیْك۔ وَالَّذِیْنَ یُمَسِّکُوْنَ بِالْکِتٰبِ اعراف ۹/۱۱ اور جو لوگ پکڑ رہے ہیں کتاب۔ مَسَّكَ یُمَسِّكُ مُمَسِّكٌ مَسِّكْ لَاتُمَسِّكْ۔

یَمْشُوْنَ چلتے ہیں۔ دیکھو مشی

یَمْشِيْ چلتا ہے دیکھو مشی

یَمْکُثُ ٹھہرتا ہے۔ دیکھو مکث
یَمْکُرُ داؤ کرتا ہے۔ دیکھو مکر
یَمْکُرُوْنَ فریب کرتے ہیں۔ دیکھو مکر
یُمَکِّنُ قدرت دیتا ہے۔ دیکھو مکنا
یُمِلَّ یاد سے لکھتا ہے۔ اور فک ادغام
سے یُمْلِلْ بھی آیا ہے۔ مصدر اِملال
اَوْلَا یَسْتَطِیْعُ اَنْ یُّمِلَّ هُوَ فَلْیُمْلِلْ وَلِیُّهٗ
بِالْعَدْلِ۔ بقر ۳۶ یا نہیں سکتا یہ کہ مطلب
کہے وہ پس چاہیئے کہ مطلب کہے والی
اسکا عدل سے۔ اَمَلَّ یُمِلُّ مُمِلٌّ اَمْلِلْ
لَا تُمْلِلْ۔
یَمْلِكُ مالک ہوتا ہے۔ دیکھو ملکت
یَمْلِکُوْنَ مالک ہوتے ہیں۔ دیکھو ملکت
یَمُوْجُ رہتا ہے اور حرکت کرتا ہے۔
مصدر موج۔ وَتَرَکْنَا بَعْضَهُمْ یَوْمَئِذٍ
یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ۔ کہف ۱۶/۲ اور چھوڑ
دینگے ہم خلق کو اُسدن ایک دوسرے
میں دھنستے۔ مَاجَ یَمُوْجُ مَائِجٌ
مَمُوْجٌ مُجْ لَا تَمُجْ
یَمُنُّ احسان رکھتا ہے۔ دیکھو مَنَّ

یَمْنَعُوْنَ منع کرتے ہیں۔ دیکھو منع
یَمُنُّوْنَ احسان رکھتے ہیں۔ دیکھو مَنَّ
یُمَنِّیْ آرزو میں ڈالتا ہے۔ دیکھو امنیۃ
یُمْنٰی گرایا جاتا ہے۔ دیکھو تمنی
یَمُوْتُ مرتا ہے اور کبھی واؤ گرجاتی ہے
یَمُتْ آتا ہے فَیَمُتْ وَهُوَ کَافِرٌ بقر ۲/۱۱
پھر مرجاوے گا کفر ہی پر۔ دیکھو موت
یَمُوْتُوْنَ مرتے ہیں اور مرینگے۔ دیکھو
موت۔
یَمْهَدُوْنَ تیار کرتے ہیں یعنے سنوارتے
ہیں۔ مصدر مہد ون وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا
فَلِاَنْفُسِهِمْ یَمْهَدُوْنَ روم ۱۲/۸ اور جو کرے
بھلے کام سو اپنی راہ سنوارتے ہیں۔ مَهَدَ
یَمْهَدُ مَاهِدٌ مَمْهُوْدٌ اِمْهَدْ لَا تَمْهَدْ۔
یُمِیْتُ مارتا ہے۔ دیکھو امات
یَمِیْزُ جدا کرتا ہے مصدر میز حَتّٰی یَمِیْزَ الْخَبِیْثَ
مِنَ الطَّیِّبِ۔ آل عمران ۱۸/۴ جبتک جدا نہ کرے ناپاک
کو پاک سے۔ مَازَ یَمِیْزُ مَائِزٌ مَمِیْزٌ مِزْ لَا تَمِزْ
یَمِیْلُوْنَ خواہش کرینگے۔ دیکھو میل
یَمِیْنٌ قسم اور دہنی طرف اور قوت۔

جمع ایمان۔ اصحاب الیمین دہنی طرف بیٹھنے والے۔ اور اصحاب المیمنۃ بھی انہیں کو کہتے ہیں برعکس لفظ اصحاب الشمال اور اصحاب المشئمۃ۔ اسم جامد واحد مذکر معتل۔ جَنَّتٰنِ عَنْ یَمِیْنٍ وَّشِمَالٍ۔ سبا ۲۲/۸ دو باغ دہنے اور بائیں۔ ضَرْبًا بِالْیَمِیْنِ صافات ۲۳/۷ مارتا ہے دہنے ہاتھ سے یعنی قوت سے۔ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَیْمَانِكُمْ۔ بقر ۲/۱۲ اور نہ ٹھیراؤ اللہ کو ہت کھنڈا اپنی قسمیں کھانے کا۔

یَنَابِیْع چشمے۔ واحد ینبوع۔

یُنَادُوْنَ پکارتے ہیں۔ دیکھو نداء

یُنَادَوْنَ پکارے جاوینگے وہ۔ دیکھو نداء۔

یُنَادِی پکارتا ہے۔ دیکھو نداء

یُنَازِعُ جھگڑا کرتا ہے۔ مصدر منازعۃ فَلَا یُنَازِعُنَّكَ فِی الْاَمْرِ۔ حج ۱۷/۱۶ سو چاہیے تجھ سے جھگڑا نہ کریں اس کام میں۔ نَازَعَ یُنَازِعُ مُنَازِعٌ نَازِعْ لَا تُنَازِعْ۔

یَنَالُ پہنچتا ہے۔ دیکھو نیل

یَنَالُوْنَ پہنچتے ہیں۔ دیکھو نیل

یُنْبِتُ اُگاتا ہے۔ دیکھو انبت

یُنْبَذُ پھینکا جائے گا۔ دیکھو نبذ

یَنْبَغِیْ لائق ہے۔ مصدر انبغاء سزاوار شدن۔ وَمَا یَنْبَغِیْ لَهٗ۔ یس ۲۳/۴ اور یہ اُسکے لائق نہیں۔ اِنْبَغٰی یَنْبَغِیْ مُنْبَغٍ اِنْبَغِ لَا تَنْبَغِ

یَنْبُوْع چشمہ۔ جمع ینابیع

یُنَبِّئُ آگاہ کرتا ہے۔ دیکھو نَبَّاَ

یُنَبَّؤُ خبردار کیا جاتا ہے۔ دیکھو نَبَّاَ

یَنْتَصِرُوْنَ داد چاہتے ہیں اور مدد مانگتے ہیں۔ دیکھو انتصر۔

یَنْتَظِرُ انتظار کرتا ہے۔ اور امید رکھتا ہے۔ دیکھو انتظر۔

یَنْتَظِرُوْنَ امید رکھتے ہیں۔ دیکھو انتظر۔

یَنْتَقِمُ بدلا لیتا ہے۔ دیکھو انتقام

یَنْتَهِ باز رہتا ہے۔ دیکھو انتہٰی

یَنْتَهُوْنَ باز رہتے ہیں۔ دیکھو انتہٰی

یُنْجِیْ بچالیوے۔ دیکھو انجی

یُنَجِّیْ نجات دیوے۔ دیکھو نجّی

یَنْحِتُوْنَ تراشتے ہیں۔ دیکھو نحتون

یُنْذِرُ ڈراتا ہے۔ دیکھو انذر

یُنْذَرُوْنَ ڈرائے جاتے ہیں۔ دیکھو انذر۔

یُنْذِرُوْنَ ڈراتے ہیں۔ دیکھو انذار

یَنْزِعُ کھینچتا ہے اور نکالتا ہے۔ دیکھو نزع۔

یَنْزِغُ ورغلاتا ہے۔ دیکھو نزغ

یَنْزِلُ اترتا ہے۔ دیکھو نزلۃ

یُنَزِّلُ اتارتا ہے۔ دیکھو تنزیل

یُنْزِفُوْنَ بیہودہ بکتے ہیں اور بیہوش ہوتے ہیں۔ مصدر انزاف۔ لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ۔ واقعہ ۲۷/۱۴ سر نہ دکھے جس سے اور نہ بکنا لگے۔ اَنْزَفَ يُنْزِفُ مُنْزِفٌ اَنْزِفْ لَا تُنْزِفْ۔

یَنْسَخُ مٹاتا ہے۔ دیکھو نسخ

یَنْسِفُ پراگندہ کرے گا۔ دیکھو نسف

یَنْسِلُوْنَ نکل بھاگتے ہیں۔ مصدر نسل۔ ف ک۔ اِلٰی رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ۔ یس ۲۳/۴ اپنے رب کی طرف پھیل پڑینگے نَسَلَ يَنْسِلُ نَاسِلٌ مَنْسُوْلٌ اِنْسِلْ لَا تَنْسِلْ۔

یَنْسٰی بھولتا ہے۔ دیکھو نسی

یُنْسِیْ بھولاتا ہے۔ دیکھو انسی

یَنْشُرُ پراگندہ کرتا ہے۔ دیکھو نشر

یُنْشِرُوْنَ پراگندہ کرتے ہیں۔ دیکھو انشر۔

یُنْشِئُ پیدا کرتا ہے۔ دیکھو انشا۔

یُنَشَّؤُ پیدا کیا جاتا ہے۔ اور پالا جاتا ہے۔ مصدر تنشیۃ۔ اَوَمَنْ كَانَ يُنَشَّؤُ فِي الْحِلْيَةِ۔ زخرف ۲۵/۸ کیا جو شخص کہ پالا جاتا ہے گہنے میں۔ نَشَّأَ يُنَشِّئُ مُنَشِّئٌ نَشِّئْ لَا تُنَشِّئْ۔

یَنْصُرُ مدد کرتا ہے۔ دیکھو نصر

یَنْصُرُوْنَ مدد کرتے ہیں۔ دیکھو نصر

یُنْصَرُوْنَ مدد کیے جائینگے۔ دیکھو نصر۔

یَنْطِقُ کہتا ہے۔ مصدر نطق۔ ود لك۔ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى۔ نجم ۳/۱ اور نہیں بولتا اپنی چاؤ سے۔ نَطَقَ يَنْطِقُ نَاطِقٌ

مَنْطُوقٌ اِنْطِقْ لَا تَنْطِقْ۔

يَنْطِقُوْنَ بولتے ہیں۔ دیکھو نطق

يَنْطَلِقُ چلتا ہے۔ دیکھو انطلق

يَنْظُرُ دیکھتا ہے۔ دیکھو نَظَرَ

يُنْظَرُوْنَ مہلت دیئے جائینگے دیکھو اَنْظَرَ۔ نَظِرَةٌ۔

يَنْظُرُوْنَ دیکھتے ہیں۔ دیکھو نظر

يَنْعِ پکنا اور میوہ کا مراد کو پہنچنا۔ ف ف اُنْظُرُوْا اِلٰى ثَمَرِهٖ اِذَا اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ انعام ۱۸/ے دیکھو اسکا پھل جب پھل لاتا ہے اور اسکا پکنا۔ يَنَعَ يَيْنِعُ يَانِعٌ مَيْنُوعٌ اِيْنِعْ لَا تَيْنِعْ۔

يَنْعِقُ آواز کرتا ہے۔ مصدر نعیق نعق كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بقرہ ۵/۲۱ جیسا مثال ایک شخص کی چلاتا ہے۔ نَعَقَ يَنْعِقُ نَاعِقٌ مَنْعُوقٌ اِنْعِقْ لَا تَنْعِقْ۔

يُنْغِضُوْنَ مٹکاتے ہیں اور سر ہلاتے ہیں۔ مصدر انغاض۔ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ بنی اسرائیل ۱۵/۵ پھر اب مٹکا دینگے تیری طرف اپنے سر۔ اَنْغَضَ يُنْغِضُ مُنْغِضٌ اَنْغِضْ لَا تُنْغِضْ۔

يُنْفَخُ پھونکا جاتا ہے۔ دیکھو نفخة

يَنْفَدُ آخر ہو جاتا ہے۔ دیکھو نفاد

يَنْفِرُوْا بھاگیں وہ۔ دیکھو نفور

يَنْفَضُّوْا منتشر ہوتے ہیں۔ دیکھو انفضّوا

يَنْفَعُ فائدہ کرتا ہے۔ دیکھو نفع

يَنْفَعُوْنَ فائدہ دیتے ہیں۔ دیکھو نفع

يُنْفِقُ خرچ کرتا ہے۔ دیکھو انفاق

يُنْفِقُوْنَ خرچ کرتے ہیں۔ دیکھو انفاق

يُنْفَوْا دور کئے جاویں۔ مصدر نفی۔ ف ك۔ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ۔ مائدہ ۹/۶ دور کرے اُسے ملک سے یعنے غائب کر دیئے جاویں ملک سے۔ نَفٰى يَنْفِي نَافٍ مَنْفِيٌّ اِنْفِ لَا تَنْفِ۔

يُنْقِذُوْنَ نکالتے ہیں۔ دیکھو انقذ۔

يُنْقَذُوْنَ نکالے جائینگے۔ دیکھو انقذ۔

يَنْقُصُ کم کرتا ہے۔ دیکھو نقص۔

يَنْقُصُوْا کم کرتے ہیں۔ دیکھو نقص۔

يَنْقَضُّ گرتا ہے۔ مصدر انقضاض فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ

کہف ۱۶/۱ پھر پائی اُسمیں ایک دیوار گرا
چاہتی اُسکو سیدھا کیا۔ اِنْقَضَّ يَنْقَضُّ
مُنْقَضٌّ اِنْقِضَاضٌ لَا تَنْقَضِضْ۔
يَنْقُضُونَ توڑتے ہیں۔ دیکھو نقض
يَنْقَلِبُ اُلٹتا ہے اور پلٹتا ہے۔
دیکھو۔ انقلبوا۔
يَنْقَلِبُونَ پھرتے ہیں اور پھرینگے۔
دیکھو اِنْقَلَبُوا۔
يَنْكُثُ توڑتا ہے۔ دیکھو نَكَثَ
يَنْكُثُونَ توڑتے ہیں۔ دیکھو نَكَثَ
يَنْكِحُ نکاح کرتا ہے۔ دیکھو نکاح
يَنْكِحْنَ نکاح کرلیویں۔ دیکھو نکاح
يُنْكِرُ انکار کرتا ہے۔ دیکھو تنکرون
يُنْكِرُونَ انکار کرتے ہیں۔ دیکھو تنکرون
يَنْكِسُونَ پھرتے ہیں اور مکر کرتے ہیں
دیکھو نُكِسُوا۔
يَنْهَوْنَ منع کرتے ہیں۔ دیکھو نَهٰى
يَنْهٰى منع کرتا ہے۔ دیکھو نَهٰى
يَنْأَوْنَ دور ہوتے ہیں۔ دیکھو نَاٰ۔
يُنِيبُ رجوع کرتا ہے۔ دیکھو اَنَابَ

يُؤَاخِذُ گرفت کرتا ہے۔ مصدر مُؤَاخَذَةٌ
لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ۔ مائدہ
۱۲/۷ نہیں پکڑتا اللہ تمہاری بیفائدہ قسموں
پر۔ اٰخَذَ يُؤَاخِذُ مُؤَاخِذٌ اٰخِذْ لَا تُؤَاخِذْ
يُوَادُّونَ باہم دوستی رکھتے ہیں مصدر
موادة۔ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللهَ وَرَسُولَهُ
مجادلہ ۲۸/۳ پھر دوستی کریں ایسوں سے
جو مخالف ہوئے اللہ کے اور اُسکے رسولؐ
کے۔ وَادَّ يُوَادُّ مُوَادٌّ وَادِدْ لَا تُوَادِدْ۔
يُوَارِي چھپاتا ہے۔ دیکھو وارى
يُوَاطِئُوا برابر اور پورا کرینگے ن اعرابی
گرگیا مصدر مواطاة۔ وَيُحَرِّمُونَهُ عَامًا
لِيُوَاطِئُوا عِدَّةَ۔ توبہ ۱۱/۱۰ اور ادب کا گنتے
ہیں ایک برس کہ پوری کرلیں گنتی۔ وَاطَىٰ
يُوَاطِئُ مُوَاطِئٌ وَاطِئْ لَا تُوَاطِئْ۔
يُوبِقُ ہلاک کرتا ہے۔ مصدر اِيبَاق۔
اَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا۔ شوریٰ ۲۵/۵
یا ہلاک کرے اُنکو بسبب اُسکے جو کمایا
ہے۔ اَوْبَقَ يُوبِقُ مُوبِقٌ اَوْبِقْ لَا تُوبِقْ
يُؤْتَوْنَ دیئے جاتے ہیں۔ دیکھو ایتاء

یُؤْتُوْنَ دیتے ہیں۔ دیکھو ایتاء۔

یُؤْتِیْ دیتا ہے۔ کبھی یُؤْتِ بحذف ی بھی آتا ہے۔ دیکھو ایتاء

یُؤْتٰی دیا جاتا ہے۔ دیکھو ایتاء

یُؤْثَرُ نقل کیا جاتا ہے۔ دیکھو اثارۃ۔

یُؤْثِرُوْنَ اختیار کرتے ہیں۔ دیکھو اثر۔

یُوْثِقُ مضبوط کرتا ہے اور محکم باندھتا ہے۔ مصدر ایثاق۔ وَ لَا یُوْثِقُ وَثَاقَهٗ اَحَدٌ۔ فجر ۳۰/۱۵ اور باندھ نہ رکھے اُسکا سا کوئی۔ اَوْثَقَ یُوْثِقُ مُوْثِقٌ اِیْثِقْ لَا تُوْثِقْ۔

یُوَجِّهُ موڑتا ہے۔ دیکھو وجہت

یُوْحُوْنَ پیغام بھیجتے ہیں۔ اور پہنچاتے ہیں۔ دیکھو اوحی

یُوْحٰی۔ یُوْحَ وحی کیا جاتا ہے دیکھو اوحی۔

یُوْحِیْ پیغام بھیجتا ہے۔ دیکھو اوحی

یُؤْخَذُ لیا جاتا ہے۔ دیکھو اَخَذَ۔

یُؤَخِّرُ دیر کرتا ہے۔ دیکھو اخّر۔

یُؤَدِّ ادا کرتا ہے اور حق پہنچاتا ہے ی آخر سے گر گئی۔ مصدر تادیۃ۔ فَلْیُؤَدِّ الَّذِی اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ۔ بقر ۲۸۳/۳ تو چاہیے پورا کرے جسپر اعتبار کیا اپنے اعتبار کو۔ یُؤَدِّهٖ اِلَیْکَ۔ آل عمران ۷۵/۳ ادا کرے تجکو۔ اَدّٰی یُؤَدِّیْ مُؤَدٍّ اَدِّ لَا تُؤَدِّ۔

یُوَدُّ دوست رکھتا ہے۔ دیکھو وَدَّ۔

یُوَدُّوْنَ دوست رکھتے ہیں۔ دیکھو وَدَّ۔

یُؤْذَنُ پروانگی دیا جاوے گا۔ مصدر ایذان۔ وَ لَا یُؤْذَنُ لَهُمْ فَیَعْتَذِرُوْنَ مرسلات ۳۶/۲۹ اور نہ اذن دیا جاوے گا اُنکو پس عذر لاویں گے۔ اٰذَنَ یُؤْذِنُ مُؤْذِنٌ اٰذِنْ لَا تُؤْذِنْ۔

یُؤْذِیْ ستاتا ہے۔ دیکھو اٰذی

یُؤْذَیْنَ ستائے جاتے ہیں۔ دیکھو اذی۔

یُوْرَثُ میراث لیجاتا ہے۔ دیکھو اورث

یُوْرِثُ وارث کرتا ہے۔ دیکھو اورث

یَؤُزُّ اُبھارتا ہے۔ دیکھو ازّ۔

یُوْزَعُوْنَ قید میں نگاہ رکھے جاتے ہیں۔ اور کھڑے کیئے جاتے ہیں۔ مصدر وزع۔ ف ت۔ فَھُمْ یُوْزَعُوْنَ۔ حج ۱۹ پس وہ مثل مثل کھڑے کیئے جاتے ہیں۔ وَزَعَ یَزَعُ وَازِعٌ مَوْزُوْعٌ زِعْ لَاتَزَعْ۔

یَؤُسٌ ناامید ہونے والا۔ یَؤُسٌ بوزن فعول۔ دیکھو یئس۔

یُوْسُفُ نام چھوٹے بیٹے حضرت یعقوب علیہ السلام کا۔

یُوَسْوِسُ خطرہ ڈالتا ہے۔ اور خدشہ کرتا ہے۔ دیکھو وسواس۔

یُوْصَلُ ملایا جاتا ہے۔ مصدر وَصْل ف ک۔ وَیَقْطَعُوْنَ مَا اَمَرَاللّٰہُ بِہٖٓ اَنْ یُّوْصَلَ۔ بقر ۱ اور توڑتے ہیں جو حکم کیا اللہ نے ساتھ اُسکے یہ کہ ملایا جاوے۔ وَصَلَ یَصِلُ وَاصِلٌ مَوْصُوْلٌ صِلْ لَاتَصِلْ۔

یُوْصٰی نصیحت دیا جاتا ہے۔ اور وصیّت کیا جاتا ہے۔ دیکھو اَوْصٰی

یُوْصِیْ وصیّت کرتا ہے۔ دیکھو اَوْصٰی

یُوْصِیْنَ وصیّت کرتے ہیں۔ دیکھو اَوْصٰی۔

یُوْعَدُوْنَ وعدہ دیے جاتے ہیں دیکھو وعد۔

یُوْعَظُ نصیحت دیا جاتا ہے۔ دیکھو وعظت۔

یُوْعَظُوْنَ نصیحت دیے جاتے ہیں۔ دیکھو وعظت۔

یُوْعُوْنَ نگاہ رکھتے ہیں۔ اور جمع کرتے ہیں۔ دیکھو تعی۔

یُوْفِضُوْنَ دوڑتے ہیں۔ مصدر ایفاض اِلٰی نُصُبٍ یُّوْفِضُوْنَ۔ معارج ۲۹/۸ طرف تھانوں بتوں کی دوڑتے ہیں۔ اَوْفَضَ یُوْفِضُ مُوْفِضٌ اَوْفِضْ لَاتُوْفِضْ۔

یُوَفِّقُ موافقت کرتا ہے اور کرے گا۔ دیکھو توفیق۔

یُؤْفَكُ پھیرا جاتا ہے۔ دیکھو اُفك

یُؤْفَکُوْنَ پھیرے جائینگے۔ دیکھو اُفك۔

یُوْفُوْنَ پورا کرتے ہیں۔ دیکھو اَوْفٰی

یُوَفَّوْنَ پورا دیئے جائینگے۔ دیکھو وَفّٰی۔

یُوَفِّیْ پورا دیتا ہے۔ دیکھو وَفّٰی

یُوَفّٰی تمام دیا جاتا ہے۔ اور دیا جائیگا دیکھو وَفّٰی۔

یُوْقَ بچایا گیا۔ دیکھو وَقٰی

یُوْقَدُ سلگایا جاتا ہے۔ دیکھو اَوْقَدُوْا

یُوْقِدُوْنَ دھونکتے ہیں اور آگ روشن کرتے ہیں۔ دیکھو اوقدوا۔

یُوْقِعُ ڈالتا ہے۔ مصدر ایقاع۔ اَنْ یُّوْقِعَ بَیْنَکُمُ الْعَدَاوَةَ۔ مائدہ ۱۲/۹ کہ ڈالے تم میں دشمنی۔ اَوْقَعَ یُوْقِعُ مُوْقِعٌ اَوْقِعْ اِیْقَعْ لَا تُوْقِعْ۔

یُوْقِنُوْنَ یقین کرتے ہیں۔ دیکھو توقنون۔

یُوَلِّ پیٹھ پھیرتا ہے۔ ی آخر سے گرگئی دیکھو وَلَّوا۔

یُوْلِجُ داخل کرتا ہے مصدر ایلاج۔ یُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ۔ حدید ۲۷/۱ داخل کرتا ہے رات کو دن میں۔ اَوْلَجَ یُوْلِجُ مُوْلِجٌ اَوْلِجْ لَا تُوْلِجْ۔

یُوْلَدُ جنا جاتا ہے۔ دیکھو وَلَدَ۔

یُؤَلِّفُ ملاتا ہے۔ دیکھو اَلَّفَ

یُؤْلُوْنَ ایلا کرتے ہیں یعنے سوگند کھاتے ہیں کہ اپنی عورت کے پاس نجاوینگے مصدر ایلاء لِلَّذِیْنَ یُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِھِمْ بقر ۲/۱۲ جو لوگ قسم کھاتے ہیں اپنی عورتوں سے۔ اٰلٰی یُؤْلِیْ مُؤْلٍ اٰلِ لَا تُؤْلِ۔

یُوَلُّوْنَ پیٹھ پھیرتے ہیں۔ دیکھو وَلَّوْا

یَوْمٌ دن۔ اسم جامد۔ جمع ایام اصل میں ایوام تھا۔

یَوْمَئِذٍ آج کا دن۔ اسم زمان مرکب یوم واذ کا۔ دیکھو حِیْنَئِذٍ

یُؤْمَرُوْنَ حکم کیے جائینگے۔ دیکھو امر۔

یُؤْمِنُ ایمان لاتا ہے۔ دیکھو ایمان

يُؤْمِنَنَّ باور کرتے ہیں۔ دیکھو ایمان
يُؤْمِنُوْنَ ایمان لاتے ہیں۔ دیکھو
ایمان۔
يَوْمَيْنِ دو دن۔ اسم جامد تثنیہ واحد
یوم۔
يُوْنُسَ نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا
ہے۔
يَؤُدُ بوجھل کرتا ہے۔ اور دشوار ہوتا ہے
مصدر اود۔ وَلَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا۔ بقر
۳۴ اور تھکتا نہیں انکے تھامنے سے۔
اَدَ يَؤُدُ اَئِدٌ مَؤُوْدٌ اُدْ لَاتَؤُدْ۔
يُؤَدِّيْ پہنچاتا ہے۔ مصدر تادیۃ۔
دیکھو یُؤَدِّ۔
يُؤْذِيْ ستاتا ہے۔ مصدر ایذا۔ اِنَّ
ذٰلِکُمْ کَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ۔ احزاب ۲۲/۴
اس بات سے تمہاری تکلیف تھی پیغمبر
کو۔ اٰذٰی يُؤْذِيْ مُؤْذٍ اٰذِ لَاتُؤْذِ۔
يُؤْذُوْنَ ستاتے ہیں۔ دیکھو یُؤْذِيْ
يُؤَيِّدُ مدد کرتا ہے۔ دیکھو اَيَّدَ
يُهَاجِرُ وطن چھوڑتے ہے وہ۔ دیکھو
هَاجَرَ۔
يُهَاجِرُوْا ہجرت کریں۔ دیکھو هَاجَرَ
يَهَبُ بخشتا ہے۔ دیکھو وَهَبَ
يَهْبِطُ گرتا ہے۔ اُترتا ہے۔ دیکھو اهبط
يَهْتَدُوْنَ راہ پاتے ہیں۔ دیکھو
اِهْتَدٰی۔
يَهْتَدِيْ راہ پاتا ہے۔ دیکھو اهتدٰی
يَهْجَعُوْنَ سوتے ہیں۔ مصدر ھجع
کَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ذاریات
۱۶/۱۸ وہ تھے رات کو تھوڑا سوتے۔
هَجَعَ يَهْجَعُ هَاجِعٌ مَهْجُوْعٌ اِهْجَعْ لَاتَهْجَعْ۔
يَهْدُوْنَ راہ بتاتے ہیں۔ دیکھو هدٰی
يُهْدٰی راہ بتلایا جاتا ہے۔ دیکھو
هَدٰی۔
يَهْدِيْ وَيَهْدِ راہ بتاتا ہے۔
دیکھو هدٰی۔
يَهِدِّيْ راہ پاتا ہے۔ اصل میں
يَهْتَدِيْ تھا۔ تَ کو دال سے بدل
کرکے دال میں ادغام کیا اور ہَ کو
بسبب اجتماع ساکنین کے کسرہ دیا۔

يَهِدِّيْ ہوا۔

ف ت افتعال کے بعد اِن گیارہ حروف یعنے ث ج د ذ ز س ش ص ض ط ظ میں سے جب کوئی حرف آوے تب درست ہے کہ ت بھی اپنے مابعد کے جنس ہوجاوے کوکب دُرّی۔

يُهْرَعُوْنَ دوڑائے جائینگے۔ مصدر هرع۔ وَجَاءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ۔ ہود ۱۲/۷ اور آئی اُس پاس قوم اُسکی دوڑتی بے اختیار۔ هَرَعَ يُهْرَعُ هَارِعٌ مَهْرُوْعٌ اِهْرَعْ لَا تُهْرَعْ۔

يُهْزَمُ شکست دیا جائے گا۔ دیکھو هزموا۔

يَهْلِكُ تباہ ہوتا ہے۔ دیکھو هلك

يُهْلَكُ ہلاک کیا جائے گا۔ دیکھو هلك۔

يُهْلِكُ نیست کرتا ہے۔ دیکھو اَهْلَكَ

يُهْلِكُوْنَ خراب کرتے ہیں۔ دیکھو اَهْلَكَ۔

يُهِنُ خراب کرتا ہے ی درمیان سے گر گئی۔ دیکھو اهان۔

يَهُوْد یہود سب۔ واحد يَهُوْدِيْ۔ دیکھو هادوا۔ یہود ایک شہر ہے ملک ایشیائے روم میں اُسکے سبب سے قوم کا نام بھی یہی ہوگیا۔

يَهُوْدِيْ یہود اسم منسوب ی نسبتی یہود کے ساتھ لگائی گئی۔

يَهِيْمُوْنَ سرگشتہ ہوتے ہیں بے راہ چلتے ہیں۔ مصدر هیم۔ هیمان۔ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ۔ شعراء ۱۹/۱۵ تو نے نہیں دیکھا کہ وہ ہر میدان میں سر مارتے پھرتے ہیں۔ هَامَ يَهِيْمُ هَائِمٌ مَهِيْمٌ هِمْ لَا تَهِمْ۔

يَهِيْجُ خشک ہوتا ہے۔ اور تیار ہوتا ہے۔ مصدر هَيْج هيجان۔ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰهُ مُصْفَرًّا۔ حدید ۲۷/۱۹ پھر زور پر آتا ہے پھر تو دیکھے زرد ہو گیا۔ هَاجَ يَهِيْجُ هَائِجٌ مَهِيْجٌ هِجْ لَا تَهِجْ۔

يُهَيِّئُ تیار کرتا ہے ۔ مصدر تهيئة۔
وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا۔ کہف
$\frac{15}{14}$ اور بنادے تمکو تمہارے کام کا
آرام ۔ هَيَّأَ يُهَيِّئُ مُهَيِّئٌ هَيِّئْ لَا تُهَيِّئْ

يَئِسَ ناامید ہوا۔ مصدر یاس۔ اَلْيَوْمَ
يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ۔ مائدہ
$\frac{9}{5}$ آج ناامید ہوئے کافر تمہارے دین سے
يَئِسَ يَيْئَسُ يَائِسٌ مَيْئُوْسٌ اِيْئَسْ لَا تَيْئَسْ۔

يَئِسْنَ آس توڑی اُن عورتوں نے۔
دیکھو يَئِسَ۔

يَئِسُوْا آس توڑی اُن مردوں نے۔
دیکھو يَئِسَ۔

يَيْئَسُ ناامید ہوتا ہے۔ اور آس
توڑتا ہے۔ دیکھو يَئِسَ۔

تمت

فہرست اغلاط نظام قادری

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۶	۱۵	یَرتَاب	یَرْتَابُ
۲۷	۱۲	یَرْتَقِب	یُرْتَقِبُ
۳۰	۹	یُزْلِفَ	یُزْلِفُ
۳۴	۸	یَسْتَرْہِبَ	یَسْتَرْہِبُ
۴۴	۸	اِشْتَرِ لَاتَشْتَرِ	اِشْتَرِ لَاتَشْتَرِ
۴۸	۱۵	اَصِفْ لَاتَصِفْ	اَضْعِفْ لَاتُضْعِفْ
۵۰	۳	ضغت	ضغث
۵۳	۲۰	اِعْتَلِ	اِعْتَلِ
۵۴	۱۱	کَمَثَلِ	کَمَثَلِ
۶۴	۱۵	اُقْضُوْ	اِقْضُوْ
۶۹	۱۹	یَاْلِتْ	یَاْلِتُ
۷۷	۱۸	شبہ	مشبہ
۷۸	۱۲	مِنَ	لِمَنَ
۷۹	۲	اَنْبَتْ	اَنْبَتَ
۸۸	۱	اِنْہَارُ	اِنْہَارَ
۹۱	۱۵	لِلَّذِیْنَ	لِلَّذِیْنَ
۹۵	۲۰	اَیْقِظْ	اِیْقِظْ
۹۶	۹	اِیْلِفْ	اَیْلِفْ
۱۰۳	۱	بشر یبشر	بَشَّرَ یُبَشِّرُ
۱۰۴	۱۶	یَبْعُثُ	یَبْعَثُ
۱۰۷	۱۳	بَنَات	بِنَات
۱۰۸	[illegible]	ندر	نذر
۱۱۵	۱۹	یَتَذَکَّرُ	یَتَذَکَّرُ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۱۹	۱۷	لَاتُحَسِّسُ	لَاتَحَسَّسُ
۱۲۱	۱۵	تَخَالِطُوْ	تُخَالِطُوْا
۱۲۲	۹	یَتَخَلِّیْ	یَتَخَلّٰی
۱۲۴	۵	تَدُوْرُ	تَدُوْرُ
۱۳۱	۲۰	حلتے	چلتے
۱۳۶	۷	غاط	غلط
۱۳۸	۱۴	یَتَعَاطِیْ	یَتَعَاطٰی
"	۲۰	یَتَعَالِیْ	یَتَعَالٰی
۱۴۶	۱	مِنْہُ زمر ۳	مِنْہُ زمر ۲۳/۱۷
۱۴۹	۱	یَوْہَ	یَوْمَ
۱۵۰	۱۱	تَلْکَمَا	تِلْکُمَا
۱۶۷	۲۰	جَزَئِیْت	جُزْئِیَّت
۱۷۱	۵	ہوائیں	ہوا میں
۱۷۵	۱۹	اِحْتَمْ لَاتَحْتَمْ	اِخْتِمْ لَاتَخْتِمْ
۱۷۹	۲۰	اِحْسَبْ لَاتَحْسَبْ	اِحْسِبْ لَاتَحْسِبْ
۲۰۷	۳	یرونہم	یَرَوْنَہُمْ
۲۶۱	۱۰	عَاہِیْنَ	عَامِیْنَ
۲۶۸	۳	اِعْسَرْ لَاتَعْسَرْ	اِعْسِرْ لَاتَعْسِرْ
"	۹	یُبَدِّلْ کر	یُبْدِلْ کر
۲۷۱	۳	عَقَرُوْا	عَقَرُوْا
۳۰۹	۱	کَشَفَتْ	کَشَفَتْ

PREFACE.

Now on reviewing through the course of 50 years, we happily find every sort of improvement progressing in our country, which is the result of the beneficent rule of our peaceful British Government, for which we offer our best and hearty thanks.

The educational arrangements are so praiseworthy, that thousands are educated and a vast Number obtain degrees in various grades which need no mention here.

The Government appreciate the Oriental languages, especially the Arabic (which gives perfection to Persian and Urdu) and allows its zealous students to obtain and enjoy the degrees of Honor, of Bachelor and Master, of Arts as in those of English; the language of our peaceful rulers, which should stand at the head. The Urdu (our mother tongue, coupled and blended with Persian and Arabic) transacts our business of the Judicial and Revenue affairs. There are numerous dictionaries for the English language, but none for the Arabic, except *Qámús*, *Suráh*, *Muntahilarb*, &c. which are not Alphabetical and Philological but rather heavy masses of confused order, bearing very high prices, without a word of Urdu for a student to understand, until he becomes a very good scholar in Arabic and can himself use an Arabic word for Arabic or Persian. In using either of these old works (Dictionaries) a student loses a great deal of his valuable time in the tedious search of words; even then often without success. Similar difficulties prevent the progress of the student and make him stand in need of a moderately cheap Dictionary. This want has long been felt in our country, so I submit an Arabic Urdu Dictionary (Nizam-i-Quadri) compiled Alphabetically and Philologically, showing roots and derivations, with particular rules pertaining to the Arabic Idiom, which effect the meaning thereof, with examples and Illustrations from Arabic into Urdu.

There is no need of giving a detail of the Eloquency of Arabic language but in short it can be said that as in English there is a great need of Latin terms for scientific works, so is it the case with Arabic, in relation to the Urdu language.

I may add that my gratitude is due to Mr. Arthur Brandreth, late Judge of Chief Court Panjab, for first having brought to my mind about 14 years ago, that a work to facilitate the Arabic language, would be of great benefit to students—hence my undertaking the compilation of the present work.

THE AUTHOR.

RECOMMENDATORY NOTE.

The Nezám-i-Quadrí, Arabic Urdu Dictionary, has been passed and commended, by the Text Book Committee of the Panjab, who consider it to be a suitable work of reference, for the libraries of Middle and High schools; it is accordingly to be added to the list of approved library books, in the next Edition of the Code.

The adoption of the present work, for Educational libraries, in Government colleges and schools and other High and Middle schools has received the sanction and authority of The Hon'ble Sir James Broadwood Lyall, K. C. S. I. *the Lieutenant Governor of the* Panjab, as per letter No. 71 Dated 27th February 1891, from Text Book Committee of the Panjab and letter No. 76, Dated 26th March 1891 from Mr. J. Sime, Under Secretary to Government Panjab.

ARABIC-URDU DICTIONARY.

(NIZAM-I-QUADRI.)

BY

APPROVAL AND SANCTION

OF

The Hon'ble Sir James Broadwood Lyall, K. C. S. I.

LIEUTENANT GOVERNOR,

PANJAB.

And under the patronage of the Great Educational Authorities.

COL. W. R. M. HOLROYD,

&

J. SIME, ESQUIRE,

DIRECTORS OF PUBLIC INSTRUCTION

PANJAB.

BY

GHULAM QUADIR

DISTRICT OVERSEER,

AMRITSAR.

1891

LUDHIANA:

NEZÁMÍ PRESS